ینابیع المودت ص ۲۷۳ سطر آخر' البدایہ جلد ۷ ص ۳۵۵' مناقب خوارزمی ص ۲۳۳ سطر ۶' شواہد التنزیل جلد ۲ ص ۲۵۹' کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۸' نور الابصار ص ۷۳' الفرق المفتونہ ص ۳۰' تاریخ الخلفاء ص ۱۷۳' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۱۷' کفایت الطالب ص ۱۹۶' مسند احمد بن حنبل جلد ۱ ص ۱۶۰' مشکواۃ ص ۵۶۵ سطر ۲' شرح ابن ابی الحدید جلد ۱ ص ۳۲۵' ذخائر العقبیٰ ص ۹۲' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۳۳' الصواعق المحرقہ ص ۱۲۳ سطر آخر' اسعاف الراغبین ص ۱۷۷' الاتحاف ص ۱۵۵' تاریخ خمیس جلد ۱ ص ۲۳' ازالتہ الخفاء جلد ۱ ص ۵۱۷' مستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۱۲۳ سطر ۶' مخازلی ص ۷۱ سطر آخر' مناقب ثعلبی ص ۴۰' عقد الفرید جلد ۲ ص ۱۹۴' استیعاب جلد ۲ ص ۲۷۴' کوکب دری ص ۲۱۶۔

حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا۔ کہ علیؑ تم میں عیسیٰ بن مریم کی مشابہت پائی جاتی ہے۔ یہودیوں نے حضرت عیسیٰ سے اتنا کینہ رکھا نہ آپ کی ماں پر بہتان تراشی۔ اور نصاریٰ نے آپ کو اتنا دوست رکھا کہ آپ کو اس مقام پر پہنچا دیا جس کے آپ سزاوار نہ تھے۔ اور آپ کے حواری آپ پر ایمان لے آئے۔ پھر حضرت علی نے فرمایا۔ میرے بارے میں دو شخص ہلاک ہو جائیں گے۔ مجھے زیادہ دوست رکھنے والا۔ مجھے اس مقام پر لے جائے گا جو مجھ میں موجود نہیں ہو گا۔ اور میرے ساتھ کینہ رکھنے والا۔ میری دشمنی اس کو اس طرف لے جائے گی کہ وہ مجھ پر بہتان باندھے گا۔

جناب امیرؑ کا نظیر جناب مسیح ہونا

عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و الذی نفسی بیدہ لو لا ان تقول فیک طوائف من امتی ما قالت النصاری فی عیسی بن مریم لقلت فیک الیوم مقالا لا تمر باحد من المسلمین الا اخذ التراب من اثر قدمیک یطلبون فیہ البرکتہ (اخرجہ الدیلمی فی فردوس الاخبار) جناب علی علیہ السلام فرماتے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی کہ جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر میری امت کے لوگ تیرے حق میں ایسی بات نہ کہہ گذریں کہ جو نصاریٰ حضرت عیسیٰؑ کے حق میں کہہ رہے ہیں تو البتہ آج میں تیرے حق میں ایک بات کہتا کہ تو کسی مسلمان کے پاس سے ہو کر نہ گذرتا کہ وہ تیرے پاؤں کی مٹی لے کر اس میں اپنے لیے برکت طلب نہ کرتا۔

Presented by www.ziaraat.com

(۲) عن علی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیک مثل عیسی ابغضتہ الیھود حتی بھتوا امہ و احبہ النصاری حتی انزلوہ بالمنزلتہ التی لیس لہ (اخرجہ احمد و النسائی) جناب امیر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ یا علی تم عیسی کی مثل ہو کہ یہودیوں نے ان سے بغض رکھا یہاں تک کہ ان کی والدہ ماجدہ پر بہتان دھر دیا۔ اور نصاری نے ان سے محبت کی یہاں تک کہ ان کا رتبہ ایسا بڑھایا جو ان کے لیے نہیں تھا۔

ارجح المطالب ص۵۶۷ سطر۱۳، شواہد التنزیل جلد۲ ص۱۵۹، کوکب دری ص۱۲۶، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۴۶، البدایہ جلد۷ ص۳۵۵، ینابیع المودۃ ص۹۰ سطر۱، المستدرک جلد۳ ص۱۲۳، نظم درر السمطین ص۱۰۳، مشکواۃ ص۵۶۵، تقویتہ الایمان ص۱۴۵ سطر۱۳، نسائی ص۳۹، مناقب خوارزمی ص۲۳۳ سطر۷۔

روایت دوم

ینابیع المودت ص۱۷۲ سطر۹، لسان المیزان جلد۷ ص۴۵۵، الفرق المفترقہ ص۳۰، منتخب کنز العمال ص۴۴۰۔

حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے مجھے فرمایا۔ اے علی تیری مثال عیسیٰ جیسی ہے۔ یہودیوں نے عیسیٰ سے بغض رکھا۔ حتیٰ کہ عیسیٰ کی ماں پر بہتان باندھا۔ اور نصاریٰ نے آپ کو دوست رکھا۔ یہاں تک کہ آپ کو اس مقام سے گرا دیا جو اللہ کی طرف سے آپ کی ذات کے واسطے مقرر تھا۔ حضرت علی نے فرمایا میرے معاملے میں دو شخص ہلاک ہوں گے۔ دوست جو مجھے اس حد سے بڑھا دے۔ جو مجھ میں نہیں ہو گی۔ دوسرا میرے ساتھ دشمنی رکھنے والا جسکی سرشت میں میری دشمنی ہو گی۔

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا"۔۔۔۔۔

عبارت ارجح المطالب ص۱۰۳، ذیل اللئالی ص۵۹، مناقب خوارزمی ص۲۳۳ سطر۸، شواہد التنزیل جلد۲ ص۱۵۹، نظم درر السمطین ص۹۳

Presented by www.ziaraat.com

(۶۴) و لما ضرب ابن مریم مثلا اذا قومک منہ یصدون (سورة الزخرف) ترجمہ: جب پیش کیا گیا مریم کے بیٹے کی مثال تب ہی تیری قوم چلانے لگی۔

عن علی قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان فیک مثلا من عیسی احبہ قوم فھلکوا فیہ و ابغضہ قوم فھلکوا فیہ فقال صلی اللہ علیہ وسلم المنافقون اما یرضون ان لہ مثلا من عیسی فنزلت ھذہ الایۃ (اخرجہ البزار و ابویعلی و الحاکم و النطبوی) جناب امیر علیہ السلام سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا کہ یا علی تجھ میں بعینہ عیسی علیہ السلام کی مثال موجود ہے کہ ایک قوم نے ان سے محبت کی یہاں تک کہ اس میں ہلاک ہو گئی اور ایک قوم نے ان سے بغض کیا کہ وہ اس میں ہلاک ہو گئی پھر آپ نے فرمایا کیا منافق راضی نہیں کہ اس کے لیے عیسیٰ کی مثال موجود ہے۔ پس یہ آیت نازل ہوئی۔

ینابیع المودت ص ۲۰۳ روایت ۶، کوکب دری ص ۱۴۰، مناقب خوارزمی ص ۲۲۰ سطر ۹، ینابیع المودۃ ص ۱۰۷ سطر ۲۳، شواہد التنزیل جلد ۲ ص ۲۵۹

امیر المومنین علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے آتے ہوئے دیکھا اور آپ کے اصحاب آپ کے اردگرد موجود تھے۔ فرمایا (اے علی) تیرے بارے میں عیسیٰ بن مریم کی مشابہت پائی جاتی ہے۔ اگر میری امت کے لوگ تیرے بارے میں وہ بات نہ کہتے جو عیسیٰ بن مریم کے بارے میں نصاریٰ کہتے ہیں تو میں تیرے حق میں ایک ایسی بات کہتا اگر تم لوگوں کے کسی گروہ کے پاس سے گزرتے تو وہ تیرے دونوں قدموں کی مٹی کو اٹھا لیتے اور اس کو باعث برکت خیال کرتے اور اس کے ذریعہ شفا طلب کرتے۔ منافق کہنے لگے محمدؐ اس بات پر راضی نہیں ہوئے۔ آخرکار اپنے بھائی کو مثیل عیسیٰ بن مریم بنا دیا ہے (تب) اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی وَ لَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا" اِذَا قَوْمُکَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ وَ قَالُوْا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ مَا ضَرَبُوْهُ لَکَ اِلَّا جَدَلًا بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ اِنْ (اے علی) هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَ جَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ جب عیسیٰ بن مریم کی مثال بیان کی جاتی ہے تو تمہاری قوم ان سے انکار کرتی ہے اور کہتے ہیں کہ ہمارے خدا اچھے ہیں یا وہ۔ اس کی مثال تم سے جھگڑے کے طور پر بیان کرتے ہیں۔ جبکہ یہ جھگڑالو قوم ہے۔ نہیں ہے وہ یعنی علی مگر بندہ جس پر ہم نے انعام کیا ہے۔ اور ہم نے اس کو اسرائیل کے لئے مثال بنایا ہے۔ حضرت سلمان سے بھی اسی طرح روایت ہے۔

روایت شعبی

Presented by www.ziaraat.com

عقد الفرید جلد ۲ ص ۱۹۴، الاستیعاب جلد ۲ ص ۴۷۲

روایت ابی السوار

ذخائر العقبیٰ ص ۹۲، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۴۴۰
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ اے علی! میری امت تیرے بارے میں اس طرح مفترق ہو جائے گی جس طرح حضرت عیسیٰ کے بارے میں بنی اسرائیل مفترق ہو گئی تھی۔

الاستیعاب جلد ۲ ص ۴۶۱، سیرت حلبیہ جلد ۲ ص ۲۰۸

روایت جابر

ملاحظہ فرمایئے اس سلسلے کی جلد ۷ ص ۷۶

روایت حضرت علی

روایت حضرت علی بن الحسین

ملاحظہ فرمایئے یہی کتاب باب فضائل شیعہ

جناب امیر کا فضائل میں انبیاء علیہم السلام کی مانند ہونا

روایت اول انس بن مالک

عن انس بن مالک۔ قال کنا فی بعض حجرات بکہ نتذاکر علیا" فدخل رسول اللہ فقال ایھا الناس من اراد ان ینظر الی آدم فی علمہ و الی نوح فی فھمہ و الی ابراھیم فی حلمہ و الی موسٰی فی شدتہ و الی عیسٰی فی زھادتہ و الی محمد و بھائہ و الی جبریل و امانتہ و الی الکواکب الدری و الشمس و الضحٰی و القمر المضئی فلیتطاول و لینظر الی ھذہ الرجل و

Presented by www.ziaraat.com

اشار الیٰ علی بن ابی طالب

انس سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ ہم کعبے کے ایک گوشے میں بیٹھے ہوئے تھے اور علی کا ذکر کر رہے تھے کہ اتنے میں جناب رسول خدا تشریف لائے اور فرمایا کہ اے لوگو جو شخص چاہتا ہے کہ آدم کو اس کے علم میں، نوح کو اس کے فہم میں، ابراہیم کو اس کے حلم میں، موسیٰ کو ان کی شدت میں، عیسیٰ کو ان کے زہد میں، محمد کو اور ان کے صفات عالیہ کو جبرائیل کو اور ان کی امانت کے درخشندہ ستارے کو آفتاب تابندہ اور قمر روشن کو دیکھے تو وہ گردن اٹھا کر اس شخص کو دیکھے اور آپ نے حضرت علی کی طرف اشارہ فرمایا۔

مناقب علی مغازلی ص۲۱۲ سطر۴، تاریخ دمشق ص۲۲۵ جلد۲، مقتل الحسین، خوارزمی ص۴۳، ریاض النضرہ ص۲۱۷ جلد۲، شرح حدیدی ص۴۴۹ جلد۲، ینابیع المودت ص۱۲۱، البدایہ و النہایتہ ص۳۵۶، مناقب خوارزمی ص۴۹، ذیل اللئالی ص۵۴

روایت دوئم ابو الحمراء

عن ابی الحمراء قال قال رسول اللہ من اراد ان ینظر الی آدم فی علمہ و الی نوح فی فھمہ و الی ابراہیم فی حلمہ و الی یحییٰ بن زکریا فی زھدہ و الی موسیٰ بن عمران فی بطشہ فلینظر الی علی بن ابی طالب۔

حضرت ابو الحمراء سے روایت ہے کہ رسول اکرم نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص علم میں حضرت آدم کو، فہم میں حضرت نوح کو، حلم میں جناب ابراہیم کو، زہد میں جناب یحییٰ ابن زکریا کو، حملے میں حضرت موسیٰ بن عمران کو دیکھنا چاہے تو وہ علی بن ابی طالب کو دیکھ لے۔

شواہد التنزیل ص۷۸ جلد۱، مناقب خوارزمی، مقتل خوارزمی ص۴۳، الریاض النضرہ ص۲۱۷ جلد۲، ینابیع المودت ص۹۹ سطر۱۱، کوکب دری ص۱۵۹ سطر۱۴، المواقف ص۲۷۶ جلد۳، شرح عینیہ ص۲۷، شرح مقاصد ص۲۹۹ جلد۲، نزھتہ المجالس ص۲۴۰ ص۲، ذخائر العقبیٰ ص۹۳

عن ابن عباس قال بینما رسول اللہ جالس فی جماعت من اصحابہ اذ اقبل علی فلما بصر بہ رسول اللہ قال من اراد منکم ان ینظر الی آدم فی علمہ و الی نوح فی حکمتہ و الی

Presented by ...

ابراہیم فی حلمہ فلینظر الی علی بن ابی طالب ثم قال۔ قلت تشبیھتہ لعلی با آدم فی علمہ لان اللہ تعالیٰ علّم آدم صفتہ کل شئی کما قال عزوجل وَ عَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ كُلَّهَا فما من شئی ولا حادثتہ الا و عند علی فیھا علم و لہ فی استنباط معنا ھافہم

و شبہہ نبوح فی حکمتہ و فی روایتہ فی حکمہ و کانہ اصح لان علیا" کان شدیدا علی الکافرین ۔ رؤفاباالمومنین کما وصفہ اُدم فی القران بقوم وَ الَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ و اخبراللہ عزوجل شدتہ نوح علی الکافرین بقولہ رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكَافِرِيْنَ دَيَّارًا

و شبہ فی العلم بابراہیم خلیل الرحمان کما و صفہ عزوجل بقولہ اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ فکان متخلقا" باخلاق الانبیاء متصفا لصفات الاصفیاء (کفایت الطالب ص ۴۵)

روایت سوم حضرت جابر

عن جابر قال قال رسول اللہ من اراد ان ینظر الی اسرافیل فی ھیبتہ و الی میکائیل فی رتبتہ و الی جبرائیل فی جلالتہ و الی آدم فی علمہ و الی نوح و فی خشیتہ و الی ابراہیم فی خلقہ و الی یعقوب فی حزنہ و الی یوسف فی جمالہ و الی موسیٰ فی مناجاتہ و شجاعتہ و ایوب فی صبرہ و الی یحیٰی فی زھدہ و الی عیسٰی فی عبادتہ و الی یونس فی ورعہ و الی محمد فی کمال حسبہ و خلقہ فلینظر الی علی فان فیہ تسعین خصلتہ من خصال الانبیاء جمعھا اللہ لہ و لم یجمع فی احد غیرہ

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ جناب رسالت مآب نے فرمایا ہے جو کوئی اسرافیل کو اس کی مصیبت میں میکائیل کو اس کے رتبے میں اور جبرائیل کو اس کی خلافت میں، آدم کو اس کے علم میں، نوح کو اس کے خدا سے خوف کرنے میں، ابراہیم کو خلیل خدا ہونے میں، یعقوب کو حزن و ملال میں، موسیٰ کو اس کی مناجات پروردگار میں، ایوب کو صبر کرنے میں، یحیٰی کو اس کے زہد میں، عیسیٰ کو اس کی عبادت میں، یونس کو اس کی پرہیزگاری میں، محمد کو اس کے کمال حسب و خلق میں دیکھنا چاہے تو اسے چاہئے کہ وہ علی بن ابی طالب کی طرف نظر کرے۔ کیونکہ اس میں پیغمبروں کی نوے خصلتیں پائی جاتی ہیں جو کہ اللہ نے ان میں جمع کی ہیں

Presented by www.ziaraat.com

اور اس کے سوا اور کسی میں ان کو جمع نہیں کیا۔ (ینابیع المودت ص۲۵۵' کوکب دری ص۱۵۹ سطر آخر' مودت القربیٰ ص۶)

روایت چہارم ابن عباس

عن ابن عباس ان رسول اللہ قال من اراد ان ینظر الی ادم فی علمہ و الی ابراہیم فی حلمہ و الی نوح فی حکمہ و الی یوسف فی جمالہ فلینظر الی علی بن ابی طالب

حضرت ابن عباس روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول خدا نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص علم میں حضرت آدم کو اور حلم میں حضرت ابراہیم کو حکم میں حضرت نوح کو اور جمال میں حضرت یوسف کو دیکھنا چاہئے وہ علی بن ابی طالب کو دیکھ لے۔

ارجح المطالب ص۵۶۸ سطر۹' لسان المیزان ص۲۴ جلد۶ سطر۱۱' ذخائر العقبیٰ ص۹۴' فتح الملک العلیٰ ص۳۴' الریاض النضرہ ص۲۱۸ جلد۲' آئمتہ الھدیٰ ص۳۷

روایت ششم حضرت ابو ہریرہ

عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ و ہو فی محفل من اصحابہ ان تنظروا الی اٰدم فی علمہ و نوح فی فھمہ و ابراہیم فی خلقہ و موسٰی فی مناجاتہ و عیسٰی فی سنتہ و محمد فی ہدیہ و حلمہ فانظروا الی ھذا المقبل فتطاول الناس فاذا ہو علی بن ابی طالب

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا جناب رسول خدا نے جبکہ آپ صحابہ کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اگر تم آدم کو اس کے کمال علم میں' نوح کو کمال فہم میں' ابراہیم کو ان کے کمال خلق میں' موسیٰ کو ان کی صفت کلیم اللہ میں' عیسیٰ کو ان کے طریق عبادت میں' محمد کو ان کے کمال طریقت و حلم میں دیکھنا چاہتے ہو تو اس آنے والے کو دیکھو' لوگوں نے جو گردن اٹھا کر دیکھا تو علی بن ابی طالب تھے۔ (مناقب عینی ص۵۰)

Presented by www.ziaraat.com

روایت ہفتم حضرت حارث

عن الحارث الاعور صاحب رایتہ علی قال بلغنا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان فی جمع من اصحابہ فقال یکم ادم فی علمہ و نوحا فی فھمہ و ابراہیم فی حکمتہ فلم یکن ما سوع من ان طلع علی فقال ابوبکر رضی اللہ عنہ یا سول اللہ اقست رجلا بثلثہ من الرجل بخ بخ لھذا الرجل من ھو یا رسول اللہ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا ھرفہ یا ابابکر قال اللہ و رسولہ اعلم قال ابو الحسن علی بن ابی طالب قال ابوبکر بخ بخ لک یا اباالحسن (اخرجہ بوبکر بن مردویہ) حارث الاعور جناب امیر علیہ السلام کے علم دار ناقل ہیں کہ ہم کو خبر ملی کہ جناب رسول اللہ صلی للہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام کی جماعت میں رونق افروز تھے کہ ارشاد فرمایا میں تمہیں ایسا شخص دکھاؤں کہ اپنے علم میں و جناب آدم اور فہم میں جناب نوح اور حکمت میں جناب ابراہیم ہے۔ کچھ دیر نہ گذری تھی کہ جناب علی علیہ السلام تشریف لائے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ حضور نے ایسا آدمی بیان فرمایا ہے کہ فضائل میں تینوں بیوں کے مساوی قیاس کیا جا سکتا ہے۔ وہ کون ہے۔ حضرت نے فرمایا اے ابوبکر کیا تم اس کو نہیں جانتے حضرت ابوبکر نے عرض کیا خدا اور خدا کا رسول زیادہ جاننے والے ہیں۔ فرمایا وہ ابو الحسن علی بن ابی طالب ہے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ کہنے لگے شاباش اے ابوالحسن تیرا مثل کہاں ہے۔

(تنبیہہ) اس حدیث کی ذیل میں فخر اسلام فخرالدین رازی علیہ الرحمتہ لکھتے ہیں ھذا الحدیث یدل علی ان علیا کان مساویا لھو لاء الانبیاء فی ھذا الصفات و لا شک ان ھئو لاء الانبیاء کانوا افضل من سائر الصحابتہ و المساوی للافضل افضل لوجب ان یکون علی افضل منھم (اربعین فی اصول الدین) یعنی یہ حدیث دال ہے کہ جناب علی ان صفات میں انبیائے کرام علیہم السلام کے مساوی تھے اور کسی قسم کا شک نہیں کیا جا سکتا کہ یہ انبیاء تمام صحابہ کرام اور مساوی الافضل افضل ہوا کرتا ہے اسی لیے جناب بھی ان سے افضل ٹھہرے۔

ارجح المطالب ص ۵۶۸ سطر ۱۴ مناقب خوارزمی ص ۴۵ جلد ۲

روایت مرفوع

اخرج البیھقی باسنادہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اراد ان ینظر الی ادم فی علمہ والی نوح فی تقواہ و الی ابراہیم فی خلتہ و الی موسی فی ھیبتہ و الی عیسی فی عبادتہ فلینظر الی علی بن ابی طالب بیہقی اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ جو شخص حضرت آدم کو ان کے علم کے ساتھ اور حضرت نوح کو ان کے تقویٰ کے ساتھ اور حضرت ابراہیم کو ان کے خلیل ہونے کے ساتھ اور حضرت موسیٰ کو ان کی ہیبت کے ساتھ اور حضرت عیسیٰ کو ان کی عبادت کے ساتھ دیکھنے کی آرزو رکھتا ہو تو علی بن ابی طالب کو دیکھ لے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۱۹۱ سطر۳ ' شرح القاصد ص۲۱۹ ' کوکب دری ص۱۲۹ سطر۲۰ ' اربقتہ المحمودیہ ص۲۱۱ جلد۱ ' المواقف ص۶۲۶ ' تقرب المرام ص۳۰۳ جلد۴ ' مطالب السئول ص۲۲

قسم دوئم

قال النبی من اراد ان ینظر الی اٰدم فی علم و الی نوح فی فہمہ و الی ابراہیم فی حلمہ ' و الی موسیٰ فی زہدہ و الی محمد فی بہائہ فلینظر الی علی بن ابی طالب

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے ارادہ کیا کہ وہ آدم کو اس کے علم میں ' نوح کو اس کے فہم میں ' ابراہیم کو اس کے حلم میں ' موسیٰ کو اس کے زہد میں ' محمد کو اس کے جاہ و جلال میں دیکھے تو وہ علی بن ابی طالب کو دیکھ لے۔ (نزھتہ المجالس ص۲۰۷ جلد۲)

روایت دہم قسم سوئم طریق رازی

قال رسول اللہ من اراد ان یری اٰدم فی علمہ و نوحا فی طاعتہ و ابراہیم فی خلتہ و موسیٰ فی قربتہ و عیسیٰ فی صفوتہ فلینظر الی علی بن ابی طالب

رسول اکرم نے فرمایا جس کا ارادہ ہو کہ وہ آدم کو علم میں ' نوح کو طاعت خدا میں ' ابراہیم کو خلیل اللہ ہونے ' موسیٰ کو قرب خدا میں ' عیسیٰ کو خدا کی طرف سے برگزیدہ ہونے میں دیکھے تو وہ علی کی طرف نظر کرے۔ (نزھتہ المجالس ص۲۰۷ جلد۲ ' تفسیر نیشاپوری جلد۳ ص۲۰۷ سطر۷ ' تفسیر بحر المحیط جلد۲ ص۳۸۱ سطر۵)

روایت نمبر ۱۳

جناب امیرؑ کا نظیر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ ہونا

عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من نبی الا ولہ نظیر فی امتہ فعلی نظیری (اخرجہ الخلعی و الدیلمی) انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہر نبی کی ایک نظیر اس کی امت میں ہوتی رہی ہے پس علی میری نظیر ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۵۶۷ سطر۹، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۶۴، مناقب عینی ص ۴۷، ذخائر العقبیٰ ص ۶۴، ینابیع المودۃ ص ۲۰۴، مقتل خوارزمی ص ۸۴، مناقب خوارزمی ص ۸۵ سطر ۱۳

مثل اصحاب کہف

ینابیع المودت ص ۱۷۴ سطر آخر

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّةً وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ کی تفسیر

حضرت امام حسین جناب امیر المومنین علیؑ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا۔ خبردار۔ وہ علم جس کو لے کر جناب آدم علیہ السلام زمین پر اترے تھے۔ اور جس کی بدولت خاتم الانبیاء تک تمام انبیاء کو فضیلت دی گئی۔ وہ تمام کا تمام علم خاتم الانبیاء کی اولاد میں موجود ہے۔ تم کہاں سرگرداں ہو رہے ہو۔ اور کہاں جا رہے ہو۔ اولاد محمدؐ تم میں ایسی ہے۔ جیسے اصحاب کہف اپنی قوم میں اور خاتم الانبیاء باب حطہ کی مانند ہیں۔ وہ لوگ سلامتی کا دروازہ ہیں۔ اور یہ تمام باتیں اللہ تعالیٰ کے اس قول میں موجود ہیں۔ **یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّةً وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ** اے وہ لوگ جو ایمان لے آئے ہو۔ تمام کے تمام سلامتی کے دروازے کے اندر داخل ہو جاؤ۔ شیطان کے نشانات کی پیروی نہ کرو۔

ابوتراب

کوکب دری ص ۳۳۵ ص ۱۱۰، المنہل ص ۳۱۳، الریاض ص ۲۷۰، محاضرۃ الادباء جلد ۴ ص ۴۷۷، کنوز الحقائق ص ۱۰۸، رغبتہ الآمل شرح کامل جلد ۲ ص ۱۷۸، نور الابصار ص ۱۷۸، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۶، کشف الغمہ جلد ۱ ص ۲۴۲، عمدۃ القاری جلد ۲۲ ص ۲۱۴، تاریخ خمیس جلد ۱ ص ۴۱۰، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۵۳، شرح ابن ابی الحدید جلد ۱ ص ۴، الکنیٰ و الاسماء جلد ۱ ص ۸

Presented by www.ziaraat.com

صحیح بخاری، صحیح مسلم، صواعق محرقہ، روضتہ الاحباب، روضتہ الشہداء اور معارج النبوۃ میں منقول ہے کہ غزوۂ ذوالعشیرہ میں جب سید کائنات صلح اور معاہدہ کر کے مدینہ سکینہ میں واپس تشریف لائے۔ اس سفر ظفر اثر میں آپ نے امیر المومنین کی کنیت ابو تراب مقرر فرمائی۔ عمار یاسرؓ کہتے ہیں کہ میں اور امیر المومنین ایک درخت خرما کے نیچے سو کر گرد میں آلودہ ہو رہے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے سرہانے تشریف لائے اور امیر سے فرمایا **قُمْ یَا اَبَا تُرَاب** (اے ابو تراب اٹھ) اور فرمایا اے بھائی! میں تجھ کو اس شخص سے خبردار کروں جو سب آدمیوں سے زیادہ تر بدبخت اور شقی ہے۔ عرض کی۔ ہاں فرمائیے۔ فرمایا دو شخص ہیں۔ ایک وہ شخص جس نے ناقہ صالح کو پے کیا دوسرا وہ شخص جو تیری داڑھی کو خون سے رنگین کرے گا۔ حضرت یہ فرماتے تھے اور اپنا دست حق پرست امیر المؤمنین کے سر اور منہ پر پھیرتے تھے۔ اور ملا عبدالرحمٰن جامی نے شواہد النبوۃ میں روایت کی ہے کہ ایک روز سید کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب سیدۃ النساء علیہ التحیۃ والثناء کے دولت سرا میں تشریف لا کر پوچھا۔ کہ اے فاطمہ میرے چچا کا بیٹا کہاں ہے؟ عرض کی مجھ میں اور اس میں کچھ بات چیت ہوئی تھی۔ اس پر اس بزرگوار نے گھر میں قیلولہ نہ فرمایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لے گئے اور تلاش میں مصروف ہوئے۔ ایک شخص نے عرض کی کہ امیر المومنین فلاں جگہ سو رہے ہیں۔ سید المرسلینؐ وہاں تشریف لے گئے دیکھا کہ ردائے مبارک آپ کے کندھے سے گر پڑی ہے۔ حضرتؐ اپنے دست مبارک سے مٹی بدن شریف امیر المومنین سے چھڑاتے تھے اور فرماتے **قُمْ یَا اَبَا تُرَاب** (اے ابو تراب اٹھ) کہتے ہیں کہ اس روز سے امیر المومنین کی کوئی کنیت اور نام ابو تراب سے بڑھ کر بھلا معلوم نہ ہوتا تھا۔

٭ کنز العمال جلد ۶ ص ۴۰۱، ادب المفرد ص ۲۲۱، مناقب خوارزمی ص ۲۲، الاذکار ص ۲۴۷، تاریخ ذھبی جلد ۲ ص ۱۹۲، فتح الباری جلد ۷ ص ۵۸، ارشاد الساری جلد ۹ ص ۱۳۹، الصواعق المحرقہ ص ۱۲۵ سطر ۲۱، البیان جلد ۲ ص ۱۳۳، الفتح الکبیر جلد ۱ ص ۴۵، امتاع الاسماع ص ۵۵، سیرت حلبیہ جلد ۲ ص ۱۲۶، تاریخ دمشق جلد ۱ ص ۲۲، شفاء العزام جلد ۲ ص ۳۶۵، التاج الجامع جلد ۳ ص ۲۹۵، السنن و المبتدعات ص ۴۳، مسند دمشق جلد ۲ ص ۳۳۳، مقاتل الطالب

Presented by www.ziaraat.com

ص۲۵' معرفۃ علوم الحدیث ص۲۱۱' احسن الانتخاب ص۲۵ سطر۱۳' سیرت علی ص۲ سطر۴' المرتضیٰ ص۴، سطر۲' اسد اللہ ص۲۹ سطر۲' مشکل کشاء ص۱۱۸ سطر۵' کنز العمال جلد۱۲ ص۲۰۱' السیف الیمانی ص۷۴' المحفص ص۱۷۹ سطر۱۳' تفریح الاحباب ص۳۳۸' الفتوحات الربانیہ جلد۵ ص۱۴۰' الامتاع مقریزی ص۵۵' طبقات ابن سعد جلد۲ ص۱۰' ینابیع المودۃ ص۴۳ سطر۲' سعد الشموس و الاقمار ص۲۱۰' مناقب عینی ص۱۵' بذل القوۃ ص۱۲۹' منال الطالب ص۲۸' عیون الاثر جلد۱ ص۲۲۶' سیرت ابن ہشام جلد۲ ص۲۳۶

روایت سہیل بن سعد

ابو تراب :- (۱) عن سہل بن سعد قال استعمل علی المدینۃ رجل من ال مروان قال فدعا سہل بن سعد فامرہ ان یشتم علیا قال فابی سہل فقال اما اذا ابیت فقل لعن اللہ ابا تراب فقال سہل ما کان لعلی اسم احب الیہ من ابی التراب و ان کان لیفرح اذا دعی فقال لہ اخبرنا عن قصتہ لم سمی با تراب فقال جاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیت فاطمۃ فلم یجد علیا فقال این ابن عمک فقالت کان بینی و بینہ شئی تعاضبنی فخرج و لم یقل عندی فقال رسول اللہ صلی علیہ وسلم لانسان انظر این ھو فقال رسول اللہ ھو فی المسجد راقد فجاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و ھو مضطجع قد سقط رداء ہ عن شقہ فاصابہ تراب فجعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یمسحہ عن یقول قم یا ابا تراب (اخرجہ البخاری و المسلم) سہل بن سعد کہتے ہیں ایک دفعہ آل مروان کا ایک آدمی مدینہ میں عامل ہو کر آیا اور سہل بن سعد کو بلا کر کہنے لگا تو جناب علی علیہ السلام کو گالیاں دے سہل نے انکار کیا عامل نے کہا اگر تو اس سے انکار کرتا ہے تو صرف اتنا ہی کہہ دے کہ نعوذ باللہ جناب ابو تراب پر ------ ہو سہل نے کہا جناب امیر کے نزدیک اس نام سے کوئی نام زیادہ پیارا نہ تھا جب آپ اس نام سے پکارے جاتے تو نہایت خوش ہوتے عامل نے کہا ہمیں یہ بتا کہ جناب امیر کا نام ابو تراب کیوں رکھا گیا۔ سہل نے کہا ایک روز جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سیدہ کے گھر میں تشریف لے گئے۔ علی علیہ السلام کو موجود نہ پا کر جناب سیدہ سے پوچھا تیرا چچا زاد کہاں ہے۔ جناب سیدہ نے عرض کیا۔ ہم دونوں میں کچھ شکر رنجی ہو گئی تھی وہ غصہ ہو کر چلے گئے اور آج گھر میں قیلولہ نہیں کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے ارشاد فرمایا کہ جا کر دیکھو کہ وہ اس وقت کہاں پر تشریف رکھتے ہیں۔ اس شخص نے عرض کیا کہ مسجد میں سو رہے ہیں۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لے گئے اور ان کو سوتا ہوا پایا ------ اور دیکھا کہ کندھے سے ردا اتری ہوئی ہے اور پہلو مٹی سے آلودہ ہو رہا ہے۔ جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے بدن سے مٹی پونچھنے لگے اور فرمانے لگے اے ابو تراب اٹھ اے ابو تراب۔

ارجح المطالب ص۱۲ سطر آخر' جامع الاصول جلد۹ ص۴۷۷' کنز العمال جلد۶ ص۳۹۰' تاریخ ذھبی جلد۲ ص۱۹۲' کوکب دری ص۲۲۰' لطائف المعارف ص۳۵' مقاتل الطالبین ص۲۵' مسلم الصحیح' معرفۃ علوم الحدیث ص۲۱۱' الاذکار ص۴۷۳' تاریخ دمشق جلد۱ ص۲۲' اہل البیت ص۱۹۶' سنن الکبریٰ بیہقی جلد۲ ص۴۴۶' مناقب خوارزمی ص۷ سطر۳' ینابیع المودت ص۴۳ سطر۱

Presented by www.ziaraat.com

روایت عبدالعزیز بن ابی حازم

مغازلی ص۹ سطر۱۶، الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۵۴، مقاتل الطالبین ص۲۵، طبری تاریخ جلد۲ ص۱۲۳، الاستیعاب جلد۲ ص۴۶۷، ذخائر العقبیٰ ص۵۶، شواہد النبوۃ (اردو) ص۲۷۸ سطر۱۳

مشہور کتب میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت علی کی کنیت ابو تراب رکھی۔

تہذیب التہذیب جلد۷ ص۳۴۴ سطر۹، طبقات ابن سعد جلد۲ ص۱۰، نہایت الارب جلد۳ ص۱۵۲، تہذیب الاسماء جلد۱ ص۳۴۴، قصہ کبیر ص۱۱۵، حیواۃ الحیوان جلد۱ ص۵۴، محاضرۃ الاوائل ص۱۱۳

علی ابن عباس

(۲) عن ابن عباس قال اخی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین المھاجرین و الانصار و ھو انہ صلی اللہ علیہ وسلم اخی بین ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما و بین عثمان و عبدالرحمن بن عوف و اخی بین طلحہ و الزبیر و اخی بین ابی ذر الغفاری و المقداد رضوان اللہ علیہم اجمعین و لم یواخ بین علی بن ابی طالب و بین احد منھم خرج علی مغضبا حتی اتی جد ولا بزا الارض و توسد ذراعیہ و نام فیھما فسفی علیہ الریح التراب فطلبہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فوجدہ علی تلک الصفتہ فوکز برجلہ و قال لہ قم صما صلحت الا تکون ابا تراب اغضبت حین اخیت بین المھاجرین و الانصار و لم اواخ بینک و بین احد منھم اما ترضی ان تکون منی بمنزلہ ھارون و موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی۔ الا من احبک فقد حف بالامن و الایمان و من ابغضک اماتہ اللہ میتہ جاہلیتہ (اخرجہ ابوبکر الخوارزمی)

ابن عباس کہتے ہیں جبکہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین و انصار کے درمیان اخوت کا رشتہ قائم کیا اور اس کی یہ صورت قرار دی کہ جناب ابوبکر کو حضرت عمر کا اور حضرت عثمان کو عبدالرحمن ابن عوف کا اور طلحہ کو زبیر کا اور ابو ذرغفاری کو مقداد کا بھائی بنایا۔ اور علی ابن ابی طالب باقی رہ گئے ان سے کسی کا رشتہ اخوت نہ ملایا جناب امیر نہایت غصہ میں جا کر زمین پر لیٹ گئے اور اپنے بازو کا تکیہ بنا کر زمین پر سو گئے۔ ہوا نے مٹی اڑا کر ان کے بدن کو گرد آلود کر دیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کو ڈھونڈنے لگے اور ان کو اس حالت میں پایا اور اپنے پاؤں سے ٹھکرا کر فرمایا۔ تو نے ابو تراب بننے میں اپنی لیے کیا اچھی مصلحت دیکھی ہے جب میں نے مہاجرین اور انصار کے درمیان بھائی بندی کا رشتہ جوڑا اور تجھے کسی کا بھائی نہ بنایا تو تو خفا ہو گیا تو راضی نہیں کہ تو مجھ سے ایسا ہو جیسا ہارون موسیٰ سے تھے۔ لیکن میرے بعد نبی نہیں ہو گا جو کوئی تجھ سے محبت کرے گا وہ امن اور ایمان میں چھپا رہے گا اور جو شخص تجھ سے بغض رکھے گا خدا اس کو کافروں کی موت سے مارے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

عبارت ارجح المطالب ص ۱۳ روایت ۲، احسن الانتخاب ص ۲۶ سطر ۱۱، الفصول المہمہ ص ۲۲، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۲۱، الاستیعاب جلد ۲ ص ۴۶۰، ینابیع المودت ص ۴۷ سطر ۱۳، اسد الغابہ ص ۲۶ جلد ۱۵، مسند احمد بن حنبل جلد ا ص ۲۳۰، فتح الباری جلد ۷ ص ۵۸، نفحات جلد ۲ ص ۱۶۴، مناقب خوارزمی ص ۷ سطر ۱۵

روایت ابن عمر

راموز الاحادیث ص ۱۶۸، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۵، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۲۱ سطر ۱۶، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۲

عمار بن یاسر

عبارت کوکب دری ص ۲۲۰، الکاف الشاف ص ۹۵، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۶۰، احسن الانتخاب ص ۲۵ سطر آخر، دلائل النبوۃ ص ۳۸۴، نسائی ص ۳۹، سیرت حلبیہ جلد ۲ ص ۱۳۲، عیون الاثار جلد ا ص ۲۲۶، البدایہ جلد ۳ ص ۲۴۷، طبری جلد ۲ ص ۲۶۱، مسند احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۲۶۳، طبقاتِ ابن سعد جلد ۲ ص ۱۰، مغازلی ص ۹ سطر ۲، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۰۱ سطر ۱۲، تاریخ دمشق جلد ا ص ۲۲، فتح الباری جلد ۸ ص ۵۷۳، المستدرک جلد ۳ ص ۱۴۰، سیرت ابن ہشام جلد ۲ ص ۲۳۶، عمدۃ القاری جلد ۷ ص ۶۳۰، الامتاع مقریزی ص ۵۵، تاریخ خمیس جلد ۲ ص ۳۶۴، الکنیٰ و الاسماء جلد ۲ ص ۱۶۳، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۵۴، رغبتہ الآکمل شرح کامل ص ۱۸۰، کوکب دری ص ۲۲۰۔

صحیح بخاری، صحیح مسلم، صواعق محرقہ، روضتہ الاحباب، روضتہ الشہداء اور معارج النبوۃ میں منقول ہے کہ غزوۂ ذوالعشیرہ میں جب سید کائنات صلح اور معاہدہ کر کے مدینہ سکینہ میں واپس تشریف لائے۔ اس سفر ظفر اثر میں آپ نے امیر المومنین کی کنیت ابو تراب مقرر فرمائی۔ عمار یاسرؓ کہتے ہیں کہ میں اور امیر المومنین ایک درخت خرما کے نیچے سو کر گرد میں آلودہ ہو رہے تھے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے سرہانے تشریف لائے اور

Presented by www.ziaraat.com

امیرؑ سے فرمایا قم یا ابا تراب (اے ابو تراب اٹھ) اور فرمایا اے بھائی! میں تجھ کو اس شخص سے خبردار کروں جو سب آدمیوں سے زیادہ تر بدبخت اور شقی ہے۔ عرض کی۔ ہاں فرمایئے۔ فرمایا دو شخص ہیں۔ ایک وہ شخص جس نے ناقہ صالح کو پے کیا دوسرا وہ شخص جو تیری داڑھی کو تیرے خون سے رنگین کرے گا۔ حضرت یہ فرماتے تھے اور اپنا دست حق پرست امیر المومنین کے سر اور منہ پر پھیرتے تھے۔ اور ملا عبدالرحمن جامی نے شواہد النبوۃ میں روایت کی ہے کہ ایک روز سید کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب سیدۃ النساء علیہ التحیۃ و الثناء کے دولت سرا میں تشریف لا کر پوچھا۔ کہ اے فاطمہ میرے چچا کا بیٹا کہاں ہے؟ عرض کی مجھ میں اور اس میں کچھ بات چیت ہوئی تھی۔ اس پر اس بزرگوار نے گھر میں قیلولہ نہ فرمایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لے گئے اور تلاش میں مصروف ہوئے۔ ایک شخص نے عرض کی کہ امیر المومنین فلاں جگہ سو رہے ہیں۔ سید المرسلینؐ وہاں تشریف لے گئے دیکھا کہ ردائے مبارک آپ کے کندھے سے گر پڑی ہے۔ حضرتؐ اپنے دست مبارک سے مٹی بدن شریف امیر المومنین سے چھڑاتے تھے اور فرماتے تھے قم یا ابا تراب (اے ابو تراب اٹھ) کہتے ہیں کہ اس روز سے امیر المومنین کی کوئی کنیت اور نام ابو تراب سے بڑھ کر بھلا معلوم نہ ہوتا تھا۔

روایت حضرت ابو طفیل

مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۰۱، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۶، کنز العمال جلد۶ ص۱۰۹ حدیث ۲۶۷۹

غزوہ ذوالعشیرہ کے دن

المستطرف جلد۲ ص۳۳، تاریخ خمیس جلد۱ ص۴۰۱

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت جابر

کفایت الطالب ص ۸۴

روایت منہال بن عمر

تاریخ دمشق جلد ۱ ص ۲۲

ابو الحسن

ملاحظہ فرمایئے انسائیکلو پیڈیا علویہ جلد ۷ ص ۶۵

ابو الحسنین

ابو الحسنین :۔ عن علی قال کان الحسن یدعونی فی حیوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابا حسین و الحسین یدعونی ابا حسن و لا یدعوان ابا لا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما مات دعونی بابہما (اخرجہ الخوارزمی فی المناقب) جناب امیر روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات بابرکات میں حسن مجھ کو ابا حسن اور حسین ابا حسین کہا کرتے تھے۔ اور مجھ کو اپنا باپ نہیں سمجھتے تھے۔ بلکہ جناب رسول خدا کو اپنا باپ جانتے تھے۔ جب حضرت رحلت فرما گئے تو مجھے ان دونوں نے ابا حسن اور ابا حسین کہنا چھوڑ دیا۔

ارجح المطالب ص ۲ سطر ۷، مناقب خوارزمی ص ۸ سطر ۵، احسن الانتخاب ص ۲۴، اسد اللہ جلد ۲ ص ۲۵.

ابو محمدؑ

ارجح المطالب ص ۲، احسن الانتخاب ص ۲۵ سطر ۸

ابو محمد :۔ خوارزمی کہتا ہے کہ جناب امیر اس کنیت سے بھی پکارے جاتے تھے کیونکہ ابن حنفیہ کا نام محمد تھا جن کے پیدا کی بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب امیر کو بیان فرمائی تھی۔

Presented by www.ziaraat.com

اَبُو السِّبْطَیْنِ

ملاحظہ فرمایئے انسائیکلو پیڈیا علویہ جلد ۸ باب اخوت

اَبُو الْاَئِمَّہ

ملاحظہ فرمایئے باب امامت

اَبُو هٰذِهِ الْاُمَّت

چند صفحات پہلے باب مثل و ند

اَبُو الْعِتْرَة

باب امامت عنوان امام البریہ

اَبُو الرَّیْحَانَتَیْن

آئندہ مناقب حسنین میں ملاحظہ فرمایئے

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ حسین مجھے یا ابا الحسن اور حسن مجھے یا ابا الحسین کہتے تھے۔ (مناقب خوارزمی ص۸ سطر۵)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی کو فرماتے تھے اے ابو الریحانتین تم پر سلام ہو میں تمہیں اپنے پھولوں کے بارے میں وصیت کرتا ہوں۔ (منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۵، اسد اللہ ص۲۵ سطر۱۰)

اَبُو وُلْدِی

پہلے باب اخوت میں ملاحظہ فرمایئے

قَسِیْمُ النَّارِ وَ الْجَنَّة

Presented by www.ziaraat.com

کوکب دری ص ۱۶۷ منقبت ۱۶۱، کنز العمال جلد ۶ ص ۴۰۲، مناقب عینی ص ۲۹، کنوز الحقائق ص ۹۸، مناقب خوارزمی ص ۲۰۹ سطر ۴، مغازلی ص ۴۰، مجمع بحار الانوار جلد ۳ ص ۱۴۴، شرح ابن ابی الحدید جلد ۲ ص ۴۴۸، کوکب دری ص ۱۶۷

حضورؐ کا ارشاد ہے کہ اے علیؑ تو قیامت کے روز دوزخ اور بہشت کا تقسیم کرنے والا ہے۔ امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ قیامت کے روز دوزخ کے گا یہ تیرا ہے یہ میرا ہے۔

حضرت علی علیہ السلام نے دعویٰ فرمایا کہ میں دوزخ کا تقسیم کرنے والا ہوں۔ اور میرے بارے میں لوگوں کے دو گروہ ہیں ایک ہدایت پانے والے دوسرے گمراہ ہونے والے۔

لسان المیزان جلد ۳ ص ۲۴۷ سطر ۲، نہایت اللغت جلد ۳ ص ۲۸۴، الغریبین ص ۳۰۷، کنز العمال جلد ۶ ص ۴۰۲

علی قسیم کیسے؟

محمد بن منصور کہتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت احمد بن حنبل کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک شخص نے پوچھا اے ابو عبداللہ یہ حدیث جو حضرت علیؑ کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ **قسیم النار و الجنتہ** ہے یہ کیسے ہے۔ تو آپ نے فرمایا کیا تم لوگوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ حدیث **لا یحبک الا مومن و لا یبغضک الا منافق** سنی ہے۔ حاضرین نے کہا سنی ہے۔ تو آپ نے فرمایا مومن کہاں ہو گا۔ جواب دیا جنت میں۔ منافق کہاں ہو گا جواب دیا گیا نار میں۔ تو آپ نے فرمایا ابھی بھی نہیں سمجھے کہ علی قسیم النار و الجنتہ کیسے ہے۔

طبقات حنابلہ جلد ۱ ص ۳۲۰

حضرت اعمش سے روایت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ میں قسیم النار ہوں۔ جب قیامت کا دن ہو گا تو میں جہنم سے کہوں گا یہ تیرا ہے اور یہ میرا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

تاریخ دمشق جلد ۲ ص۲۴۶، تاج العروس جلد ۲ ص۲۵، لسان المیزان جلد ۳ ص۲۴۷ سطر۲، جلد ۳ ص۲۴۸، جلد ۶ ص۱۱۳ سطر۳، البدایہ جلد ۷ ص۳۵۵، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص۵۲، میزان الاعتدال جلد ۲ ص۲۰۰، ینابیع المودت ص۱۳۵ سطر آخر۔

وہ تفسیر جو آئمہ اہل بیت علیہم السلام کے ایک امام امام حسن عسکری کی طرف منسوب ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اے علیؑ تم جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہو۔ اور تم دوزخ سے کہو گے کہ یہ میرا آدمی ہے اور یہ تمہارا ہے۔

مامون کا دریافت کرنا

ینابیع المودت ص۱۳۷ روایت ۱۱

کتاب عیون الرضا میں ابو الصلت ہروی سے روایت ہے کہ مامون نے امام علی رضا بن موسیٰ کاظم علیہما السلام سے دریافت کیا کہ مجھے اپنے جد امیر المومنین علیہ السلام کے متعلق آگاہ فرمایئے کہ وہ کون سا سبب ہے جس کی بنا پر علی دوزخ اور جنم کے تقسیم کرنے والے ہیں۔ امام نے فرمایا تم اپنے آباء سے روایت نہیں کرتے وہ سب لوگ حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ علی کی محبت ایمان کی علامت ہے اور آپ سے بغض رکھنا کفر کی نشانی ہے۔ مامون نے کہا ہاں۔ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا جب جنت مومن کے لئے اور جنم کافر کے لئے مقرر ہے اور جنت اور جنم کی تقسیم آپ سے محبت اور بغض پر موقوف ہے تو آپ جنت اور جنم کے تقسیم کرنے والے ٹھہرے۔ مامون نے کہا کہ آپ کے بعد مجھے اللہ تعالیٰ باقی نہ رکھے۔ تم اپنے جد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وارث ہو۔ ابو الصلت ہروی کا بیان ہے کہ جب امام رضا علیہ السلام واپس اپنے گھر تشریف لائے تو میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا۔ اے فرزند رسول آپ نے کس قدر پیارا جواب امیر المومنین (مامون) کو دیا ہے۔ فرمایا اے ابو الصلت یہ جواب تو میں نے صرف اس نہج سے دیا جس کو وہ خود تسلیم کرتا تھا، ورنہ میں نے اپنے باپ کو حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے وہ اپنے آباء کرام سے روایت کرتے تھے۔ یہ سب حضرات حضرت علی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت عبداللہ بن عباس

ارجح المطالب ص ۱۷ سطر ۱۶

(۲) عن ابن عباس قال دخل علی علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و عندہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہما فجلس بین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و بین عائشہ فقالت ما کان لک ان تجلس بین فخذی فضرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ظہرھا و قال مہ لا تو ذینی فی اخی فانہ امیر المومنین و سید المسلمین و قائد الغراب المحجلین یوم القیامتہ یقعد علی الصراط فیدخل اولیاء فی الجنتہ و یدخل اعداہ فی النار (اخرجہ ابن مردویہ) ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دفعہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہما کے پاس تشریف رکھتے تھے اتنے میں جناب امیر تشریف لائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور ام المومنین کے درمیان میں بیٹھ گئے۔ بی بی عائشہ جھنجلا کر بولیں کیا میری ران پر بیٹھنے کے سوا آپ کے لیے کوئی جگہ نہیں تھی۔ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بی بی عائشہ کی پشت پر ہاتھ مار کر کہا کہ چھوڑ میرے بھائی کے بارے میں تو نے مجھے ایذا دی۔ یہ مومنین کا امیر اور مسلمانوں کا سردار اور سفید ہاتھ اور سفید منہ والوں کا پیشوا ہے۔ قیامت کے روز یہ پل صراط پر بیٹھے گا اور اپنے دوستوں کو جنت میں اور دشمنوں کو دوزخ میں داخل کرے گا۔

روایت حضرت حذیفہ

ارجح المطالب ص ۳۰۹ سطر ۱

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی تم قیامت کے روز بہشت اور دوزخ کو تقسیم کرنے والے ہو اور جہنم سے کہو گے یہ میرا اور یہ تمہارا ہے۔

روایت دوم

ینابیع المودت ص ۱۳۷ روایت ۱۲

امام رضاؑ سے مامون نے پوچھا کیا وجہ ہے کہ تمہارے جد امجد علی جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہیں۔ پھر آپ نے مذکورہ بالا حدیث کو یہ میرا ہے۔ یہ تمہارا ہے۔ تک بیان فرمایا۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت ابو سعید خدری

مودت القربیٰ ص ۸۲ سطر آخر، ینابیع المودت ص ۷۰ سطر ۹

ابو سعید خدری سے مروی ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے بہشت اور دوزخ کی کنجیاں مجھے عطا کی ہیں۔ پھر فرمایا۔ اے سلمان علی سے کہہ دو۔ کہ جس کو تم چاہو گے ان میں سے اسے نکال لو گے۔ اور جس کو چاہو گے ان میں داخل کر دو گے۔

روایت حضرت عبداللہ بن مسعود

عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علیؑ تم جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہو۔ تم بہشت کا دروازہ کھٹکھٹاؤ گے۔ اپنے دوستوں کو بلا حساب بہشت میں داخل کرو گے۔ (ینابیع المودت ص ۱۳۴ روایت ۲)

قسیم النار و الجنتہ :۔ عن حذیفتہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا علی انت قسیم النار والجنتہ و انت تقرع باب الجنتہ و تدخلها احبائک بغیر حساب (اخرجہ الدیلمی و ابن مغازلی و قاضی عیاض فی الشفاء) حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے علی تم جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہو اور تم جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤ گے اور اس میں اپنے دوستوں کو بغیر حساب کے داخل کرو گے۔

(۲) عن ابی الطفیل عامر بن واثلتہ الکنانی ان علیا قال للستتہ جعل عمر رضی اللہ عنہ الامر شوری بینهم کلاما طویلا من جملتہ انشد کم اللہ هل لیکم احد قال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا علی انت قسیم النار و الجنتہ یوم القیامت غیری قالو اللهم لا (اخرجہ دار قطنی نقلت من صواعق محرقہ و جواہر العقدین) ابو طفیل عامر بن واثلہ نقل کرتے ہیں کہ جناب امیر نے ان چھ صحابیوں سے جن کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بعد مشورے کے لیے مقرر کیا تھا ایک طویل گفتگو کی منجملہ اس کے یہ بھی کہا کہ میں تم کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم میرے سوا کوئی ایسا شخص جانتے ہو جس کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ یا علی تم دوزخ اور جنت کے تقسیم کرنے والے ہو۔ سب نے متفق ہو کر کہا خدا گواہ ہے آپ کے سوا کوئی نہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

یوم مناشدہ

ارجح المطالب ص۳۶ سطر۷، ینابیع المودت ص۶۹ سطر۷، وسیلۃ النجات ص۱۳۵

جناب امیر نے ان چھ صحابیوں سے جن کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بعد مشورے کے لیے مقرر کیا تھا ایک طویل گفتگو کی منجملہ اس کے یہ بھی کہا کہ میں تم کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں آیا تم میرے سوا کوئی ایسا شخص جانتے ہو جس کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ یا علی تم دوزخ اور جنت کے تقسیم کرنے والے ہو۔ سب نے متفق ہو کر کہا خدا گواہ ہے آپ کے سوا کوئی نہیں۔

جنت و دوزخ کا مختار علی ہے

ارجح المطالب ص۲۱۲ روایت۳

عن ابی ذر قال کنت انا و جعفر بن ابی طالب مہاجرین الی بلاد حبشۃ فاھدی جعفر جاریۃ قیمتھا اربعۃ الاف دراھم فلما قدمنا المدینۃ اھدیناھا الی علی لتخدمہ فجعل سکنھا فی بیت فاطمۃ فدخلت فاطمۃ یوما فنظرت الی راس علی فی حجر الجاریۃ فقالت لہ یا ابا الحسن فعلتھا قال لا واللہ یا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما فعلت شیئا قالت فاذن لی ان اسیر الی منزل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال قد اذنت لک فتجلبت بجلبابھا و تبرقعت ببرقعھا و ارادت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فھبط جبرئیل فقال ان اللہ یقراء ک السلام و یقول لک ان فاطمۃ اتتک تشکی الیک علیا فلا تقبل منھا فی علی شیئا فدخلت فاطمۃ فقال لھا ابا جئت تشکین علیا فقالت ای و رب الکعبۃ فقال ارجعی الیہ فقولی رغم انفی لرضاک ثلاثا فقال علی و اسواتاہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شکوتنی الی خلیلی و حبیبی اشھدی یا فاطمۃ ان الجاریۃ حرہ و الاربعۃ الاف درھم التی حملت من عطائی علی فقراء المھاجرین ثم لبس رواہ و اراد النبی صلی اللہ علیہ وسلم فھبط جبرئیل فقال یا محمد ان اللہ یقرء ک السلام و یقول لک قل لعلی انی قد اعطیک الجنۃ بعتق الجاریۃ و اعطیتک ان یخرج من النار من شئت بالاربعۃ الاف الدرھم التی تصدقت بھا فادخل الجنۃ من شئت برحمتی و اخرج من النار من شئت بمغفرتی (اخرجہ ابن السبوع الاندلسی فی کتابہ الشفاء) ابوزر غفاری رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں کہ میں اور جعفر بن ابی طالب جب بلاد حبشہ کو ہجرت کر کے گئے جعفر رضی اللہ عنہ نے چار ہزار درہم کو ایک لونڈی خریدی جب ہم مدینہ میں واپس آئے ہم نے وہ لونڈی خدمت کے لیے جناب علی کو دے دی۔ جناب علی نے اسے جناب فاطمہ کے گھر میں رکھا ایک روز جناب فاطمہ باہر سے گھر میں تشریف لائیں دیکھا کہ جناب علی علیہ السلام اس لونڈی کی گود میں سر رکھ کر لیٹے ہوئے ہیں جناب سیدہ نے کہا یا ابا الحسن تم نے تو اس سے محبت کی ہے جناب علی نے کہا اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی واللہ میں نے اس سے کچھ نہیں کیا جناب سیدہ نے کہا آپ مجھے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر جانے کا اذن دیں آپ نے ان کو اذن عطا کیا حضرت سیدہ کپڑے پہن کر اور برقع اوڑھ کر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لے گئیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جبرائیل تشریف لائے اور کہا خدا نے آپ کو سلام بھیج کر کہا ہے کہ آپ کی بیٹی علی کی شکایت لے کر آپ کے پاس آئی ہیں آپ ان کا کہنا نہ مانیں۔ اتنے میں جناب سیدہ بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ گئیں آپ نے فرمایا اے بیٹی تم علی کی شکایت کرنے آئی ہو۔ جناب سیدہ نے عرض کیا یہ رب کعبہ بے شک میں شکایت لے کر آئی ہوں۔ آپ نے فرمایا تم واپس جاؤ اور علی سے تین دفعہ جا کر کہو کہ

Presented by www.ziaraat.com

میرے علی الرغم آپ کو اپنی رضا کا اختیار حاصل ہے۔ جب جناب علی نے جناب سیدہ سے یہ کلام سنا کہنے لگے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے میری بڑی رسوائی ہوئی ہے۔ آپ نے میرے محبوب اور میرے خلیل کے پاس میری شکایت کی ہے یا فاطمہ آپ گواہ رہیں میں نے اس لونڈی کو آزاد کر دیا ہے اور چار ہزار درہم جو مجھے عطا ہوئے تھے فقراء اور مہاجرین پر تقسیم کرنے کے لیے لے جاتا ہوں۔ پھر آپ اپنی چادر کو اوڑھ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں تشریف لائے اتنے میں جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ پروردگار عالم نے آپ کو سلام کہا ہے اور کہا ہے کہ آپ علی سے کہہ دیں کہ میں نے تجھے لونڈی آزاد کرنے کے بدلے جنت عطا کی ہے اور ان چار ہزار درہم کے عوض کہ تو نے خیرات کیے ہیں تجھے اختیار دیا گیا ہے کہ جس کو تو چاہے دوزخ سے نجات دے اور میری رحمت کے ساتھ جس کو تو چاہے جنت میں داخل کرے اور میری مغفرت کے ساتھ جس کو تو چاہے دوزخ کی آگ سے نجات دے۔

روایت محمد بن حنفیہ

مودت القربیٰ ص ۵۹ سطر ۱۷، کوکب دری ص ۱۸۶

حضرت محمد بن حنفیہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت علیؑ کو جنت کی طرف مسلمانوں کا پیش رو مقرر کیا ہے۔ اسی سبب سے محب جنت میں داخل ہوں گے۔ اور اس کے سبب سے دشمن داخل دوزخ ہوں گے۔ اسی کے سبب بروز قیامت دشمنان دین کو عذاب دیا جائے گا۔ صحابہ نے عرض کی۔ یا رسول اللہ اس کی کیفیت ارشاد فرمایئے۔ فرمایا۔ اس کی محبت کے سبب اس کے محب جنت میں داخل ہوں گے۔ اور اس کی دشمنی کے سبب اس کے دشمن دوزخ میں جائیں گے۔ اور عذاب پائیں گے۔

اشعار امام شافعی

ینابیع المودۃ ص ۷۳ سطر آخر

کتاب الشفاء کے باب معجزات میں درج ہے کہ جہاں تک میں غیب کی باتوں سے مطلع ہوا ہوں، ان میں ایک بات یہ بھی ہے کہ علی جنت اور جہنم کے تقسیم کرنے والے ہیں۔ اپنے دوستوں کو بہشت میں داخل کریں گے اور اپنے دشمنوں کو جہنم میں ڈالیں گے۔ اور یہ اشعار امام شافعی کی طرف منسوب ہیں:

Presented by www.ziaraat.com

علی حبہ جنت   قسیم النار و الجنتہ

وصی المصطفی حقا   امام انس و الجنتہ

ترجمہ: علیؑ کی محبت ڈھال کا کام دیتی ہے۔ علی جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہیں۔ خدا کی قسم آپ مصطفیٰ کے وصی ہیں۔ اور تمام انسانوں اور جنوں کے امام ہیں۔

کرسی نور پر بیٹھ کر تقسیم کرنا

روایت حضرت عبداللہ بن عباس

روایت حضرت علیؑ

ینابیع المودت ص۱۳۶ سطر۱

جناب امیرالمومنین سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا اے علی اس وقت تمہاری کیا حالت ہو گی جب تم جہنم کے کنارے کھڑے ہو گے۔ اور جہنم پر پل بچھا ہوا ہو گا۔ اور تم لوگوں سے کہو گے پل کو عبور کرو۔ اور جہنم سے کہو گے یہ میرا ہے یہ تمہارا ہے۔

روایت حضرت جابر

کوکب دری ص۱۸۴ سطر۸

جناب جابر سے مروی ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا جب قیامت کا دن ہو گا تو جبرائیل دو کنجیوں کے گچھے لے کر آئے گا۔ ان میں ایک گچھا جنت کی کنجیوں کا ہو گا۔ اور ایک دوزخ کی کنجیوں کا۔ جنت کی کنجیوں پر آل محمدؐ کے پیرو کے نام ہوں گے۔ اور دوزخ کی کنجیوں پر ان کے دشمنوں کے نام ثبت ہوں گے اور جبرئیل مجھ سے کہے گا۔ اے محمدؐ یہ گچھا آپ کے دوستوں کے لئے ہے اور یہ دستہ آپ کے دشمنوں کے واسطے۔ پس یہ دونوں گچھے

Presented by www.ziaraat.com

علی ابن ابی طالب کے سپرد کر دو۔ تاکہ لوگوں کے درمیان جیسا چاہے حکم کرے۔ اس خدا کی قسم ہے جس نے رزقوں کو تقسیم کیا ہے۔ کہ علیؑ کے دشمن ہرگز بہشت میں داخل نہیں ہوں گے۔ اور اس کے دوست کبھی دوزخ میں نہیں جائیں گے۔

بہشتی انار اور تقسیم انار

کوکب دری ص ۳۶۳ منقبت ۱۸

ایک روز جناب حسن نے امیر المومنین سے انار طلب کیا۔ اس وقت حضرت مسجد میں تشریف رکھتے تھے۔ آپ نے اپنا ہاتھ مسجد کے ستون کی طرف پھیلایا۔ ایک سبز شاخ ستون سے ظاہر ہوئی۔ اس پر سے چار انار توڑ کے امام حسن کو دیئے۔ اور فرمایا۔ اپنی ماں کے پاس لے جاؤ۔ حاضرین نے پوچھا یا امیر المومنین یہ انار کہاں کے ہیں۔ فرمایا بہشت کے۔ وہ بولے۔ کیا آپ اس پر قادر ہیں۔ فرمایا ہاں۔ میں بہشت اور دوزخ کا تقسیم کرنے والا ہوں۔

وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ------ اَجۡرَهُمۡ

اَلۡقِیَافِیۡ جَهَنَّمَ کُلَّ کَفَّارٍ عَنِیۡدٍ

ینابیع المودت ص ۱۳۶ سطر ۴

محمد بن حمران سے روایت ہے۔ آپ امام جعفر صادقؑ سے اس کی تفسیر کے بارے میں اَلۡقِیَافِیۡ جَهَنَّمَ کُلَّ کَفَّارٍ عَنِیۡدٍ روایت کرتے ہیں۔ اے دونوں آدمیو جہنم پر انکار کرنے والے سرکش کو ڈال دو۔ جب قیامت کا روز ہو گا تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علیؑ پل صراط پر قیام فرما ہوں گے۔ ایک آواز دینے والا آواز دے گا۔ تم دونوں جہنم میں ہر اس شخص کو ڈال دو۔ اے محمدؐ جس نے تمہاری نبوت کا انکار کیا ہے اور اے علیؑ جس نے تمہاری ولایت سے سرکشی کی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت علی

ینابیع المودت ص۱۳۶ روایت۸

جناب علیؑ نے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا۔ جب لوگ ایک راستہ پر جمع ہوں گے۔ تو میں اور علی عرش کے دائیں جانب موجود ہوں گے۔ پھر اے علی میرا رب تمہیں اور مجھے کہے گا۔ تم دونوں اس شخص کو جہنم میں ڈال دو۔ جس نے تم دونوں سے بغض رکھا۔ اور تم دونوں کو جھٹلایا۔

روایت حضرت ابو سعید خدری

ینابیع المودت ص۱۳۶ روایت۸، شواہد التنزیل جلد۲ ص۱۸۹، جامع مسانید ابی حنفیہ جلد۲ ص۲۸۴، الجواہر المضیۃ جلد۲ ص۵۰

لواء الحمد

روایت مخدوج بن یزید الھذلی

ملاحظہ فرمایئے انسائیکلو پیڈیا علویہ جلد ۸ باب اخوت

روایت ابن عباس

ملاحظہ فرمایئے انسائیکلو پیڈیا علویہ جلد ۷ ص ۲۴۷

روایت ناقہ

ملاحظہ فرمایئے صدیق اکبر روایت حضرت علیؑ

فی مقعد صدق

ملاحظہ فرمایئے باب امامت

Presented by www.ziaraat.com

ابو سعید خدری

ملاحظہ فرمائیے باب ولایت

روایت عبداللہ بن سلام

مودت القربیٰ ص ۱۶ سطر ۴، کوکب دری ص ۲۲۳

عبداللہ بن سلام سے روایت ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کی۔ یا رسول اللہؐ مجھ کو علم حمد کی تعریف اور اس کی کیفیت سے آگاہ فرمائیے۔ فرمایا۔ اس کا طول ہزار برس کی راہ کے برابر ہو گا۔ اور اس کا ستون سرخ یاقوت کا اور اس کا قبضہ سفید موتی کا اور اس کا پھریرا سبز زمرد کا ہو گا۔ اور اس کے تین گیسو ہوں گے۔ ایک گیسو مشرق میں ہو گا اور دوسرا مغرب میں۔ اور تیسرا وسط دنیا میں۔ ان کے اوپر تین سطریں لکھی ہوں گی۔ پہلی سطر بسم اللہ الرحمن الرحیم اور دوسری سطر الحمد للہ رب العالمین اور تیسری سطر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ ہو گی۔ ہر سطر کا طول ہزار دن کی راہ کے برابر ہو گا۔ میں نے عرض کی۔ یا رسول اللہ آپ نے سچ فرمایا۔ اب یہ فرمائیے اس علم کو کون اٹھائے گا۔ فرمایا اس کو وہ شخص اٹھائے گا جو دنیا میں میرا علم اٹھاتا ہے۔ یعنی علی ابن ابی طالب کہ جس کا نام اللہ تعالیٰ نے زمین اور آسمانوں کی پیدائش سے پہلے لکھا ہے۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ آپ نے سچ فرمایا۔ اب یہ فرمائیے۔ آپ کے اس علم کے سایہ میں کون لوگ ہوں گے۔ فرمایا مومنین دوستان خدا۔ اور خدا کے شیعہ اور میرے شیعہ اور میرے محب۔ اور علی کے شیعہ اور اس کے محب اور انصار یعنی یار و یاور اس علم کے سایہ میں ہوں گے۔ پس ان کا حال بہت اچھا ہے اور ان کی بازگشت یعنی ان کا انجام بہت نیک ہے اور عذاب ہے اس شخص کے لئے جو علی کے باب میں مجھ کو جھٹلائے۔ یا علی کو میرے باب میں جھٹلائے۔ یا اس مرتبہ میں اس سے جھگڑا کرے۔ جس میں خداوند متعال نے اس کو قائم کیا ہے۔

پانچ خصائص

ملاحظہ فرمائیے انسائیکلوپیڈیا علویہ جلد ۷ ص ۲۳۴

Presented by www.ziaraat.com

صَاحِبُ رَایَتِی

ملاحظہ فرمایئے خلقت نورانیہ

جناب امیر کا قیامت کے روز لواء الحمد اٹھانا

(۱) عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی انت امامی یوم القیمۃ فیدفع الی لواء فادفعہ الیک و انت تزود الناس عن حوضی (اخرجہ المتقی فی کنز العمال) ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ یا علی تم قیامت کے روز ہمارے آگے ہو گے مجھ کو لواء الحمد دیا جائے گا اور ہم تمہیں دے دیں گے اور تم ہمارے حوض سے لوگوں کو ہٹا دو گے۔

(۲) عن جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ قالوا یا رسول اللہ من یحمل رایتک یوم القیامۃ قال من یحسن ان یحملہا الا من حملہا فی الدنیا علی بن ابی طالب (اخرجہ نظام الملک فی الا مالیہ و الطبرانی فی الکبیر) جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ قیامت کے روز آپ کا لواء کون اٹھائے گا آپ نے فرمایا کوئی نہیں اٹھائے گا مگر وہ شخص کہ دنیا میں اٹھاتا تھا۔

(۳) عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا علی انت تغسل جثتی و تودی دینی و تواریني

روایت حضرت جابر بن سمرہ

ارجح المطالب ص۸۲۳ سطر۸' مناقب خوارزمی ص۲۸۵ سطر۱۵' عمدۃ القاری جلد۱۶ ص۲۱۶' کفایت الطالب ص۳۳۶' تاریخ دمشق جلد۱ ص۱۳۵' الریاض النضرہ ص۲۰۲' مغازلی' البدایہ جلد۷ ص۳۳۵' مناقب عینی ص۱۴' کنز العمال جلد۶ ص۳۹۸

روایت حضرت جابر بن عبداللہ

مناقب خوارزمی ص۲۲۱' عمدۃ القاری جلد۱۶ ص۲۱۵

روایت حضرت بریدہ

کنز العمال جلد۶ ص۳۹۸' حدیث ۶۰۶۴

روایت حضرت سعید بن جبیر

Presented by www.ziaraat.com

ینابیع المودت ص۲۰۶ سطر۲' عمدۃ القاری جلد۶ ص۲۱۵' مناقب خوارزمی ص۲۵۸ سطر آخر' المستدرک جلد۳ ص۱۲۷' ذخائر العقبیٰ ص۵۷

المناقب میں سعید بن جبیر ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی تم میرے حوض کے مالک ہو گے اور جھنڈے کو اٹھائے ہوئے ہو گے۔ میرے دل کے حبیب ہو۔ میرے وصی ہو اور میرے علم کے وارث ہو۔ مجھ سے پہلے تمہیں انبیاء کے متروکات سپرد کیے گئے ہوں گے۔ اللہ کی زمین میں اللہ کے امین اور مخلوقات میں اللہ کی حجت ہو۔ تم ایمان کے رکن اور اسلام کے ستون ہو۔ تم دین کا چراغ ہو۔ ہدایت کا روشن مینار ہو اور دنیا والوں کے لئے بلند نشان ہو۔ اے علی جس نے تیری اطاعت کی وہ نجات پا گیا۔ جس نے تمہیں چھوڑ دیا وہ ہلاک ہو گیا۔ تم واضح راستہ اور صراط مستقیم ہو۔ تم سفید پیشانیوں والوں کے رہنما ہو اور مومنین کے سردار ہو۔ جس کا میں مولا ہوں تم اس کے مولا ہو۔ تم ہر مومن مرد اور مومنہ عورت کا مولا ہو۔ تمہیں وہ شخص دوست رکھے گا جس کی ولادت پاک و پاکیزہ طور پر ہوئی ہو گی۔ جب مجھے رب آسمان پر لے گیا تھا تو میرے رب نے مجھ سے گفتگو فرمائی تھی اور فرمایا تھا۔ اے محمدؐ علی کو میری طرف سے سلام کہہ دو اس کو اس بات سے آگاہ کر دو کہ وہ ان کے دوستوں کے امام ہیں۔ اور میری اطاعت کرنے والوں کے لئے نور ہیں (اے علی) تمہیں اس مقام کے حاصل ہونے کی وجہ سے مبارک ہو۔

عن ابی سعید الخدری

عبارت ارجح المطالب ص۳۹ سطر۱۰' مناقب عینی ص۶۳' مناقب خوارزمی ص۲۳۶ سطر۱' مفتاح النجات' کنز العمال جلد۶ ص۱۵۵

صاحب اللواء:۔ (۱) عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا علی انت تغسل جثتی و تو ودی دینی و تواد نبی لی حضرتی و تفی بذمتی و انت صاحب لوائی لی الدنیا و الاخرۃ (اخرجہ الدیلمی) ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے یا علی تم میرے جسد کو غسل دو گے اور میرے قرض کو ادا کرو گے اور مجھ کو میری قبر میں دفن کرو گے اور کچھ میرے ذمہ ہو گا پورا کرو گے اور تم دنیا و آخرت میں میرے صاحب علم ہو۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت انس

کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۹، تاریخ دمشق جلد ۱ ص ۱۴۶، مفتاح النجات

عن ابن عباس

عبارت ارجح المطالب ص ۸۲۳ سطر ۲، المستدرک جلد ۳ ص ۱۳۸، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۱۱، ینابیع المودۃ، کنز العمال جلد ۶ ص ۴۰۲

احد میں علمبرداری

ارجح المطالب ص ۸۳۳ روایت ۴، وسیلۃ المال ص ۱۱۶، ذخائر العقبیٰ ص ۵۷، ینابیع المودۃ ص ۱۷۳ سطر ۷، مناقب عینی ص ۱۳۴، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۹۱

(۴) عن علی قال کسرت ید علی وم احد فسقط اللواء من بین یدیہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضعوہ فی یدہ الیسریٰ فانہ صاحب لوائی فی الدنیا و الاخرۃ (اخرجہ الحضرمی و الخوارزمی) جناب امیر سے روایت ہے کہ جب احد کے روز میرا ہاتھ زخمی ہو گیا اور میرے ہاتھ سے علم گر گیا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علم اس کے بائیں ہاتھ میں رکھ دو کیونکہ وہ دنیا و آخرت میں میرا علمدار ہے۔

روایت حضرت عبداللہ بن عباس

تاریخ دمشق جلد ۲ ص ۳۴۱

روایت حضرت جابر بن عبداللہ انصاری

مناقب خوارزمی ص ۶۵، نہایۃ اللغت جلد ۳ ص ۸، مجمع بحار الانوار جلد ۲ ص ۲۶۸، میزان الاعتدال جلد ۱ ص ۳۰۶، کفایۃ الطالب ص ۱۵۰، الفائق جلد ۲ ص ۴۷

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت محمد بن حنفیہ

روایت ہے کہ جب امام حسن کا انتقال ہوا تو حضرت محمد بن حنفیہ آپ کی قبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا اے ابو محمد خدا آپ پر رحم فرمائے پھر اس کے بعد کچھ کہنے کے بعد فرمایا اور تمہارا باپ کل کو حوض سے لوگوں کو بھگائے گا۔ (مقتل خوارزمی ص۱۴۰)

روایت حضرت عبداللہ بن عباس

ارجح المطالب ص۸۲۳ روایت ۳

روایت حضرت علی

مناقب خوارزمی ص۲۵۹ سطر ۷

روایت حضرت جابر

مناقب خوارزمی ص۶۵، نہایۃ اللغت جلد ۳ ص۸، مجمع بحار الانوار جلد ۲ ص۲۶۸، الفائق جلد ۲ ص۴۷، کفایۃ الطالب ص۱۵۰، میزان الاعتدال جلد ۱ ص۳۰۶

روایت ابو کثیر

یہ روایت پہلے زیر عنوان بنو امیہ کا سب و شتم میں تحریر کر دی گئی ہے۔

روایت حضرت سعید بن جبیر

یہ روایت زیر عنوان حضرت علی کے فضائل بے شمار میں پہلے تحریر کر دی گئی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت اجازہ بن قیس

مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۳۵ سطر ۲۰، ذخائر العقبیٰ جلد ۲ ص ۲۱۱

روایت حضرت ثوبان

مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۳۶۶

روایت حضرت ابو رافع

مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۳۱ سطر ۱۳

حوض پر علیؑ

(۸) عن ابی رافع قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی انت و شیعتک ترون علی الحوض رواء مرویین مبیضۃ وجوھم و ان اعداء ک یرون علی ظما مقمحین (اخرجہ الطبرانی فی المعجم الکبیر فی مسانید ابی رافع ابراہیم) ابو رافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بہ تحقیق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امیرؑ سے ارشاد کیا تو اور تیرے شیعہ حوض سے سیراب ہوں گے پورا سیراب ہونا تمہارے چہرے نورانی سفید ہوں گے اور تمہارے دشمن پیاس سے سر اٹھائے ہوئے ہوں گے۔

ارجح المطالب ص ۶۵۹ روایت ۸، صواعق محرقہ ص ۱۶۱ سطر ۱۲، ص ۱۷۴ سطر ۲۰، مناقب مرتضوی ص ۱۰۱، کنوز الحقائق ص ۲۰۳، ینابیع المودت ص ۱۸۲

اعطاء الحوض

یہ روایت پہلے زیر عنوان مختار اہل ارض گزر چکی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

صاحب حوض

یہ روایت بروایت سعید بن جبیر زیر عنوان حضرت علیؑ کے فضائل بے شمار میں پہلے تحریر کر دی گئی ہے۔

روایت حضرت ابو ہریرہ

ارجح المطالب ص۸۱۸ سطر۱۳، جمع الفوائد ص۲۱۲، کنوز الحقائق ص۹۸، مناقب عینی ص۳۸، ینابیع المودۃ ص۱۰۸ سطر۲۲، مجمع الزوائد جلد۱۰ ص۳۶۷ سطر۱۱، مناقب خوارزمی ص۲۱۹ سطر۱۶، تذکرۃ خواص الامہ ص۱۳، المستدرک جلد۳ ص۱۳۸

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی بن ابی طالب صاحب حوضی یوم القیمۃ لہ اکواب کعدد نجوم السماء و سعتہ حوضی ما بین جابیتہ الی صنعاء (اخرجہ الدیلمی) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے تھے کہ علی بن ابی طالب قیامت کے روز میرے حوض کے صاحب ہوں گے اس پر پیالے آسمان کے ستاروں کی تعداد کے موافق ہوں گے میرے حوض کی وسعت جابیہ سے صنعاء تک ہوگی۔

روایت حضرت علیؑ

ینابیع المودت ص۶۴ روایت۲۰، ذخائر العقبیٰ ص۱۸، اسعاف الراغبین ص۱۳۶، الشرف المؤبد ص۸۵، صواعق محرقہ ص۱۵۳ سطر۷، مراۃ المومنین ص۴۰، الدرر المکنونہ ص۱۹، مطلع البدور ص۱۰، الاستیعاب ص۳۵، شرح حدیدی جلد۴ ص۱۶، رشفتہ الصادی ص۴۸، مقاتل الطالبین ص۶۷، کنز العمال جلد۶ ص۴۰۳ حدیث ۶۱۲۰، مناقب خوارزمی ص۲۱۹ سطر۱۶

روایت حضرت ابوذر

ارجح المطالب ص۱۵۵ سطر۳

Presented by www.ziaraat.com

(۲۹) عن ابی ذ ر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یرد علی الحوض رایتہ علی امیر المومنین و اما الغر المحجلین فاقوم و اخذ یدہ فیبیض و جھہ و وجوہ اصحابہ فاقول ما خلفتمونی فی الثقلین من بعدی فیقولون صدقنا الاکبر و تبعنا الا صغر و نصر ناہ و قاتلناہ فاقول روّوا رواءً مروا یین لیشربون شربۃ لا یظمائون بعد ھا ابدا و وجہ امامھم کالشمس الطالعۃ و وجوھم کالقمر لیلۃ البدر او کاضواء نجم فی السماء (اخرجہ ابن یوسف الکنجی الشافعی فی کفایۃ الطالب) ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب حوض کوثر پر امیر المومنین امام الغرا لمحجلین کا علم پہنچے گا میں اس کا ہاتھ پکڑ کر کھڑا ہو جاؤں گا اس کا چہرہ اور اس کے اصحاب کا چہرہ نور سے براق ہو گا میں ان سے پوچھوں گا تم نے میرے بعد ان دو بھاری چیزوں کے ساتھ کیا سلوک کیا وہ کہیں گے بڑی چیز کی ہم نے تصدیق کی ہے اور چھوٹی چیز کی پیروی کی اور اس کی مدد کی اور اس کے ساتھ ہو کر جہاد کیا۔ میں ان سے کہوں گا جاؤ پیو اور پلاؤ وہ ایسا شربت پئیں گے کہ جس کے بعد ان کو زندگی بھر پیاس نہیں لگے گی۔ ان کے امام کا چہرہ مثل سورج کے چمکتا ہو گا اور ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح سے ہوں گے یا آسمان کے نورانی ستاروں جیسے ہوں گے۔

روایت عبد خیر حضرت علیؑ

کنز العمال جلد ۶ ص ۴۰۲ حدیث ۶۱۱۰

روایت حضرت جابر بن عبداللہ انصاری

مناقب خوارزمی ص ۶۵، کنز العمال جلد ۶ ص ۴۰۳ حدیث ۶۱۳۰

حوض پر آئمہ کی ڈیوٹیاں

یہ روایت مناقب اہل بیت جلد ۵ کے ص ۱۸۹ پر ملاحظہ فرمائیں۔

روایت معاویہ بن خدیج

کنز العمال جلد ۶ ص ۲۱۸ حدیث ۳۸۲۵، مجمع الزوائد جلد ۴ ص ۲۷۸ سطر ۱۲، جلد ۹ ص ۱۷۲ سطر ۴، اسعاف الراغبین ص ۱۲۶، القول الفصل جلد ۱ ص ۴۴۸، رشفۃ الصادی ص ۴۸، احیاء المیت ص ۴۳ سطر ۱۰، صواعق محرقہ ص ۱۷۴ سطر ۳

Presented by www.ziaraat.com

القرآن مع علیؑ - عن ام سلمہ

(۱) عن ام سلمۃ رضی اللہ عنہا قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول علی مع القران و القران مع علی لا یتفرقان حتی یردا علی الحوض (اخرجہ الطبرانی و ابن مردویہ و الدیلمی) ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ علی قرآن کے ساتھ ہے اور قرآن علی کے ساتھ اور دونوں جدا نہیں ہوں گے جب تک کہ وہ حوض پر وارد نہ ہوں۔

ارجح المطالب ص ۲۴۲، ۷۴۷ روایت ۱، فیض القدیر جلد ۴ ص ۳۵۸، الفتح الکبیر جلد ۲ ص ۲۴۲، اسعاف الراغبین ص ۱۲۶ سطر ۲۱، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۵ سطر ۳۵، تاریخ الخلفاء ص ۱۱۲ سطر ۱، ینابیع المودۃ ص ۴۷ سطر ۱۱، منصب امامت ص ۸۴ سطر ۶، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۳۴ سطر آخر، الکواکب الدریہ ص ۳۹، نور الابصار ص ۷۱ سطر ۲۲، الجامع الصغیر ص ۲۵ جلد ۲ سطر ۷، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۳، حدیث ۲۵۳۰، کفایت الطالب ص ۲۵۳، الصواعق المحرقہ ص ۱۲۴ سطر ۱، اسنی المطالب ص ۱۳۶، المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۱۲۴ سطر ۱۴، تلخیص المستدرک سطر ۷، المعجم الصغیر ص ۱۴۹ سطر ۸، تفریح الاحباب ص ۳۵۳ سطر ۱

عن شہر بن حوشب عن ام سلمہؓ

(۲) عن شہر بن حوشب کنت عند ام سلمۃ فسلم رجل فقیل من انت قال انا ابو ثابت مولی ابی ذر قالت مرحبا بابی ثابت ادخل فدخل فرحبت بہ و قالت این طار قلبک حین طارت القلوب مطائرھا قال مع علی قالت اصبت و الذی نفس ام سلمۃ بیدہ سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول علی مع القران و القران مع علی لن یتفرقا حتی یردا علی الحوض و لقد بعثت ابنی عمرو بن اخی عبداللہ ابن امیۃ و امرتھما ان یقاتلا مع علی من قاتلہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امرنا ان نقرفی حجالنا و فی بیوتنا و الاخرجت حتی اقف فی صف علی (اخرجہ ابن مردویہ) شہر بن حوشب سے منقول ہے کہ میں جناب ام سلمہ رضی اللہ تعالی کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی نے آکر سلام کیا پوچھا گیا تم کون ہو اس نے جواب دیا میں ابوذر رضی اللہ عنہ کا غلام ابو ثابت ہوں جناب ام سلمہؓ نے اسے مرحبا فرما کر داخل ہونے کی اجازت دی اور اچھی طرح سے بٹھایا اور ارشاد فرمایا اے ابو ثابت جبکہ لوگوں کے دل اپنی اپنی ہواؤں میں پرواز کر رہے تھے تیرا دل کس کی طرف پرواز کر رہا تھا۔ اس نے عرض کیا جناب امیر کے ساتھ میرا دل اڑ رہا تھا۔ حضرت ام المومنین نے فرمایا تو صواب پا گیا۔ اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ قدرت میں ام سلمہ کی جان ہے میں نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ علی قرآن کے ساتھ ہے اور قرآن علی کے ساتھ ہے۔ یہ دونوں جب تک کہ حوض پر وارد نہ ہوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے میں نے اپنے بیٹے عمر اور اپنے بھتیجے عبداللہ بن امیہ کو حکم دیا تھا کہ جناب امیر کے ہو کر ان کے لڑنے والوں سے لڑیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم مستورات کو

Presented by www.ziaraat.com

پردوں میں اور گھروں میں بیٹھنے کے لیے حکم دیا ہوا ہے ورنہ میں خود نکل کر علی کی صف میں جا کھڑی ہوتی۔

(۲) عن ام سلمۃ رضی اللہ عنہا قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مرضہ الذی قبض فیہ یقول و قد امتلات الحجرۃ من اصحابہ ایہا الناس یوشک ان اقبض قبضا سریعا فینطلق و قد قدمت الیکم القول معذرۃ الیکم لا انی مخلف فیکم الثقلین کتاب اللہ عزوجل و عترتی اھل بیتی ثم اخذ بید علی فرفعہا فقال ھذا مع القرآن و القرآن مع ذلک لا یتفرقان حتی یردا علی الحوض فاسئلہما ما خلفتم فیہما (اخرجہ ابن عقدۃ) ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مرض الموت میں ارشاد فرماتے تھے اور صحابہ کرام سے حجرہ بھرا ہوا تھا اے لوگو خیال کیا جاتا ہے کہ عنقریب میں اس دار فانی سے رحلت کر جاؤں میں پہلے تم کو کہہ چکا ہوں کہ میں دو بھاری چیزیں تم لوگوں کے لیے چھوڑے جاتا ہوں خدا کی کتاب اور میری عترت اہل بیت پھر علی کا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا اور فرمایا یہ قرآن کے ساتھ ہے قرآن اس کے ساتھ ہے جب تک کہ حوض پر وارد نہ ہوں۔ یہ ہرگز ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے۔ میں ان دونوں سے پوچھوں گا کہ تم نے ان کے ساتھ میرے بعد کیا سلوک کیا ہے۔

ارجح المطالب ص ۳۴۲ روایت ۲، فرائد السمطین باب ۳۷، مناقب خوارزمی ص ۱۱۰،
المستدرک جلد ۳ ص ۱۲۴ سطر ۱۰، ینابیع المودۃ ص ۴۷ سطر ۱۳

روایت حضرت ام سلمہ

ارجح المطالب ص ۳۴۷ سطر آخر، ینابیع المودۃ ص ۳۳ سطر ۲۲

قرآن ناطق

ینابیع المودت ص ۱۴ سطر ۲

مناقب میں نقل کیا گیا ہے کہ صفین کی لڑائی کے روز جب شام والوں نے قرآن کو حکم بنانے کا ارادہ کیا تو امام علیؑ نے ارشاد فرمایا انا القرآن الناطق میں خود بولنے والا قرآن ہوں۔

ایک رکاب میں قرآن پڑھنا

کوکب دری ص ۳۵۴ منقبت نمبر ۱، شواہد النبوت ص ۲۸۰ سطر ۲۱

Presented by www.ziaraat.com

شواہد النبوت میں مرقوم ہے کہ جس وقت امیر المومنینؑ رکاب میں پاؤں رکھتے تو قرآن کی تلاوت کو شروع کرتے۔ اور جب تک دوسرا پاؤں رکاب میں پہنچتا قرآن کو ختم کر دیتے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ سواری کے وقت اونٹ کے کھڑا ہونے تک ختم فرما دیتے۔

کلام مولانا ابو الکلام

اگر یہ سچ ہے کہ جناب امیر علیہ السلام نے خوارج و منکرین کے مقابلے میں فرمایا تھا کہ میں قرآن ناطق ہوں تو میں اس کی تصدیق کے لئے تیار ہوں۔ اگرچہ حقیقت نا آشناس طبیعتیں سمجھتی ہیں کہ یہ بہت بڑا دعویٰ تھا۔ یقیناً یہ بڑا دعویٰ تھا جو کوئی انسان نہیں کر سکتا ہے لیکن اگر حضرت امیر نے کیا تھا تو غلط نہ تھا اگر ان کی مقدس زندگی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسوہ حسنہ کا ایک کامل عکس تھا اور ان کے اعمال کی روشنی سراج منیر رسالت ہی سے ماخوذ تھی۔ تو کیوں انہیں یہ حق نہ تھا کہ وہ اپنے تئیں قرآن ناطق کہیں جو کتاب الٰہی مابین الدفتین حروف و نقوش کی شکل میں تھی۔ اس کی ہستی ناطق تھی جو اعمال حضرت مرتضوی کے اندر سے پکارتی تھی کہ یہ علی ابن ابی طالب کی آواز نہیں ہے بلکہ قرآن الحکیم کی صدا الٰہی ہے اور چونکہ القرآن کی آواز ہے اس لئے یقیناً خود منزل القرآن کی آواز ہے "کنت سمعہ الذی یسمع بہ و لسانہ الذی یتکلم بہ (لمعات صداقت حصہ اول ص ۱۳ مجموعہ مضامین ابو الکلام آزاد)

تاویل قرآن کے مطابق جنگ

(۲) عن ابی ذر قال کنت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و هو فی (ا) البقیع الغر قد قال و الذی نفسی بیدہ ان لیک رجلا یقاتل الناس بعدی علی تاویل القرن کما قاتلت الشمرکین علی تنزیلہ و هم یشهدون لا الہ الا اللہ فیکبر قتلہ علی الناس حتی یطعنو علی ولی اللہ و یسخطوا عملہ کما سخط موسی الرسفینہ و قتل الغلام و اس العدو کلان حز السفینتہ و قتل الغلام و اقامتہ الجدار اللہ رضی (اخرجہ الخوارزمی) ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسو خدا صلی اللہ علیہ وسلم بقیع الغرقد میں تشریف فرما تھے اور میں خدمت اقدس میں حاضر تھا کہ آپ نے ارشاد کیا قسم ہے اس

Presented by www.ziaraat.com

ذات کی کہ جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ تم میں سے ایک ایسا شخص ہے کہ جو قرآن کی تاویل پر لوگوں سے لڑے گا جس طرح سے میں نے قرآن کی تنزیل پر مشرکوں سے جہاد کیا ہے وہ لوگ لا الہ الا اللہ کہنے والے ہوں گے اس لیے ان سے جہاد کرنا لوگوں پر شاق گذرے گا یہاں تک کہ لوگ اس خدا کے ولی پر طعنہ زن ہوں گے اور اس کے کام سے ناراض ہو جائیں گے۔ جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کشتی کے امر میں اور لڑکے کے قتل کرنے میں اور دیوار کے بنانے میں (حضرت خضر علیہ السلام پر) ناراض ہوئے تھے۔ حالانکہ کشتی کا توڑنا اور لڑکے کا قتل کرنا اور دیوار کا بنانا محض خدا کی رضا کے لیے تھا۔

ارجح المطالب ص ۴۳۴ سطر ۱۰' تاریخ الخلفاء ص ۱۳۱ سطر ۲۲' المستدرک جلد ۳ ص ۱۲۴ سطر ۱' تلخیص سطر ۱' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۳۳ سطر ۱۸' حلیتہ الاولیاء جلد ۱ ص ۶۷ سطر ۱۴' کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۵ حدیث ۲۵۸۶' منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۳ سطر ۱' ص ۳۶ سطر ۲۸' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۹۲ سطر ۱۱' ذخائر العقبیٰ ص ۷۶ سطر ۱۷' مطالب السئول ص ۷۸ سطر ۱۷' خصائص نسائی ص ۱۳۱ سطر ۷' تفریح الاحباب ص ۳۵۲ سطر آخر' البدایہ و النہایہ جلد ۷ ص ۳۶۰ سطر آخر' شرح حدیدی جلد ۱ ص ۲۰۵ سطر ۲۵' خصائص کبریٰ جلد ۲ ص ۱۳۸ سطر ۶' صواعق محرقہ ص ۱۲۳ سطر ۲۵' مفتاح کنوز السنہ ص ۳۵۵ کالم ۳ سطر آخر' مسند احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۳۳ سطر ۲۱' مناقب ابن مغازلی ص ۵۴ سطر ۸' ص ۲۹۸ سطر ۴' مسند دمشق ص ۴۳۸ سطر ۵' ینابیع المودت ص ۹۸

دروازے بند کر لئے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت فرمانے کے بعد حضرت علیؑ نے اپنے تمام کام چھوڑ کر قرآن کو محفوظ کرنے کے لئے تنزیل کے مطابق جمع کرنا شروع کر دیا۔

کنز العمال جلد ۶ ص ۳۹۶ حدیث ۶۰۴۰' صواعق محرقہ ص ۱۲۰ سطر ۱۰

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت علیؑ کو قرآن سے کتنا عشق تھا۔

عالم قرآن

Presented by www.ziaraat.com

آپ آئندہ کسی جلد میں علم علیؑ کے عنوان کے ذیل میں ملاحظہ فرمائیں گے کہ حضرت علیؑ قرآن کے سب سے زیادہ عالم تھے۔

اَلْحَقُّ مَعَ عَلِیٍّؑ

ارجح المطالب ص ۳۴۷ سطر ۲۰، تاریخ بغداد جلد ۱۴ ص ۳۲۱ سطر ۷، تاریخ دمشق ص ۹۰، الشرف المؤبد ص ۱۱۳ سطر ۸، المستدرک جلد ۳ ص ۱۲۴ سطر ۴، تلخیصہ سطر ۱

(۱) عن ابی سعیدؓ ان النبی صلی الله علیه وسلم قال الحق مع علی (اخرجه ابو یعلی و الضیا) ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حق علی کے ساتھ ہے۔

(۲) عن عبدالرحمان بن سعید قال کنا جلوسا عند النبی صلی الله علیه وسلم فی نفر من المهاجرین و مر علی فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم الحق مع ذا (اخرجه ابن مردویه) عبدالرحمن بن ابی سعید سے روایت ہے کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں چند مہاجرین کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ ناگہاں جناب امیر گزرے حضرت نے فرمایا حق اس کے ساتھ ہے۔

(۳) عن ابی ذر الغفاری عن ام سلمة قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ان علیا مع الحق و الحق معه لن یزولا حتی یردا علی الحوض (اخرجه ابن مردویه) ابو ذر غفاری جناب ام سلمہ سے روایت کرتے ہیں کہ فرماتی تھیں میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بہ تحقیق علی حق کے ساتھ ہے اور حق علی کے ساتھ ہے اور دونوں نہیں زائل ہوں گے جب تک کہ حوض پر وارد نہ ہوں۔

(۴) عن ام سلمةؓ قالت کان علی علی الحق من اتبعه اتبع الحق و من ترکه ترک الحق عهدا معهودا قبل یومه هذا (اخرجه ابن مردویه) جناب ام سلمہ سے منقول ہے کہ فرماتی تھیں کہ جناب امیر حق پر تھے جس نے کہ ان کی پیروی کی اس نے حق کا اتباع کیا اور جس نے ان کو چھوڑا اس نے حق کو چھوڑا۔ یہ آج کے دن سے پہلے عہد ہو چکا ہے۔

(۵) عن ام المومنین عائشة رضی الله تعالی عنها ان النبی صلی الله علیه وسلم قال الحق مع علی یزول معه حیث مازال (اخرجه ابن مردویه) جناب ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حق علی کے ساتھ ہے حق پھرتا ہے جہاں علی پھرتا ہے۔

(۶) عن علی قال قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم یا علی ان الحق معک و علی لسانک و فی قلبک و بین عینیک (اخرجه الخوارزمی) جناب امیر علیہ السلام سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد کیا یا علی حق تیرے ساتھ ہے اور تیری زبان پر حق ہے اور تیرے دل میں ہے اور تیری دو آنکھوں میں ہے۔

(۷) عن ابی موسی الاشعری قال اشهد ان الحق مع علی ولکن مالت الدنیا الی اهلها و لقد سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یقول له یا علی انت مع الحق و الحق بعدی معک (اخرجه ابن مردویه) ابو موسی الاشعری کہتے تھے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ حق علی کے ساتھ ہے لیکن دنیا اپنے لوگوں کی طرف پھر گئی ہے بے شک میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جناب امیر سے فرماتے ہوئے سنا ہے کہ یا علی تو حق کے ساتھ ہے اور حق میرے بعد تیرے ساتھ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

(۹) عن ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہ لما عقر جملها و دخلت دار البصرۃ فقال لها اخوها محمد انشدک اللہ اتذکرین یوم حدثتنی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال الحق لن یزال مع علی و علی مع الحق لن یتفرقا قالت نعم (اخرجہ ابوبکر بن مردویہ) جناب ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا کے اونٹ کے جب پاؤں کٹ چکے اور وہ بصرہ کے گھر میں تشریف لے گئیں ان کے بھائی محمد نے انہیں خدا کی قسم دے کر پوچھا کہ آپ مجھے اس دن کا ذکر سنائیں کہ آپ نے مجھ سے بیان کیا تھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہمیشہ حق علی کے ساتھ رہے گا اور وہ دونوں ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہیں ہوں گے۔ فرمانے لگیں ٹھیک ہے۔

(۱۰) عن مسروق قال سالتنی ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا عن اصحاب النہر و عن ذی الثدیہ فاخبرتها فقالت یا مسروق اتستطیع ان تاتینی بانفس ممن یشہد فاتیتها من کل سبع برجل فشہدو و انہم راہ و فقالت یرحم اللہ علیا انہ کان علی الحق ولکنی کنت امراۃ من الاحماء (اخرجہ ابوبکر بن مردویہ) مسروق ناقل ہیں کہ جناب ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھ سے نہروان والوں اور ذو الثدیہ کی بات پوچھی میں نے ان کو جو کچھ کہ خوشخبری تھی سنائی فرمانے لگیں اے مسروق ہو سکتا ہے کہ چند ایسے آدمی لے آئے جو اس کی گواہی دے سکیں میں ہر ایک قبیلہ کا ایک آدمی ان کی خدمت میں لے گیا انہوں نے گواہی بیان کی کہ ذی الثدہ کو انہوں نے دیکھا ہے جناب ام المومنین فرمانے لگیں خدا علی پر رحم کرے وہ حق پر تھے میں ایک ایسی عورت تھی جو اپنے سسرال والوں کے بس میں تھی۔

(۱۱) قیل لما اصیب زید بن صوحان رضی اللہ عنہ یوم الجمل اتاہ علی و بہ رمق فوقف علیہ امیر المومنین فقال رحمک اللہ یا زید فو اللہ ما عرفتک الا خفیف المعونۃ کثیر الموتۃ فرفع الیہ راسہ فقال و انت فرحمک اللہ فو اللہ ما عرفتک الا باللہ عالما و بایاتہ عارفا و اللہ ما قاتلت معک من جہل ولکنی سمعت حذیفۃ بن الیمان یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول علی امام البررۃ قاتل الفجرۃ منصور من نصرہ مخذول من خذلہ الا و ان الحق معہ و متبعہ الا فمیلوا معہ (اخرجہ ابن مردویہ) کہتے ہیں کہ جب جمل کے روز زید بن صوحان زخمی ہو گئے ابھی ان میں رمق باقی تھی کہ جناب امیر ان کے پر سر تشریف لے گئے اور فرمانے لگے اے زید خدا تجھ پر رحم کرے ہم نے تجھ کو نہیں دیکھا مگر مدد کرنے میں سبکی اور جلدی کرنے والا اور اہل و عیال کے نفقہ میں کثرت سے رنج کی برداشت کرنے والا زید نے یہ سن کر سر اٹھایا اور جواب دیا آپ پر بھی رحم کرے ہم نے آپ کو نہیں دیکھا۔ مگر اللہ کے ساتھ زیادہ علم والا اور خدا کی آیات کو زیادہ پہچاننے والا۔ میں نے آپ کی معیت میں ناواقفیت سے جنگ نہیں کی بلکہ حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے سنا تھا کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ علی نیکو کاروں کے سردار اور بدکاروں کے قاتل ہیں خدا سے مدد پائی اس نے جس نے کہ ان کی مدد کی اور خوار ہوا وہ شخص کہ جس نے ان کو چھوڑا بے شک حق ان کے ساتھ ہے اور ان کے اتباع میں ہے، تم نے انہیں کی طرف میل کرنا ہے۔

(۱۲) عن ابی رافع ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یا ابا رافع کیف انت و قوم یقاتلون و هو علی الحق و هم علی الباطل یکون حقا فی اللہ جہادهم فمن لم یستطع جہادهم بیدہ فجاهدهم بلسانہ فمن لم یستطع بلسانہ فجاهدهم بقلبہ لیس وراء ذلک شئی قال ادع لی ان ادرکتم ان یعیننی و یقوینی علی قتالهم فلما بلغ الناس علی بن ابی طالب و خالفہ معاویۃ قلت هئو لاء القوم الذین قال فیهم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فباع ارضہ بخیبر فخرج مع علی بجمیع اهلہ و ولدہ و کان معہ حتی استشهد علی فرجع الی المدینۃ مع الحسن (اخرجہ ابن مردویہ) ابو رافع رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ارشاد کیا کہ اے ابو رافع تیرا کیا حال ہو گا جبکہ قوم علی کے ساتھ جنگ کرے گی اور علی حق پر اور یہ لوگ باطل پر ہوں گے خدا کی راہ میں جہاد کرنا حق ہو گا جو شخص کہ ہاتھ سے جہاد کی استطاعت نہ رکھتا ہو اس کو چاہیے کہ زبان سے ان کے ساتھ جہاد کرے۔ اور جو شخص کہ زبان سے بھی

Presented by www.ziaraat.com

استطاعت نہ رکھتا ہو اسے چاہیے کہ دل سے ہی جہاد کرے اور اس کے سوا اور کوئی بات نہیں ہے اگر تو ان لوگوں کو پائے تو ان کو میری طرف سے دعوت کیجیو کہ وہ میری مدد کریں اور مجھے تقویت دیں۔ ابو رافع کہتے ہیں کہ جب لوگوں نے جناب امیر سے بیعت کی اور معاویہ مخالف ہو گئے میں نے کہا یہ وہی لوگ ہیں جن کا کہ حضرت نے ذکر کیا تھا ابو رافع اپنی خیبر کی زمین بیچ کر اور اپنے اہل و عیال کو ساتھ لے کر جناب امیر کے ہمراہ ہو لیے اور جناب امیر کی شہادت تک ان کے ساتھ رہے پھر جناب امام حسن کے ساتھ مدینہ کو واپس ہوئے۔

(۴) عن عبداللہ بن الکندی قال حج معاویۃ فاتی المدینۃ و اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم متوافرون فجلس فی حلقہ بین عبداللہ بن عباس و عبداللہ بن عمر الخلیفۃ المقتول فضرب بیدہ علی فخذ ابن عباس ثم قال اما کنت احق و اولی بالامر من ابن عمک قال و بم قال لانی ابن عم الخلیفۃ المقتول ظلما قال ھذا اذا یعنی ابن عمر اولی بالامر منک لان اباہ قد قتل قبل ابن عمک فاعرض عن ابن عباس و اقبل علی سعد بن ابی وقاص و قال و انت یا سعد الذی لم یعرف حقنا من باطل غیرنا فیکون معنا او علینا قال سعد انی لما رایت الظلمۃ قد غشیت الارض قلت لبعیری نخ فانخت حتی اذا اسفرت مضیت قال و اللہ لقد قرات المصحف یوما بین الدفتین و ما وجدت فیہ نخ فقال اما اذا ثبت فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لعلی انت مع الحق و الحق معک قال لتجیئنی بمن سمعہ معک او لا فعلن قال ام سلمۃ قال فقام فقاموا معہ حتی دخل علی ام سلمۃ قال فبداء المعاویۃ فی الکلام فقال یا ام المومنین ان الکذابۃ قد کثرت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلا یزال قائل یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما لم یقل و ان سعد روی حدیثا زعم انک سمعتہ منہ قالت ما ھو قال زعم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لعلی انت مع الحق و الحق معک قالت صدق فی بیتی قال فاقبل علی سعد فقال الان الوم ما کنت علیہ و اللہ لو سمعت ھذا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما زلت خادما لعلی حتی اموت (اخرجہ ابن مردویہ) عبداللہ بن عبداللہ الکندی سے منقول ہے کہ ایک دفعہ معاویہ حج کر کے مدینہ میں گیا اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وہاں پر بکثرت تھے وہ ایک مجلس میں گیا جہاں پر عبداللہ بن عباسؓ اور عبداللہ بن عمر بیٹھے ہوئے تھے معاویہ ابن عباس کی ران پر ہاتھ مار کر کہنے لگا کیا میں آپ کے ابن عم (یعنی جناب امیر) سے خلافت میں زیادہ تر حقدار نہیں تھا ابن عباسؓ نے کہا۔ کیوں کہنے لگا۔ میں خلیفہ مقتول (یعنی عثمان رضی اللہ عنہ) کا ابن عم ہوں ابن عباسؓ نے جواب دیا شاید یہ شخص یعنی عبداللہ بن عمر تجھ سے زیادہ حقدار ہے کیونکہ اس کے والد تیرے ابن عم سے پہلے شہید ہوئے ہیں ابن عباس منہ پھیر کر سعد بن ابی وقاص کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا اے سعد تو وہی شخص ہے جس نے کہ ہمارے حق کو ہمارے غیر کے سامنے باطل سے نہیں پہچانا اور ہمارا ساتھ نہیں دیا سعد رضی اللہ عنہ نے کہا جب میں نے دیکھا کہ اندھیرا تمام زمین پر چھا گیا ہے میں نے اپنے اونٹ کو کہا بیٹھ جا اور میں نے اس کو بٹھا دیا۔ یہاں تک کہ مصیبت ٹھہر گئی۔ معاویہؓ نے کہا قسم ہے خدا کی میں نے دن بھر اول سے آخر تک قرآن شریف کو پڑھا ہے اور اس میں بے ہودہ بات نہیں پائی۔ سعد کہنے لگے جبکہ یہ بات ثابت بھی ہو جائے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جناب علی سے فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تو حق کے ساتھ ہے اور حق تیرے ساتھ ہے معاویہ کہنے لگا میرے ساتھ چل تو نے کس کے مواجہ میں اس حدیث کو سنا ہے۔ ورنہ میں تیرے ساتھ کچھ کر بیٹھوں گا سعد نے کہا میں نے جناب ام المومنین ام سلمہؓ کے سامنے اس حدیث کو سنا ہے۔ معاویہ اٹھ کھڑا ہوا اور اس کے ساتھ اور لوگ بھی اٹھ کھڑے ہوئے اور جناب ام سلمہؓ کی خدمت میں گئے معاویہؓ نے کلام شروع کیا کہ یا ام المومنین جھوٹی باتیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بہت منسوب ہو گئی ہیں ہمیشہ کہنے والا یہی کہتا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حالانکہ وہ بات حضرت نے نہیں فرمائی ہوتی سعد نے ایک حدیث روایت

Presented by www.ziaraat.com

کی ہے ان کا خیال ہے کہ آپ نے بھی اس حدیث کو سنا ہے۔ ام المومنین نے فرمایا وہ کیا ہے معاویہ کہنے لگا ان کا زعم ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے علی سے فرمایا تھا کہ تو حق کے ساتھ ہے ام المومنین فرمانے لگیں سچ کہتا ہے۔ حضرت نے اس حدیث کو میرے گھر میں ارشاد کیا تھا معاویہؓ سعد کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے اب میں ملامت کے قابل ہوں جس بات پر کہ میں اٹھا تھا واللہ اگر یہ حدیث میں نے حضرت سے سنی ہوتی تو اپنے مرنے تک ہمیشہ میں جناب امیر علیہ السلام کا خادم بنا رہتا۔

روایت مالک بن جعونہ

الکنی و الاسماء جلد ۲ ص ۸۹

روایت ام سلمہ

ارجح المطالب ص ۲۴۷ سطر آخر' الکنی و الاسماء جلد ۲ ص ۸۹' مفتاح النجات ص ۴۰' فرائد السمطین ص ۵۰' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۳۴ سطر آخر' البدایہ و النہایہ جلد ۷ ص ۳۶۰ سطر ۲' مناقب ابن مغازلی ص ۲۴۴ سطر ۹

روایت ابی سعید الخدری

ارجح المطالب ص ۲۴۷ سطر ۱۳' راموز الاحادیث ص ۲۰۳' کنز العمال حدیث ۲۶۳ ص ۱۵۷' کنوز الحقائق ص ۱۲۰ سطر ۲' مجمع الزوائد جلد ۷ ص ۲۳۴ سطر آخر' شرح حدیدی جلد ۴ ص ۲۲۴ سطر ۴' ترمذی شریف ص ۵۳۳ سطر ۴

روایت حضرت عائشہ

ارجح المطالب ص ۲۴۷ روایت ۹' الامامت و السیاست جلد ۱ ص ۶۸' الروض الازہر ص ۹۹' نفحات الاحوت ص ۳۲' الرسالۃ القوامیہ ص ۴۰' مشکوٰۃ شریف ص ۵۶۷ سطر ۲۵' تاریخ خمیس ص ۵۸۶ سطر ۲۰

Presented by www.ziaraat.com

روایت عن عمار بن یاسر

اسعاف الراغبین ص۱۵۱ سطر۱۰، مظاہر حق، جلد۲ ص۲۱۲ سطر۱۳، مجمع الزوائد جلد۷ ص۲۴۲ سطر آخر، مناقب خوارزمی ص۵۷ سطر۱۷، مفتاح النجات ص۳۰، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۴

روایت عبداللہ بن عبدالکندی

ارجح المطالب ص۷۴۶ روایت۱۴، مجمع الزوائد جلد۷ ص۲۳۵ سطر۱۸

روایت کعب بن عجرہ

منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۴ سطر۱۲، کنز العمال جلد۶ ص۱۵۷، مفتاح النجاہ ص۴۰

روایت عبدالرحمان بن سعید

ارجح المطالب ص۷۴۳ سطر۱۳، مجمع الزوائد ص۲۳۴ جلد۷، راموز الاحادیث ص۲۰۴

روایت حضرت عائشہ

ارجح المطالب ص۷۴۴ سطر۱، الامامت و السیاست ص۶۸ سطر۱، نفحات الاھوت ص۴۲، الروض الازھر ص۹۹

روایت حضرت ابو موسیٰ اشعری

ارجح المطالب ص۷۴۴ روایت۷، شرح حدیدی جلد۳ ص۲۲۱

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت علیؑ

ارجح المطالب ص ۷۴۴ روایت ۶، کفایۃ الطالب ص ۱۳۵

روایت ابو یسیر انصاری

یہ روایت پہلے زیر عنوان خیر الامت تحریر کر دی گئی ہے۔

روایت مسروق

ارجح المطالب ص ۷۴۴ سطر ۹ روایت ۱۰

روایت زید بن صوحان

ارجح المطالب ص ۷۴۵ روایت ۱۱، مجمع الزوائد ص ۲۳۵ جلد ۷ سطر ۹

روایت ابو رافع

ارجح المطالب ص ۷۴۵ سطر ۸، کوکب دری ص ۴۹۹ منقبت ۲۲، مجمع الزوائد جلد ۷ ص ۲۳۵ سطر ۸

روایت عبداللہ بن مسعود

مجمع الزوائد جلد ۷ ص ۲۴۳ سطر ۱۴

Presented by www.ziaraat.com

روایت عبداللہ بن ابی لیلیٰ

نیز اسی کتاب میں اسناد طویل کے ساتھ عبداللہ بن ابی لیلیٰ رحمتہ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ ایک روز ایک جن نے رسول خداؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی۔ کہ یا رسول اللہؐ اپنے کسی صحابی کو ہماری قوم میں بھیج دیجئے تاکہ ہم کو قرآن کی تعلیم دے۔ سید المرسلین صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے امیر المومنین کرم اللہ وجہہ کو جانے کا حکم دیا اور شیخین، عثمان اور ابوذر غفاری رضی اللہ عنہم کو بھی آپ کے ہمراہ کیا۔ اور فرمایا کہ بات نہ کرنا کہ نقصان ہو گا۔ جب امام انس و جان رسول ذوالمنن کو ہمراہ لے کر روانہ ہوئے۔ تو ایک ایسے مقام پر پہنچے جو کانٹوں اور کوڑے کرکٹ سے اس قدر بھرپور تھا کہ چڑیا کو بھی گزرنا ممکن نہ تھا۔ پس امیر المومنین کی اجازت سے اول تو ابوبکر نے آگے جا کر سلام کیا۔ بعد ازاں ابوذر غفاری اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہم نے آگے بڑھ کر سلام کیا۔ مگر کسی نے ان کے سلام کا جواب نہ دیا۔ جب امیر نے آگے کر بڑھ سلام کیا تو ہر طرف سے **علیکم السلام و رحمتہ اللہ و برکاتہ** کی صدائیں بلند ہوئیں اور کانٹے اور کوڑا کرکٹ بھی ایک دم صاف ہو کر ایک تخت نمودار ہوا۔ امیر المومنین نے اس تخت پر جلوس فرمایا۔ اور ہماری نظروں سے غائب ہو گئے۔ اصحاب آنجناب کی کثرت محبت کی وجہ سے محزون و غمگین ہوئے اور کہنے لگے۔ افسوس کہ جن علیؑ کو لے گئے۔ اسی اثناء میں امیر المومنین ان کو قرآن کی تعلیم دے کر باہر آئے۔ اور اصحاب کو ہمراہ لے کر جناب رسالت مآب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آنحضرت نے صحابہ سے فرمایا۔ تم نے وہاں جا کر بات کی۔ حالانکہ میں نے منع کر دیا تھا۔ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ جب علی ہماری نظروں سے غائب ہو گئے۔ تو ہم ان کی جدائی میں مکدر و محزون ہو کر ڈر گئے تھے۔ فرمایا حق علی کے ساتھ ہے۔ جہاں کہ وہ ہو۔ اور وہ خدا و رسولؐ کے سوا اور کسی شخص سے خوف و ہراس نہیں رکھتا۔ (کوکب دری ص۲۹۹ منقبت ۲۲)

ہم حق پر ہیں

حضرت عبداللہ بن سلمہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عمار بن یاسر کو صفین کے

Presented by www.ziaraat.com

میدان میں بڑھاپے میں دیکھا۔ انہوں نے علم جنگ اپنے ہاتھ میں اٹھایا ہوا تھا۔ اور اس کے ہاتھ لرز رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے کہ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں نے اس علم کے ساتھ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی معیت میں تین جنگیں کیں۔ اور یہ چوتھی جنگ ہے اور خدا کی قسم ہم لوگ حق پر ہیں اور ہمارے مخالف گمراہی پر۔ (مجمع الزوائد جلد ۷ ص ۲۸۲ سطر آخر' مناقب خوارزمی ص ۵۷ سطر ۱۷)

اَللّٰھُمَّ اَدِرِ الْحَقَّ حَیْثُ دَارَ عَلِیٌّ

(۸) عن ابن حبان التیمی عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رحم اللہ علیا اللھم ادر الحق معہ حیث دار (اخرجہ بن مردویہ) ابن حبان التیمی اپنے والد رضی اللہ عنہ سے ناقل ہیں کہ بہ تحقیق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ اللہ رحم کرے علی پر اے میرے پروردگار حق کو پھیر دے جہاں پر علی پھرے۔

ارجح المطالب ص ۴۴۷ روایت ۸' نزل الابرار ص ۲۴' تقویۃ الایمان ص ۱۴۹ سطر ۷' سیرت حلبیہ جلد ۳ ص ۳۰۸ سطر ۱۷' منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۶۲' العزۃ المنیعہ ص ۵۱' فرائد السمطین ص ۵۰' جامع الاصول جلد ۹ ص ۴۲۰' الفردوس ص ۹۰' الانصاف ص ۵۸' مشکواۃ ص ۵۶۷ سطر ۲۵' ینابیع المودۃ ص ۴۷ سطر ۱۸' ترمذی ص ۵۳۳ سطر ۱۴' المحاسن و المساوی ص ۴۱' تلخیص و المستدرک سطر آخر' المستدرک جلد ۳ ص ۱۲۴ سطر ۱۸' مناقب خوارزمی ص ۵۶ سطر آخر' شرح ابن ابی الحدید جلد ۲ ص ۵۹۲' تاریخ ذھبی جلد ۲ ص ۱۹۸' الرقائق ص ۳۸۵' الفتح الکبیر جلد ۲ ص ۱۳۱' الشرف المؤبد ص ۱۱۳ سطر ۸' کنز العمال جلد ۶ ص ۲۴۷ حدیث ۲۴۳۳' الجامع الصغیر جلد ۲ ص ۲۲ سطر ۱' تحفۃ الاحوذی جلد ۴ ص ۳۲۷ سطر ۷' المرقات جلد ۱۱ ص ۴۶۹ سطر آخر

مرسل

شرح ابن ابی الحدید جلد ۲ ص ۵۹۲' الانصاف ص ۵۸' الفرق المنیفہ ص ۵۱

اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ

Presented by www.ziaraat.com

(تنبیہ) اخرج الطبرانی و الحاکم و ابن المغازلی عن ابن مسعود و عمران بن حصین و ابن عساکر عن ابی بکر الصدیق و عثمان بن عفان و معاذ بن جبل و جابر بن عبداللہ و انس و ثوبان و ام المومنین عائشہ و الحاکم (عن ابی یعلی) و الدیلمی عن ابی ہریرۃ و الخجندی و ابن السمان عن ام المومنین عائشہ ان النبی قال النظر الی وجہ علی عبادۃ نزل الابرار میں علامہ بدخشی لکھتے ہیں کہ طبرانی اور حاکم اور ابن المغازلی (ابن مسعود اور عمران بن حسین سے) اور ابن عساکر (ابوبکر صدیقؓ اور عثمان بن عفانؓ اور معاذؓ بن جبل اور جابرؓ بن عبداللہ اور انسؓ اور ثوبانؓ اور المومنین عائشہؓ سے) اور حاکم (ابن یعلی سے) اور دیلمی (ابو ہریرہ سے) اور خجندی اور ابن السمان (ام المومنین عائشہ صدیقہ سے) روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ علی کے چہرہ پر نظر کرنا عبادت ہے۔

ارجح المطالب ص ۶۳۲ سطر ۱۲' سیرت علویہ ص ۲۵۹ سطر ۴' احسن الانتخاب ص ۲۹ سطر ۱۳' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۹ سطر ۸' کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۸ حدیث ۲۶۵۸' الشرف المؤبد ص ۱۱۴ سطر ۲' الروضۃ الندیہ ص ۱۵۴' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۹۶' نزل الابرار ص ۳۹' لسان المیزان جلد ۳ ص ۲۳۸ سطر ۱۵' مودۃ القربیٰ ص ۱۰۵ سطر ۱۹' میزان الاعتدال جلد ۲ ص ۲۷۴ سطر آخر' جلد ۳ ص ۱۷۶ سطر ۲۲' النہایہ جلد ۴ ص ۱۴۴' جلد ۲ ص ۲۱۹' اخبار القضاۃ جلد ۲ ص ۱۴۳' ینابیع المودۃ ص ۴۷ سطر ۹' مغازلی ص ۲۰۸ سطر ۲' تلخیص المستدرک جلد ۳ ص ۱۴۱ سطر ۸' المستدرک جلد ۳ ص ۱۴۱ سطر ۱۶' مناقب خوارزمی ص ۲۵۱' لسان العرب جلد ۵ ص ۲۱۵ سطر ۱۲ کالم ۲' کنوز الحقائق جلد ۲ ص ۱۳۳ سطر ۶' تاریخ الخلفاء ص ۱۲۱ سطر ۷' عمدۃ القاری جلد ۱۶ ص ۲۱۵ سطر ۱۸

ارجح المطالب ص ۶۳۴ روایت ۵' ذخائر العقبیٰ ص ۹۵ سطر ۱۰' مناقب خوارزمی ص ۲۶۰ سطر ۱۴' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۱۹' ینابیع المودۃ ص ۴۷ سطر ۶' اخبار القضاۃ جلد ۲ ص ۱۴۳' منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۰ سطر ۳۱' اللئالی المصنوعہ ص ۱۷۷ سطر ۱۸' تفریح الاحباب ص ۲۱۲ سطر ۱۶' تاریخ بغداد جلد ۲ ص ۵۱ سطر ۱۵

روایت ثوبان

ارجح المطالب ص ۶۳۲ سطر ۱۲' نزل الابرار ص ۳۹' البدایہ جلد ۷ ص ۳۵۷' تاریخ الخلفاء' التعقیبات ص ۵۷' فرائد السمطین

روایت عبداللہ بن مسعود

Presented by www.ziaraat.com

(۳) عن عبداللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم النظر الی وجہ علی عبادۃ (اخرجہ الطبرانی و ابو الحسن و حاکم قال اسنادہ حسن) عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ علی کے چہرہ کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

(۴) عن معاذۃ الغفاریۃ قالت کان لی انس الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخرج معہ فی الاسفار و اقوم علی المرضی و اداوی الجرحی فدخلت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی بیت عائشۃ و علی خارج من عندہ فسمعتہ یقول یا عائشۃ ان ھذا احب الرجال الی و اکرمھم علی فاعرفی لہ حقہ و اکرمی مثواہ فلما ان جری بینہا و بین علی ماجرا رجعت عائشۃ الی المدینۃ فدخلت علیہا فقلت لہا یا ام المومنین کیف قلبک الیوم بعد ما سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لک ما قال قالت یا معاذۃ کیف یکون قلبی لرجل کان اذا دخل علینا و ابی عندی لا یمل من النظر الیہ فقلت یا ابت انک لتدیم النظر الی علی فقال یا بنتی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول النظر الی وجہ علی عبادتہ (اخرجہ الخجندی) معاذہ غفاریہ رضی اللہ عنہا کرتی ہیں کہ مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہایت انس تھی میں اکثر سفر میں حضرتؐ کے ساتھ رہا کرتی تھی اور مریضوں کی تیمار داری اور زخموں کی مرہم پٹی کیا کرتی تھیں۔ ایک دفعہ میں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گئی آپ جناب ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا کے گھر میں رونق افروز تھے علی حضرتؐ کے پاس اس وقت موجود نہیں تھے۔ میں نے سنا کہ حضرت بی بی عائشہؓ سے فرما رہے ہیں کہ یا عائشہ یہ شخص سب لوگوں سے مجھے پیارا ہے اور زیادہ تر مکرم ہے۔ اس کے حق کو پہچانو۔ اور اس کی عزت کیجیو۔ جب ماجرائے جمل میں جو کچھ جناب امیر اور ام المومنین کے درمیان گذرنا تھا گذر چکا اور وہ مدینہ میں واپس آ گئیں میں ان کی خدمت میں گئی اور میں نے ان سے کہا یا ام المومنین آج آپ کے دل کی کیا حالت ہے۔ بعد اس کے کہ آپ سن چکی تھیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے جناب امیر کی نسبت کیا کچھ فرمایا تھا۔ ام المومنین فرمانے لگیں اے معاذہ میرے دل کی حالت ایسے شخص کے لیے کیا ہوتی جب کبھی وہ ہمارے پاس تشریف لائے اور میرے والد ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس ہوتے اور میرے والد ان کے چہرے سے نگاہ نہ پھیرتے میں نے ان سے کہا آپ ہمیشہ علی علیہ السلام کے چہرہ کو دیکھتے رہتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے۔ فرمانے لگے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ علی کے چہرہ پر نظر کرنا عبادت ہے۔

(۵) عن جابر رضی اللہ عنہ قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عد عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فانہ مریض فاتیت فاتاہ علی و عندہ معاذ و ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہما فاقبل عمران یحد النظر الی علی فقال لہ معاذ لم تحد النظر الیہ یا عمران فقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول النظر الی وجہ علی عبادۃ قال معاذ انا سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و قال ابو ہریرۃ انا سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اخرجہ محب الطبری فی الریاض) جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ارشاد فرمایا کہ عمران بن حصین بیمار ہیں جاؤ ان کی بیمار پرسی کرو۔ میں ان کے پاس گیا پس ان کے پاس جناب امیر علیہ السلام تشریف لائے۔ عمران کے پاس معاذ بن جبل اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ عمران لوٹ کر جناب امیر کی طرف تیز نگاہ سے دیکھنے لگے معاذ نے ان سے کہا تم کیوں ان کی طرف تیز نگاہ سے دیکھتے ہو۔ عمران کہنے لگے میں نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ علی کے چہرہ پر نظر کرنا عبادت ہے۔ معاذ نے کہا میں نے بھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے ابو ہریرہ کہنے لگے میں نے بھی حضرتؐ سے سنا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

(۶) عن ابی بکر الصدیق انہ قیل لہ و قد ادام النظر الی وجہ علی مالک تقدم النظر الیہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول النظر الی وجہ علی عبادۃ (اخرجہ الحاکم) جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے لوگوں نے پوچھا کہ آپ جناب علی علیہ السلام کی طرف اکثر دیکھتے رہتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے وہ کہنے لگے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ علی کے چہرہ کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

(۷) عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم النظر الی وجہ علی عبادۃ (اخرجہ الدیلمی) ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ علی کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے۔

ارجح المطالب ص ۶۳۳ روایت ۳' کفایت الطالب ص ۳۴' مغازلی ص ۲۰۹ سطر ۸' نزل الابرار ص ۳۹' اشرف المؤبد ص ۱۱۳' اسعاف الراغبین' الصواعق المحرقہ ص ۱۲۳ سطر ۱۸' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۹ سطر ۵' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۱۹' حلیتہ الاولیاء جلد ۵ ص ۵۸' ینابیع المودۃ ص ۲۴۷ سطر ۱۱' المستدرک جلد ۳ ص ۱۴۱ سطر ۲۰' مناقب خوارزمی ص ۲۶۰ سطر ۹' ذخائر العقبیٰ ص ۹۵' لسان المیزان جلد ۶ ص ۱۷۸ سطر ۵' تاریخ الخلفاء' نور الابصار ص ۷۳' کوکب دری ص ۱۲۱' کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۲' میزان الاعتدال جلد ۴ ص ۲۰۱

روایت حضرت معاذ بن جبل

ارجح المطالب ص ۶۳۲ سطر ۱۲' میزان الاعتدال جلد ۱ ص ۵۰۷' نزل الابرار ص ۳۹' لسان المیزان جلد ۵ ص ۸۱ سطر ۴' تاریخ الخلفاء' مغازلی ص ۲۰۷ سطر ۳' تاریخ بغداد جلد ۲ ص ۵۱' التعقیبات ص ۵۷

روایت حضرت جابر

ارجح المطالب ص ۶۳۴' نزل الابرار ص ۳۹' الریاض النضرۃ جلد ۲ ص ۲۱۹' تاریخ الخلفاء' ذخائر العقبیٰ ص ۹۵' التعقیبات ص ۵۷' البدایہ جلد ۷ ص ۳۵۷' مغازلی ص ۲۰۹ سطر ۳' لسان المیزان جلد ۵ ص ۸۱

روایت حضرت عائشہ

Presented by www.ziaraat.com

کنز العمال جلد۶ ص۱۵۸، نزل الابرار ص۳۹، عمدۃ القاری جلد۱۶ ص۲۱۵، مغازلی ص۲۰۷ سطر۷، حلیۃ الاولیاء جلد۲ ص۱۸۲، لسان المیزان جلد۱ ص۲۴۳ سطر۲، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۰

روایت حضرت عائشہ

(۱) عن عائشہ رضی اللہ عنہا قالت رایت ابابکر یکثر النظر الی وجہ علی فقلت یا ابت انی رایتک تکثر النظر الی وجہ علی فقال یا بنت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول النظر الی وجہ علی عبادۃ (اخرجہ ابن السمان) جناب ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ جناب علی علیہ السلام کے چہرہ مبارک کی طرف کثرت سے دیکھا کرتے ہیں۔ فرمایا اے بیٹی میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ علی کے چہرہ کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

(۲) عن عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا قالت کان اذا دخل علینا و ابی عندنا لا یمل النظر الیہ فقلت یا ابت انی رائیت قد تکثر النظر انت الی علی فقال یا بنت سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول النظر الی علی عبادۃ (اخرجہ الخجندی) جناب ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ جب جناب علی علیہ السلام ہمارے پاس تشریف لاتے اور ہمارے پاس ہمارے والد ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی موجود ہوتے۔ تو وہ جناب علی کے چہرہ سے اپنی نگاہ نہ ہٹاتے۔ میں نے ان سے کہا اے ابا جان کیا وجہ ہے کہ میں آپ کو دیکھتی ہوں کہ آپ جناب علی کو کثرت سے دیکھا کرتے ہیں فرمایا اے میری بیٹی میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ علی کی طرف نگاہ کرنا عبادت ہے۔

ارجح المطالب ص۶۳۲ سطر آخر، روض الازھر ص۹۷، الریاض النضرہ جلد۲ ص۲۱۹، مناقب خوارزمی ص۲۶۱ سطر۸، کوکب دری ص۲۷۸ سطر آخر، مغازلی ص۲۱۰ سطر۹، ذخائر العقبیٰ ص۹۵، الصواعق المحرقہ ص۱۷۷ سطر۲۱، نزل الابرار ص۳۹

روایت حضرت معاذۃ الغفاریہ

(۳) عن معاذۃ الغفاریۃ قالت کان لی انس الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخرج معہ فی الاسفار و اقوم علی المرضی و اداوی الجرحی فدخلت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی بیت عائشۃ و علی خارج من عندہ فسمعتہ یقول یا عائشۃ ان ھذا احب الرجال الی و اکرمھم علی فاعرفی لہ حقہ و اکرمی مثواہ فلما ان جری بینھا و بین علی ماجرا رجعت عائشۃ الی المدینۃ فدخلت علیھا فقلت لھا یا ام المومنین کیف قلبک الیوم بعد ما سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لک ما قال قالت یا معاذۃ کیف یکون قلبی لرجل کان اذا دخل علینا و ابی عندی لا یمل من النظر الیہ فقلت یا ابت انک لتدیم النظر الی علی فقال یا بنتی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول النظر الی وجہ علی عبادۃ (اخرجہ الخجندی) معاذہ غفاریہ رضی اللہ عنہا کرتی ہیں کہ مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

Presented by www.ziaraat.com

نہایت انس تھی میں اکثر سفر میں حضرتؑ کے ساتھ رہا کرتی تھی اور مریضوں کی تیمار داری اور زخموں کی مرہم پٹی کیا کرتی تھیں۔ ایک دفعہ میں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں گئی آپ جناب ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر میں رونق افروز تھے علی حضرتؑ کے پاس اس وقت موجود نہیں تھے۔ میں نے سنا کہ حضرت بی بی عائشہؓ سے فرما رہے ہیں کہ یا عائشہ یہ شخص سب لوگوں سے مجھے پیارا ہے اور زیادہ تر مکرم ہے۔ اس کے حق کو پہچانیو۔ اور اس کی عزت کریو۔ جب ماجرائے جمل میں جو کچھ جناب امیر اور ام المومنین کے درمیان گذرنا تھا گذر چکا اور وہ مدینہ میں واپس آگئیں میں ان کی خدمت میں گئی اور میں نے ان سے کہا یا ام المومنین آج آپ کے دل کی کیا حالت ہے۔ بعد اس کے کہ آپ سن چکی تھیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے جناب امیر کی نسبت کیا کچھ فرمایا تھا۔ ام المومنین فرمانے لگیں اے معاذہ میرے دل کی حالت ایسے شخص کے لیے کیا ہوتی جب کبھی وہ ہمارے پاس تشریف لائے اور میرے والد ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس ہوتے اور میرے والد ان کے چہرے سے نگاہ نہ پھیرتے میں نے ان سے کہا آپ ہمیشہ علی علیہ السلام کے چہرہ کو دیکھتے رہتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے۔ فرمانے لگے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ علی کے چہرہ پر نظر کرنا عبادت ہے۔

ارجح المطالب ص ۴۳۳ روایت ۴، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۶۱، اسد الغابہ جلد ۵ ص ۵۴۷، الاصابہ جلد ۲ ص ۳۸۹، ذخائر العقبیٰ ص ۹۲، ینابیع المودۃ ص ۶۸ سطر ۱۲

روایت حضرت ابوبکر

فصل الخطاب میں ابوبکر سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت علیؑ کی طرف نظر کرنا عبادت ہے۔

کوکب دری ص ۱۶۱ سطر ۹، التعقیبات ص ۵۷، نزل الابرار ص ۳۹، تاریخ الخلفاء، البدایہ جلد ۷ ص ۳۵۷، ارجح المطالب ص ۴۳۲

روایت عثمان

ارجح المطالب ص ۴۳۲، تاریخ الخلفاء ص ۶۶، البدایہ ج ۷ ص ۳۵۷، التعقیبات ص ۵۷، نزل الابرار ص ۳۹

Presented by www.ziaraat.com

مرسل

مقاصد الطالب ص۱۱، مجمع بحار الانوار جلد۳ ص۳۶۹، محاضرة الادباء جلد۴ ص۴۷۷، کنوز الحقائق ص۹۶، تنزیہ الشریعہ جلد۱ ص۳۸۳

روایت حضرت ابو ہریرہ

ارجح المطالب ص۴۳۴ سطر آخر، مناقب ابن مغازلی جلد۳ ص۲۰۷، ینابیع المودة ص۴۷ سطر۹، نزل الابرار ص۳۹

روایت عمرو بن عاص

ذخائر العقبیٰ ص۹۵

روایت حضرت عبداللہ بن عباس

الریاض النضرہ ص۲۲۰ جلد۳

روایت حضرت عمر

البدایہ و النہایہ جلد۷ ص۳۵۷، تاریخ الخلفاء ص۶۹، التعقیبات ص۵۷، نزل الابرار ص۳۹، ارجح المطالب ص۴۳۲

روایت حضرت انس

البدایہ و النہایہ جلد۷ ص۳۵۷، ارجح المطالب ص۴۳۲، نزل الابرار ص۳۹، میزان

Presented by www.ziaraat.com

الاعتدال جلد ۳ ص ۱۷۶ سطر ۲۲

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: کہ علیؑ کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ بس اچانک حضرت ابوبکر کھڑے ہوئے اور مدینے کی گلیوں میں حضرت علیؑ کو تلاش کرنے لگے۔ جب حضرت علی سے ملاقات ہوئی تو آپ اس کی طرف ٹکٹکی لگا کر دیکھنے لگے۔ حضرت علیؑ نے حضرت ابوبکر سے کہا خیر تو ہے آج تو نظر بھی نہیں ہٹاتے تو حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے اور جو کوئی بھی پل صراط سے گزرے گا اس کے پاس علی کا ٹکٹ ہونا ضروری ہے۔ (نہایت العقول ص ۱۱۶)

روایت حضرت علیؑ

یہ روایت زیر عنوان حضرت علی کے فضائل بے شمار میں پہلے تحریر کر دی گئی ہے۔

روایت حضرت ابوبکر

یہ روایت زیر عنوان افضلھم حالتہ پہلے تحریر کر دی گئی ہے۔

کیا بات ہے اس جوان کی

احسن الانتخاب ص ۲۹ سطر ۱۵ پر تحریر ہے۔

منقول ہے کہ جناب امیر جب گھر سے نکلتے تو جن لوگوں کی نظر ان کے روئے مبارک پر پڑتی وہ کہتے لا الہ الا اللہ ما اشرف ھذا الفتی۔ لا الہ الا اللہ ما اکرم ھذا الفتی۔ لا الہ الا اللہ ما اشجع ھذا الفتی۔ یعنی نہیں ہے کوئی سوائے اللہ کے معبود یہ جوان کیسا بزرگ ہے کیسا سخی ہے، کیسا بہادر ہے گویا جناب امیر کی صورت کو دیکھنا کلمہ پڑھنے کا باعث ہوتا۔

Presented by www.ziaraat.com

اعمال قبول کرنے کا سبب

کوکب دری ص ۱۹۰، مودت القربیٰ ص ۲۷

حضرت ابوذر غفاری سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی چاہے کہ خدا کے غضب کی آگ بجھائے اور خداوند عالم اس کے اعمال اور افعال کو قبول کرے اسے چاہیے کہ علی کی طرف دیکھے۔ کیونکہ اس کی طرف دیکھنا ایمان ہے۔

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اَلنَّظَرُ اِلٰی عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ

نہایۃ العقول ص ۱۱۶

قال رسول اللہ النظر الی وجہک یا علی عبادہ

شرح حدیدی جلد ۲ ص ۴۵۰

جماعت صحابہ

اس روایت کو صحابہ کی ایک بڑی جماعت نے روایت کیا ہے۔ البدایہ و النہایہ جلد ۷ ص ۳۵۷ پر تحریر ہے کہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت معاذ بن جبل، حضرت عمران بن حصین، حضرت انس، حضرت ثوبان، حضرت عائشہ، حضرت ابوذر اور حضرت جابر سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

تاریخ الخلفاء ص ۱۳۱ سطر ۷ پر تحریر ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود، عمران بن حصین، حضرت ابوبکر، حضرت عثمان، حضرت معاذ بن جبل، حضرت انس، حضرت ثوبان، حضرت جابر اور حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ تحقیق

Presented by www.ziaraat.com

حضرت علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

التعقیبات ص۷۵، ارجح المطالب ص۶۳۲، نزل الابرار ص۳۹، ینابیع المودۃ ص۴۷ سطر۹ اور نہایتہ العقول کے ص۱۱۶ پر بھی ایسی روایات تحریر ہیں۔

ینابیع المودۃ عربی ص ۲۷، اردو ۱۴۳

ابن مغازلی اپنی مسند میں عمران بن حصین، واثلہ بن اسقع اور ابو ہریرہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت کا بیان ہے کہ ہم نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

ینابیع المودۃ عربی ص ۴۷ اردو ۱۴۳

موفق بن احمد نے اپنی سند میں مذکورہ بالا حضرات کے علاوہ ابن مسعود سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

حموینی نے اپنی سند میں ثوبان، ابو سعید خدری اور عمران بن حصین سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

اَلنَّظَرُ اِلَیہِ رَافَۃٌ

یہ روایت زیر عنوان حب ایمان پہلے تحریر کر دی گئی ہے۔

روایت دوم

یہ روایت زیر عنوان مودتہ عبادۃ پہلے تحریر کر دی گئی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ذِکْرُ عَلِیٍّ عِبَادَةٌ

کوکب دری ص ۲۶۱، مودت القربیٰ ص ۱۰۵ سطر آخر، الروضۃ الندیہ ص ۱۵۴، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۲، حدیث ۲۵۱۲، تفریح الاحباب ص ۳۲۳، الفتح الکبیر ص ۱۲۰، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۰ سطر ۳۹، البدایہ جلد ۷ ص ۳۵۷، کنوز الحقائق جلد ۱ ص ۳۳ سطر ۲۵، تفسیر مظہری جلد ۶ ص ۱۳۲ سطر ۱۲، مناقب ابن مغازلی ص ۲۰۶ سطر ۶، الجامع الصغیر جلد ۱ ص ۱۸ سطر ۲۸

حضرت عائشہ سے اور فصل الخطاب میں حضرت ابوبکر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مرتضیٰ علی کا ذکر عبادت ہے۔

روایت حضرت ابو سعید خدری

(۱) عن ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر اخوتی علی و خیر اعمامی حمزۃ و ذکر علی عبادۃ (اخرجہ الدیلمی فی فردوس الاخبار فی کنز العمال) جناب ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میرے تمام بھائیوں میں سے بہتر علی ہیں اور تمام چچوں میں سے بہتر حمزہ ہیں۔ اور علی کا ذکر عبادت ہے۔

(۲) عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذکر علی عبادۃ (اخرجہ الدیلمی) ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ علی کا ذکر عبادت ہے۔

ارجح المطالب ص ۱۲۲ سطر ۱

روایت حضرت عائشہ

یہ روایت پہلے زیر عنوان خیر اخوتی تحریر کر دی گئی ہے۔

روایت حضرت ابن عباس

یہ روایت پہلے زیر عنوان خیر اخوانی تحریر کر دی گئی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

مجلس کے بعد فرشتوں کا آنا

مودت القربیٰ ص ۳۴ پر تحریر ہے۔

عائشہ دختر عبداللہ بن عاصمی تمیمی جو مدینہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجاور تھی' بیان کرتی ہیں کہ مجھ سے میرے باپ نے بیان کیا کہ ام سلمہ زوجۂ رسولؐ فرماتی ہیں۔ کہ میں نے رسول خدا سے سنا ہے کہ لوگ فضائل محمدؐ و آل محمدؐ کا ذکر کرنے کے لئے جمع ہوتے ہیں۔ تو فرشتے آسمان سے اترتے ہیں۔ اور اس ذکر میں ان کے ساتھ شامل ہوتے ہیں۔ جب وہ لوگ فارغ ہو کر چلے جاتے ہیں تو فرشتے آسمان کی طرف پرواز کرتے ہیں۔ تب اور فرشتے ان فرشتوں سے کہتے ہیں۔ ہم تم سے ایسی خوشبو سونگھتے ہیں کہ اس سے پاکیزہ تر خوشبو ہم نے کبھی نہیں سونگھی۔ وہ فرشتے جواب دیتے ہیں۔ کہ ہم ایسے لوگوں کے پاس موجود تھے۔ جو فضائل محمدؐ و آل محمدؐ کا ذکر کرتے تھے۔ پس ان کی بوئے خوش سے ہم معطر ہو گئے۔ یہ بات سن کر وہ فرشتے ان سے کہتے ہیں کہ ہم کو بھی وہاں لے چلو۔ وہ جواب دیتے ہیں۔ کہ وہ لوگ وہاں سے چلے گئے۔ تب وہ فرشتے کہتے ہیں۔ کہ ہم کو اس مکان ہی میں لے چلو۔ جہاں وہ موجود تھے۔ اور ذکر فضائل محمدؐ و آل محمدؐ کرتے تھے۔

زَیِّنُوا مَجَالِسَکُم بِذِکرِ عَلِیٍّؑ

مناقب ابن مغازلی ص ۲۱۱ سطر آخر

عَلِیٌّ مِنِّی وَ اَنَا مِنہُ

حدیث یا علی انت منی و انا منک

(۱) عن ابی رافع قال لما قتل علی صاحب لواء المشرکین یوم احد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال علی بنفسه و حمل علی صاحب اللواء فقتله فنزل جبرائیلؑ فقال یا محمد ان هذه لهی المواساة فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی منی و انا منه فقال جبرائیل انا منکما (اخرجه احمد و الطبرانی فی الکبیر) ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

جب احد کے روز مشرکوں کے علمدار نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کیا جناب امیرؑ نے حضرت پر اپنی جان فدا کر کے اس علمدار پر حملہ کیا اور اس کو مار ڈالا۔ جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور فرمایا یا رسول اللہ اس کے لیے صلہ ہونا چاہیے آپ نے فرمایا علی میرا ہے اور میں علی کا [illegible] جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا میں تم دونوں کا ہوں۔

(تنبیہ) قال الزھری رحمتہ اللہ علیہ قال جبرئیل ان ھذا لھی المواساۃ لان الناس فروا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم احد (تذکرہ خواص الامتہ) یعنی زہری رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ جبرائیل علیہ السلام کا یہ فرمانا کہ اس کے لیے صلہ چاہیے یہ اس لیے تھا کہ احد کے دن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے لوگ بھاگ گئے تھے۔

ارجح المطالب ص ۵۶۳، میزان [illegible] جلد ۱ ص ۱۹۰ سطر ۱۵، آئمتہ الھدیٰ ص ۴۱، مقاصد الطالب ص [illegible]، [illegible] ص ۲۰۵، اسعاف الراغبین ص ۱۲۳ سطر ۲، الشذرات الذھبیہ ص ۵۵، کنوز الحقائق ص ۷۰ سطر ۱۹، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۰ سطر ۱۱، الجامع الصغیر ص ۶۵ سطر ۸، المقاصد الحسنہ ص ۹۸، تاریخ الخمیس جلد ۲ ص ۱۹۵، جامع الاصول جلد ۹ ص ۴۷۱، حدیث ۶۴۸۰، مصابیح السنہ ص ۲۰۲، خصائص نسائی ص ۱۰۲ سطر ۷، ص ۸۷ سطر آخر، الصواعق المحرقہ ص ۱۲۲ سطر ۱۳، سنن ابن ماجہ ص ۱۲ سطر ۱۲، ینابیع المودۃ ص ۴۵ سطر ۶، ۱۴، مسند حنبل جلد ۱ ص ۱۴۴ سطر ۱، جلد ۵ ص ۱۶۵ سطر ۱۲، منتخب ذیل المذیل ص ۶۷، مناقب خوارزمی ص ۷۹ سطر ۱۴، تذکرۃ الحفاظ جلد ۲ ص ۳۸، البدایہ جلد ۵ ص ۲۱۳، فصل الخطاب، تاریخ الخلفاء ص ۱۱۹ سطر ۲۵، نفحات اللاھوت ص ۱۹، اخبار الدول ص ۱۰۲، الکواکب الدریہ جلد ۱ ص ۳۹، ذخائر المواریث جلد ۱ ص ۱۹۶، اسنی المطالب ص [illegible]، الفتح الکبیر جلد ۲ ص ۲۴۳، انتھاء الافھام ص ۲۱۸، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۳، حدیث ۲۵۰۱، ۲۳۹۸۔

بخاری شریف جلد ۲ ص ۱۹۳ سطر ۱۶، ترمذی شریف ص ۵۳۳ سطر ۱۱، مشکوٰۃ شریف [illegible] سطر [illegible]، [illegible] ص ۲۹، عمدۃ القاری جلد ۱۶ ص ۲۱۵ سطر ۹، ارشاد الساری جلد ۶ ص ۹۳ سطر [illegible]، فتح الباری جلد ۹ ص ۱۲۸ سطر ۳، جلد ۹ ص ۱۱۹ سطر ۱۸، حلیتہ الاولیاء جلد ۱ ص ۱۶۸ سطر ۱۳، الاصابہ جلد ۴ ص ۵۰۳ سطر ۱۰، الاستیعاب جلد ۱ ص ۲۷۱ سطر ۹، المستدرک جلد ۴ ص ۱۱۰ سطر ۱۴، ص ۱۳۴ سطر ۱، تلخیص ص ۱۱۰ سطر آخر، اسد الغابہ جلد ۴ ص ۲۷ سطر ۱۳، تحفتہ الاحوذی جلد ۴ ص ۳۲۵ سطر ۱۵، ص ۳۲۱ سطر ۲، المرقات جلد ۱۱ ص ۳۴۰ سطر ۱۹، ص ۳۴۱ سطر ۱۴، ذخائر العقبیٰ ص ۶۸ سطر ۱۰، مطالب السئول ص ۵۹ سطر ۴، الشرف المؤبد ص ۵۸ سطر ۱، فیض القدیر جلد ۴ ص ۳۵۷ سطر ۱۴، مقتل خوارزمی ص ۳۶ سطر ۷، تفریح الاحباب ص ۳۴۹ سطر آخر، سیرت حلبیہ جلد ۳ ص ۳۰۹ سطر ۲۶، شرح حدیدی جلد ۲ ص ۲۲۱ سطر ۱، تاریخ بغدادی جلد ۴

Presented by www.ziaraat.com

ص۱۴۰ سطر۱۲' حیات الصحابہ جلد۳ ص۱۳۳ سطر آخر' نور الابصار ص۷۰ سطر۷' تاریخ کامل جلد۲ ص۱۰۷ سطر۱۱' ازالۃ الخفاء جلد۲ ص۲۹ سطر۱۷' الفصول المھمہ ص۲۳ سطر۴' تذکرۃ الخواص ص۳۸ سطر۸' مظاہر حق جلد۴ ص۴۹۴ سطر۹' الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۷۱ سطر۹' ذخائر العقبیٰ ص۶۸ سطر۱۰' مفتاح کنوز السنہ ص۳۵۲ کالم۲ سطر۵' اسد الغابہ جلد۴ ص۲۷ سطر۱۲' مناقب ابن مغازلی ص۲۲۲ سطر۳' ص۲۲۷ سطر۲' مودت القربیٰ ص۱۱۳' ینابیع المودت ص۴۴

روایت حضرت ابوذر

مطالب السئول ص۱۸

روایت حضرت بریدہ

(۱) عن عبداللہ بن بریدۃ عن ابیہ قال بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی الیمن بعثین علی احد ھما علی بن ابی طالب و علی الاخر خالد بن ولید فقال اذا لقیتم فعلی علی الناس و ان افترقتم فکل واحد منکم علی جندہ قال فلقینا بنی زبیدہ من اھل الیمن فاقتتلنا فظھر المسلمون علی المشرکین فقتلنا المقاتلہ و سبینا الذریۃ فاصطفی علی امراۃ من السبی لنفسہ فکتب خالد بن الولید الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم و امرنی ان انال منہ قال فدفعت الکتاب الیہ و قلت الیہ من علی فتغیر وجھہ فقلت ھذا مکان العائذ بعثتنی مع رجل و امرتنی ان اطیعہ ففعلت ما ارسلت بہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقع فی علی فانہ منی و انا منہ و ھو ولیکم من بعدی (اخرجہ احمد و النسائی و فی اسنادھما اجلح الکندی و ھو شیعی لکن و ثقہ ابن معین کما ذکر ابن حجر العسقلانی فی تقریب التھذیب) عبداللہ بن بریدہ اپنے والد ماجد رضی اللہ عنہ سے ناقل ہیں کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف دو فوجیں روانہ فرمائیں۔ ایک فوج پر جناب علی علیہ السلام کو امیر فرمایا اور دوسرے پر خالد بن ولید کو۔ اور ارشاد کیا کہ اگر کہیں دونوں فوجیں جمع ہو جائیں تو دونوں میں علی ہی کو امیر سمجھا جائے۔ اور اگر جدا جدا رہیں تو تم دونوں اپنے اپنے لشکر کے امیر سمجھے جاؤ۔ ہم اہل یمن کے قبیلہ بنی زبیدہ پر جا ملے مسلمانوں نے باہم مدد کر کے مشرکوں سے مقابلہ کیا اور بنی زبیدہ کے جورو بچے گرفتار کر لیے علی علیہ السلام نے ان میں سے ایک کنیز کو منتخب کر لیا۔ خالد بن ولید نے یہ قصہ حضرت کی خدمت میں لکھ بھیجا اور مجھے حکم دیا کہ خط لے کر میں حضرت کے حضور میں جاؤں۔ میں نے خط حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا اور زبانی بھی جناب علی کی شکایت کی۔ حضرت کا چہرہ اقدس غصہ سے متغیر ہو گیا۔ میں نے عرض کیا میں حضور کے غصہ سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔ حضور نے مجھے ایک شخص کے ماتحت کر کے بھیجا۔ اور اس کی اطاعت کو مجھ پر لازم گردانا تھا جو کچھ اس نے کہا میں نے حضور میں عرض کر دیا۔ آپ نے فرمایا اے بریدہ علی کے پیچھے مت پڑو وہ میرا ہے اور میں اس کا ہوں وہ میرے بعد تمہارا ولی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۴۷۷، میزان الاعتدال جلد ا ص ۱۹۰ سطر۱۵، ترمذی ص ۵۳۳ حاشیہ ۳، تاریخ دمشق جلد ا ص ۳۶۸، ابن عساکر جلد ا ص ۳۶۸، کنز العمال جلد ۶ ص ۳۹۷، القول الفصل جلد ۲ ص ۱۵، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۲۷، تاریخ قا ناز جلد ۲ ص ۱۹۵، شرح ابن ابی الحدید جلد ۲ ص ۴۵۰، خصائص نسائی ص ۳۳، مسند حنبل جلد ۵ ص ۳۵۶، مناقب ابن مغازلی ص ۲۲۲ سطر۳، ذخائر العقبیٰ ص ۶۸ سطر۱۰، البدایہ جلد ۷ ص ۳۴۲، عمدۃ القاری جلد ۱۶ ص ۲۱۴، کنوز الحقائق ص ۷۰ سطر۱۹، مناقب عینی ص ۳۸، مدارج النبوۃ جلد ۲ ص ۵۰۲ سطر۲۱، الصواعق المحرقہ ص ۱۷۳ سطر۱، البرقتہ المحمودیتہ جلد ا ص ۲۱۱

روایت حضرت ام سلمہ

الجامع الصغیر جلد ۲ ص ۶۵ سطر۸، ینابیع المودت ص ۲۵ سطر۲۱، افحام الا فحام ص ۲۰۸

روایت حضرت عمران بن حصین

ارجح المطالب ص ۴۷۹، ترمذی ص ۵۳۳ سطر۱۱، انتحاء الا فحام ص ۲۱۶، تاریخ دمشق جلد ا ص ۳۷۹، سعد الشموس ص ۲۰۹، کنوز الحقائق ص ۱۵ سطر۱۱، الصواعق المحرقہ ص ۱۷۳ سطر۴، عمدۃ القاری جلد ۱۹ ص ۲۱۱ سطر۹، مشکواۃ ص ۵۶۴ سطر۲، نظم درر السمطین ص ۷۹، ذخائر العقبیٰ

(۸) عن عمران بن حصین قال بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیشا و استعمل علی بن ابی طالبؑ فمضی فی السریۃ فاصاب جاریۃ فانکروا علیہ و تعاقد اربعۃ من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا اذا لقینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فشکوا الیہ اخبرنا ما صنع و کان المسلمون اذا رجعو من اسفر بدءوا و ابرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقام احد الاربعۃ فقال یا رسول اللہ الم تر ان علیا صنع کذا و کذا عرض عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم قام الثانی فقال مثل ذلک ثم قال الثالث فقال مثل مقالتہ ثم قال الرابع فقال مثل ما قالوا فاقبل علیھم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الغضب یعرف فی وجھہ فقال ما تریدون من علی ما تریدون من علی ان علیا منی و انا منہ و ھو ولی کل مومن من بعدی (اخرجہ احمد و النسائی و الحاکم) عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر پر جناب علیؑ کو امیر بنا کر روانہ کیا جب جناب فوج کے ساتھ روانہ ہوئے ایک کنیز غنیمت میں ان کے ہاتھ لگی حضرت امیر نے اس میں اپنا تصرف کر لیا لوگوں کو یہ بات ناگوار ہوئی ان میں حضرتؑ کے چار صحابیوں نے باہم عہد کیا کہ جب ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچیں گے تو حضرتؑ سے اس

Presented by www.ziaraat.com

بات کی شکایت کریں گے۔ صحابہ کا طریق یہ تھا کہ جب سفر سے آتے تو حضرت کے سلام کے لئے پہلے حضرتؐ کے حضور میں حاضر ہوتے پھر اپنی اپنی فرودگاہ کی طرف رجوع کرتے حسب دستور وہ فوج کا دستہ بھی سلام کے لیے حاضر خدمت ہوا ان چاروں میں سے ایک نے اٹھ کر عرض کیا یا رسول اللہ جناب علی نے ایسا ویسا کیا ہے۔ حضرت نے ان سے منہ پھیر لیا۔ پھر دوسرے نے اٹھ کر بھی یہی بیان کیا آپ نے اس سے بھی اعراض فرمایا پھر تیسرے نے بھی یہی بیان کیا چوتھے نے بھی ان تینوں کی سی کہی حضرت ان کی طرف لوٹ بیٹھے اور غضب کے آثار چہرہ اقدس سے نمایا ہو رہے تھے۔ فرمایا تم علی سے کیا چاہتے ہو بہ تحقیق علی میرا ہے اور میں علی کا ہوں اور وہ میرے بعد ہر ایک مومن کا ولی ہے۔

ص۶۸، تذکرۃ الخصواص ص۴۲، جامع الاصول جلد۹ ص۴۷۰، مصابیح السنہ ص۲۰۲، المستدرک جلد۳ ص۱۱۰، ینابیع المودۃ ص۴۴ سطر۱۸، مسند احمد بن حنبل ص۱۱۱ حدیث ۸۲۹، خصائص نسائی ص۴۳، حلیتہ الاولیاء جلد۶ ص۲۹۴، مناقب خوارزمی ص۹۲، میزان الاعتدال جلدا ص۱۹۰ سطر۱۵، اسد الغابہ جلد۴ ص۲۷، شرح ابن ابی الحدید معتزلی جلدا ص۳۲۱، تاریخ ذھبی جلد۲ ص۱۹۶، البدایہ جلد۷ ص۳۴۴، الاصابہ جلد۲ ص۵۰۳، خصائص سیوطی ص۱، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۵۱، اسعاف الراغبین ص۱۲۳ سطر۲، کنز العمال جلد۶ ص۳۹۹، مطالب السئول ص۵۹ سطر۴، الشرف المئوبد ص۵۸ سطرا

روایت دوم

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری فرماتے ہیں کہ مباہلہ کے وقت یہ آیت نازل ہوئی **فَقُل تَعَالَوا نَدعُ اَبنَاءَنَا وَاَبنَاءَ کُم** اور اس وقت آپ حضرت حسین کو گود میں اٹھائے حضرت حسن کا ہاتھ پکڑے لے چلے۔ حضرت فاطمہ آپ کے پیچھے پیچھے چلی آ رہی تھیں اور حضرت علی ان کے پیچھے تھے۔ آپ اس کیفیت میں مباہلے میں آئے یہ لوگ چادر مباہلہ والے ہیں اور آیت مباہلہ میں یہی لوگ مراد ہیں۔

الصواعق المحرقہ ص ۱۴۵ سطر آخر' در منثور ج ۲ ص ۳۸' تذکرۃ ص ۱۷' زاد المسیر ج ۱ ص ۳۹۹' فتح البیان ج ۲ ص ۷۲ سطر ۱۸' مناقب خوارزمی ص ۹۶ سطر آخر' فتح القدیر ج ۱ ص ۳۱۶' اسباب النزول ص ۷۴' شواہد التنزیل ج ۱ ص ۱۲۲' لباب النقول ص ۷۵' دلائل النبوۃ ص ۲۹۷۔

مناشدہ

(۴) اخرج الدار قطنی ان علیا یوم الشوری احتج علی اھلھا فقال لھم انشد کم باللہ ھل فیکم احد اقرب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الرحم منی و من جعلہ صلی اللہ علیہ وسلم و نفسہ نفسہ و ابناء ہ ابناء ہ غیری قالو اللھم لا دار قطنی جناب امیر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ مشورت کے روز اہل شوریٰ سے آپ نے تکرار کرتے وقت فرمایا کہ میں تم کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کوئی تم میں میرے سوا ایسا شخص موجود ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مجھ سے زیادہ قرابت رکھتا ہو اور کس کی جان کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی جان اور کس کے بیٹوں کو آپ نے اپنے بیٹے قرار دیا ہے۔ سب نے کہا خدا کی قسم ہے کوئی نہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۲۳۳، نیشاپوری ج ۶ ص ۱۲۷ سطر ۱۱، الصواعق المحرقہ ص ۱۵۶ سطر ۱۳، انتھاء الا فہام ص ۱۹۸۔

اسقف نجرانی کا انتباہ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جب نجران کے میدان میں اس حال میں آئے کہ آپ نے جناب حسین کو بازوؤں پر اٹھایا تھا۔ جناب حسن کو دائیں انگلی سے پکڑا ہوا تھا۔ حضرت فاطمہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پیچھے اور حضرت علی فاطمہ کے پیچھے خرامہ خرامہ تشریف لا رہے تھے۔ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میدان نجران میں تشریف لائے تو آپ نے ان سے فرمایا کہ میں تمہیں دعوت ایمان دیتا ہوں لہذا تم ایمان لاؤ یہ سن کر اسقف نجرانی نے اپنی قوم سے کہا اے نصاری برادری یاد رکھ لو کہ میں وہ چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر انہوں نے اللہ کی بارگاہ میں دعا کرتے ہوئے کہا کہ وہ پہاڑ کو اپنے مقام سے ہٹا دے تو اللہ ضرور کر دے گا۔ لہذا اچھی بات یہی ہے کہ ان کے ساتھ مباہلہ نہ کرو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے اور قیامت تک زمین پر کوئی نصرانی بھی باقی نہیں رہے گا۔

خدا کی قسم میں دیکھ رہا ہوں کہ ہلاکت اہل نجران پر منڈلا رہی ہے اور اگر انہوں نے بد دعا کر دی تو تم بندر اور خنزیر کی شکل میں مسخ ہو جاؤ گے اور تمہاری تمام وادی آگ سے جل کر راکھ ہو جائے گی۔

روایت نمبر ۱

خزانۃ الادب ص ۶۷، تفسیر الجواہر ج ۲ ص ۱۲۰، تبصیر الرحمان ج ۳ ص ۱۱۴، بیضاوی ج ۲ ص ۲۲، کشاف ج ۱ ص ۱۹۳، نسفی ج ۱ ص ۱۳۶، مبارک الازھار ج ۲ ص ۳۵۶، تاریخ خمیس ج ۲ ص ۱۹۶، وسیلہ النجاہ ص ۶۷۔

روایت دوم

تفسیر خازن ج ۱ ص ۳۰۲، البحر المحیط ج ۲ ص ۴۷۹، رشفۃ الصادی ص ۳۵، تفسیر کبیر ج ۸ ص ۸۵، تفسیر نیشاپوری ج ۳ ص ۲۰۶۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت سوم

الاتحاف ص ۵' بحر المحیط ج ۲ ص ۴۸۰ سطر ۱۳' الصواعق المحرقہ ص ۱۵۵ سطر ۲۱' رشفتہ الصادی ص ۳۵۔

اجمالی ذکر

سیر اعلام النبلاء ج ۳ ص ۱۹۲' انتحاء الافہام ص ۱۹۹' زاد المعاد ابن قیم ج ۵ ص ۱۲۸' المواقف ج ۲ ص ۶۱۴' شرح مواہب اللدنیہ ج ۴ ص ۴۳' فتوح البلدان ص ۷۵' مراۃ الجنان ج ۱ ص ۱۰۹' تاریخ ذہبی ج ۳ ص ۱۹۴' سیرت حلبیہ ج ۳ ص ۲۱۳' شرح مقاصد ص ۲۱۹' امتاع الاسماء ص ۵۰۲' شرح مقاصد ص ۲۱۹' امتاع الاسماء ص ۵۰۲' تاریخ حضر موت ج ۲ ص ۲۴۴' آئمہ الھدیٰ ص ۱۳۶' رشفتہ الصادی ص ۲۵۔

روایت دوم سعد بن وقاص

(۱) عن سعد بن ابی وقاص قال لما نزلت هذه الایہ فقل تعالو اندع ابنائنا و ابنائکم و نسائنا و نسائکم و انفسنا و انفسکم ثم نبتهل فنجعل لعنته الله علی الکاذبین دعا رسول الله صلی الله علیه وسلم علیا و فاطمۃ و حسنا و حسینا فقال اللهم هئو لا اهل بیتی (اخرجہ احمد و المسلم و الترمذی و النسائی فی الخصائص) سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب یہ آیت کہ (اے محمد کہ جھگڑنے والوں سے کہو آؤ بلا دیں ہم اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں اور اپنی جان اور تمہاری جان کو پھر دعا کریں اللہ کی۔ پس لعنت ڈالیں جھوٹوں پر) نازل ہوئی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی اور فاطمہ اور حسنین کو بلا کر کہا اے میرے پروردگار یہ میرے اہل بیت ہیں۔

مسند احمد بن حنبل ج ۱ ص ۱۸۵' صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۱۹' جامع ترمذی ج ۱۹ ص ۵۳۴' خصائص نسائی ص ۴۱' ۳۲' المستدرک للحاکم ج ۳ ص ۱۰۸ سطر ۱۸' المناقب الخوارزمی ص ۵۹ سطر ۱۷' جامع الاصول ج ۹ ص ۴۶۹' اسد الغابہ ج ۴ ص ۲۵' تذکرہ ص ۲۳۔۲۲' الریاض النضرہ ج ۲ ص ۱۸۸' تلخیص المستدرک ج ۳ ص ۱۰۸ سطر ۲۴' نظم درالسمطین ص ۱۰۷' مراۃ الجنان ج ۱ ص ۱۰۹' الاصابہ ج ۲ ص ۵۰۳' البدایہ ج ۷ ص ۳۳۹' فتح الباری ج ۷ ص ۶۰' منتخب کنز العمال ج ۵

Presented by www.ziaraat.com

ص ۵۳' سعد الشموس ص ۲۰۹' القول الفصل ص ۲۱۹' کنز العمال ج ۶ ص ۴۰۵' ینابیع المودۃ ص ۶۰۹' حیات الصحابہ ج ۲ ص ۷۷۲' بدائع المنن ج ۲ ص ۵۰۴' جمع الفوائد ص ۳۶۹ ج ۲' ذخائر العقبیٰ ص ۱۰۰' المستطرف ج ۱ ص ۷۲' الفصول المہمہ ص ۱۱۱' الکواکب الدریہ ج ۱ ص ۴۴' اخبار الاول ص ۷۳' الاتحاف ص ۷' الروض النضیر ص ۱۳' الشرف المؤبد ص ۵۹' نور الابصار ص ۱۰۰' الطبقات المالکیہ ج ۲ ص ۷۲' نزل الابرار ص ۱۵' کفایۃ الطالب ص ۲۸۔

خطبہ امام حسن علیہ السلام

میرے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مباہلہ کے دن اپنے نفس کی جگہ میرے باپ کو' اپنے بیٹوں کی جگہ مجھے اور میرے بھائی حسین کو اپنی عورتوں کی جگہ میری ماں فاطمہ سلام اللہ علیہا کو لے گئے تھے۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اہل ہیں۔

ینابیع المودت ص ۱۹ سطر ۱۸۔

خطبہ امام زین العابدین علیہ السلام

آیہ مباہلہ کے وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم علی' حسن و حسین اور حضرت فاطمہ صلوات اللہ و سلامہ علیہا کو لے گئے۔ اللہ تعالیٰ نے انفسنا سے نفس علی مراد لیا اور اس بات پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا فرمان دلالت کرتا ہے جو اولاد ولیعہ کو فرمایا تھا جو کہ یہ تھا اولاد ولیعہ کو باز رہنا چاہیے ورنہ میں ان کے پاس ایسے جوان کو بھیجوں گا جو میری مانند ہو گا یعنی حضرت علی بن ابی طالب صلوات اللہ علیہ ہوں گے یہ وہ خصوصیت ہے جس میں علی کے ساتھ کوئی آدمی شریک نہیں ہو سکتا۔

ینابیع المودت ص ۷۵ سطر ۳ لاہور۔

اقوال علماء اہل سنت

جناب جصاص احکام القرآن کی جلد ۲ کے ص ۱۶ پر تحریر فرماتے ہیں:

آج تک کسی نے بھی اس بات میں اختلاف نہیں کیا کہ مباہلہ کے میدان میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم صرف حضرات حسنین اور حضرت علی و فاطمہ کو لے کر گئے۔

Presented by www.ziaraat.com

تفسیر معالم التنزیل جلد ۱ ص ۳۰۲ پر تحریر فرماتے ہیں کہ اس آیت میں ابناء نا سے حسنین، نساء نا سے حضرت فاطمہ اور انفسنا سے مراد حضرت علی ہیں۔

مفسر قرطبی اپنی تفسیر کی جلد ۳ ص ۱۰۴ میں تحریر فرماتے ہیں کہ بے شک حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم حضرت حسن و حسین کے ساتھ میدان مباہلہ میں تشریف لائے اس حال میں کہ فاطمہ ان کے پیچھے چل رہی تھیں اور حضرت علی حضرت فاطمہ کے پیچھے تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے میدان میں آکر ان کو دعوت ایمان دی۔

ابن عربی احکام القرآن کی جلد ۱ ص ۱۱۵ پر تحریر فرماتے ہیں کہ مفسرین تحریر فرماتے ہیں کہ بے شک حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اہل نجران سے مناظرہ کیا اور دلائل اور حجت سے ان پر غالب بھی آگئے لیکن انہوں نے اطاعت کرنے اور اسلام لانے سے انکار کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فوراً حضرت علی و فاطمہ اور جناب حسنین شریفین کو بلایا اور پھر نصاریٰ کو مباہلہ کی دعوت دی۔

مطالب السئول کے ص ۷ پر تحریر ہے۔

کہ آیہ مباہلہ کو ثقہ راویوں نے روایت کیا ہے اور سب نے یہ بیان فرمایا ہے کہ یہ آیت حضرت علی، حضرت فاطمہ اور حسنین شریفین کی شان میں نازل ہوئی ہے۔

تفسیر نیشاپوری جلد ۳ ص ۲۰۸ سطر ۱ پر ہے کہ اس آیت سے اصحاب کساء کی فضیلت روز روشن کی طرح واضح ہے۔ اس لیے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ان کے نفسوں کو اپنا نفس قرار دیا اور ان کے ذکر کو اپنے ذکر پر مقدم کیا۔

امام فخر الدین رازی الاربعین میں آیہ مباہلہ کے ذیل میں تحریر فرماتے ہیں:

تفسیر نیشاپوری جلد ۳ ص ۲۰۷ سطر ۴ پر تحریر ہے مفسرین و محدثین نے روایت مباہلہ کی صحت پر اتفاق فرمایا ہے۔

تفسیر کشاف جلد ۱ ص ۳۰۷ سطر ۲۰ پر علامہ زمخشری تحریر فرماتے ہیں:

صاحب کشاف فرماتا ہے کہ آل عبا علیہم السلام کی فضیلت میں اس سے بڑھ کر اور کوئی آیت دلیل نہیں کیونکہ جس وقت یہ آیت اتری تو جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ان چار بزرگوں کو بلایا اور جناب امام حسین علیہ السلام کو بغل میں لیا جناب امام حسن علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ لیا اور جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام اور جناب علی علیہ السلام پیچھے پیچھے تشریف

Presented by www.ziaraat.com

لائے پھر آقائے نامدار نے فرمایا کہ جب میں دعا مانگوں تو تم آمین کہنا۔ اسقف لارڈ بشپ نے عیسائیوں سے کہا اے عیسائیو میں ایسے نورانی چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر خدا سے دعا مانگیں تو پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔ تم ان سے مباہلہ مت کرو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے اور زمین پر کوئی بھی نصرانی باقی نہ بچے گا پس ان کے لارڈ پادری نے آکر عرض کی کہ ہم مباہلہ نہیں کرنا چاہتے چنانچہ جزیہ قبول فرمایا۔ جناب سرور دو عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ نصاریٰ مباہلہ کرتے تو ممسوخ اور بندر ہو جاتے اور اس وادی میں آگ لگ جاتی۔ تذکرہ خواص الامہ ص ۹، تفسیر کبیر رازی ج ۲ ص ۶۹۹ سطر ۱۴، تفسیر جامع البیان طبری پارہ ۳ ص ۱۹۲۔ ۱۹۳، تفسیر مظہری ج ۱ ص ۳۹۱ سطر ۲، تفسیر خازن ج ۱ ص ۲۵۸ سطر ۱۴، تفسیر مدارک التنزیل ج ۱ ص ۲۵۸، تفسیر ابن کثیر ج ۲ ص ۲۳۶ سطر ۱۴، تفسیر فتح البیان ج ۲ ص ۵۵ سطر ۸، تفسیر حقانی ج ۳ ص ۱۵۳، تفسیر روح المعانی ج ۱ ص ۶۰۴ سطر ۸، تفسیر سراج المنیر ج ۱ ص ۲۲ سطر ۴، تفسیر معالم التنزیل بغوی ج ۱ ص ۱۴۳ سطر ۲۲۔

حضرت علی افضل الخلق ہیں

ارجح المطالب پر ص ۵۲۶ پر تحریر ہے۔
مودت القربیٰ ص ۲۷ سطر آخر پر ہے:

عن ابی رباح مولی ام سلمۃ قال قال رسول اللہ لو علم اللہ تعالی فی الارض عبادا اکرم من علی و فاطمۃ والحسن والحسین لامرنی فی ان اباھل بھم ولکن امرنی بالمباھلۃ مع ھؤلاء و ھم افضل الخلق فغلبت بھم النصاریٰ۔

(ترجمہ) اور ابو رباح غلام ابن ام سلمہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ روئے زمین پر ایسے بندوں کو جانتا جو علیؑ اور فاطمہؑ اور حسنؑ اور حسینؑ سے افضل اور بہتر ہوں تو ضرور مجھ کو حکم دیتا کہ میں ان کو اپنے ہمراہ لے کر (نصاریٰ سے) مباہلہ کروں مگر اللہ تعالیٰ نے مجھ کو حکم دیا کہ انہی چاروں کو کہ یہی چاروں تمام مخلوق سے افضل ہیں اپنے ساتھ لے کر مباہلہ کروں پس میں ان کے سبب نصاریٰ پر غالب ہوا۔

حضرت علی افضل الانبیاء ہیں

تفسیر [illegible]

Presented by www.ziaraat.com

ہے:

کہ آیہ مباہلہ سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سوا حضرت علی تمام انبیاء سے افضل ہیں۔ اور خدا نے آیت مباہلہ میں حضرت علیؑ کے نفس کو نفس رسول قرار دیا ہے لہٰذا اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تمام انبیاء سے افضل ہیں تو حضرت علیؑ بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سوا سب انبیاء سے افضل ہیں۔

اور اس کی مزید تاکید وہ حدیث فرماتی ہے جسے مخالف' موافق سبھی حضرات نے تحریر فرمایا ہے۔

کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ جس کسی نے حضرت آدم علیہ السلام کو اس کے علم میں حضرت نوح علیہ السلام کو اس کی اطاعت میں' حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس کی خلت میں' حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس کی قربت میں اور عیسیٰ علیہ السلام کو اس کی صفوت میں دیکھنا ہو تو وہ حضرت علی علیہ السلام کو دیکھ لے۔

پس یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ جو کمالات تمام انبیاء میں متفرقاً" پائے جاتے تھے وہ تمام اوصاف حضرت علی میں اجمالاً" موجود ہیں۔

اعتراض

ابن روزبہان فرماتے ہیں کہ رجال سے مراد خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

جواب

ابن روزبہان کا یہ اعتراض مردود ہے اس طرح پر کہ اس نے قصد کیا ہے حمل کرنے کا لفظ النفس کو بنا بر حقیقت جمع کے بعض علماء کے نزدیک اور ابن روزبہان نے یہ نہیں جانا کہ نبی اس طرح کے خطاب میں زیر حکم نہیں داخل ہو سکتے جیسا کہ علم اصول میں ثابت ہو چکا ہے۔ (احقاق الحق ص ۱۴۱)

اعتراض

ابن روزبہان نے یہ اعتراض فرمایا ہے کہ جو شخص حضرت علی کو حضور اکرم صلی اللہ

Presented by www.ziaraat.com

علیہ و آلہ وسلم کا مساوی قرار دے گا وہ دین سے خارج ہو جائے گا۔

جواب

یہ امر اس کے حق دین سے خروج کا باعث ہے اور بسبب اس کی بے پروائی کے ہے معرفت جناب امیر المومنین و سید الوصیین و برادر حضرت سید المرسلین سے اور یہ جو استبعاد اس نے کیا ہے کہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص مساوی ہو حضرت خاتم النبیین و افضل انبیاء اولوالعزم سے پس اس میں یہ اعتراض ہے کہ یعنی مساوات ایک کنایہ ہے منتہائے خصوصیت اور قرب و محبت سے اس لیے کہ جب دو شخصوں کے درمیان میں محبت کامل ہو جاتی ہے۔ تو کہا جاتا ہے کہ وہ دونوں متحد ہو گئے ہیں اگرچہ صورت میں علیحٰدہ علیحدہ ہوتے ہیں اور انتہائی بات جو لازم آتی ہے وہ مساوات ہے ورجہ میں نہ امر نبوت میں اور یہ بالکل ظاہر ہے کہ امیر المومنین کو حضرت سے اگر اس حد پر مقارنت و اتحاد حاصل نہ ہوتا تو ہر آئینہ خداوند عالم ان کو نفس رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نہ فرماتا اور علی علیہ السلام اور ان کے دونوں صغیر السن فرزندان کے بھائی عقیل و جعفر سے اولیٰ نہ قرار پاتے کیونکہ وہ سب بھی قرابت ہی میں مساوی ہے۔

ابناء رسولؐ

علماء اہل سنت تحریر فرماتے ہیں کہ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ حسنین شریفین ابناء رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں۔

اکلیل ص ۵۳ پر ہے:

آیہ مباہلہ کے الفاظ ابناء نا سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بیٹے حسنین ہیں۔

تفسیر نیشاپوری جلد ۳ ص ۲۰۷ سطر ۳۴۔

یہ آیت دلالت کرتی ہے کہ حسنین حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بیٹے ہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے پہلے فرمایا تم اپنے بیٹے لاؤ میں اپنے بیٹے لے کر آتا ہوں۔ اور پھر خود حسنین کو میدان میں لے جا کر ثابت فرما دیا کہ ابناء رسولؐ حسنین ہیں۔

جناب ابن حجر کی صواعق محرقہ ص ۱۵۵ سطر ۲۰ پر تحریر فرماتے ہیں کہ کشاف میں ہے کہ

Presented by www.ziaraat.com

اس سے بڑھ کر چادر والوں کی فضیلت پر کوئی قوی دلیل نہیں اور وہ حضرت علی حضرت فاطمہ اور حسنین ہیں کیونکہ یہ آیت نازل ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے انہیں بلایا اور حسین کو گود میں لیا حسن کا ہاتھ پکڑا آپ کے پیچھے حضرت فاطمہ چلیں اور علی آپ دونوں کے پیچھے چلے۔ پس معلوم ہو گیا کہ آیت سے مراد حضرت فاطمہ کی اولاد اور ان کی ذریت ہے۔ جنھیں وہ اپنے بیٹے کہتے ہیں اور آپ کی طرف دنیا و آخرت میں صحیح اور نافع صورت میں منسوب ہوتے ہیں۔

ہم فائدہ کی تکمیل کی خاطر احادیث کو مع ان کے متعلقات کے ذکر کرتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ آپ سے صحیح روایت ہے کہ آپ نے منبر پر فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہو گا جو کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی قوم کو آپ کی رشتہ داری قیامت کو سودمند نہ ہوگی۔ خدا کی قسم بیشک میں کوثر پر تمہارے لیے فرط ہوں گا۔

ایک ضعیف روایت میں ہے اگرچہ حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو یہ اطلاع پہنچی کہ ایک آدمی نے حضرت بریدہ سے کہا کہ محمد (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) تجھے اللہ کے مقابلے میں کچھ کام نہ آئیں گے۔ تو آپ نے خطبہ دیا پھر فرمایا ان لوگوں کا کیا حال ہو گا جو کہتے ہیں کہ میرا رشتہ کچھ کام نہ آئے گا۔ حتیٰ کہ یمن کے دو قبیلوں جعا اور حکم کا بھی یہی خیال ہے۔ میں ضرور شفاعت کروں گا۔ یہاں تک کہ جس کی شفاعت میں کروں گا اس کی شفاعت منظور ہو گی اور میری شفاعت کے متعلق تو ابلیس بھی بڑا طمع رکھتا ہے۔

دار قطنی نے بیان کیا ہے کہ شوریٰ کے روز حضرت علی علیہ السلام نے اہل شوریٰ پر حجت کرتے ہوئے فرمایا: کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے جو رشتہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو مجھ سے مقدم ہو اور میرے سوا جس کے وجود کو اپنا وجود اور اس کے بیٹوں کو اپنے بیٹے اور اس کی عورتوں کو اپنی عورتیں قرار دیا ہو: انہوں نے کہا بخدا نہیں۔

طبرانی نے بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کی ذریت کو اس کی صلب میں رکھا ہے اور میری ذریت کو اس نے علی بن ابی طالب کی صلب میں رکھا ہے۔

ابوالخیر الحاکمی اور صاحب کنوز المطالب نے ابن ابی طالب کے بیٹوں کے بارے میں بیان کیا ہے حضرت علی علیہ السلام رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پاس آئے تو آپ کے پاس حضرت عباس بیٹھے ہوئے تھے آپ نے سلام کیا اور حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے سلام کا

Presented by www.ziaraat.com

جواب دیا اور اٹھ کر آپ سے معانقہ کیا اور آنکھوں کے درمیانی حصہ کو بوسہ دیا اور دائیں ہاتھ بٹھایا۔ حضرت عباس نے کہا کیا آپ کو اس سے محبت ہے فرمایا اے چچا خدا کی قسم اللہ مجھ سے بھی زیادہ اس سے محبت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کی ذریت کو اس کی صلب میں رکھا ہے اور میری ذریت کو اس کی صلب میں رکھا ہے۔ دوسرے نے اپنی روایت میں یہ الفاظ زائد بیان کئے ہیں کہ قیامت کے روز لوگوں کو پردہ داری کے واسطے اس کی ماؤں کے نام سے پکارا جائے گا مگر اسے اور اس کی اولاد کو صحت ولادت کی وجہ سے ان کے ناموں سے پکارا جائے گا۔

ابو یعلیٰ اور طبرانی نے کہا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ تمام بنی ام سوائے حضرت فاطمہ کی اولاد کے عصبہ کی طرف منسوب ہوتے ہیں۔ میں ہی ان کا ولی اور عصبہ ہوں۔ یہ حدیث کئی طرق سے بیان ہوتی ہے۔ جو ایک دوسرے کو قوت دیتے ہیں۔

اعتراض

اس آیت مبارکہ کے ذیل میں "تفسیر المنار" والے لکھتے ہیں "روایات کے مطابق اس مقام پر علی، فاطمہ اور ان کے دونوں بیٹوں کو رسول اکرم کی طرف سے منتخب کرنا ایسا امر ہے جس سے انکار ممکن نہیں۔ ہم جس روایت کے پر نگاہ ڈالتے ہیں وہ انہی افراد کے انتخاب کی بات کرتی ہے۔ لیکن ان روایات کے تمام مصادر ہمارے ہاں شیعہ طریقے کے علاوہ میسر نہیں ہیں۔ یعنی (اگر یہ روایات ہمارے اپنے سلسلہ سند سے بھی منقول ہوئی ہوں تب بھی یہ شیعہ سے ماخوذ ہیں) یہ دیکھ کر ہمیں کہنا چاہئے کہ ان جھوٹے "جعلی روایات گھڑنے والے" شیعوں نے کوئی اچھا کام نہیں کیا۔ یہ لوگ اپنے جھوٹ کو ہماری آنکھوں سے چھپا لینے میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ کون عرب "**نساءنا**" کے لفظ کو "دختر نبی" پر منطبق کر سکتا ہے؟ جس کی وجہ یہ ہے کہ مباہلہ کے موقع پر نبی اکرم کئی ایک بیویاں رکھتے تھے۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ یہ صیغہ جمع فرد واحد پر منطبق ہو جائے اور وہ بھی صرف دختر نبی پر؟ اور پھر اس سے بھی بالا تر موجب تعجب ان کا یہ دعوی ہے کہ "**انفسنا**" کا کلمہ علی پر منطبق آتا ہے" **جواب**

آیتہ اللہ محمد فاضل موحدی لنکرانی اس اعتراض کا جواب یوں تحریر فرماتے ہیں:

ان کلمات میں صاحب "المنار" کے پر جوش قلب میں تعصب کی امواج پیچ و بل کھاتی دکھائی دے رہی ہیں اور اس کی ان باتوں کا دقیق جواب تفسیر "سخن حق" اور تفسیر "المیزان" کے

Presented by www.ziaraat.com

مطالعے سے یوں پیش کیا جا سکتا ہے:

چونکہ اس پیش لفظ میں اس جواب کی طرف فقط ایک اشارہ ہی مناسب ہے اور زیادہ طویل بات نہیں کی جا سکتی' اس لئے ہم اتنا ہی کہیں گے کہ "المنار" کے یہ جملے صاحب المنار (استاد شاگرد ہر دو) کی تعصب سے آلودہ روح پر اس طرح روشن دلیل ہیں جس طرح ایک بلند مینار پر آگ کی روشنی واضح طور پر نظر آتی ہے۔ کیا شیعہ روایات میں کوئی بات اگر آئمہ اطہار کے طریق سے صحیح اسناد کے ساتھ نبی اکرم (ص) کی طرف مستند ہو تو اس کا حل سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ اسے بھی "وضع" اور جھوٹ پر محمول کر دیا جائے؟ کیا صاحب "المنار" کی نگاہ میں امام محمد باقر علیہ السلام جو خود رسول اکرم (ص) کے بقول "باقر العلوم" ہیں' کی حیثیت ایک عام محدث سے بھی کمتر ہے؟ کیا ابو ہریرہ کی روایات تو قابل اسناد ہو سکتی ہیں اور امام محمد باقر علیہ السلام اور امام محمد جعفر صادق علیہ السلام جیسے بیت النبوۃ کے پروردہ آئمہ ھدیٰ کی روایت سند قرار نہیں دی جا سکتیں؟ کیا فقط ابو ہریرہ اور اس کے رفقاء ہی قرآن مجید سے آشنائی رکھتے ہیں؟ اور وہ فرزندان رسول (ص) جو قرآن کے اپنے ارشادات کے مطابق اللہ تعالیٰ کے مصطفیٰ اور مخلص ترین بندے ہیں' قرآن سے کوئی واقفیت نہیں رکھتے؟ کیا قرآن مجید نے نہیں فرمایا ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ...... (پھر ہم نے اس کتاب کا وارث ان کو بنایا جنہیں ہم نے اپنے بندوں میں سے چن لیا ......) اگر (بفرض غلط) تم وارثان کتاب صرف "عباد" ہی کو قرار دو اور ان کو مصطفیٰ بندے نہ جانو تو کیا رسول اللہ (ص) کی اولاد میں سے یہ علماء فقط عباد بھی نہیں سمجھے جائیں گے؟

صفحہ "المنار" کا شیعہ روایات پر کیا گیا طعن کہ ان روایات میں اکثر آئمہ شیعہ کے طریق سے نبی اکرم (ص) کی طرف منسوب ہیں اس کے سوا اور کیا معنی رکھتا ہے کہ وہ ہماری تمام روایات کو مستند نہیں جانتا تو کیا اس طرز تفکر کو سوائے تعصب کے کوئی اور نام دیا جا سکتا ہے؟ ہم اس سے بھی قطع نظر کرتے ہیں کہ یہ روایات فقط ہمارے آئمہ ھدیٰ علیہم السلام تک منتہی ہوتی ہیں۔ تو کیا انہوں نے غیر شیعہ کتب کا مطالعہ نہیں کیا؟ یا مطالعہ کے باوجود ان کی آنکھوں پر غبار چھا گیا ہے اور اسناد ان کے سامنے مشتبہ ہو گئیں ہیں۔ کیا بیہقی نے کتاب "دلائل النبوۃ" میں نجران کے وفد کا واقعہ نہیں لکھا اور وہاں اس نے علی و فاطمہ و حسنین علیہم السلام کے علاوہ

Presented by www.ziaraat.com

کسی اور کا نام انتخاب کردہ افراد میں لیا ہے؟ بیہقی کے الفاظ یہ ہیں **حدثنا ابو عبدالله الحافظ ابو سعید و محمد بن موسی بن الفضل قالا حدثنا ابو العباس محمد بن یعقوب حدثنا احمد بن عبدالجبار حدثنا یونس بن بکیر عن سلمة بن عبد یسوع عن ابیه جده قال یونس......**

اسی طرح حاکم نے مستدرک میں علی بن عیسٰی سے روایت کی ہے۔ وہ احمد بن محمد ازہری سے، وہ علی بن حجر سے، وہ علی بن مسہر سے اور وہ داوٗد بن ابی ہند سے نقل کرتے ہیں کہ **انفسنا** سے مراد علی بن ابی طالب (ع) اور **ابناء نا** سے مراد حسنین علیہما السلام اور **نساء نا** سے مراد فاطمہ (ع) ہیں۔

کیا ابو داوٗد طیالسی نے شعبی سے بطور مرسل یہی بات نقل نہیں کی؟ اور اس طرح اس نے ابن عباس اور براء سے روایت نہیں کی؟ کتنا مناسب ہوتا اگر آپ اپنے امام ابو الفداء اسماعیل بن کثیر قرشی کی ہی تفسیر کا مطالعہ کر لیتے جس کو اپنے آپ اپنی اصطلاح میں "حافظ" کہتے ہیں اور جس کو "عماد الدین" کا لقب بھی آپ ہی نے دے رکھا ہے، تو آپ کو اہل سنت کی وہ تمام روایات بھی معلوم ہو جاتیں جو ان بھائیوں نے مباہلہ کی بحث میں نقل فرمائی ہیں۔ پھر آپ انہیں فراموش نہ کرتے۔ یا کیا ہی اچھا ہوتا کہ آپ اپنی معتبر تاریخ یعنی "تاریخ کامل علی بن اثیر" کی ورق گردانی کر لیتے۔ وہ بھی اپنی تاریخ کی جلد دوم کے صفحہ ۲۹۳ پر رقم طراز ہیں:

نجران کے نصاریٰ نے "عاقب" "سید" اور دیگر چند افراد کو مباہلہ کے لئے رسول خدا کے پاس روانہ کیا۔ پیغمبر اکرم (ص) مباہلہ کے قصد سے برآمد ہوئے تو آپ کے ہمراہ علیؑ، فاطمہ اور حسنین علیہم السلام تھے۔ جب عاقب و سید کی نگاہ نے اجتماع کی اس ہیئت کو دیکھا تو وہ کہنے لگے "جن ہستیوں کو ہم دیکھ رہے ہیں واللہ یہ چہرے ہیں کہ اگر پہاڑوں کو اپنی جڑوں سے اکھاڑنا چاہیں تو ایسا کرنے پر قادر ہیں۔ لہٰذا ان ملکوتی صورتوں کے مالک بزرگان کو دیکھتے ہی وہ لوگ مباہلے سے دستبردار ہو گئے۔"

البتہ ہمیں آپ کے ان افکار سے ہم آہنگ ایک مورخ اور بھی دکھائی دیتا ہے اور وہ ہے طبری۔ یہ صاحب، جو تاریخ کے چھوٹے چھوٹے واقعات کو بھی نظر انداز نہیں کرتے، جب نجران کے وفد اور مباہلے کے واقعات پر آتے ہیں، تو فقط ایک سطر لکھ کر گزر جاتے ہیں اور آیت

Presented by www.ziaraat.com

مباہلہ کی طرف اشارہ تک بھی نہیں فرماتے' حالانکہ یہ واقعہ رسول اکرمؐ کی سوانح میں انتہائی اہم اور ولولہ انگیز حیثیت کا حامل ہے' جس میں اسلام اور مسیحیت اس طرح ایک دوسرے کے مقابلے میں آ گئے کہ یہ امکان پیدا ہو گیا کہ عالم مسیحیت اسلام کے ساتھ مزاحمت کو ترک کر دے گا اور عیسیٰ کے متعلق صحیح عقلی منطق کو قبول کر کے اسلام کو قبول کر لے گا۔

صاحب "المنار" نے یہ سوچ رکھا ہے کہ روایات شیعہ مباہلہ والی آیت کریمہ پر منطبق نہیں ہو سکتیں۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ کلمہ **نساء نا** سے کون سا عرب "دختر کا مفہوم لیتا ہے؟ تو ہم جواب میں کہیں گے کہ علماء شیعہ میں سے کس عالم نے کہا ہے کہ **نساء نا** کا مفہوم فاطمہ سلام اللہ علیہا ہیں؟

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے آیت مباہلہ کے سلسلہ میں فرمایا ہم اپنی عورتوں اپنے فرزندوں اور اپنے نفوس کو مباہلہ لعنت طلبی کے لئے لائیں اور تم اپنی عورتوں' فرزندوں اور اپنے نفوس کو لے کر آ جاؤ۔ تو کیا اس سے یہی مراد نہیں لی جائے گی کہ اہل اسلام کی خواتین' فرزندان اور عوام میں سے ایسے افراد کو جن کی روح مجھ سے اور اسلام سے متحد ہو چکی ہے' ہم لائیں گے اور تم بھی اسی طرح اپنے ایسے افراد کو لے آؤ؟ اور اگر آپ ان لطیف نکات کو محسوس نہیں کر سکتے تو پھر اس قسم کے دیگر جملات یعنی **انا ابن مکتہ و منیٰ انا ابن زمزم و صفا** (میں فرزند مکہ و منیٰ ہوں۔ میں فرزند زمزم و صفا ہوں) کو کیسے سمجھ پاؤ گے؟ علیٰ ہذا رسول اکرم کے ارشاد **انا و علی ابو اھذا الامة** (میں اور علی اس امت کے باپ ہیں) کے کیا معنی لو گے؟

قرآن مجید اپنی ایک آیت میں تمام اہل اسلام کو ایک دوسرے کو سلام کرنے کا حکم دیتے ہوئے فرماتا ہے **فاذا دخلتم بویتا فسلموا علی انفسکم تحیة من عندالله** (پس جب تم اپنے گھروں میں آؤ تو اپنے نفوس پر سلام کرو' اللہ تعالیٰ کی طرف سے تحفے کے طور پر (نور ۶۱) اس صورت میں جب آپ گھر میں داخل ہوں اور گھر میں صرف ایک نفر ہو تو کیا آپ وہاں یہ فیصلہ فرما دیں گے کہ آیت قرآنی میں سلام کا حکم اس فرد کے بارے میں نہیں ہے کیونکہ وہاں **انفسکم** یعنی جمع کا صیغہ ہے اور کون عرب زبان دان اس سے ایک فرد مراد لے سکتا ہے۔

اسی لئے ہم کہتے ہیں کہ آنحضرت نے فرمایا ہم خواتین کو لائیں گے لیکن روایات کے مطابق فقط حضرت فاطمہ کو لے گئے جو خاتون اسلام ہیں۔ ہمارا دعویٰ ہرگز یہ نہیں کہ **نساء نا**

Presented by www.ziaraat.com

سے مراد رسول کی بیویاں نہیں ہو سکتیں۔ لیکن چونکہ جو خاتون وہاں جانے کے لائق تھیں اور وہی خاتون اسلام تھیں، وہ فقط حضرت فاطمہؑ ہی تھیں۔ یعنی اس نسبت کا اعلیٰ ترین مصداق آپ ہی تھیں۔ پس ہم ہرگز یہ نہیں کہتے کہ **نساء نا** کا مفہوم صرف ایک بیٹی ہے۔ بلکہ ہمارا کہنا یہ ہے کہ اسلامی خواتین کا بلند ترین مصداق حضرت فاطمہؑ ہیں اور خواتین کے لئے ایک اعلیٰ ترین نمونہ انسانی صرف فاطمہؑ ہیں تو اس جملہ میں لفظ انسان سے، اس موضوع میں صرف اور صرف حضرت فاطمہؑ ہی مراد ہیں۔

ہم یہ نہیں کہتے کہ **انفس** نفس کی جمع نہیں۔ لیکن اس لفظ کا مصداق وہ فرد ہوگا جس کا نفس رسول اللہ کی روح کی مثل ہو اور جس کی روح سراپا اسلام ہو۔ گویا وہ شخص نفس اسلام ہے لہذا تنہا علی علیہ السلام ہی وہ شخصیت تھے جنہیں اس میدان دعا میں لایا گیا۔ پس ہم اگر آیت مباہلہ پر افتخار کرتے ہیں اور ان حضرات اور عظیم شخصیات کے تذکرے سامنے لاتے ہیں جنہیں میدان میں لایا گیا، تو اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ (ہم واضح کرنا چاہتے ہیں) خاتون اسلام کا مصداق وہی خاتون ہو سکتی ہے جو رسول خدا کی طرف اس قسم کی نسبت رکھتی ہو، نفس رسول کا مصداق ایسا مرد ہو سکتا ہے جو پیغمبر کے ساتھ یک جان ہو، فرزند پیغمبر ہونے کا حقدار بھی وہی ہو سکتا ہے جو اس منزلت کا مالک ہو اور حق یہی ہے کہ مذکورہ بالا شخصیات کے علاوہ کوئی بھی ان مقامات کے لائق نہ تھا۔ اس لئے ان کے علاوہ کسی کو میدان مباہلہ میں نہ لایا گیا۔

(آیہ تطہیر میں اہل بیت کے درخشندہ چہرے ص ۲۱ سطر ۱)

اعتراض

صاحب تفسیر الستار آیہ **ومن الناس من یشری** کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

امام فخر الدین رازی بستر رسول پر علی علیہ السلام کے سونے کے بارے میں ایک بیش قیمت روایت لکھتے ہیں۔ لیکن باتوں باتوں میں شان نزول بیان کرنے والی اس روایت کو پس پشت ڈال دیتے ہیں اور حقیقت اور تطبیق آیت کے اثبات سے بھاگتے ہوئے "صہیب" والی سرگذشت کو سامنے لے آتے ہیں اور اس میں الجھ کر "شرا" کے معنی "اشتراء" کرتے ہیں۔ یعنی فروخت کرنا کو "خرید کرنا" بنا دیتے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

وہ کہتے ہیں کہ کفر و عصیان "نفس" کے ملکیت سے نکلنے کا موجب بنتا ہے۔ گویا جو عصیان کرتا ہے وہ خود کو آگ کے ہاتھ فروخت کر ڈالتا ہے اور عاصی کا نفس آگ کی ملکیت ہو جاتا ہے پھر جب وہ تائب ہو کر پروردگار عالم کا مطیع بن جاتا ہے تو گویا اس نے خود کو آگ سے خرید لیا ہے۔ اس قسم کے بیان کے ذریعہ وہ یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ آیت **ومن الناس من یشری نفسه** میں شراء بمعنی اشتراء استعمال ہوا ہے۔ اور جو بھی پروردگار عالم کی خوشنودی کے لئے کوئی اقدام کرتا ہے وہ اپنی جان کو جہنم سے خرید لیتا ہے۔ پس لازماً یہ نتیجہ "صہیب" کے عمل پر منطبق ہوتا ہے' کیونکہ اس نے اہل مکہ کے چنگل سے نجات پانے' اہل اسلام اور نبی اکرم سے ملنے اور مدینہ پہنچنے کے لئے اپنے تمام اموال دے دیئے تھے۔ پس اس نے مال دیا اور نبی اکرم سے ملاقات کو خرید لیا۔ یہ ہے "اشتراء"۔

جواب

جناب آیۃ اللہ فاضل لنکرانی اس اعتراض کا جواب یوں تحریر فرماتے ہیں:

اس خشک توجیہ کی رو سے یوں کیوں نہیں کہتے کہ "یشری نفسہ" فروخت کرنے کے معنی میں ہی ہے۔ یہ جو تمہارا عقیدہ ہے کہ ایک عاصی و طاغی اپنے نفس کو آگ کے پاس بیچ دیتا ہے' تو یوں بھی کہہ دو کہ ایک مرد متقی بھی اپنے نفس کو جنت کے ہاتھ فروخت کر دیتا ہے۔ اس طرح گویا متقی کا نفس جنت کا حقدار بن جاتا ہے۔ پس جس طرح عصیان کی طرف نفس فروخت ہوتا ہے تو آگ خریدار بنتی ہے اسی طرح اطاعت کی جانب نفس خرید ہوتا ہے اور آگ اس کی فروخت کرنے والی ہوتی ہے۔

کیا قرآن کریم یا لغت و عرف میں بھی "شراء" بمعنی "اشتراء" آتا ہے؟ "اشتراء" شراء کو قبول کرنے کو کہتے ہیں۔ اسی لئے خریدار کو مشتری کہتے ہیں۔ پس شراء کو قبول کرنا واضح کر رہا ہے کہ شراء کا معنی فروخت کرنا ہے۔

قرآن مجید کی ورق گردانی

کل چار آیات میں "شراء" کا کلمہ استعمال ہوا ہے اور ان چاروں میں اس سے "فروخت" مراد ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

(۱) فلیقاتل فی سبیل اللہ الذین یشرون الحیوٰۃ الدنیا بالآخرۃ

(نساء ۷۴)

(جو لوگ زندگانی دنیا کو "فروخت کرتے" ہیں اور آخرت کو "خرید" لیتے ہیں' انہیں راہ خدا میں جنگ کرنا چاہئے) اس آیت میں "بالآخرۃ" میں باء استعمال ہوئی ہے اور یہ ہمیشہ عوض پر لگتی ہے نہ معوض پر۔ (یعنی قیمت پر لگتی ہے نہ بیچ پر) پس کیا اس سے صاف واضح نہیں کہ "شراء" کے صریحی معنی فروخت کرنا ہے۔

(۲) وشروہ بثمن بخس دراہم معدودۃ ......

(یوسف ۲۰)

(اور انہوں نے "یوسف" کو معمولی دراہم کے عوض ارزاں قیمت پر فروخت کر دیا)

(۳) وبئس ماشروابہ انفسہم......

(انہوں نے کس قدر بری بیع کی کہ خود کو "جادو" کے عوض بیچ ڈالا)

یہ آیت ان لوگوں کی مذمت کر رہی ہے جو جادو کی خریداری میں لگ گئے اور خود کو اس کے عوض بیچ دیا۔ ان تینوں آیات سے مکمل طور پر واضح ہو جاتا ہے کہ "شراء" کے معنی فروخت کرنا ہے۔

(۴) چوتھی آیت یہی مورد بحث آیت ہے اور جب تین آیات کے ذریعہ اس لفظ کے معنی متعین ہو گئے تو کیا اب بھی ہمیں اس آیت کے ظاہری معنی سے فرار کرنے کے لئے ہاتھ پاؤں مارنے کی کوئی ضرورت ہے؟ جب کہ عرف اور لغت بھی اس معنی کے مراد ہونے کی تصدیق کر رہے ہیں۔

ہاں اس ظہور سے دستبردار ہونے کے لئے بس ایک ہی راستہ موجود ہے اور وہ ہے تعصب' اس لئے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے جو کارنامہ انجام دیا وہ فروخت کے معنی پر منطبق ہوتا ہے اور ایک مسلمان صہیب نے جو کام کیا تھا وہ خرید پر منطبق ہوتا ہے۔

سردار شجاعان حضرت امیر المومنین علیہ السلام شب ہجرت' جب کہ کفار قریش رسول اکرمؐ کی جان کے بارے میں بری نیت لے کر آئے تھے' اور غلط منصوبے بنائے ہوئے تھے' رسولؐ کے بستر پر سو گئے۔ آپ کا یہ عمل جو موت کے خطرے کو علیؑ کے نزدیک لا رہا تھا' فقط بیچا

Presented by www.ziaraat.com

زاد ہونے کی وجہ سے نہ تھا کیونکہ ہر شخص اپنی جان کے ساتھ دوسرے کی نسبت زیادہ محبت رکھتا ہے۔ پس یہ سب قربانی رضائے خدا کے لئے تھی۔ جو شخص اللہ کی خاطر فنا ور حق ہو چکا ہوتا ہے وہ اپنی جان پر کھیل جاتا ہے اور شہادت کی موت کو زندگی سے زیادہ لذیذ سمجھتا ہے۔ امیر المومنین علی علیہ السلام اپنی جان بیچ دینے کو حاضر ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرلی اور اسی مقصد کے لئے رسول اکرم کی جگہ پر سو گئے۔ لہٰذا اس آیت کریمہ کا شان نزول صرف علی علیہ السلام کا ہی کارنامہ ہے نہ کہ صہیب کا قصہ۔

اس حقیقت کو سید قطب، استاد عبدہ، اور امام فخر الدین رازی جیسے لوگ بخوبی سمجھتے ہیں۔ ان ناقابل انکار حقائق کا ادراک ان کی رسا تر عقل سے بعید نہیں۔ لیکن جب عقل اور تعصب کی آمیزش ہو جاتی ہے تو اس پیوند کے نتائج انتہائی نادرست ثابت ہوتے ہیں۔ اس قسم کی آمیختگی اور تعصب بازی کی مثالیں ہمارے عالم مسلمان برادران کی کتابوں میں بکثرت موجود ہیں۔ یہی مطبوعات اتحاد اسلامی کی جدوجہد کو مفلوج کر دیتی ہیں۔

(آیہ تطہیر میں اہل بیت کے درخشندہ ستارے ص ۲۷ سطر ۲)

Presented by www.ziaraat.com

اعتراض

جو شخص حضرت علی کو رسول اکرم کو صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا شریک ٹھہراتا ہے وہ غلطی پر ہے۔

جواب

ا۔ یہاں مساوات قرب کے لحاظ سے ہے یعنی جب کبھی دونوں کے درمیان محبت انتہا پر پہنچ جائے تو کہا جاتا ہے کہ وہ دونوں معنًی متحد ہو گئے ہیں حالانکہ وہ صورت و جسم میں الگ الگ ہوتے ہیں۔

۲ یہ مساوات نبوت و رسالت میں نہ تھی بلکہ درجے میں تھی اور یہ بالکل واضح ہے کہ اگر حضرت علی رسول اکرم صلی اللہ و آلہ وسلم کے نزدیک اتنے نہ ہوتے تو ان کو خدا نفس رسول نہ فرماتا۔

۳ آیت میں ثم نبتہل کے لفظ بھی اس بات پر دال ہیں کہ حضرت علیل رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے مباہلہ میں برابر کے شریک ہیں۔

۴ اور یہ مساوات مجازی ہے کہ جتنے کمال ممکن ہو سکیں ان میں حضرت علی باقی لوگوں سے زیادہ شریک ہیں اور مساوات مجازی پر تو اعتراض نہیں ہونا چاہیے کیونکہ جب حقیقی معنی مشکل ہو تو مجازی تو لے سکتے ہیں اس سے تو کسی کو بھی انکار نہیں ہے۔

حضرت علی اور رسول خدا جسمانی لحاظ سے متحد نہیں تھے بلکہ صفات و کمالات میں متحد تھے۔

حضرت علی تمام صفات میں شرکت رسول تھے صرف رسول اکرم نے نبوت کی نفی کی ہے لہذا اس کے علاوہ سبھی اتحاد ہے۔

اس آیت میں نفس رسول آپ ہی ہیں کیونکہ اس آیت میں ابنانا، نسائنا اور انفسنا کا ذکر ظاہر ہے کہ آپ ابناء کی فہرست میں کر سکتے ہیں نسائنا کی فہرست میں صرف انفسنا کے ذیل میں آسکتے ہیں لہذا آپ نفس رسول ہیں۔

ایک آدمی نے محمد بن عائشہ سے پوچھا کہ رسول کے اصحاب میں سے کون افضل ہے

Presented by www.ziaraat.com

آپ نے جواب دیا کہ حضرت ابو بکر و حضرت عمر سائل نے کہا حضرت علی کا نام کیوں نہیں لیا تو محمد بن عائشہ نے تعجب کرتے ہوئے فرمایا کہ تو نفس' رسول کے بارے میں پوچھ رہا ہے یا اصحاب کے بارے میں؟ تو اس وقت محمد بن عائشہ نے مباہلہ کی آیت پڑھ کر سنائی اور فرمایا کہ رسول کے اصحاب نفس رسول جیسے کیسے ہو سکتے ہیں۔ المحاسن والمساوی ص ۲۹

حضرات اب تو آپ بھی مان گئے اس آیت کے لحاظ سے حضرت علی اصحاب سے افضل ہیں۔

والفضل ما شھدت به الاعداء

اور اگر حضرت علی نفس رسول نہ ہوتے تو نصاریٰ کہہ دیتے کہ حضور علی کس لفظ کی تفسیر بن کر آئے ہیں۔

میں تمہاری طرف ایسا آدمی بھیجوں گا جو میرے نفس کی طرح ہو گا بنی ولیعہ سے رسول اکرمؐ نے فرمایا۔

رسول اکرم علی کو اپنا نفس سمجھتے تھے اس لیے اپنے بستر پر سلا کر بڑے اطمینان کے ساتھ چلے گئے۔

اعتراض

آپ لوگ کہتے ہیں کہ حضرت علیل شریک نبی ہیں تو جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہو گیا اور حضرت علی زندہ رہے تو اگر حضرت علی انتقال رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بعد نبی تھے تو نبوت جاری ماننا پڑے گی اگر نبی نہیں تھے تو مساوات و شرکت کیسی۔

جواب

۱۔ پہلے عرض کر چکے ہیں کہ جن جن امور میں حضرت علی کا شریک ماننا محال ہے ان میں شریک نہیں البتہ باقی کمالات وصفات میں حضرت علی باوفا شریک ہیں۔

۲۔ حضرت علی اگر نبوت میں شریک نہیں تو امر نبوت میں تو شریک ہیں کیونکہ اس کام کے لیے تو

Presented by www.ziaraat.com

حضرت موسیٰ کی طرح آپ نے بھی دعا کی تھی کہ یا اللہ وَاَشْرِکْ فِیْ اَمْرِیْ کہ علی کو تو میرے معاملے میں شریک فرما۔

۳۔ اور بعض مقام پر ایسا نہیں ہوتا ہے کہ ایک چیز کا وجود ایک شخص میں ہوتا ہے لیکن وہ فقط اس کے لیے استعمال نہیں کر سکتے جس طرح اللہ کا وجود ہے اس میں جو پدریت موجود ہے لیکن اس کے لیے جو ہر کا لفظ کہنا مشکل اور محال ہے اس طرح حضرت علی میں کمالات تھے جو حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میں تھے لیکن آپ کو نبی نہیں کہہ سکتے۔

اعتراض

شیعہ بھی عجیب ہیں کہ مباہلہ کے روز لعنت کا سلسلہ چلنا تھا جو اس میں شریک ہو وہ تو صاحب فضیلت ہے اور جو شب ہجرت رسول اکرم کے ساتھ جائے وہ صاحب فضیلت کیوں نہیں

جواب

واقع ہجرت میں حضرت ابو بکر کی فضیلت ہے یا نہیں اس کا تذکرہ انشاء اللہ آئندہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْرِیْ کے ذیل میں تفصیل سے آئے گا۔

مباہلہ کا دن صرف لعنت ہی کے لیے نہیں تھا بلکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصرانیوں کے خلاف پہلی میدانی ٹکر تھی لہٰذا آج کی کامیابی ہمیشہ کی کامیابی ہے اور آج کی ناکامی ہمیشہ کی ناکامی ہے۔

شرکاء مباہلہ کو وحی کے ساتھ لے جایا گیا لیکن شب ہجرت ابو بکر کو نہ رسول نے بلایا نہ خدا نے ساتھ لے جانے کے لیے وحی کی۔

ان چار اشخاص کے مباہلہ میں جانے سے مخالفین نے شکست تسلیم کرلی اور اللہ اور اس کا رسول خوش ہو گیا لیکن ابو بکر کے ساتھ جانے سے الٹا رسول اکرم غمگین ہوئے لہٰذا خدا اور رسول کو بار بار تسلی دینا پڑی۔ اور جو کام حضرت ابو بکر کر رہے تھے اس سے روکنا پڑا۔

سوال اس آیت میں تو تین آئمہؑ کی امامت کا ذکر باقی تو آئمہ کے لیے کیا کرو گے۔

جواب

Presented by www.ziaraat.com

ابتدائی اختلاف اس میں ہے کہ پہلا امام کون ہے حضرت علی یا ابو بکر حضرت علی ہیں تو یہ سلسلہ صحیح اگر ابو بکر تو سلسلہ صحیح ہے اگر اس آیت کے لحاظ سے خلافت علی ثابت ہے تو صحت خلافت علی کی وجہ سے سارا سلسلہ صحیح ہو گیا۔

آئمہ اثنا عشر کی امامت کے لیے کافی آیات موجود ہیں۔

جب یہ ثابت ہو گیا کہ حضرت علی اور حسنین صادق ہیں لہذا جس پر یہ نص کر دیں وہ بھی امام برحق ہو گا۔

اعتراض

اگر مباہلہ کے شرکاء کے لیے خلافت و امامت ضروری تھی تو حضرت فاطمہ امام کیوں نہ بنی۔

جواب

آپ سے کسی نے کہہ دیا کہ مباہلہ صرف اثبات خلافت علی کے لیے ہوا تھا بلکہ اسلام کی حقانیت اور عیسائیت کی کاذبیت پر ہوا تھا۔

چونکہ اس آیت میں چند خصوصیات حضرت علی کے لیے تھیں جو مخالفین میں نہیں تھیں لہذا افضلیت کی بناء پر آپ خلافت کے حق دار تھے۔

عورتیں نبی اور امام ہو ہی نہیں سکتیں

آپ کو یہ تھوڑا فخر حاصل ہے کہ آپ ام الائمہ ہیں۔

اعتراض

اصحاب ثلاثہ بھی بچے لے کر مباہلہ گئے تھے۔

جواب

۱۔ یہ خبر احاد سے ہے۔

۲۔ صاحب روح المعانی نے اسے خلاف جمہور تحریر فرمایا ہے۔

Presented by

۳۔ اصحاب ثلاثہ کے کون کون سے لڑکے آئے تھے۔
۴۔ اگر آئے تھے تو کیا حضور انہیں لے کر بھی گئے تھے؟ کیونکہ امید کی خاطر تو ان کے بزرگ خیبر میں علم اور مدینے میں جناب زہرا کا رشتہ مانگتے رہے لیکن امید بر نہ آئیں
۵۔ اگر گئے بھی تھے تو آیت کے کس لفظ کے ذیل گئے تھے۔ بیٹے بن کر یا نفس رسول بن کر۔

اعتراض

کیا انفسنا سے مراد صرف رسول خدا نہیں ہیں۔

جواب

1۔ انفسنا میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بھی ہیں اور حضرت علی بھی۔
2۔ اگر انفسنا سے مراد صرف رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہوں تو داعی بھی خود مدعو بھی خود حالانکہ ان کے مابین مغایرت ضروری ہے۔
۳۔ اگر حضرت علی کو انفسنا کی تفسیر نہ مانا جائے تو بتایئے کہ حضرت علی کس کی تفسیر بن کر گئے کیونکہ آیت میں تذکرہ ہی تین کا۔ ابناء کا نساء کا اور انفسنا کا اب حضرت علی ابناء و نساء دونوں میں مراد نہیں ہو سکتے لہٰذا ماننا پڑے گا کہ حضرت علی انفسنا کی تفسیر بن کر گئے۔

اعتراض

آیت میں لفظ نساء ہے لیکن حضور بیٹی لے گئے۔

جواب

1۔ کیا حضور کو وہ نکتہ معلوم نہ تھا جو جناب کو ہے۔
2۔ کیا بیٹی عورت نہیں ہوتی۔
3۔ جناب قرآن میں زوجہ کا لفظ تو نہیں کہ جناب کو شک پڑ گیا بلکہ نساء ہے جو کہ عورت کے لئے بولا جا سکتا ہے چاہے بیٹی ہو چاہے ماں۔
4۔ جب بھی نساء ابناء کے مقابلے میں آئے تو اس سے مراد بیٹی ہوتی ہے جیسے کہ یحوّن ابناءکم و

Presented by www.ziaraat.com

جواب

حضور میدان مباہلہ میں تلوار کی جنگ نہیں تھی جو عورتوں اور بچوں پر واجب نہ تھی بلکہ کردار کی جنگ تھی لہذا اس میں ہر صاحب عصمت شریک ہو سکتا تھا اسی لئے خدا نے فرمایا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لے گئے شاید معترض صاحب خدا او ررسول خدا سے زیادہ عالم ہیں۔

اعتراض

ابو حارثہ نے کہا کہ اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر والوں کو لے کر آئیں تو مباہلے سے باز آ جانا اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اصحاب کو لے کر آئیں تو بے شک کر لینا۔

کیا نصاریٰ پنجتن پاک کو جانتے تھے کیا حسنین و فاطمہ کو انہوں نے دیکھا ہوا تھا۔

جواب

1۔ وہ آسمانی کتب سے عظمت خمسہ مطہرین پڑھ چکے تھے۔

2۔ چونکہ مباہلہ میں خطرہ تھا تباہی کا' بربادی کا' موت کا' حیات کا' امراء نصاریٰ یہ سمجھتے تھے کہ شاید مصطفیٰ خوف کرتے ہوئے اصحاب کو لائیں گے اور اہل بیت کو بچائیں گے اور اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے اور ساتھیوں پر خطرہ محسوس نہ کریں تو پھر وہ اہل بیت کو لائیں گے تو اگر ایسا ہو تو حضور سچے ہوں گے اس لئے مباہلہ نہ کرنا۔

اعتراض

نصرانی تو حضرت علی سے ڈر گئے اس لئے مباہلے سے دستبردار ہو گئے نہ صداقت رسول کی وجہ سے۔

جواب

Presented by www.ziaraat.com

یہ لوگ بھی عجیب ہیں کہ کسی وقت تو حضرت علی کی تمام فضیلتوں کا انکار کر دیتے ہیں اور کبھی ایسی بات کہہ دیتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت خطرے میں ہو تو ہو لیکن ان کی بات واضح ہونا چاہیے۔

2۔ نصرانیوں کے بڑے راہب نے جو لفظ کہے ہیں ان میں صرف حضرت علی مراد نہیں تھے بلکہ تمام کے متعلق فرمایا کہ اگر یہ اشارہ کریں تو پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں۔

3۔ اس قول سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان کی جسمانی قوت نہیں بلکہ عصمت کی دلیل ہے اور کردار کی عظمت ہے۔

4۔ اس کے قول سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان کا اعجاز ہوگا۔

5۔ کم از کم معترض نے یہ تو تسلیم کیا کہ حضرت علی اتنے بہادر تھے کہ لوگ وقت سے پہلے شکست تسلیم کرنے کے لئے تیار ہو گئے تھے۔

6۔ یہ جنگ تلوار کی نہیں تھی کہ وہ حضرت علی کے حملے سے ڈرے۔ نہ وہ لڑنے کے لئے آئے تھے۔

اعتراض

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بچوں اور عورتوں کو مباہلے میں کیوں لے گئے۔

جواب

1۔ یہ جانے والے صرف بچے ہی نہیں بلکہ گواہی میں بڑوں کے برابر کے شریک ہیں۔

2۔ یہ بچے بچپن میں لوح محفوظ کے مطالعہ کرنے والے ہیں۔

3۔ یہ بچے اگر نماز کی حالت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پر سوار ہو جائیں تو نماز لمبی ہو سکتی ہے لیکن یہ ناراض نہیں ہو سکتے۔

4۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو مباہلے میں اس لئے لے گئے تاکہ انہیں معلوم ہو جائے کہ ایسے مشکل اور خوفناک مقام پر حضور ان کو لے کر آئے جو آپ کے پارہ جگر تھے۔

اعتراض

Presented by www.ziaraat.com

ابن روز بہان فرماتے ہیں کہ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے لئے اس آیت میں ایک فضیلت عظیمہ ہے اور وہ مسلم ہے لیکن یہ آیت حضرت علی کی امامت پر بطور نص دلیل نہ ہو گی۔

جواب

جناب شہید ثالث اس اعتراض کا جواب یوں تحریر فرماتے ہیں:

ابن روز بہان نے یہ جو بیان کیا ہے کہ یہ آیت امیر المومنین علیہ السلام کی نص امامت پر دلالت نہیں کرتی ہے پر یہ مردود ہے اس طرح پر کہ جناب مصنف علیہ الرحمہ نے اس باب کے مطالب کو نص خلافت علی علیہ السلام میں حصر نہیں فرمایا ہے بلکہ ان کا مدعا (جیسا کہ بحث امامت میں سابقاً" اس کی صراحت فرما چکے ہیں) دلیل کا قائم کرنا ہے۔ امامت پر عام اس سے کہ وہ نفس امامت پر دلالت کرتی ہو یا شرائط امامت و لوازم امامت پر مثل عصمت و فضیلت و دیگر فضائل کے جمع ہونے پر دلالت کرتی ہو اس بنا پر کہ وہ فضائل ایسے ہوں کہ جن میں دوسرا کوئی شریک نہ ہو۔ اور بتحقیق کہ صاحب مواقف نے اس کو سمجھ لیا ہے جہاں کہ اس نے یہ بیان کیا ہے کہ شیعوں کے لئے بیان افضلیت علی میں دو مسلک ہیں۔ مسلک اول وہ فضائل ہیں جو آں حضرت کے افضل ہونے پر اجمالاً" دلالت کرتے ہیں۔ اور وہ چند ہیں۔ پہلی آیہ مباہلہ۔ دوسری حدیث طیر وغیرہ اور مسلک ثانی وہ خصائص آنحضرت کے ہیں کہ جو ان جناب کے افضل ہونے پر تفصیلاً" دلالت کرتے ہیں اور منجملہ ان کے ایک یہ امر ہے کہ فضیلت آدمی کی اس کے غیر پر بسبب کمالات کے تسلیم کی جاتی ہے۔ اور بتحقیق کہ ذات والا صفات جناب امیر المومنین علیہ السلام میں وہ فضائل جمع تھے جو دیگر اصحاب میں متفرق تھے اور وہ بہت سے امور ہیں پہلے ان میں سے علم ہے چنانچہ جناب امیر المومنین اعلم صحابہ تھے ما با آخر کلام بعد اس بیان کے صاحب مواقف نے مکابرہ کیا ہے اور ان دونوں مسلکوں کے جواب میں یہ کہا ہے کہ فاضل مذکورہ آنحضرت کی فضیلت پر دلالت کرتے ہیں لیکن افضلیت آنجناب کی ان سے ثابت نہیں ہوتی ہے اور کیونکر افضلیت' ثابت ہو گی حالانکہ مرجع افضلیت کا کثرت ثواب اور کرامت و بزرگی ہے۔ خداوند عالم کے نزدیک اور یہ بات اکتساب طاعات اور اخلاص اعمال سے حاصل ہوتی ہے اور نیز اس چیز سے حاصل ہوتی ہے کہ جو نصرت اسلام کی طرف راجع ہو اور ان

Presented by www.ziaraat.com

فضائل سے ہوتی ہے کہ جو ثبوت دین کے متعلق ہیں۔

اور جاننا چاہئے کہ مسئلہ افضلیت ایک ایسا مسئلہ ہے کہ اس میں جزم و یقین حاصل نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اس کے لئے مستقلاً کوئی عقلی دلیل قائم نہیں کی جاتی ہے بلکہ مستند اس کے لئے منقولات ہوتی ہیں۔ اور یہ مسئلہ ایسا نہیں ہے کہ جس سے کوئی عمل متعلق ہو تاکہ اس میں گمان کافی ہو بلکہ یہ مسئلہ افضلیت ایک مسئلہ علمیہ ہے کہ جس میں یقین مطلوب ہوتا ہے اور اس بارے میں جو نصوص ذکر کئے گئے ہیں وہ چونکہ دوسری روایات سے معارض ہیں اس وجہ سے وہ یقین افضلیت کے لئے مفید نہیں کیونکہ ہر انصاف کرنے والے پر ظاہر ہے کہ وہ کل روایات جو افضلیت کے بارے میں منقول ہیں یا وہ از قسم آحاد ہیں' یا ظنی الدلالۃ ہیں باوصف اس کے وہ دیگر روایات سے متعارض ہیں اور خصوصیت کثرت ثواب کی موجب زیادتی ثواب نہیں ہے۔ قطعاً" بلکہ گمان ہے کیونکہ حصول ثواب ایک تفضل ہے۔ من جانب اللہ جیسا کہ تو نے سابق میں معلوم کیا پس یہ امر خداوند عالم کے اختیار میں ہے کہ اگر چاہے تو مطیع کو ثواب نہ عنایت کرے اور غیر مطیع کو ثواب مرحمت فرمائے۔ رہا ثبوت امامت پس وہ اگرچہ قطعی ہو لیکن اس سے قطعیت افضلیت نہیں ثابت ہوتی ہے بلکہ زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ گمان افضلیت کا ثابت ہو گا اور کیونکر قطعیت کا ثبوت ہو حالانکہ یہ بات بھی قطعی ثابت نہیں کہ فاضل کے ہوتے ہوئے مفضول کی امامت صحیح ہو' لیکن چونکہ ہم نے سلف کو اسی طرح پایا ہے کہ وہ اس کے قائل ہوگئے ہیں کہ ابوبکر افضل ہیں پھر عمر پھر عثمان پھر علی افضل ہیں' اور اسلاف کے ساتھ ہمارا حسن ظن یہ چاہتا ہے کہ اگر وہ اس افضلیت کے عارف نہ ہوتے تو کیوں اس پر اتفاق کرتے' لہذا اسی بنا پر ہم ان کے اتباع کو واجب جانتے ہیں اور اس بارے میں جو امر حق ہو گا وہ خدا کے سپرد کرتے ہیں وہی جانتا ہے کہ حق کس کے لئے تھا (مترجم کہتا ہے کہ اس تقریر سے خوب واضح ہو گیا کہ صاحب مواقف کے نزدیک اس وقت تک یہ بات بھی متحقق نہیں ہوئی کہ خلفاء ثلثہ میں افضل کون ہے صرف بنا بر اختیار اسلاف نا انصاف اتباع کرتے چلے آتے ہیں۔ **یخربون بیوتھم با یدیھم و ایدی المومنین فاعتبر و ایا اولی الابصار** اور علامہ آمدی نے بیان کیا ہے کہ کبھی تفضیل سے ارادہ کیا جاتا ہے ایک شخص کی خصوصیت کا دوسرے سے عدول کرکے یا اصل فضیلت کی وجہ سے کہ جو دوسرے میں نہ پائی جاتی ہو جیسے عالم و جاہل کہ ایک میں صفت علم موجود ہے اور دوسرے میں اس کا وجود ہی نہیں ہے۔ یا ایک دوسرے پر

Presented by www.ziaraat.com

خصوصیت افضلیت بسبب زیادتی صفت کے پائی جاتی ہے۔ جیسے ایک شخص دوسرے شخص سے اعلم ہو اور یہ بھی غیر قطعی ہے۔ درمیان صحابہ کے اس وجہ سے کہ ایسی کوئی فضیلت نہیں ہے کہ ایک شخص میں ہو اور دوسرے میں نہ ہو کیونکہ ہر فضیلت میں یہ کہہ سکتے ہیں ایک دوسرے کا شریک ہے اور عدم شرکت تسلیم کرلی جائے تو یہ بھی بیان کیا جانا ممکن ہے کہ دوسرا دوسری فضیلت کے ساتھ خصوصیت رکھتا ہے اور کثرت فضائل سے ترجیح کا لازم آنا مسلم نہیں ہے کیونکہ اس کا بھی احتمال ہو سکتا ہے کہ ایک ہی فضیلت ترجیح رکھتی ہو بہت سی فضیلتوں پر بسبب زیادتی شرف اسی فضیلت کے اس کی ذات میں یا بوجہ زیادت مقدار اسی فضیلت کے (یعنی شرف میں وہ فضیلت کم ہو لیکن مقدار میں زیادہ ہو) پس اس حیثیت سے افضلیت کا قطعی ہونا درست نہ ہو گا۔ اور شارح عقائد نسفی کہتے ہیں کہ ہم دونوں جانبوں کے دلائل افضلیت پر جو نظر کی تو ان کو آپس میں معارض پایا اور ہم اس مسئلہ کو اعمال سے متعلق نہیں پاتے ہیں۔ اور نہ اس امر میں توقف کرنے۔

کو علامات سنت و جماعت سے قرار دیا ہے اور انصاف یہ ہے کہ اگر ارادہ کیا جائے افضلیت سے کثرت ثواب کا تو اس میں توقف کرنے کا سبب ہے اور اگر اس سے کثرت ان خصائل کی مراد ہو جن کو صاحبان عقل نے فضائل میں شمار کیا ہے تو کوئی وجہ توقف کی نہ ہو گی۔ (یعنی کثرت ثواب تو معلوم نہیں ہو سکتا کہ خلفاء میں کس کے لئے تھی لیکن فضائل میں زیادتی علی علیہ السلام قابل توقف نہیں ہے) جناب قاضی سید نور اللہ شوستری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں اور میں کہتا ہوں کہ ان تمام اقوال میں نظر اعتراض ہے۔

روایت حضرت علیؑ

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نجران کی طرف مباہلہ کی نیت سے نکلے تو مجھے اور فاطمہ اور حسنین کو ساتھ لیا۔

(توضیح الدلائل ص 156 تاریخ دمشق جلد ۳ ص 14)

روایت حضرت ارزق بن قیس

علامہ ذہبی نے سیر اعلام النبلاء جلد ۳ ص 286 تفسیر کشاف والی تمام عبارت تحریر کی

Presented by www.ziaraat.com

ہے جس میں خمسہ مطہرین کا نجران کے میدان میں جا کر فتح حاصل کرنا مذکور ہے۔

اور یہی روایت تفسیر طبری جلد ۳ ص 192 سطر 14 و ص 193 سطر 9 پر حضرت زید بن علی بن حسین سے بھی مروی ہے۔

یہی واقعہ البدایہ و النہایہ کی جلد 5 ص 52 اور شواہد التنزیل کی جلد 1 کے ص 126 پر جناب حذیفہ سے بھی بیان کیا گیا ہے۔

اس واقعہ کو جناب عمرو بن سعید نے بھی بیان فرمایا ہے شواہد التنزیل جلد 1 ص 120 ابو البختری نے بھی اس روایت کو مروی فرمایا ہے ملاحظہ فرمایئے شواہد التنزیل جلد 1 ص 128۔

یہ واقعہ تفسیر طبری کی جلد ۳ ص 192 سطر 12 ص 193 سطر 3 پر قتادہ سے ص 192 سطر 16 سدی سے سطر 9 پر ابن وہب و ابن زید سے۔ تفسیر در منثور جلد ۳ ص 38 پر علیا بن احمر یشکری۔ ذخائر العقبیٰ ص 25 پر حضرت ابو سعید خدری البدایہ و النہایہ جلد 5 ص 52 پر مسلمہ بن یسوع سے تحریر ہے۔

استدلالات

اس روایت کے لحاظ سے حضرت علی نبوت و رسالت کے علاوہ تمام صفات کمال میں رسول اکرم کے شریک ہوئے اور جو شخص اکمل کے شریک ہو وہ اس کے بعد تمام سے افضل ہے۔

اس آیت سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت علی کو اپنا نفس فرمایا ہے کیا اور بھی کوئی انسان ہے جس کے نفس کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنا نفس کہا ہو۔

اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر حضرت علی میدان مباہلہ میں نہ جاتے تو دعویٰ رسول مکمل نہ ہوتا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت علی کو خود نفس نہیں فرمایا بلکہ خود خدا نے حکم دیا کہ علی کو دعا کے قبول ہونے میں وسیلہ قرار دیں کیا یہ اعزاز کسی اور کو بھی ملا ہے؟

ابن روز بہان نے ابطال الباطل میں خود تسلیم کیا ہے کہ اس آیت میں حضرت علی کے

Presented by www.ziaraat.com

لئے فضیلت عظمہ اور وہ مسلم ہے لا میر المومنین فی ھذہ الآیت لفضلتہ عظیمتہ و ھی مسلمتہ

مردوں میں خطاب صرف حضرت علی سے ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے نہیں کیونکہ کوئی اپنے آپ کو مخاطب نہیں کر سکتا۔

میدان مباہلہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا صرف چار شخصیتوں کو لے جانا اس بات کی بین دلیل ہے کہ دوسری عورتیں حضرت فاطمہ دوسرے مرد حضرت علی اور دوسرے بچے حسنین کے معیار کے نہیں تھے وہ رشتے دار تھے لیکن ان کمالات سے محروم تھے جو پنجتن پاک میں تھے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ان چار مخصوں کی استعانت کے محتاج تھے بلکہ آپ کی کامیابی،نبوت کا دار و مدار انہی پر تھا اگر یہ جاتے تو کامیابی ہوتی ورنہ نہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جا کر میدان مباہلہ میں مخالفین کی ہلاکت کے لئے بد دعا اور اپنی کامیابی کے لئے دعا کرنا تھی لہٰذا ان حضرات کی ضرورت تھی جو خدا کے نزدیک فضیلت ومنزلت میں بڑا درجہ رکھتے ہوں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو یقین تھا کہ اگر پنجتن جائیں اور میرے ساتھ دعا میں شریک ہوں تو ضرور خدا ہماری دعا قبول کرے گا۔

تم نبتھل جمع کا صیغہ اس بات پر دال ہے کہ چاروں اشخاص مباہلہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ برابر کے شریک تھے۔

حضرت علی نے یوم شوریٰ فرمایا کہ تم میں کوئی ہے کہ جو رسول سے زیادہ قریب تر ہو کوئی ہے جس کے نفس کو رسول نے اپنا نفس فرمایا ہو اور اس کی اولاد کو اپنی اولاد قرار دیا اور اس کی عورتوں کو اپنی عورتیں فرمایا ہو تمام نے فرمایا ایسا کوئی نہیں۔

(صواعق محرقہ 75)

معلوم ہوا کہ حضرت علی اس میں اپنی فضیلت محسوس کرتے تھے۔

حاضرین کے کہنے سے معلوم ہوا کہ حضرت علی کے علاوہ یہ مفاخر کسی کو حاصل نہ تھے۔

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم افضل الناس تھے اور انؐ کے بعد ان کے

Presented by www.ziaraat.com

فضائل کے شریک ہی افضل ہو سکتے ہیں۔

صاحب مواقف لکھتے ہیں کہ شیعیان حیدر کرار کے نزدیک افضلیت علی میں دو مسلک ہیں اول مسلک وہ فضائل ہیں جو حضرت علی کے فاضل ہونے پر اجمالاً" دلالت کرتے ہیں جیسے آیت مباہلہ اور حدیث ثقلین۔

جناب زمخشری کشاف میں لکھتے ہیں کہ آل عباء کی فضیلت کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ فی دلیل لا شئی اقویٰ منہ علی فضل اصحاب الکساء

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ جانے والے اپنے اپنے حلقے اور طبقے میں صدیق اکبر ہیں یعنی بچوں میں حسنین صدیق اکبر عورتوں میں فاطمہ اور مردوں میں علی صدیق اکبر ہیں۔

اس سے صاحبان مباہلہ کی عصمت بھی ثابت ہوتی ہے کیونکہ یہ تلوار کی جنگ نہیں تھی بلکہ کردار کی جنگ تھی لہٰذا جھوٹوں پر لعنت کے لئے وہی جائے گا جو معصوم ہو۔

اس واقعے سے معلوم ہوا کہ حسنین صرف بچے ہی نہیں تھے بلکہ مصدق رسالت تھے اگر یہ بچے نہ جاتے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مکمل کامیابی نہ ہوتی۔

مخالفین کی طرف سے خطرہ بھی تھا کہ اگر وہ سچے ثابت ہوں تو ان کی بد دعا سے ہم ختم ہو جائیں گے لیکن حضرت فاطمہ کو اپنے باپ کی نبوت اور اپنے شوہر و بچوں کے کردار پر یقین کامل تھا اسی لئے خود بھی باہر نکلیں اور بچوں کو بھی نکالا۔

دیکھا گیا ہے کہ خطرے کے وقت ہمیشہ مائیں بچوں کو بچاتی ہیں لیکن حضرت فاطمہ بچوں کو ساتھ لے جا کر ان کی عصمت و ہمت ثابت کر رہی ہیں۔

دیکھا گیا کہ خطرے کے وقت عموماً" بچے گھروں میں چھپ جاتے ہیں لیکن حسنین گھر سے باہر نکل کر میدان کی طرف جا رہے تھے کیونکہ ان کے اپنے اور اپنے نانا کی صداقت پر پورا یقین تھا۔

حضور اکرم حسنین کو صرف بچپن کی وجہ سے نہیں لے گئے بلکہ اس لئے لے گئے کہ جس طرح علی و فاطمہ کی گواہی اس طرح ان کی گواہی ہے اگر ان بچوں کا جانا فضول ہوتا تو نصاریٰ مذاق کرتے کہ دیکھو حضور بچوں کو لے کر میدان مباہلہ میں آ گئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ جان گئے تھے کہ یہ آنے والے وہی ہیں جن کی انجیل تصدیق کرتی ہے اور جن کے تذکرے گزری ہوئی

Presented by www.ziaraat.com

آسمانی کتابوں میں موجود ہیں۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ ہمیشہ حق پر ہیں اور ان کے مقابلے میں جو بھی آئے گا وہ جھوٹا اور ملعون ہو گا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان چار اشخاص کے علاوہ کسی بھی صحابی کو نہ لے جا کر ثابت کر دیا کہ ان کے علاوہ کوئی صدیق اکبر نہیں ان کے علاوہ اور کوئی معصوم نہیں۔

اس آیت سے حضرت علی کی صداقت ثابت ہو گئی لہٰذا جب حضرت علی نے حق خلافت اور اپنی تفصیل کا دعویٰ کیا تو آپ سچے ثابت ہوئے اور مخالف اس آیت کے منکر قرار پائے۔

حضرت علی نے صدیق اکبر ہونے کا دعویٰ کیا لہٰذا آپ اس آیت کے لحاظ سے سچے ثابت ہوئے۔

رسول اکرم نے چار اشخاص کو مباہلہ لے جا کر ثابت کر دیا کہ افضل کے ہوتے ہوئے مفضول کو ترجیح نہیں دی جاتی۔

عیسائیوں نے مباہلہ سے انکار کر کے پنجتن پاک کی حقانیت، صدیقیت، معصومیت اور افضلیت کا اقرار کر لیا۔

حضرت علی اور حضور اکرم جسمانی لحاظ سے متعدد نہ تھے بلکہ کمالات و فضائل میں متحد تھے۔

حضرت علی تمام کمالات میں شریک رسول ہیں لیکن رسول اکرم نے صرف نبوت کی نفی فرمائی ہے۔

اس آیت سے صرف امت محمد مصطفیٰ سے افضلیت کی دلیل ہی نہیں ملتی بلکہ حضور اکرم کے سوا تمام نبیوں سے بھی افضل ہیں کیونکہ حضور اکرم سب نبیوں سے افضل ہیں اور جن سے حضور افضل ہیں ان سے علی افضل ہیں کیونکہ آپ حضور اکرم کے شریک جو ہوئے۔

حضور اکرم کا اپنے ساتھ صرف چار اشخاص کو لے جانا اس بات کی دلیل ہے کہ دوسرے حضرات اس آیت میں شامل نہیں تھے اگر وہ جانے کے اہل ہوتے تو ضرور ان کو بھی ساتھ لے جاتے۔ بلکہ اگر اور لوگ جانے کے مستحق تھے اور حضور اکرمؐ ان کو جان بوجھ کر نہیں لے گئے تو حضور اکرمؐ نے حقدار کا حق مارا اور یہ منافی نبوت ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضرات حسنین رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بیٹے ہیں اور یہ فخر سوائے اولاد علی کے اور کسی کو حاصل نہیں لہٰذا تفضیل علی ثابت ہوئی۔

(حسنین ابناء رسول ہیں) اس سلسلے میں جناب امام رازی تفسیر کبیر جلد 2 ص 700 مطبوعہ مصر پر تحریر فرماتے ہیں۔

کہ آیت مباہلہ سے ثابت ہے کہ امام حسن و حسین رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے ہیں کیونکہ حضور اکرم نے نصاریٰ نجران سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اپنے ساتھ اپنے بیٹے لے آئیں گے اور حضور اکرم صرف اور صرف اپنے ساتھ اپنے بیٹے لے گئے لہٰذا یہ بات واضح ہو گئی امام حسن و حسین رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند ہیں۔

اور اس پر سورہ انعام کی یہ آیت بھی دلالت کرتی ہے وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ۔

کہ حضرت داؤد و سلیمان.... الخ اور زکریا و یحیٰ و عیسیٰ ابراہیم کی ذریت سے تھے اور حضرت عیسیٰ کا باپ تھا ہی نہیں لہٰذا نواسے کا بیٹا ہونا قرآن سے ثابت ہوا۔

رسول اکرم نے اپنی دعا کی قبولیت کے لئے ان حضرات کو شریک کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ انہیں مشکل میں پکارنا نہ اللہ کے نزدیک شرک ہے اور رسول کے نزدیک۔

اگر کوئی حضرت علی کے علاوہ کسی اور کو افضل امت مانے گا تو وہ فعل قبیح کرے گا کیونکہ نفس رسول کے مقابلے میں کسی اور کو افضل ماننا عقلاً" خلاف ہے۔

ہمیشہ اعلیٰ کے بعد وہی اعلیٰ ہو گا جو پہلے اعلیٰ سے کچھ نسبت رکھتا ہو مثلاً" ایم اے تعلیم والے کے لئے یا تو ایم اے والا چاہئے یا بی اے والا نہ کہ پرائمری فیل لہٰذا اعلیٰ کے بعد وہی ہو گا جو پہلے اعلیٰ کے معیار کا تو ہو اگر بعد میں آنے والا اعلیٰ کا مساوی ہو تو پھر نور علیٰ نور ہے اس کے علاوہ کوئی متبادل نہیں ہو سکتا۔

بعض کتب میں موجود ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مباہلے کی طرف چلے تو آیت تطہیر نازل ہوئی اور رسول اکرم نے حضرت علی و فاطمہ و حسنین کو چادر میں بٹھا کر اللھم ھولاء اھل بیتی فرمایا۔

اس روایت سے بھی وفد مباہلہ کی عصمت واضح ہو گئی۔

Presented by www.ziaraat.com

اس آیت میں جمع کے صیغے تعظیم کے لئے ہیں یعنی ان کی عظمت قرآن کے نزدیک مسلم ہے۔

عیسائیوں نے شکست کیوں مانی اس لئے کہ وہ معصوم نہیں تھے اور ایک معصوم و سچے نبی کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔

شرکاء مباہلہ کی زبان میں اتنی طاقت ہے کہ وہ ایک لفظ فقط آمین کہیں تو پہاڑ حرکت میں آسکتے ہیں۔

خدا نے کہا نہ رسول نے کہ **اصحابنا و اصحابکم و ازواجنا و ازواجکم** تو جب ان کا تذکرہ ہی نہیں تو افضل امت کیسے بن گئے۔

اگر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے ساتھی مباہلہ میں نہ جاتے اور ان کے کردار کی وجہ سے وہ شکست نہ کھاتے تو نہ جانے یہ اختلاف شدت اختیار کر جاتا اور جنگ شروع ہو جاتی اور مسلمانوں کا جانی و مالی نقصان ہوتا تو پنجتن پاک کی وجہ سے دونوں اطراف کے لوگ خطرات سے محفوظ رہ گئے۔

ابناءنا اور نساءنا کو اسی لئے نفس پر مقدم رکھا کہ امت آگاہ ہو جائے کہ یہ لوگ جان پر بھی مقدم ہیں۔

اور حضور اکرم انہیں صرف رشتے داری کی وجہ سے نہ لے گئے تھے کیونکہ حضور اکرم کے ہاں دوستی و محبت کے لئے رشتہ داری معیار نہ تھی ورنہ اپنی برادری کے بعض حضرات سے ناراضگی اور غیر خاندانوں کے لوگوں سے محبت نہ کرتے بلکہ حضور کے نزدیک معیار دوستی معرفت دین و اسلام تھی۔

اگر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اصحاب کو ساتھ لے جاتے تو وہ کس لفظ کی تفسیر بن کر جاتے کیونکہ نہ تو وہ ابناءنا کی فہرست میں آتے تھے اور نہ نساءنا اور انفسنا کی تفسیر میں کیونکہ وہ سارے کے سارے رسول کی جان نہ تھے۔

علی شریک رسول ہے

یہ اتحاد مجاز کی حیثیت رکھتا ہے نہ کہ حقیقتاً اور اس سے مراد روح و کمالات کی شرکت

Presented by www.ziaraat.com

مردانہ کہ جسم کی۔

علم اصول کے مطابق لفظ کو مجاز بعید کے مقابلے میں قریب تر مجاز پر حمل کرنا بہتر اور قریب تر مجاز تمام امور اور کمالات میں شرکت کا مقتضی ہے سوا اس کے جو دلیل سے خارج ہے اس لئے حضرت علی ان کمالات کے علاوہ جن کی رسول نے نفی کر دی ہے تمام امور میں شرکِ رسول ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک نور سے تھے لہٰذا حضور اور علی ہر منزل پر ساتھ ساتھ تھے عرش پر ساتھ باب جنت پر ساتھ بیت المقدس میں ساتھ سدرۃ المنتہیٰ پر ساتھ۔

اعتراض

پنجتن پاک کا میدان مباہلہ میں جانا اس میں کوئی فضیلت نہیں کیونکہ ارباب مباہلہ حسب عادت اپنے اہل بیت اور رشتہ داروں کو مباہلہ میں لے جایا کرتے تھے۔

جواب

اگر حسب عادت تمام اہل بیت و رشتہ دار مباہلے میں جاتے تھے تو رسول اکرم نے اس بارے میں مخالفت کیوں کی یعنی حضور اکرم میدان مباہلہ میں تمام بنی ہاشم کو لے جاتے تمام عورتوں بچوں اور مردوں کو لے جاتے لیکن حضور عورتوں میں صرف حضرت فاطمہ اور بچوں میں صرف حسنین اور مردوں میں صرف حضرت علی کو لے کر گئے معلوم ہوا کہ باقی رشتہ دار اس معیار پر نہیں اترتے تھے جو میدان نجران کے مباہلے کے لئے خدا اور رسول کے نزدیک تھا۔

اگر مباہلہ میں تمام خاندان کا جانا مروج تھا تو مخالف حضرات نصاریٰ نے یہ اعتراض کیوں نہ کیا کہ اے محمد بن عبداللہ آپ تو صرف چند لوگ لے کر آئے ہیں سارا خاندان کیوں نہ لائے۔

جناب شہید ثالث فرماتے ہیں

بالجملہ حاصل کلام یہ ہے کہ چونکہ جناب رسالت مآب عارف جلال الٰہی تھے اور اپنے خالق سے کمال خوف رکھتے تھے لہٰذا اس مباہلہ میں (کہ جس میں ایک دوسرے کی ہلاکت کی دعا کی

Presented by www.ziaraat.com

جاتی ہے اور رحمت خدا سے دوری طلب کی جاتی ہے) اسی جماعت سے استعانت طلب فرمائے کہ جو خدا کے نزدیک فضیلت و منزلت میں اعلیٰ درجے کی حامل تھی چنانچہ اس جماعت کے افراد خاص کو دعائے مباہلہ میں شامل فرمایا کیونکہ کثرت فضل و کمالات (یعنی صفات حسنہ میں فضیلت رکھنے والے) کی وجہ سے استجابت دعا کی زیادہ امید کی جاتی ہے جیسا کہ سنت رسولؐ سے یہ امر معلوم ہوا ہے چنانچہ نبیؐ ایسے شخص کو کیونکر مباہلہ جیسے مقام میں لے کر جا سکتے ہیں جو کہ فضائل کے اعتبار سے کسی بھی طرح مشکوک سمجھا جا سکتا ہو؟ ظاہر ہے کہ مشکوک فضائل کی حامل شخصیت کا مباہلہ کی منزل کے ساتھ لے جانا اسلام میں خلل ڈالنے کے مترادف ہے جبکہ خدا کا رسول ایسے افعال یا باتوں سے منزہ ہے کیونکہ خلاف انصاف کوئی امر بجا لایا جانا رسالت کے منافی ہے خدا نے چونکہ اس آیت مباہلہ میں جمع کا صیغہ استعمال کیا ہے لہٰذا پیغمبر نے جن سے استعانت چاہی یقین کامل ہونا چاہئے کہ وہی افراد اس آیت کے مصداق تھے اگر کوئی اور ہوتا کہ جو ان

(۶) عن الشیخ عبدالقادر الجیلانی رحمتہ اللہ علیہ مرفوعا عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال لما خلق اللہ تعالی ابا البشر و نفخ فیہ من روحہ التفت ادم یمنۃ العرش فاذا نور خمسۃ اشباح سجدا ورکعا قال ادم یا رب ہل خلقت احدا من طین قبلی قال لا یا ادم قال فمن ہؤلاء الخمسۃ الذین اراہم فی ہیئتی و صورتی قال ہؤلاء خمسۃ من ولدک و لولاہم ما خلقتک ہؤلاء خمسۃ شققت لہم خمسۃ اسماء من اسمائی لولاہم ما خلقت الجنۃ و لا النار و لا العرش و لا الکرسی و لا السماء و لا الارض و لا الملائکۃ و لا الانس و لا الجن فانا المحمود و ہذا محمد و انا الاعلی و ہذا علی و انا الفاطر و ہذہ فاطمۃ و انا الاحسان و ہذا الحسن و انا المحسن و ہذا الحسین آلیت بعزتی انہ لا یاتینی بمثقال حبۃ من خردل من بغض احدہم لا ادخلہ ناری و لا ابالی یا ادم ہؤلاء صفوتی بہم انجیہم و بہم اہلکہم فاذا کان لک حاجۃ فبہؤلاء توسل فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحن سفینۃ النجاۃ من تعلق بہا نجی و من اعرض عنہا ہلک فمن کان لہ الی اللہ حاجۃ فلیسال بنا اہل البیت (اخرجہ ابو القاسم عبدالکریم بن محمد بن عبدالکریم الرافعی و ابراہیم بن الحموینی) شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ اس حدیث کے اسناد کو ابو ہریرۃؓ تک پہنچاتے ہیں کہ انہوں نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب حق سبحانہ تعالیٰ نے حضرت ابو البشر علیہ السلام کو پیدا کیا اور اس کے جسم میں اپنی روح کو پھونکا جناب آدم نے عرش کے داہنے بازو کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھا کہ اس میں پانچ تن پاک کے جسموں کا نور رکوع اور سجود کر رہا ہے۔ آدم نے عرض کیا اے میرے پروردگار کیا تو نے کسی کو مجھ سے پہلے مٹی سے پیدا کیا ہے۔ رب العزت نے فرمایا نہیں۔ آدمؑ نے عرض کیا پس یہ کون اشخاص ہیں کہ جن کو میں اپنی ہیئت اور صورت میں دیکھ رہا ہوں۔ خدائے تعالیٰ نے فرمایا یہ تیری اولاد میں سے پانچ شخص ہیں اور جس چیز سے میں نے تجھے پیدا کیا ہے یہ اس سے نہیں ہیں ان کے لیے میں نے اپنے ناموں سے پانچ مشتق کیے ہیں۔ اگر یہ نہ ہوتے تو میں جنت دوزخ عرش کرسی آسمان زمین فرشتے انسان جن وغیرہ اشیاء کو پیدا نہ کرتا پس میں محمود ہوں اور یہ محمد ہے اور میں اعلیٰ ہوں یہ علی ہے۔ میں فاطر ہوں یہ فاطمہ ہے۔ میں احسان ہوں یہ حسن ہے میں محسن ہوں یہ حسین ہے۔ مجھے اپنی عزت کی قسم ہے کہ اگر کوئی ایک خردل کے دانہ کے برابر بھی ان کا بغض لے کر میرے پاس

Presented by www.ziaraat.com

آئے گا تو میں اسی شخص کو ضرور دوزخ میں دھکیلوں گا اور مجھے اس کی کچھ بھی پرواہ نہیں ہو گی۔ اے آدم یہ میرے برگزیدہ ہیں میں ان کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو نجات بخشوں گا اور ان کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو ہلاک کروں گا۔ جب تجھے کوئی حاجت پیش آیا کرے تو ان کی ذات کے ساتھ میری جناب میں وسیلہ پکڑا کر۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے تھے کہ ہم نجات کی کشتی ہیں جس نے اس کشتی کے ساتھ اپنا تعلق اختیار کیا وہ نجات پا گیا اور جس نے اس سے اعراض کیا وہ ہلاک ہو گیا۔ پس جس کسی کو خدا کی جناب سے اپنی حاجت روائی منظور ہو اس کو چاہیے کہ ہم اہل بیت کو درگاہ الٰہی میں وسیلہ لائے۔

روایت حضرت ابن عباس

ارجح المطالب ص 404 سطر آخر اسد الغابہ ص 97 سطر 2

فضائل کا حامل ہوتا تو ضرور رسول اسے بھی اس موقع پر دعوت دیتے کیونکہ آیت کے صیغوں کے اعتبار سے بہر حال کئی ایک کو ہمراہ لے جانے کی گنجائش ہے مگر مقصود کثرت افراد کو جمع کرنا نہیں ہے استجابت دعا کے لئے فضیلت مآب ہاتھ درکار ہیں اور اس منزل میں پانچ افراد کے ہاتھوں کے علاوہ اس میں کسی چھٹے کا ہاتھ نہیں ہے ہاں اللہ کا ہاتھ البتہ ضرور ہے۔

مناقب میں علی بن حسن امام علی رضاؑ سے آپ اپنے باپ سے آپ نے اپنے آباء طاہرین سے وہ حضرات حضرت امیر المومنین علیہم التحیۃ و السلام سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا۔ "اے لوگو! اللہ کا مہینہ (ماہ صیام) برکت' رحمت اور مغفرت کا پیغام لے کر آگیا ہے۔ آپ نے ماہ رمضان کی فضیلت بیان کی۔ پھر رو پڑے۔ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول آپ کیوں روتے ہیں۔ فرمایا اے علیؑ! میں اس بات پر روتا ہوں کہ تم پر اس ماہ میں ایک مصیبت نازل ہو گی۔ میں تم پر وہ مصیبت نازل ہوتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ تم (مسجد کوفہ میں) نماز کا ارادہ کر رہے ہو' اولین اور آخرین میں سب سے زیادہ بدبخت ترین انسان حضرت صالح کی اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والا (یعنی اس کی مانند) اٹھ کر تمہارے سر پر ضربت لگا رہا ہے۔ تمہارے سر کے خون سے تمہاری داڑھی کو خضاب کر رہا ہے۔ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسولؐ اس وقت میرا دین تو صحیح و سالم ہو گا۔ فرمایا تمہارا دین سالم ہو گا۔ میں نے عرض کیا یہ تو خوشخبری کی بات ہے اور شکریہ ادا کرنے کے قابل ہے۔" پھر فرمایا اے علیؑ جس نے تم کو قتل کیا اس نے مجھے قتل کیا' جس نے تمہیں ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا' جس نے تم پر سب کیا' اس نے مجھ پر سب کیا' تم مجھ سے میرے نفس کی مانند

Presented by www.ziaraat.com

ہو، تمہاری روح میری روح ہے اور تمہاری مٹی میری مٹی سے پیدا کی گئی ہے۔ اللہ نے تمہیں اور مجھے اپنے نور سے خلق کیا ہے۔ مجھے چنا اور تمہیں منتخب کیا۔ میرا انتخاب نبوت کے لئے ہوا۔ تمہارا چناؤ امامت کے لئے۔ جس نے تمہاری امامت کا انکار کیا اس نے میری نبوت کا انکار کیا۔ اے علیؑ! تم میرے وصی، وارث اور میرے فرزندوں کے باپ ہو۔ میری بیٹی تمہاری بیوی ہے۔ تیرا حکم میرا حکم ہے اور تیری نہی میری نہی ہے۔ مجھے قسم ہے اس خدا کی جس نے مجھے نبی بنا کر بھیجا اور مجھے مخلوق سے بہتر گردانا۔ آپ اللہ کی مخلوق پر اللہ کی حجت ہیں۔ اللہ کے راز کے امین ہیں۔ اللہ کے بندوں پر اللہ کے خلیفہ ہیں۔ (ینابیع المودۃ ص۸۹ سطر۷)

عَلِیٌّ مِنِّی

پہلے علی منی و انا منہ کے ذیل میں مفصل تحریر کر دیا گیا ہے۔

علیؑ نفس رسولؐ ہے صحابی نہیں

استدلال زمخشری

صحیح مسلم مصابیح اور مشکوٰۃ میں سعد وقاص سے مروی ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ جب آیہ مذکورہ نازل ہوا۔ سید انبیاءؐ نے مرتضیٰ علیؑ، فاطمہ اور حسنین کو طلب کر کے فرمایا ھوء لاء اھل بیتی اور صواعق محرقہ اور کشاف زمخشری میں مرقوم ہے کہ اس آیت سے بڑھ کر آل عبا کے افضل ہونے پر اور کوئی قوی اور زبردست دلیل نہیں ہے۔ اور آل عبا سے مرتضیٰ علیؑ فاطمہؑ اور حسنینؑ مراد ہیں۔ کیونکہ رسولؐ نے اس آیت کے نزول کے بعد مباہلہ کے وقت ایک پہلو میں حسنؑ کو اور دوسرے پہلو میں حسینؑ کو اور منہ کے سامنے مرتضیٰ علیؑ کو اور پیٹھ کے پیچھے فاطمہؑ کو جگہ دی تھی۔ پس معلوم ہوا کہ حق سبحانہ نے مرتضیٰ علی کو نفس پیغمبر اور ان کی اولاد اور ذریت کو آنحضرت کے ابناء اور نساء فرمایا ہے۔ (کوکب دری ص۱۲۹ سطر۲۴، ارجح المطالب ص۱۱۳۴/۳۲)

Presented by www.ziaraat.com

مباہلہ

مناقب اہل بیت جلد ۴ ص ۱۰۴ تا ۱۴۴

روایت حضرت زید

تفسیر طبری جلد ۳ ص ۱۹۲ سطر ۱۳

روایت حضرت حذیفہ

البدایہ و النہایہ جلد ۵ ص ۵۲، شواہد التنزیل جلد ۱ ص ۱۲۹

روایت حضرت عمر بن سعید

شواہد التنزیل جلد ۱ ص ۱۲۰

روایت ابو البختری

شواہد التنزیل جلد ۱ ص ۱۲۸

روایت حضرت سدی

تفسیر طبری جلد ۳ ص ۱۹۲ سطر ۱۶

روایت حضرت قتادہ

Presented by www.ziaraat.com

تفسیر طبری جلد ۳ ص ۱۹۲ سطر ۲۲، جلد ۳ ص ۱۹۳ سطر ۴

روایت حضرت ابن وھب و ابن زید

تفسیر طبری جلد ۳ ص ۱۹۲ سطر ۹

روایت علامہ بن احمد یشکری

تفسیر درمنثور جلد ۳ ص ۳۸، طبری جلد ۳ ص ۱۹۳

روایت حضرت امام جعفر صادقؑ

صاحب المناقب نے امام جعفر صادقؑ آپ اپنے باپ سے اور وہ آپ کے دادا علیؑ بن حسینؑ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ امام حسن علیہم السلام نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا کہ جب کفار نجران نے میرے نانا سے جھگڑا کیا تو اللہ تعالیٰ نے میرے نانا کی خاطر کہا فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَاءَنَا وَ اَبْنَاءَكُمْ وَ نِسَاءَنَا وَ نِسَاءَكُمْ وَ اَنْفُسَنَا وَ اَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ (محمد ان سے کہہ دو کہ ہم اپنے فرزند بلا کر (میدان مباہلہ) میں لائیں تم اپنے فرزند، ہم اپنی عورتیں بلا کر لائیں تو تم اپنی عورتیں بلا کر لاؤ۔ ہم اپنے نفسوں کو لائیں۔ تم اپنے نفسوں کو لاؤ۔ پھر مباہلہ کریں۔ اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کریں۔ میرے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے نفس کے طور پر میرے باپ کو لے گئے تھے۔ اور اپنے فرزندوں کی جگہ مجھے اور میرے بھائی حسینؑ اور عورتوں کی بجائے میری ماں فاطمہ کو لے گئے تھے۔ ہم رسول اللہؐ کے اہل ہیں۔ ہم آپ کا گوشت، خون اور نفس ہیں۔ وہ ہم سے ہیں اور ہم ان سے ہیں۔

ینابیع المودۃ ص ۸۸ سطر ۱ (اردو)، ص ۴۳ سطر ۲۰ (عربی)، اسباب النزول ص ۷۴، انتھاء الافھام ص ۱۹۹

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت ابو سعید خدری

ذخائر العقبیٰ ص۲۵

روایت حضرت سلمہ بن یسوع

البدایہ و النہایہ جلد ۵ ص ۵۲

عمدہ لیکن مفصل ذکر بزبان فارسی از مدارج النبوۃ

البلاغ جلد ۱ ص ۱۹۲، مدارج النبوۃ ص ۴۹۸، حبیب السیر ص ۷۳ جلد سوم، نولکشور کانپور ۱۹۰۴ء، روضۃ الاحباب ص ۳۶۵ سطر ۱

یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ

اے نفس مطمئنہ (الفجر ۲۸)

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ یہ سورہ حضرت علیؑ کی شان میں نازل ہوا ہے۔ (شواہد التنزیل جلد ۲ ص ۳۳۰)

سدّ الابواب

(۱) عن زید بن ارقم و البراء بن عازب قال لنفر من اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم ابواب شارعة فی المسجد فقال یوما سدوا هذه الابواب الا باب علی قال فتکلم فی ذلک اناس قال فقام رسول الله صلی الله علیه وسلم فحمد الله و اثنی علیه قال اما بعد فانی قد امرت بسد هذا الابواب غیر باب علی فقال فیه انی والله ما سددت شیئا و لا فتحته ولکنی امرت بشئی فاتبعته (اخرجه احمد و النسائی و الحاکم) زید بن ارقم اور براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے چند نفر کی آمد و رفت کے لیے مسجد میں دروازے تھے ایک روز حضرت محمدؐ نے حکم دیا کہ علیؑ کے دروازے کے سوا سب کے دروازے بند کر دو۔ بعض لوگ اس میں کچھ گفتگو کرنے لگے۔ حضرتؐ نے کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا اور حمد و ثناء کے بعد فرمایا مجھے حکم ہوا کہ علی کے دروازے کے سوا سب کے دروازے بند کیے جائیں۔ اور اسی خطبہ میں حضرتؐ نے ارشاد کیا واللہ میں نے کسی کے دروازے کو بند نہیں کیا اور نہ کھولا ہے لیکن جو کچھ کہ ہوا ہے میں نے وہی کیا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۲۹۵' جامع ترمذی ص ۳۳۵ سطر ۱۵' مشکوٰۃ ص ۵۶۵ سطر ۱۰' الروضۃ الندیہ ص ۱۹۹' درمنثور جلد ۳ ص ۱۳۰' کنوز الحقائق ص ۱۳۲ سطر ۱' تحفۃ الاحوذی جلد ۴ ص ۳۳۱ سطر ۲' فتح الباری جلد ۷ ص ۱۴' المرقات جلد ۱۱ ص ۳۴۷ سطر ۱۸' ص ۳۵۰ سطر آخر' کفایت الطالب ص ۸۵' اللئالی المصنوعہ جلد ۱ ص ۱۷۹ سطر ۲' ذخائر العقبیٰ ص ۷۷ جلد ۲' مطالب السئول ص ۵۹ سطر ۱' تحفۃ المہدی ص ۲۱۵' وفاء الوفا جلد ۱ ص ۳۳۶ سطر آخر' البدایہ و النہایہ جلد ۷ ص ۳۳۸' سیرت حلبیہ ص ۳۴۶ جلد ۳' قول مسدود ص ۱۸' تاریخ بغداد جلد ۷ ص ۲۰۵ سطر ۸' حبیب السیر جز ۳ جلد ۲ ص ۱۱ سطر ۳' الحاوی ص ۱۵ جلد ۲' ازالۃ الخفا مقصد ۲ ص ۲۶۳ سطر ۱۰' تذکرۃ الخواص ص ۱۲ سطر ۲' المعتصر جلد ۲ ص ۳۳۲' خصائص نسائی ص ۱۳ سطر ۱' ص ۷۵ سطر ۳' مظاہر حق جلد ۴ ص ۷۰۰ سطر ۲' مناقب ابن مغازلی ص ۲۵۸ سطر ۷' ینابیع المودۃ ص ۸۷ سطر ۱۹' مفتاح کنوز السنہ ص ۲۵۲ کالم ۲ سطر ۲' مسند حنبل جلد ۱ ص ۲۵۵ سطر ۷' ص ۳۶۹ سطر ۱' حلیۃ الاولیاء جلد ۴ ص ۱۵۳' جامع الاصول جلد ۹ ص ۴۷۵ حدیث ۶۴۹۳' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۹۲ سطر ۱۳' الاصابہ جلد ۴ ص ۵۰۳ سطر ۱۷' تاریخ مدینہ منورہ جلد ۱ ص ۳۴۷' فیض القدیر جلد ۱ ص ۱۰۹' ذخائر المواریث جلد ۲ ص ۲۰۰' فتح الملک العلی ص ۲۷' کوکب دری ص ۲۵۳' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۴ سطر ۲' زین الابرار جلد ۱ ص ۳۵' القول المستحسن جلد ۱ ص ۱۸۵' سیرت حلبیہ جلد ۱۳ ص ۷۳' ۴' کنز العمال جلد ۱ ص ۱۵۲ حدیث ۲۹۳۲-۲۲۴۵۳' اسنی المطالب ص ۱۲' المستدرک جلد ۳ ص ۱۲۵ سطر ۲' تلخیص سطر ۲' الاستیعاب جلد ۲ ص ۷۰۲ سطر ۲۵' منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۲۹ سطر آخر

روایت حضرت عبداللہ ابن عباس

(۲) عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی ان موسیٰ سال ربہ ان یطہر مسجدہ بھارون و ذریتہ و انی سالت ان یطہر مسجدی بک و بذریتک من بعدی ثم ارسل الی ابی بکر ان سد بابک فاسترجع و قال سمعا و طاعۃ فسد بابہ ثم الی عمر کذلک ثم صعد المنبر فقال ما انا سددت ابوابکم و لا فتحت باب علی و لکن اللہ سد ابوابکم و فتح باب علی (اخرجہ ابو نعیم فی الفضائل و الصحابۃ) ابن عباس کہتے ہیں کہ حضرت نے جناب امیر سے ارشاد کیا کہ موسیٰ نے خدا سے التجا کی تھی کہ اس کی مسجد کو ہارون اور اس کی ذریت کے ذریعہ سے پاک کرے اور میں نے بھی خدا سے درخواست کی ہے کہ وہ میری مسجد کو تیرے لیے اور تیری ذریت کے لیے پاک کر دے۔ پھر حضرت نے ابوبکر کو کہلا بھیجا کہ اپنا دروازہ بند کر لے انہوں نے سمعاً و طاعۃً کہہ کر دروازہ بند کر لیا۔ پھر حضرت عمر کو بھی ایسا ہی کہلا بھیجا۔ پھر حضرت نے منبر پر چڑھ کر فرمایا میں نے تمہارے دروازے نہیں بند کیے اور نہ علی کا دروازہ کھلا چھوڑا ہے بلکہ خدا نے ایسا ہی فرمایا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

ص۱۸

روایت سوم

ارجح المطالب ص۵۱۶، خصائص نسائی ص۱۳

روایتِ حضرت مصعب بن سعد

نظم درر السمطین ص۱۰۸، لسان العرب جلد ۳ ص ۱۴ سطر ۱۰ کالم ۱

روایت حضرت عبداللہ بن عمر

(۱۱) عن علاء بن عزا قال سالت عبداللہ بن عمر عن علی و عثمان فقال اما علی فلا تسئل عنہ احدا و انظر الی منزلتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد سدّ ابوابنا فی المسجد و اقر بابہ و اما عثمان فانہ اذنب ذنبا عظیما یوم التقی الجمعان فعفی اللہ و اذنب فیکم ذنبا صغیرا فقتلتموہ (اخرجہ النسائی) علاء بن عزا کہتے ہیں کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے جناب علی علیہ السلام اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے فضائل کی نسبت پوچھا وہ کہنے لگے علی کی نسبت کسی سے مت پوچھو اور ان کی منزلت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دیکھ لے کہ ہمارے سب کے دروازے مسجد میں بند کر دیے اور ان کا دروازہ برقرار رکھا۔ اور حضرت عثمان نے جس روز کہ دونوں گروہ اکٹھے ہوئے ایک بھاری گناہ کیا پھر خدا نے انہیں بخش دیا اور تمہارا ایک چھوٹا سا گناہ کیا اور تم نے ان کو مار ڈالا۔

ارجح المطالب ص۵۱۷، خصائص نسائی ص۷۵ سطر۳، وفاء الوفا جلد۱ ص ۳۳۷ سطر۶

روایت حضرت ناصح بن عبداللہ

(۱۲) عن ناصح بن عبداللہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم امر بسد الابواب کلھا غیر باب علی فقال العباس یا رسول اللہ انزل قدر ما ادخل انا وحدی فقال ما امرت بشئی من ذلک فسدھا (اخرجہ الطبرانی) ناصح بن عبداللہ کہتے ہیں کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب علی کے دروازے کے سوا سب کے دروازوں کو بند کرنے کا امر کیا۔ عباس نے کہا یارسول اللہ آپ میرے لیے صرف اتنی جگہ چھوڑ دیں کہ جہاں سے میں اکیلا داخل ہو سکوں۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا مجھ کو حکم نہیں ہے پس سب دروازے بند کر دیے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۵۱۷

یہ روایت پہلے خصائص ثلاثہ میں بھی تحریر کر دی گئی ہے۔

روایت حضرت عمر بن سہیل

(۱۷) عن عمر بن سہیل قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انطلق فمرھم ان یسد و ابوابھم فانطلقت فقلت لھم ففعلوا الا حمزۃ فقلت یا رسول اللہ قد فعلوا الا حمزۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قل لحمزۃ فلیحول بابہ فقلت لحمزہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا مرک ان تحول بابک فحولہ فرجعت الیہ و ھو قائم یصلی فقال ارجع الی بیتک (اخرجہ البزار) عمر بن سہیل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ جا کر لوگوں کو کہدے تاکہ اپنے اپنے دروازے بند کر دیں۔ میں نے جا کر کہہ دیا انہوں نے بند کر دیے مگر حمزہ رضی اللہ عنہ نے بند نہ کیا میں نے آ کر عرض کیا کہ حمزہ رضی اللہ عنہ کے سوا سب نے بند کر دیے ہیں آپ نے فرمایا جا کر حمزہ کو کہو کہ البتہ اپنے دروازے کو پھیر دے۔ میں نے ان سے جا کر کہا انہوں نے بھی اپنا دروازہ پھیر لیا۔ میں حضرت کی خدمت میں لوٹ آیا۔ آپ نماز پڑھ رہے تھے بعد فراغت کے آپ نے فرمایا جا اپنے گھر واپس ہو جا۔

ارجح المطالب ص ۵۱۸

روایت حذیفہ بن اسید الغفاری

(۱۸) عن حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ قال لما قدم اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ لم یکن لھم بیوت و کان یبیتون فی المسجد فقال لھم النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تبیتوا فی المسجد فتحتلموا ثم ان القوم بنوا بیوتا حول المسجد و جعلوا ابوابھا الی المسجد ثم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعث الیھم معاذ ابن جبل فنادی ابابکر فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا مرک ان تسد بابک الذی فی المسجد و تخرج منہ فقال سمعا و طاعۃ ثم ارسل الی حمزۃ فسد بابہ و قال سمعا و طاعۃ للہ و الرسولہ و علی متردد لا یدری اھو فیمن یقم او فیمن یخرج و کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد بنی لہ فی المسجد بیتا بین بیوتہ فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکن طاھر او مطھر الباغ حمزۃ قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعلی فقال یا محمد اخرجنا و تمسک غلمان بنی عبدالمطلب فقال لہ کان الا مرلی ما جعلت دونکم من احد و اللہ ما اعطاہ ایاہ الا اللہ و انک لعلی بحر من اللہ و رسولہ (اخرجہ الفقیہ ابو الحسن ابن المغازلی و ابوبکر بن مردویہ) حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب مدینہ میں آئے چونکہ رات کو سونے کے لیے ان کے گھر نہیں تھے اس لیے مسجد میں سو رہا کرتے تھے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا تم مسجد میں مت سویا کرو کیونکہ تم جنب ہو جاتے ہو۔ پھر صحابہ نے مسجد کے ارد گرد اپنے گھر بنا لیے اور ان کے دروازے مسجد میں رکھے۔ حضرتؐ نے معاذ بن جبل کو ان کی طرف بھیجا انہوں نے ابوبکرؓ سے جا کر کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تم کو فرمایا ہے کہ اپنا دروازہ مسجد میں سے بند کر لو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سمعاً و طاعۃ کہہ کر حکم کی تعمیل کی۔ پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب حمزہ رضی اللہ عنہ کے پاس معاذ کو بھیجا انہوں نے بھی "سمعاً و طاعۃ" کہہ کر دروازہ بند کر لیا۔ جناب علی علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

متردد تھے اور ان کو معلوم نہیں تھا کہ آیا میں بھی رہتا ہوں یا کہ نکالا جاتا ہوں۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا گھر مسجد کے درمیان اپنے گھروں کے بیچ میں بنوایا ہوا تھا۔ فرمایا یا علی تم مسجد میں پاک اور پاک کرنے والے ہو کر رہو یا بات حمزہ رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوئی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے یا رسول اللہ آپ ہم کو نکالتے ہیں اور بنی عبدالمطلب کے لونڈوں کو رہنے کا حکم دیتے ہیں۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کچھ میں نے کیا ہے حکم کے مطابق کیا ہے جو تمہارے کسی کے لیے نہیں تھا۔ خدا کی قسم ہے کہ یہ مرتبہ خدا کے سوا کسی نے اس کو نہیں دیا اور اللہ اور اللہ کے رسول کی جانب نیکو ترین ہو۔

ارجح المطالب ص ۵۱۹، ینابیع المودة ص ۲۷ سطر ۲، مناقب ابن مغازلی ص ۲۵۳ سطر ۴

روایت حضرت عدی بن ثابت

(۱۹) عن عدی بن ثابت قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی المسجد فقال ان اللہ اوحی الی نبیہ موسی ان ابن لی مسجدا طاھرا لا یسکنہ الا موسی و ہارون و ابنا ھارون و ان اللہ اوحی الی ان ابن لی مسجدا طاہر الا یسکنہ الا انا و علی و ابنا علی (اخرجہ ابن المغازلی) عدی بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکل کر فرمانے لگے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیج کر ارشاد کیا تھا کہ میرے لیے پاک مسجد بنا جس میں موسیٰ اور ہارون اور ہارون کے بیٹوں کے سوا کوئی نہ رہے۔ اسی طرح سے خدائے تعالیٰ نے مجھے وحی بھیج کر فرمایا ہے کہ میرے لیے پاک مسجد بنا جس میں میرے اور علی اور علی کے بیٹوں کے سوا کوئی نہ رہے۔

روایت حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری

کنز العمال جلد ۶ ص ۳۹۸، حدیث ۶۰۲۹، تاریخ بغداد جلد ۷ ص ۲۰۵، کفایت الطالب ص ۸۷

روایت حضرت عطلب بن عبد اللہ

تاریخ مدینہ منورہ جلد ۱ ص ۳۳۸

یوم شوریٰ احتجاج

موفق بن احمد ابوذر اور طفیل سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی نے اہل شوریٰ پر دروازوں کے بند کرنے والی حدیث کے ذریعے احتجاج فرمایا تھا۔

Presented by www.ziaraat.com

نیز حموینی نے ابن مسعود، بریدہ اسلمی، ابن عباس، ابن عمر اور ام سلمہ سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ نیز اس دروازے بند کرنے والی حدیث کو محمد بن اسحاق مطلبی صاحب المغازی سے سعد بن ابی وقاص اور عامر شعبی سے روایت کیا ہے۔ (مناقب خوارزمی ص ۱۲۷، ینابیع المودت ص ۱۴۰ سطر ۱)

روایت حضرت مسلم ملائی

تاریخ مدینہ منورہ جلد ۱ ص ۳۳۸

روایت حضرت عمر بن خطاب

یہ روایت پہلے زیر عنوان خصائص ثلاثہ تحریر کر دی گئی ہے۔

روایت سعد بن مالک

یہ روایت پہلے زیر عنوان خصائص ثلاثہ تحریر کر دی گئی ہے۔
ارجح المطالب ص ۵۱۵

روایت حضرت حبہ عرنی

(۱۷) عن حبّة العرني قال لما امر رسول الله صلی الله علیه وسلم بسد الابواب التي في المسجد شق علیهم قال حبه كاني لا نظر الی حمزة بن عبدالمطلب و هو تحت قطیفته حمراء و علیناه تذر فان و یقول اخرجت عمک و ابا بکر و عمر و العباس و اسکنت ابن عمک فعلم رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قد شق علیهم فنودی الصلوة جامعته فصعد المنبر فلم یسمع من رسول الله صلی الله علیه وسلم خطبته كان ابلغ منها تمجید منها تمجیدا و توحیدا فلما فرغ قال ایها الناس ما انا سددتها و انا فتحها و لا انا اخرجتکم و اسکنته و لکن الله هو امر به ثم قراء و النجم اذا هوی ما ضل صاحبکم و ما غوی و ما ینطق عن الهوی ان هو الا وحی یوحی علمه شدید القوی (اخرجه ابوبکر ابن مردویه) حبہ عرنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دروازوں کے بند کرنے کا حکم دیا جو مسجد میں تھے لوگوں پر ان کا بند کیا جانا نہایت شاق گزرا۔ حبہ کہتے ہیں کہ اب تک میری آنکھوں میں ہے کہ

Presented by www.ziaraat.com

میں نے حمزہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ سرخ لنگی اوڑھے ہوئے ہیں اور ان کی آنکھیں آنسو سے ڈبڈبا رہی ہیں اور حضرتؐ سے عرض کر رہے ہیں کہ آپ نے اپنے چچا اور ابوبکر اور عمر اور عباس کو مسجد سے نکال دیا ہے اور اپنے چچا زاد بھائی کو رہنے دیا ہے۔ حضرت کو معلوم ہو گیا کہ ان لوگوں پر دروازوں کا بند کیا جانا نہایت شاق گزرا ہے۔ حضرتؐ نے نماز جماعت کی منادی کرائی اور منبر پر چڑھ کر ایسا فصیح و بلیغ خطبہ ارشاد کیا کہ تمجید و توحید میں ویسا خطبہ کبھی نہیں سنا گیا تھا۔ حمد و ثنائے باری کے بعد فرمایا اے لوگو میں نے ان دروازوں کو نہ بند کیا ہے اور نہ کھولا ہے اور نہ تم کو نکالا ہے۔ اور نہ اس کو یعنی علی کو رکھا ہے۔ پھر آپ نے سورہ والنجم پڑھا۔ کہ قسم ہے ستارے کی جبکہ وہ گرا نہیں گمراہ ہوا تمہارا صاحب اور نہیں بھٹکا اور نہیں بولتا ہے اپنی خواہش سے مگر جبکہ اس کی طرف وحی بھیجی جاتی ہے سخت قوتوں والا اس کو سکھاتا ہے۔

ارجح المطالب ص ۸۵ سطر آخر' تفسیر درمنثور جلد ۲ ص ۳۱۴' کنز العمال جلد ۶ ص ۴۰۸' حدیث ۵۷ ۱۰

محمد بن علی

مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۵ سطر ۱۹

براء بن عازب

ارجح المطالب ص ۵۱۴' مناقب ابن مغازلی ص ۲۵۷ سطر ۴' البدایہ جلد ۷ ص ۳۴۱

مرفوع روایت

خصائص کبریٰ جلد ۲ ص ۲۴۳' کنز العمال جلد ۶ ص ۴۰۸' ابن مغازلی ص ۲۹۹ سطر ۷' شرف النبی ص ۲۸۷

عن عبداللہ بن عمر

ارجح المطالب ص ۵۲۰' لسان المیزان جلد ۴ ص ۱۶۵ سطر ۳' المعتصر جلد ۲ ص ۳۳۳' الحاوی جلد ۲ ص ۱۵' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۵ سطر ۷

Presented by www.ziaraat.com.

عن علیؑ

(۵) عن علی قال اخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدی فقال ان موسی سال ربہ ان یطھر مسجدہ بھا رون و انا سالت ربی ان یطھر مسجدے بک ثم ارسل الی ابی بکر ان تسد بابک قال سمعا و طاعتہ فسدبابہ ثم ارسل الی عمر بمثل ذلک ثم ارسل الی العباس بمثل ذلک ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما انا سددت ابوابکم وفتحت باب علی ولکن اللہ فتح باب علی و سد ابوابکم (اخرجہ البزار فی مسندہ) جناب امیر علیہ السلام سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔ موسیٰ علیہ السلام نے خدا سے دعا مانگی تھی کہ وہ ان کی مسجد کو ہارون کے ساتھ پاک کرے میں نے بھی خدا سے طلب کیا ہے کہ میری مسجد کو تیرے ساتھ پاک کرے۔ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حکم دے بھیجا کہ اپنا دروازہ بند کر دیں انہوں نے "سمعا" "و طاعۃ" کہہ کر حکم کی تعمیل کی پھر اسی طرح سے عمر رضی اللہ کو کہلا بھیجا۔ پھر اسی طرح عباس رضی اللہ عنہ کو کہلا بھیجا۔ پھر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تمہارے دروازے بند نہیں کیے اور نہ علی کا دروازہ کھولا ہے۔ مگر خدا نے تمہارے دروازے بند کیے ہیں۔

ارجح المطالب ص۵۱۸/۵۲۷، وفاء الوفا جلد۱ ص۳۳۹، مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۱۵ سطر۲، کنز العمال جلد۶ ص۴۰۸، سیرت حلبیہ جلد۳ ص۳۷۴

ایک روایت جس میں خمیرہ کا ذکر بھی ہے

مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۱۵ سطر۲

ایک عمدہ روایت از وفاء الوفا

جلد۱ ص۳۳۹، ابلاغ ص۱۲۵

روایت حضرت ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص

ارجح المطالب ص۵۲۵، خصائص نسائی ص۱۳، تاریخ بغداد جلد۵ ص۲۹۳

Presented by www.ziaraat.com

روایت ینابیع المودت

عربی ص ۷۲ اردو ص ۱۴۵

ابن عمر وغیرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد کی طرف تشریف لائے۔ اور فرمایا کہ اللہ نے اپنے نبی موسیٰؑ کی طرف وحی کی تھی کہ میری خاطر ایک پاکیزہ مسجد تیار کرو۔ جس میں حضرت موسیٰؑ اور ہارون قیام کریں۔ اللہ نے مجھے وحی کی ہے۔ کہ مسجد کو پاک وپاکیزہ کر دوں۔ اس میں، میں اور میرا بھائی علیؑ قیام کریں۔ موفق بن احمد ابوذر اور طفیل سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے اہل شوریٰ پر دروازوں کے بند کرانے والی حدیث کے ذریعے احتجاج فرمایا تھا۔ نیز حموینی نے ابن مسعودؓ بریدہ بن اسلمیؓ ابن عباسؓ ابن عمر اور ام سلمہ سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ نیز اس دروازے بند کرنے والی حدیث کو محمد بن اسحاق مطلبی صاحب المغازلی نے سعد بن ابی وقاص اور عامر شعبی سے روایت کیا ہے۔

روایت حضرت ابوذر

ینابیع المودۃ عربی ص ۷۲ سطر ۷

روایت حضرت ابن مسعود

ینابیع المودۃ عربی ص ۷۲ سطر ۸

روایت حضرت بریدہ اسلمی

ینابیع المودۃ ص ۷۲ سطر ۸

Presented by www.ziaraat.com

(۳) عن ام المومنین ام سلمۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا ان مسجدی حرام علی کل حائض من النساء و جنب من الرجال الا علی محمد و اھل بیتہ علی و فاطمۃ و الحسن و الحسین (اخرجہ البیہقی و الطبرانی فی الکبیر) جناب ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ یہ میری مسجد ہر حائض عورت اور جنب مرد پر حرام ہے۔ مگر محمد اور اس کی اہل بیت علی اور فاطمہؑ اور حسن اور حسین پر حلال ہے۔

(۴) عن عثمان بن عبداللہ القرویسی من حدیث طویل قال خطب علی فی اول یوم بویع فیہ عثمان فقال فیھا انا شدکم اللہ ھل تعلمون کان یدخل المسجد غیری جنبا قالوا اللھم لا (اخرجہ ابن عساکر) عثمان بن عبداللہ قروی ایک حدیث کے درمیان بیان کرتے ہیں کہ جس روز عثمان رضی اللہ عنہ سے بیعت ہوئی اسی روز جناب علی علیہ السلام نے خطبہ پڑھا اور اس میں قسم دے کر لوگوں سے پوچھا کہ آیا تم میرے علاوہ کسی آدمی کو جانتے ہو۔ جو جنب کی حالت میں مسجد کے درمیان جا سکتا تھا سب نے کہا خدا گواہ ہے کوئی نہیں جا سکتا تھا۔

روایت حضرت ام سلمہ

ینابیع المودۃ ص ۷۲ سطر ۸

روایت حضرت ابی سعید خدری

اخبار القضاۃ جلد ۵ ص ۱۴۹ عربی

مرتبہ صحت و حسن

شیخ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ حدیث کافی طریقوں سے مروی کی گئی ہے۔ ان میں سے بعض احادیث صحت کے مرتبے پر اور بعض حسن کے مرتبے پر پہنچتی ہیں۔ (حاشیہ ترمذی ص ۲۳۵ مطبع نور محمد کراچی)

حضرتؐ کا بعض صحابہ کو فرمانا کہ میں نے تم کو نہیں نکالا اور علی کو نہیں داخل کیا مگر خدا نے

(۱) عن ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص قال کنا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم قوم جلوس فدخل علی فلما دخل خرجوا

Presented by www.ziaraat.com

تلاموا فقالوا و اللہ انما اخرجنا و اذ خلہ فرجعو فقال صلی اللہ علیہ وسلم ما انا ادخلتہ و اخرجتکم بل اللہ ادخلہ و اخرجکم (اخرجہ النسائی) ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ ہم جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے اور چند لوگ بھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ناگاہ جناب علی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے ان کے آتے ہی وہ لوگ حضرتؐ کے پاس سے اٹھ گئے وہ باہم ملامت کرنے لگے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نکال دیا ہے۔ اور علی کو اپنے پاس رکھا ہے۔ جب وہ لوگ حضرتؐ کے پاس لوٹ کر آئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں نے تم نہیں نکالا اور علی کو داخل نہیں کیا بلکہ خدا نے ان کو داخل کیا ہے اور تم کو نکالا ہے۔

سد الابواب

علامہ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری میں واقعہ سد ابواب کی توثیق و تصدیق نہایت خوبی کے ساتھ کی ہے اور جتنی احادیث ہم نے اس مضمون پر اوپر نقل کی ہیں ان کی صحت اور ان کے رواۃ کے ثقہ کے معتبر ہونے کو نہایت اچھی طرح ثابت کیا ہے اگرچہ طوالت ہوگئی ہے لیکن جی نہیں چاہتا کہ اس کو چھوڑ دیں۔ لہٰذا ہم نیچے اس کو نقل کرتے ہیں۔

جو دروازے مسجد کے اردگرد تھے ان کے بند کرنے کے متعلق بہت سی روایات ہیں جو اسی قسم کی اس روایت کی مخالف ہیں جو حضرت ابوبکر کے حق میں (بخاری نے) نقل کی ہے منجملہ ان کے سعد بن ابی وقاص کی حدیث ہے وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم لوگوں کو حکم دیا کہ وہ تمام دروازے جو مسجد میں کھلتے ہیں بند کرادیئے جائیں لیکن علی کا دروازہ کھلا رکھا۔ اس کو احمد ونسائی نے اپنی اسناد کے ساتھ نقل کیا ہے اور اس کے اسناد سب قوی ہیں اور طبرانی کی روایت میں جو اوسط میں بیان کی گئی ہے کچھ الفاظ زیادہ ہیں۔ اس کے بھی سب راوی ثقہ ہیں اس کے الفاظ زیادہ یہ ہیں کہ اس پر لوگوں نے اعتراض کیا کہ ہمارے دروازے آپ نے بند کرا دیئے اور علیؑ کا دروازہ کھلا رکھا تو جناب رسول خداؐ نے فرمایا کہ میں نے یہ نہیں کیا بلکہ خدا نے کیا ہے ایک روایت زید بن ارقم سے ہے وہ کہتے ہیں کہ اصحاب رسول میں سے چند کے دروازے مسجد میں کھلتے تھے تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سب دروازے بند کردو اور علی علیہ السلام کا دروازہ کھلا رہے گا تو لوگوں نے اس پر اعتراض کیا اس وقت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ بخدا میں نے خود بند نہ کیا اور نہ اپنی طرف سے کھلا رکھا۔ مجھے ایک بات کا حکم دیا گیا میں نے اس کی پیروی کی۔ اس حدیث کو احمد ونسائی و حاکم

Presented by www.ziaraat.com

نے نقل کیا ہے اور اس کے سب راوی ثقہ ہیں۔ اسی طرح ابن عباس سے مروی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ وہ سب دروازے جو مسجد میں کھلتے ہیں بند کردیے جائیں لیکن علی علیہ السلام کا دروازہ کھلا رہے گا۔ پس حضرت علی علیہ السلام حالت جنابت میں بھی مسجد سے گذرتے تھے ان کے مکان کا کوئی اور دروازہ نہ تھا۔ ان دونوں احادیث کو امام احمد حنبل و نسائی نے روایت کیا ہے اور دونوں کے راوی ثقہ ہیں۔ ایک حدیث جابر بن سمرا سے ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم کو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ اپنے دروازے بند کرلیں سوائے دروازہ علی علیہ السلام کے پس اکثر حضرت علی علیہ السلام حالت جنابت میں مسجد میں سے گزرتے تھے۔ اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے اور ان کے علاوہ اور بھی احادیث ہیں جو ایک دوسرے کی تقویت یعنی توثیق و توفیق کرتی ہیں اور ان سب کے اسناد ورواۃ صحیح و ثقہ ہیں ان کے مجموعے سے قطع نظر کر کے بھی ان کا ہر ایک طریق احتجاج کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ابن حجر عسقلانی کی اس عبارت کو عبیداللہ امر تسری نے اپنی ارجح المطالب میں بھی نقل کیا ہے۔ ملاحظہ ہو باب چہارم صفحہ ۵۰۸

ہم نے اپنی اس کتاب کے حصہ دوم کے باب اول میں ان تدبیروں اور ترکیبوں کا ذکر کیا ہے جن کے ذریعہ سے خاندان نبوت میں سے حکومت کو نکالا گیا۔ ان میں تدبیر پنجاہم وضع احادیث ہے۔ جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کی شان میں جو احادیث تھیں ان کے مقابلہ میں جو احادیث وضع کی گئیں تاکہ لوگوں کو مغالطہ پڑ جائے اور حضرتؑ کے مسائل چھپ جائیں۔ وہاں ہم نے کئی ایسی احادیث کا ذکر کیا ہے ان میں سے ایک یہ حدیث باب سدالابواب بھی ہے چنانچہ حضرت بخاری علیہ الرحمتہ نے اپنی صحیح میں اس حدیث کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے "مسجد میں کوئی ایسا دروازہ نہ رہے جو بند نہ کیا جائے سوائے دروازہ ابی بکر کے۔

اس حدیث یا روایت کی کیفیت یہ ہے کہ اس میں اور بہت سی باتیں ادھر ادھر کی درج ہیں اور آخر میں ایک بے جوڑ سا فقرہ رکھ دیا گیا ہے اس کی زبان میں فصاحت و بلاغت ہی نہیں جو آنحضرتؐ کی احادیث میں ہوا کرتی ہے اس کے راویوں پر نظر ڈالنے سے عجیب امور کا انکشاف ہوتا ہے اس کے رواۃ یہ ہیں **حدثنا عبداللہ بن محمد ثنا ابو عامہ ثنا فلیح ثنی سالم**

Presented by www.ziaraat.com

ہر عن بسر بن سعید عن ابی سعید الخدری یہی حدیث کتاب الصلوٰۃ باب الخوخہ
فعہ دہرائی گئی ہے ایک دفعہ لفظ باب کے ساتھ دوسری دفعہ لفظ خوخہ یعنی کھڑکی کے
ان کے رواۃ یہ ہیں () حدثنا محمد بن سنان۔ قال نافلیح قال ابوالنضر عن
بن حنین وعن بسر بن سعید عن ابی سعید الخدری () اور حدثناعبداللہ بن
، الجعفی قال ناوھب بن جریر قال نا ابی سمعت یعلی بن حکیم عن
مہ عن ابن عباس۔ یہ خوخہ والی حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرض
کے دوران کی بیان کی جاتی ہے یہ تین روایتیں ہوئیں۔ دو میں تو عبداللہ بن محمد مشترک
ر تیسری میں ان کے والد محمد بن سنان ہیں اور ان بزرگوں کی تعریف وصفت ملاحظہ ہو۔
عبداللہ بن محمد بن سنان باطل احادیث روح بن القاسم کی نسبت سے بیان کرتا تھا اور یہ
ں چراتا تھا جیسا کہ ابن عدی نے کہا ہے دار قطنی وعبدالغنی الازدی کہتے ہیں کہ متروک ہے
بان کہتے ہیں کہ جھوٹی احادیث وضع کیا کرتا تھا' حافظ ابو نعیم کہتے ہیں کہ جھوٹی احادیث گھڑا
تھا۔ (ذھبی میزان الاعتدال الجلد الثانی صفحہ ۷۰ ترجمہ نمبر ۵۰۲ عبداللہ بن محمد بن سنان) ان
والد بزرگوار ملاحظہ ہوں محمد بن سنان "داؤد کہتے ہیں کہ محمد بن سنان کاذب تھا اور خراش کہتے
لہ ثقہ نہ تھا"

ابن معین و ابوحاتم والنسائی کہتے ہیں کی فلیح بن سلیمان قوی نہیں ہے ابوحاتم کہتے ہیں کہ
نے معاویہ بن صالح کو کہتے سنا کہ یحیٰی بن معین کہا کرتے تھے کہ فلیح بن سلیمان ثقہ نہیں
اور نہ اس کا لڑکا' عثمان بن سعید یحیٰی سے روایت کی ہے کہ فلیح ضعیف ہے' عباس روایت
تا ہے یحیٰی سے فلیح کی حدیث سے استدلال نہ کرنا چاہئے' عبداللہ ابن احمد کہتے ہیں میں نے
ن معین کو کہتے سنا ہے کہ تین آدمیوں کی بیان کردہ احادیث سے پرہیز کرنا چاہیے۔ وہ تین یہ
ں محمد بن طلحہ بن مصرف و ایوب بن عتبہ اور فلیح بن سلیمان۔ میں نے پوچھا کہ یہ تم نے کس
ے سنا۔ انہوں نے جواب دیا کہ مظفر بن مدرک سے۔ معاویہ بن صالح نے یحیٰی سے روایت کی
ہے کہ فلیح ضعیف ہے (ذھبی میزان الاعتدال الجلد الثانی ترجمہ ۶۶۹۷ صفحہ ۲۳۶)

عکرمہ غلام کا تو کیا کہنا یہ ابن عباس کے غلام تھے اور جناب امیرؑ علیہ السلام کے دلی دشمن
ن کی تعریف ملاحظہ ہو۔

"لوگ ان کے اعتقادات پر اعتراض کرتے تھے مالک نے اس سے پرہیز کیا ہے۔ وہب کہتا

Presented by www.ziaraat.com

ہے کہ میں یحییٰ بن سعید الانصاری وایوب کے پاس گیا۔ دونوں نے عکرمہ کا ذکر کیا پس یحییٰ نے کہا کہ عکرمہ (کذاب (بہت ہی جھوٹا) ہے۔ ایوب نے کہا کہ اتنا جھوٹا تو معلوم نہیں ہوتا۔ جریر روایت کرتا ہے یزید بن ابی زیاد سے اور اس نے سنا عبداللہ الحارث سے جو کہتا ہے کہ میں علی بن عبداللہ بن عباس کے پاس گیا' کیا دیکھتا ہوں کہ عکرمہ دروزے کے پاس زنجیروں میں جکڑا ہوا بندھا ہوا تھا میں نے علی بن عبداللہ بن عباس سے کہ تم کو خدا کا خوف نہیں ہے اس نے جواب دیا کہ یہ خبیث میرے باپ سے جھوٹی حدیثیں بیان کرتا ہے۔ طاؤس کہتا ہے کہ اگر عکرمہ کو خدا کا ڈر ہوتا اور اتنی کثرت سے جھوٹی احادیث نہ بیان کیا کرتا تو لوگ اس کے پاس بہت آتے۔ محمد بن سیرین کہتے ہیں کچھ تعجب نہیں اگر عکرمہ اہل جنت ہو لیکن ہے تو وہ کذاب۔ ابن ابی ذئب کہتے ہیں کہ عکرمہ ثقہ نہ تھا۔ یحییٰ بن بکیر کہتے ہیں کہ عکرمہ مصر میں آیا اور وہ مغرب کی طرف واپس جارہا تھا پس مغرب کے خوارج نے اس کی پیروی اعتقاداً تو احادیث میں کی۔ مصعب الزبیری کہتے ہیں کہ عکرمہ بروئے اعتقاد خوارج میں سے تھا۔ علی ابن عباس بھی کہتے ہیں کہ عکرمہ خارجی تھا۔ خالد بن نزار نے عمر بن قیس سے اور انہوں نے عطا ابن ابی ریاح سے روایت کی ہے کہ عکرمہ اباضیہ تھا' وہ صفریہ تھا۔ عکرمہ امراء کے پاس آیا کرتا تھا اور ان سے انعامات طلب کیا کرتا تھا۔ ابن المسیب نے اپنے غلام برد سے کہا کہ تو نہ مجھ سے جھوٹی حدیثیں روایت کیجیو جس طرح عکرمہ اپنے آقا عبداللہ ابن عباس سے کرتا ہے"

یہ ہیں حضرت ابوبکر کے دروازے کی حدیث کے راویان۔ جماعت حکومت کے علماء و محدثین نے اپنا یہ اصول بنالیا ہے کہ حضرات شیخین کے حق میں جتنی بھی روایات بیان کی جائیں ان کو بغیر چون وچرا کے اور بغیر راویوں کی جرح و تنقید کے مان لینا چاہئے اور صحیح سمجھنا چاہئے۔ جرح و تنقید فقط ان احادیث میں کی جائے جو جناب علی علیہ السلام کی فضیلت بیان کرتی ہیں اس اصول کی ایک اور شاخ نکلی ہے وہ یہ ہے کہ اگر علی علیہ السلام کے فضائل کی احادیث میں کوئی بھی راوی ایسا ہے کہ جس میں ذرا سا بھی تشیع پایا جاتا ہے تو اس کو یہ کہہ کر رد کرو کہ یہ شیعہ ہے لیکن اکثریت کے عدل کا نمونہ دیکھنے کے قابل ہے کہ اس قاعدہ کا اطلاق اور دوسری طرف نہیں کرتے مزا تو جب تھا کہ اگر حضرت ابوبکر کی فضیلت کی حدیث کے راویوں میں سے کسی میں تسنن پایا جاتا تو اس کو بھی رد کر دیتے جس طرح شیعہ علی وہ حدیث بیان کرنے کے ناقابل ہے اسی طرح شیعہ ابی بکر یہ حدیث بیان نہیں کر سکتا لیکن نہیں عدل "چہ کتی است کہ پیش اکثریت

Presented by www.ziaraat.com

بنیاد" اکثریت کے حقوق میں سے ایک یہ بھی حق ہے کہ ایسے قواعد مرتب کرے اور ان پر اس طرح عمل کرے۔ خیر غرض انہی اصول کو مدنظر کرکے علامہ ابن حجر عسقلانی نے حضرت (ع) کے دروازے والی حدیث پر جرح و قدح نہ کی۔ باوجود اس کے راویوں کے کذاب و واضعان حدیث و سارقان حدیث ہونے کے اس کو صحیح تسلیم کرکے اس معارضہ پر گفتگو کرتے ہیں جو حضرت علی علیہ السلام کے دروازے کے کھلا رکھنے کی حدیث سے واقع ہوتا ہے۔ چونکہ متوخرالذکر حدیث کی صحت میں کلام نہیں ہوسکتا لہٰذا اس کو بھی مجبوراً" صحیح مان لینا پڑا ان دونوں کی مطابقت اس طرح کرتے ہیں۔ ابن الجوزی نے تو اپنی جماعت کے آسان اصول کی بنا پر کہہ دیا کہ چونکہ ایک ایسی ہی حدیث حضرت ابوبکر کے حق میں بیان ہوئی ہے لہٰذا ہم حضرت علی علیہ السلام والی حدیث سے انکار کرتے ہیں اس کی طرف اشارہ کرکے ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں۔

ابن الجوزی نے حدیث سد ابواب باستثناء باب علیؑ کے رد کرنے میں سخت غلطی کی ہے کیونکہ اس طرح اس نے احادیث صحیحہ کو محض اپنے توہم کی بنا پر رد کرنے کا طریقہ اختیار کیا۔ درآنحالیکہ دونوں روایتوں کا تطابق ممکن ہے۔ علامہ بزار نے اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے جب اس نے کہا ہے کہ اہل کوفہ کی صحیح و درست اسانید کی روایات حضرت علی علیہ السلام والے قصے کو درست ثابت کرتی ہیں اور اہل مدینہ کی روایات قصہ ابی بکر کے مطابق ہیں اور روایات اہل کوفہ بھی صحیح ہیں لہٰذا دونوں روایات میں مطابقت پیدا کرنی چاہیے ابو سعید الخدری کی یہ حدیث صحیح ہے جس کو ترمذی نے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے اور تیرے سوائے علیؑ کسی شخص کے لئے جائز نہیں ہے کہ مسجد کے اس دروازے سے آئے درآنحالیکہ وہ حالت جنب میں ہو وجہ یہ ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کا دروازہ مسجد کی طرف تھا اور سوائے اس کے اور کوئی اور دروازہ ان کے مکان کا نہ ہوگا اس وجہ سے ان کو اس کے بند کرنے کا حکم نہیں دیا گیا اس کی تائید کرتی ہے وہ روایت جو قاضی اسماعیل نے احکام القرآن میں مطلب بن عبداللہ بن حنطب سے نقل کی ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کسی کو سوائے حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے اجازت نہیں دی کہ وہ حالت جنب میں مسجد سے گزرے کیونکہ علی علیہ السلام کے گھر کا دروازہ مسجد میں تھا۔ یہ بھی

Presented by www.ziaraat.com

ممکن ہے کہ سد ابواب کا واقعہ دو دفعہ ہوا ہو' پہلی دفعہ علی علیہ السلام کو مستثنیٰ کر دیا اور دوسری دفعہ ابوبکر کو مستثنیٰ کر دیا لیکن یہ تاویل درست نہیں ہو سکتی جب تک یہ نہ مان لیا جائے کہ علیؑ کے واقعہ میں اگرچہ باب کا لفظ ہے دراصل اس سے خوخہ یعنی کھڑکی مقصد تھا چنانچہ بعض روایات میں خوخہ کا لفظ بھی آیا ہے معلوم یہ ہوتا ہے کہ جب لوگوں کو باستثنائے علیؑ کے اپنے اپنے دروازے بند کرنے کا حکم دیا تو انہوں نے دروازے تو بند کر لئے لیکن مسجد میں داخل ہونے کے لئے اس کے بعد کھڑکیاں کھول لیں دوسری دفعہ کا حکم دے کر وہ کھڑکیاں بھی بند کرا دی گئی ہوں۔ دو احادیث میں اس طرح قیاس سے مطابقت پیدا کرنے میں کچھ ہرج نہیں ہے اور اسی طرح ان دونوں مذکورہ احادیث میں ابو جعفر طحاوی نے اپنی مشکل آثار میں مطابقت پیدا کی ہے اور یہ بحث کتاب کے تہائی حصہ کے اول ثلث میں ہے۔ ابوبکر کلاباذی نے معانی الاخبار میں کہا ہے کہ ابوبکر کا دروازہ مسجد کے باہر تھا اور خوخہ مسجد کے اندر کھلتا تھا اور علیؑ کا دروازہ مسجد کے اندر کھلتا تھا' کوئی اور دروازہ نہ تھا اور بات تو یہ ہے کہ خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ اصلی معاملہ کیا ہے۔

اگر ان اٹکل پچو ٹوٹیوں کا نام بحث رکھا جا سکتا ہے تو یہ ہے کہ ان بزرگ علماء کی عالمانہ' منطقانہ' فلسفیانہ' بحث۔ اگر ہم عرب کے اس مقولہ پر عمل کرتے کہ (یہ نہ دیکھو کہ کہنے والا کون ہے بلکہ یہ دیکھو کہ وہ کیا کہتا ہے) تو ہم فوراً" اس ضدی بحث کو نظر انداز کر دیتے لیکن اکثریت کے طریقے نرالے ہوتے ہیں ممکن ہے ان کے یہاں اس کے برعکس کوئی مقولہ ہو۔ لہٰذا محض اس وجہ سے کہ یہ بحث ابن حجر عسقلانی وابو جعفر طحاوی اور اسماعیل قاضی کے ساتھ منسوب ہے ہم اس کی طرف توجہ کرتے ہیں یہ بحث دو قیاسات پر مبنی ہے یا تو یہ ممکن ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کے گھر کا محض ایک ہی دروازہ ہو اور وہ مسجد کے اندر کھلتا ہو دیگر صحابہ کے مکانوں کے دو دروازے ہوں ایک باہر کی طرف کھلتا ہو اور ایک مسجد کے اندر کھلنے والا۔ یا سد ابواب کا واقعہ دو دفعہ ہوا ہو' ایک دفعہ تو تمام صحابہ کے دروازے جن میں ابوبکر بھی شامل ہیں بند کرا دیئے گئے اور صرف علی علیہ السلام کو اس حکم سے مستثنیٰ کر کے ان کا دروازہ کھلا رکھا۔ ان صحابہ نے دروازہ بند کرنے کے بعد مسجد کی طرف کھڑکیاں کھول لیں اور دوسرے حکم سے وہ

Presented by www.ziaraat.com

بھی بند کروادیں لیکن اس دفعہ ابوبکر کا خوخہ کھلا رکھا۔ ان قیاسات کا کھوکھلا پن ظاہر ہے جب تک بطور امرواقعہ کے یہ ثابت کرلیں کہ دیگر صحابہ کے دو دروازے تھے اور علی علیہ السلام کا ایک اور یہ کہ واقعہ سدِ ابواب دو دفعہ ہوا۔ ان قیاسات کا وزن ہی کیا ہو سکتا ہے اور یہ بات ثابت نہیں صرف اسی ایک وجہ سے یہ بحث گرجاتی ہے آگے چلیے۔ ہم پہلے قیاس اول کو لیتے ہیں اس کی بھی تو کچھ وجہ ہونی چاہئے کہ سوائے حضرت علی علیہ السلام کے اور باقی تمام صحابہ کے مکانوں کے دو دروازے رکھے گئے دو چار تو ایسے بھی ہوتے کہ جن کے مکانوں کا حضرت علی علیہ السلام کی طرح محض ایک دروازہ ہوتا اور مسجد کے اندر کھلتا اور اگر یہ بات تھی تو یہ بذات خود ایک فضیلت تھی۔ سوائے علی علیہ السلام کے باقی صحابہ شروع ہی سے مسجد سے نکال دئے گئے۔ حالت جنابت اور دیگر ضروریات کے لئے آنے جانے کے واسطے باہر کا دروازہ تھا۔ اندر کا دروازہ محض نماز کے لئے مسجد میں آنے جانے کے لئے رکھا گیا تھا جب لوگوں نے اس کا غلط استعمال شروع کر دیا تو وہ بند کر دیا گیا۔ علاوہ اس کے اگر یہ قیاس درست ہے تو لوگوں نے علی علیہ السلام کے دروازہ کو کھلا رکھنے پر اعتراض کیوں کیا اور اگر بیوقوفی سے کوئی اعتراض کر بیٹھا تھا تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکراتے ہوئے اس کی حمایت کی طرف ہی کیوں توجہ نہ دلا دی کہ تم کو یہ بھی نظر نہیں آتا کہ علیؑ کا دوسرا دروازہ تو ہے ہی نہیں۔ موجودہ بھی بند ہو جائے تو پھر وہ مکان میں داخل کہاں سے ہوں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اتنا غصہ کرنے کی کیا ضرورت تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منہ سرخ بھی ہو گیا اور پھر اس بدیہی بات کے لئے خدا کی مداخلت کی کیا ضرورت تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ کیوں فرمایا کہ میں نے نہ تمہارا دروازہ بند کیا' نہ علیؑ کا کھلا رکھا۔ جو کیا خدا نے کیا جب علیؑ کے دروازہ کو کھلا رکھنے کی ایسی بدیہی اور اشد ضرورت تھی تو اس کے لئے خداوند تعالیٰ کی وحی کی کیوں ضرورت ہوئی اگر یہ بات ہی کچھ نہ تھی تو حضرت حمزہؓ کو کیوں غصہ آیا یہ کیوں کہنا پڑا کہ آپ نے اپنے چچاؤں اور معمر صحابہ کو تو نکال دیا اس کمسن جوان کو مسجد کے اندر رکھا اور اگر حضرت علی علیہ السلام کو بھی مسجد سے نکالنا مطلوب تھا اور ان کے مکان کا ایک ہی دروازہ تھا تو یہ دروازہ بند ہو کر دوسرا کھلنے میں کیا دیر لگتی تھی وہ ناممکن بات تو نہ تھی۔

اور دوسرا قیاس اس سے زیادہ کمزور ہے اگر خوخہ اتنا بڑا تھا اور اس غرض کے لئے تھا کہ

Presented by www.ziaraat.com

اس یٔں سے مسجد میں آمدورفت ہو سکے اور وہ کھلا رکھا تو پہلے ہی دروازہ کیوں بند کرادیا اس قیاس سے یہ نتیجہ لازم آتا ہے کہ صحابہ ایسے ضدی اور نافرمان تھے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے اثر کو اس طرح زائل کرنے کی کوشش کی چونکہ جماعت حکومت صحابہ پر یہ الزام عائد کرنا پسند نہ کرے گی لہٰذا قیاس خوخہ کو رد کرنا ضروری ہوا بہر صورت حضرت علی علیہ السلام کی فضیلت حضرت ابوبکر پر تو ثابت ہوگئی اول مرتبہ سب کے دروازے بند ہوگئے صرف علی علیہ السلام کا دروازہ کھلا رہا' دوبارہ جب حضرت ابوبکر نے بہت ضد کی تو خوخہ رہنے دیا دروازہ کو کھول لینے کا حکم تب بھی نہ ہوا۔ ہم حیران ہیں کہ جب خوخہ سے مسجد کے اندر آمدورفت جاری رہی تو پھر دروازہ ہی کیوں نہ کھلوا دیا اور ان قیاسات سے موسیٰؑ و ہارون کی مسجد کی تمثیل بے معنی ہوجاتی ہے یہ ثابت کرنا بہت آسان ہے کہ حضرت ابوبکر والی حدیث صحیح نہیں ہے واضعان حدیث کی صنعت کا نمونہ ہے اس نتیجہ کی طرف مندرجہ ذیل امور لے جاتے ہیں۔

۱۔ اس حدیث کے واضعان و راویان کذاب' غیر معتبر' غیر ثقہ تھے جیسا کہ اوپر ثابت کیا گیا ہے۔

۲۔ حضرت علی علیہ السلام والی حدیث کے سب راویان صحیح و صادق' معتبر اور ثقہ ہیں اور اس حدیث کی صحت میں کسی کو انکار نہیں۔

۳۔ اس حدیث کا تعارض حضرت علی علیہ السلام والی صحیح و مسلمہ حدیث رسول سے ہوتا ہے۔

۴۔ حضرت علی علیہ السلام کے فضائل کی احادیث کو شائع ہونے سے جبراً" روکا جاتا تھا ان راویوں کو سزائیں دی جاتی تھیں جو حضرت علی علیہ السلام کے فضائل کی احادیث بیان کرتے تھے اور ان کے مقابلہ میں حکومت کی مہربانیوں وانعامات کا لالچ دلا کر حضرات خلفاء ثلاثہ کے حق میں احادیث وضع کرائی جاتی تھیں۔

سد ابواب کا واقعہ فضیلت صریحہ کا اثبات تھا نہایت عظیم الشان معاملہ تھا اور یہ خاص خداوند تعالیٰ کے حکم سے ہوا۔ جناب رسول خداؐ کا انتظامی حکم نہ تھا۔ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ یہ وحی الٰہی محض حضرت علی علیہ السلام کے لئے نازل ہوئی ان

Presented by www.ziaraat.com

موضوعہ حدیثوں تک میں یہ ذکر نہیں کہ خداوند تعالیٰ نے حضرت ابوبکر کے لئے ایسی وحی بھیجی ہو۔

۶۔ اس واقعہ سے حضرت علی و حسنین و فاطمہ علیہم السلام کی طہارت کاملہ کا اثبات ہوتا ہے اور محض لوگوں پر اس طہارت کے ظاہر کرنے کے لئے حضرت علی علیہ السلام کا دروازہ کھلا رکھا گیا چونکہ یہ واقعہ معرض بحث میں آگیا۔ لہٰذا ضروری ہوا کہ دیکھیں کہ ایسی ہی طہارت کا ثبوت کہیں اور سے بھی ملتا ہے ظاہر ہے اس واقعہ کی تصدیق و توثیق آیہ تطہیر کا ثبوت کہیں اور سے بھی ملتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس واقعہ کی تصدیق و توثیق آیہ تطہیر سے ہوتی ہے وہ بھی اسی طرح خدا کی طرف وحی کی گئی ہے اور اس سے بھی ان بزرگوں کی طہارت کاملہ کا ثبوت ملتا ہے آیہ تطہیر کی بحث باب نہم دیکھو حضرت ابوبکر کے لئے کوئی آیہ تطہیر نہیں ہے۔

۷۔ حضرت ابوبکر کو طہارت کامل حاصل ہی نہ تھی تو وہ مسجد رسول میں ہر حالت میں کیوں کر گزر سکتے تھے۔

۸۔ اگر حضرت ابوبکر گزر سکتے تھے تو حضرت حمزہ و حضرت جعفر و دیگر حضرات کیوں نہ گزر سکیں اور ان بزرگوں کے لئے تو آنحضرت ﷺ کی قرابت کا فضل بھی حاصل تھا حضرت علی علیہ السلام کے لئے تو ان کی طہارت کاملہ و وحی الٰہی موجب ہوئے حضرت ابوبکر کے لئے کیا تھا۔

اس واقعہ سے جو حضرتؑ کی فضیلت ثابت ہوتی ہے وہ ظاہر ہے خود خداوند تعالیٰ نے لوگوں پر ظاہر کر دیا کہ علیؑ تم سب سے افضل ہے لہٰذا تم سب سے پہلے مستحق خلافت ہے۔ خلافت الٰہیہ خداوند تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوتی ہے لہٰذا اس کے استحقاق کا اظہار بھی خداوند تعالیٰ کی طرف سے ہوا۔ جماعت اہل حکومت کی رائے میں بھی اس واقعہ سے خلافت کی طرف کنایہ ہے۔ ابن حجر عسقلانی کی تحریر ملاحظہ ہو۔

خطابی و ابن بطال اور ان کے علاوہ دیگر علماء بھی کہتے ہیں کہ اس حدیث سے خاص فضیلت ابوبکر کی ظاہر ہوتی ہے اور اس میں بھی خلافت کے استحقاق کی طرف اشارہ ہے اور بعض علماء کا

Presented by www.ziaraat.com

دعویٰ ہے کہ دروازے سے خلافت کی طرف کنایہ ہے اور اس کے بند کرنے کا حکم دینے سے یہ مطلب ہے کہ اس کو طلب نہ کرو گویا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے دیگر صحابہ سے فرمایا کہ تم خلافت کو طلب نہ کرنا اور ابوبکر طلب کرے تو کچھ حرج نہیں۔ ابن حبان کہتے ہیں کہ یہ حدیث دلالت کرتی ہے اس امر پر کہ ابوبکر خلیفہ ہیں بعد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کیونکہ جناب رسولؐ نے یہ کہہ کر میری طرف سے ساری کھڑکیاں بند کرلو۔ لوگوں کو اپنے بعد خلافت طلب کرنے سے روک دیا۔ (ابن حجر عسقلانی، فتح الباری، شرح صحیح بخاری الجزء السابع صفحہ ۱۲)

آپ نے اس بحث کو ملاحظہ کیا یہ تو خود ابن حجر مانتے ہیں کہ حضرت علیؑ والی احادیث صحیح ہیں یہ بھی مانتے ہیں کہ سب سے پہلی بار جو یہ حکم ہوا تو حضرت ابوبکر تک کا دروازہ بند کردیا صرف حضرت علی علیہ السلام کا دروزہ کھلا رہا، حضرت ابوبکر کی کھڑکی تو بعد میں خود کھولی گئی تھی تو جس شخص کے لئے پہلے حکم ہو اور کھڑکی کا نہیں بلکہ دروازے کا ہو تو اس کی خلافت کے کنایہ و اشارہ کا تو کچھ ذکر نہیں حضرت ابوبکر کی کھڑکی کی وجہ سے خلافت کا کنایہ ہوگیا۔ خیر اکثریت کا منطق ایسا ہی ہوتا ہے ہم بھی مانتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام کے حق میں جو صاف و صریح حکم خلافت کا ہوگیا تھا یہ واقعہ اس کی تائید کرتا ہے یہ واقعہ تائیدی ہی ہوسکتا ہے اور صریح حکم اعلان خلافت کے ثبوت میں اور اظہار افضلیت کے واسطے پیش کیا جاسکتا ہے بذات خود اس کو خلیفہ کے تقرر یا اعلان کا حکم نہیں کہا جاسکتا۔ ہم حیران ہیں کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اشاروں اور کنایوں کی کیا ضرورت تھی صاف اعلان کرنے سے کیوں گریز کیا۔ خوخہ کی نسبت حکم دیا جاتا ہے اور لوگوں سے امید کی جاتی ہے کہ اس کو خلافت کا حکم سمجھیں یہ منطق کچھ اکثریت ہی کی سمجھ میں آسکتی ہے۔

حضرت ابوبکر والی حدیث خوخہ کی نسبت جماعت اہل حکومت کے ایک عالم حافظ ابن حجر کی تطبیق متذکرہ بالا کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

دیگر بخاری کی روایت مجروح معلوم ہوتی ہے اول اس لئے کہ اس میں فی الجملہ اضطراب ہے، کہیں خوخہ کا لفظ آیا ہے، کہیں باب کا اور دونوں کے معنی میں فرق ہے دوسرے اس لئے

Presented by www.ziaraat.com

بخاری کی ایک روایت ابوسعید خدری کی ہے جس میں تیسرے راوی فلیح ہیں جو سخت مجروح ہیں۔ یحییٰ ابن معین وابو حاتم وابو داؤد کا قول ہے کہ عاصم بن عبیداللہ وابن عقیل و فلیح حدیث میں احتجاج کے قابل نہیں۔ ابو داؤد کہتے ہیں کہ یہ کچھ نہیں نسائی کا قول ہے کہ ضعیف ہیں۔ ابن عدی کہتے ہیں کہ غرائب روایت کرتے ہیں' طبری کہتے ہیں کہ منصور نے ان کو صدقات پر والی کیا تھا انہوں نے بنی حسن کو قید کیا (تہذیب التہذیب جلد ۸ ص ۳۰۴) دوسری روایت بخاری کی ابن عباس کی ہے یہ بھی دیگر اکابر محدثین کے نزدیک پایہ صحت سے ساقط ہے اس لئے کہ اس میں عکرمہ ابن عباس سے روایت کرتے ہیں اور وہ امام مالک وغیرہ کے نزدیک قابل اعتبار نہیں ان پر دروغ گوئی و ناصبی و خارجی ہونے کی جرح ہے جیسا کہ عامہ کتب رجال ونیز تاریخ ابن خلکان میں اس کی تفصیل اس کے علاوہ مسند وغیرہ میں خود حضرت ابن عباس کی روایت اس کے خلاف ہے" (حافظ محمد علی حیدر بریلوی' سیرۃ العلویہ حصہ اول صفحہ ۷۷)

اس واقعہ کے کئی معنی خیز نتائج برآمد ہوتے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں:

۱۔ عقد مواخات کی طرح اس واقعہ سے بھی حضرت علی علیہ السلام کا تمام اصحاب رسول اور تمام امت سے اعلیٰ و افضل ہونا ثابت ہوتا ہے۔

۲۔ یہ افعال رسولؐ جن کو ہم نے اس باب میں استخلاف علی بن ابی طالب علیہ السلام کے ثبوت میں تحریر کیا ہے خداوند تعالیٰ کے خاص احکام کی تعمیل میں کئے گئے تھے اور اس کی ہی طرف سے تجویز ہوئے تھے مثال کے طور پر دعوت ذی العشیرہ' واقعہ لیلۃ المبیت' عقد مواخات' واقعہ سد ابواب' واقعہ مباہلہ' نجویٰ یعنی آنحضرت ﷺ کا حضرت علی علیہ السلام سے راز کی باتیں سب سے علیحدہ خلوت میں کرنا وغیرہم کے حالات پڑھو۔

۳۔ یہ سب واقعات ایک دوسرے کی تائید و تصدیق کرتے ہیں یہ واقعہ آیہ تطہیر کی تصدیق کرتا ہے اور آیہ تطہیر کا فقط جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و علی مرتضیٰ و فاطمہ و حسنین علیہم السلام کی شان میں نازل ہونا اور فقط ان تک محدود ہونا اس واقعہ سے ثابت ہوتا ہے دوسرے لوگوں کے دروازے اس لئے بند کرائے گئے کہ وہ

Presented by www.ziaraat.com

اکثر اوقات میں نجس ہوتے تھے اور نجس لوگوں کا مسجد میں آنا مسجد کی شان سے بعید اور اس کی طہارت کی منافی تھا برعکس اس کے یہ پنجتن پاکؑ اپنی زندگی کے کسی لحہ و لحظہ میں ناپاک وغیر مطہر ہو ہی نہیں سکتے تھے طہارت ان کے خمیر میں داخل و پیوستہ کر کے انکی ذات کا ایک جزو بنا دی گئی تھی، نجاست کو ان سے قطعی دور کر دیا گیا تھا لہٰذا حالت جنابت میں بھی یہ ناپاک نہیں ہو سکتے تھے۔ طہارت ان کی ذات میں اس طرح ملی اور بسی ہوئی تھی جس طرح سورج میں اس کی کرنیں اور عقیق میں اس کی صلابت۔

۴۔ عقد مواخات کی طرح اس واقعہ سے بھی حضرت علی علیہ السلام کا بالکل آنحضرت ﷺ کا مثیل و نظیر ہونا ثابت ہوتا ہے اور یہی خلیفہ و جانشین کی سب سے اعلیٰ صفت اور سب سے ضروری شرط ہے۔

۵۔ ارشاد خداوندی **مایںطق عن الھوی** محض قرآن شریف ہی تک محدود نہیں ہے بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر ایک فعل وقول پر حاوی ہوتا ہے دیگر فضائل وارشادات نبویؐ جو آنحضرت ﷺ نے حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام کے حق میں فرمائے ہیں اس ضمن میں آتے ہیں۔

۶۔ اس واقعہ سے حضرت علی علیہ السلام کی مشابہت جناب ہارون سے ثابت ہوئی اور یہ واقعہ حدیث منزلت کی بھی تصدیق کرتا ہے۔

۷۔ احادیث نبوی کے صحیح ہونے کی ایک یہ بھی جانچ ہے کہ وہ ایک دوسرے کی تصدیق و موافقت کریں۔ یہ واقعہ سد ابواب، حدیث منزلت، حدیث نور، آیہ تطہیر، عقد مواخات، واقعہ مباہلہ سب ایک دوسرے کی تصدیق و توثیق کرتے ہیں۔

۸۔ حضرت علی علیہ السلام کی افضلیت اور استحقاق خلافت بہت اچھی طرح ثابت ہوتے ہیں اور برخلاف دیگر صحابہ کے ثابت ہوتے ہیں طہارت میں جناب رسول خداؐ کے ساتھ سوائے علی علیہ السلام کے اور کوئی مشترک نہ تھا اور چونکہ طاہر مطلق کا جانشین بھی طاہر مطلق ہی ہونا چاہئے لہٰذا حضرت علی علیہ السلام کے سوائے کوئی اور شخص جناب رسول خداؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانشین نہ تھا اور نہ ہو سکتا تھا جو شخص اس

Presented by www.ziaraat.com

بات کا بھی قائل نہ تھا کہ اس کے مکان کا دروازہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکان کی طرف کھلا ہے۔ وہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانشین کس طرح ہو سکتا تھا۔ علماء جماعت حکومت تسلیم کرتے ہیں کہ دروازہ سے اشارہ خلافت کی طرف ہے اور اس کے بند کرنے کا یہ مطلب ہے کہ سوائے علی علیہ السلام کے اور کوئی اس کو طلب نہ کرے۔

لہذا ثابت ہوا کہ حضرت ابوبکر کے خوخہ یا روشندان والی حدیث موضوع ہے' بناوٹی ہے' جھوٹی ہے۔ حضرت علی علیہ السلام کے دشمنوں کی ایجاد ہے حضرت علیؑ والی حدیث کے سب راوی ثقہ ہے۔ بائیس صحابہ سے مروی ہے اس کی صحت میں کسی کو کلام نہیں۔ ان روایات میں حضرت ابوبکر کے دروازہ کے بند ہونے کا خاص طور سے ذکر ہے۔ (البلاغ المبین جلد ۱ صفحہ ۱۶۵)

خدا نے حکم فرمایا کہ مسجد کو پاک کرو اور اندر ان کو رکھو جو پاک ہوں تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سبھی کو نکال دیا معلوم ہوا وہ معصوم نہ تھے اور حضرت علی علیہ السلام معصوم تھے اس لئے ان کا دروازہ کھلا رکھا۔

اور رسول اکرمؐ نے فرمایا کہ میں نے جو کچھ کیا وحی خدا کے عین مطابق کیا ہے اگر کسی کو نکالا ہے تو امر کے خدا کے مطابق اگر کسی کو رکھا ہے تو حکم خدا کے مطابق۔

اس جملے سے نکلنے والوں کی مذمت اور رہنے والوں کی مدحت کی ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جانے والے اور رسولؐ کے نزدیک کے غیر معصوم تھے اور جو مسجد میں رہے وہ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک معصوم ہیں۔

روایتوں میں تو بالصراحت اصحاب ثلاثہ کے نام لے کر اس کے دروازے بند کروائے گئے لہذا یہ لوگ حضرت علی علیہ السلام سے کس طرح افضل ہو سکتے ہیں۔

اس روایت سے بھی یہ ظاہر ہوا کہ حضرت موسیٰ نے بھی یہی کچھ کیا اور وحی کے

Presented by www.ziaraat.com

مطابق کیا اور حضور اکرم ﷺ نے بھی جو کچھ کیا وحی کے عین مطابق کیا۔

حضرت علی علیہ السلام کے دروازے کو اس لئے بند نہ کیا گیا کیونکہ حضرت علی علیہ السلام جنب کی حالت میں بھی وہاں ٹھہر سکتے تھے جبکہ باقی صحابی اس کے اہل نہیں تھے۔

(کفایۃ الطالب باب نمبر ۵۰ میں) کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو مخصوص کردیا کہ صرف آپؑ کا دروازہ کھلا رہے' آپؑ کے لئے اس لحاظ سے یہ خصوصیت ایک عظیم تھی کہ حضور اکرم ﷺ اس بات کا قطعی علم رکھتے تھے کہ علی اور فاطمہ علیہما السلام اور ان کی اولاد نجاست سے دور اور پاک ہیں چنانچہ آیہ تطہیر اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یہ خانوادہ تمام رجس و نجاست سے مبرہ ہے۔

اعتراض

بعض روایات میں حضرت ابوبکر کے خوخے کو کھلا رکھنے کا بھی حکم ہے۔

جواب

(یہ روایت بالکل وضعی ہے)

حضرت ابوبکر کا مسجد میں کوئی مکان نہ تھا کہ جس کا خوخہ کھلا رہے۔

جذب القلوب میں شیخ عبدالحق لکھتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کا کوئی مکان بھی مسجد نبوی میں نہ تھا بلکہ مسجد نبوی سے بہت دور تھا۔

جب یہ ثابت ہوگیا کہ حضرت ابوبکر کا کوئی مکان مسجد میں نہ تھا تو خوخہ کہاں سے آگیا۔

اگر یہ روایت صحیح ہوتی اور دلیل خلافت ہوتی تو حضرت ابوبکر نے سقیفہ کے روز استحقاق خلافت کے لئے اسے کیوں نہ پیش کیا۔

شرح حدیدی جلد ۳ میں اس بات کی وضاحت ہے کہ من جملہ موضوع احادیث کے سدوالابواب الابی بکر بھی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

جنبی حالت

جناب امیرؑ کے سوا کوئی شخص جنب کی حالت میں مسجد میں نہیں آ سکتا تھا

(۱) عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی یا علی لا یحل لاحد ان یجنب فی ھذا المسجد غیری و غیرک (اخرجہ البزار) ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی سے فرماتے تھے کہ یا علی میرے اور تیرے سوا بحالت جنب اس مسجد میں کسی کو آنا جائز نہیں ہے۔

(۲) عن ابن عباس سد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابواب المسجد غیر باب علی و کان یدخل المسجد و ھو جنب و ھو طریقہ و لیس لہ طریق غیرہ (اخرجہ احمد و النسائی) ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں سب صحابہ کے دروازے بند کر دیے تھے بجز جناب امیرؑ کے دروازے کے اور وہ مسجد میں بحالت جنب داخل ہوا کرتے تھے اور وہ ان کا راستہ تھا سوا اس کے اور کوئی ان کا راستہ نہیں تھا۔

(۳) عن مطلب بن عبداللہ بن حنطب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یاذن لاحد ان یمر فی المسجد و ھو جنب الا لعلی ان بیتہ کان فی المسجد (اخرجہ اسمعیل القاضی فی احکام القران) مطلب بن عبداللہ بن حنطب راوی ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی شخص کو بحالت جنب مسجد میں سے ہو کر گذرنے کا اذن نہیں دیا تھا مگر علی کہ ان کا گھر مسجد ہی میں تھا۔

(۴) عن ام المومنین ام سلمۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا ان مسجدی ھذا حرام علی کل حائض من النساء و جنب من الرجال الا علی محمد و اہل بیتہ علی و فاطمۃ و الحسن و الحسین (اخرجہ الطبرانی فی الکبیر) جناب ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا ہے کہ یہ میری مسجد ہر حائض عورت اور جنبی مرد پر حرام ہے مگر محمدؐ اور اس کے اہل بیت علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین پر۔

(۵) عن ابی ہریرۃ قال قال عمر بن الخطاب لقد اعطی علی ثلاث خصال لان یکون واحدۃ منہن احب الی من ان اعطی احمر النعم فسئل ما ھی قال تزوجہ ابنتہ فاطمۃ و اسکانہ المسجد مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحل لہ مالا یحل لغیرہ و الرایۃ یوم خیبر (اخرجہ و ابو یعلی و الحاکم فی المستدرک) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ناقل ہیں کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ علی علیہ السلام کو ایسی تین باتیں حاصل ہیں کہ اگر ان میں سے مجھے ایک بھی حاصل ہوتی تو میرے نزدیک وہ سرخ چشم والے اونٹ سے زیادہ تر محبوب ہوتی۔ کسی نے ان سے سوال کیا وہ کیا ہیں۔ کہنے لگے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی بیٹی جناب فاطمہ سے ان کا نکاح کرنا اور مسجد میں اپنے ساتھ ان کو رکھنا اور جو بات کہ مسجد میں ان کے جائز تھی ان کے سوا دوسرے کسی کو جائز نہیں تھی۔ اور خیبر کے روز علم کا دیا جانا۔

ترمذی ص ۴۳۵ سطر ۴، ارجح المطالب ص ۵۲۳، فتح الباری ص ۱۲ جلد ۷، مشکوٰۃ ص ۵۶۴ سطر ۱۹، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۵ سطر آخر، مقتل خوارزمی ص ۴۲ سطر ۶، سنن بیہقی جلد ۷ ص ۶۵، جامع الاصول جلد ۹ ص ۴۷۴ حدیث ۶۴۹۰، اللئالی المصنوعہ ص ۱۸۲ سطر آخر، وفاء الوفاء ص ۳۴۷ سطر آخر، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۹۳ سطر ۶، البدایہ جلد ۷ ص ۳۳۸ سطر ۱۲، تفریح الاحباب

Presented by www.ziaraat.com

ص۳۵۱ سطر۱۸' الخصائص الکبریٰ جلد۲ ص۲۴۳ سطر۱۷' الصواعق المحرقہ ص۱۲۳ سطر۱۴' کوکب دری ص۱۶۴' الحاوی للفتاوی جلد۲ ص۱۵ سطر آخر' ازالتہ الخفاء جلد۲ ص۲۶۵ سطر۶' منتخب کنز العمال جلد۵ ص۲۹ سطر آخر' سیرت حلبیہ جلد۳ ص۲۷' ۳۴' مناقب ابن مغازلی ص۲۵۲ سطر۵' سعد الشموس ص۲۱۰' فتح العلی ص۱۷' تاریخ الخلفاء ص۱۲۱ سطر۳' کنز العمال جلد۶ ص۱۵۹' کنز العمال جلد۶ ص۱۵۲' حدیث ۲۵۰۳' مطالب السئول ص۵۹ سطر۷' اخبار القضاۃ ص۱۷۵' مصابیح السنہ ص۲۰۲' تذکرۃ الخواص ص۴۲ سطر۳' تذکرۃ الخواص ص۴۶' ذخائر العقبیٰ ص۷۷ سطر۹' مظاہر حق جلد۴ ص۶۹۶ سطر۱۰' تہذیب التہذیب جلد۹ ص۳۸۷ سطر آخر' التعقیبات ص۵۵' کنوز الحقائق ص۱۹۸' ذخائر المواریث جلد۳ ص۱۹۶' الفتح الکبیر جلد۳ ص۳۹۹' ینابیع المودۃ ص۱۷ سطر۱۹' نزل الابرار ص۳۷' تحفتہ الاحوذی جلد۴ ص۳۳۰ سطر۱۹' المرقات جلد۱۱ ص۳۴۷ سطر۳' ص۳۵۱ سطر۱

روایت حضرت سعد

صحیح ترمذی مصابیح مشکوٰۃ طیبی اور ہدایتہ السعداء میں ابو سعید خدری سے اور مسند بزاء اور صواعق محرقہ میں سعد سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اے علیؑ کسی شخص کو جائز اور حلال نہیں ہے کہ اس مسجد میں جنب ہو۔ مگر مجھ کو اور کو تجھ کو جائز ہے۔

کوکب دری ص۱۶۴ منقبت نمبر۴۵' مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۱۵ سطر آخر' التعقیبات ص۵۵

روایت دوم

(۳) عن سعد بن ابی وقاص و کان مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد قال فنودی فینا لیخرج من فی المسجد الا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و علی فخرجنا با جمعنا فلما اصبحنا اتاہ عمہ فقال یا رسول اللہ اخرجت عملک و اصحابک و اسکنت ھذا الغلام قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ عزوجل امر موسی ان یبنی مسجدا طاہرا لا یسکنہ الا ھو و ھارون و ابنا ہارون و ان اللہ قد امرنی ان ابنی مسجد الا یسکنہ الا انا و علی و الحسنؑ و الحسین و اھذا الابواب الا باب علی قبل ان ینزل العذاب فخرج الناس مبادرین و خرج حمزۃ قطیفتہ لہ حمراء تنز فلان و یبکی و یقول یا رسول اللہ اخرجت عمک و اسکنت ابن عمک فقال صلی اللہ علیہ وسلم ما انا

اخرجتک و لا انا اسکنتہ و لکن اللہ عزوجل اسکنہ (اخرجہ ابو سعد فی شرف النبوۃ) سعد بن ابی وقاص سے منقول ہے (کہ وہ بھی حضرتؐ کی معیت میں مسجد میں رہا کرتے تھے) ایک رات ہم کو پکار کر حکم دیا گیا۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی کے سوا سب لوگ مسجد سے نکل جائیں صبح کو حضرتؐ کے چچا حمزہ رضی اللہ عنہ حاضر ہو کر عرض کرنے لگے۔ یا رسول اللہ حضورؐ نے اپنے اصحاب اور اعمام کو نکال کر اس لڑکے (یعنی علی) کو رکھ لیا ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا نے موسیٰ کو حکم دیا تھا کہ ایک پاک مسجد تعمیر کرے اس میں بجز موسیٰ اور ہارون اور ابنائے ہارون کے کوئی رہنے نہ پائے۔ اس طرح سے خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ ایک مسجد بناؤں جس میں میرے اور علی اور حسنین کے سوا کوئی نہ رہے۔ تم لوگ عذاب کے نازل ہونے سے پیشتر اپنے دروازے کو بند کریو۔ لوگ دوڑ کر دروازے بند کرنے میں مشغول ہو گئے حمزہ وہاں سے اپنا سرخ کمبل کھینچتے ہوئے آنکھوں میں آنسو ڈبڈبائے ہوئے باہر نکلے اور کہنے لگے یا رسول اللہ آپ نے اپنے چچا کو نکال کر اپنے بھائی کو رکھ لیا ہے۔ حضرت نے فرمایا نہ میں نے تم کو نکالا ہے اور نہ اس کو رکھا ہے بلکہ خدا نے اس کو رکھا ہے۔

ارجح المطالب ص۵۲۶' الریاض النضرہ جلد۲ ص۳۲۶' ذخائر العقبیٰ ص۱۰۲

روایت علی بن منذر

جامع الاصول جلد۹ ص۴۷۴ حدیث ۶۴۹۰

روایت ام المومنین ام سلمہ

ارجح المطالب ص۴۲۱/۵۳۰' علل الحدیث جلد۱ ص۹۹' سنن بیہقی جلد۷ ص۹۵' مقتل خوارزمی ص۶۳' مناقب خوارزمی ص۲۲۹' سیرت حلبیہ جلد۳ ص۳۴۷' منتخب کنز العمال جلد۵ ص۹۳' کنز العمال جلد۶ ص۲۱۷' حدیث ۳۸۰۲' ۳۸۰۳' ۳۸۰۴' الکشف والبیان ص۱۰۸' آل محمد ص۴۳۰' تاریخ مدینہ جلد۴ ص۱۴' مسند فاطمہ ص۴۶

روایت ابن عباس

ارجح المطالب ص۵۲۳ ص۵۲۷

روایت مطلب بن عبداللہ

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۵۲۳، احکام القرآن جلد ۲ ص ۲۴۸، قول مسدود ص ۱۹۰، تفسیر کشاف جلد ۱ ص ۳۶۶، فتح الباری جلد ۷ ص ۱۲

روایت حضرت جابر

(۶) عن جابر بن عبداللہ قال جاء نا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و نحن مضطجعون فی المسجد و فی یدہ عسیب رطب قال اتر قدون فی المسجد و قد اجفلنا و اجفل علی معنا فقال رسول اللہ صلی اللہ علی وسلم قال یا علی انہ یحل لک فی المسجد ما یحل لی الا ترضیٰ ان تکون منی بمنزلۃ ہارون من موسیٰ الا النبوۃ و الذی نفسی بیدہ انک لذائد اعن حوضی یوم القیامۃ تذو دعنہ رجالا کما یذا دبعیر الضال عن الماء بعصاء لک من عوسج کانی انظر الی مکانک عن حوضی (اخرجہ الخوارزمی فی المناقب) جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم مسجد میں سوئے ہوئے تھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ آپ کے ہاتھ میں کھجور کی شنی تھی فرمایا۔ کیا تم اونگھ رہے ہو۔ ہم دوڑنے لگے جناب علی بھی ہمارے ساتھ دوڑے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا علی ادھر آؤ تم کو جائز ہے مسجد میں جو کچھ مجھے جائز ہے آیا تو راضی نہیں ہوا کہ تیری منزلت مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہے موسیٰ سے۔ بجز نبوت کے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے بے شک تو قیامت کے روز میرے حوض سے لوگوں کو ہانک دے گا جس طرح سے کہ بہکا ہوا اونٹ پانی سے ہانک دیا جاتا ہے۔ عوسج کا عصا تیرے ہاتھ میں ہو گا گویا کہ میں تیرے مقام کو اپنے حوض سے اس وقت دیکھ رہا ہوں۔

ارجح المطالب ص ۵۲۴، ینابیع المودۃ ص ۷۲ سطر ۱

روایت حضرت علیؑ

(۵) عن علی قال اخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدی فقال ان موسیٰ سال ربہ ان یطہر مسجدہ بھارون و انا سالت ربی ان یطہر مسجد بک ثم ارسل الی ابی بکر ان سد بابک فاسترجع ثم قال سمعا و طاعتہ فسد بابہ ثم ارسل الی عمر بمثل ذلک ثم ارسل الی عباس بمثل ذلک ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما انا سددت ابوابکم و فتحت باب علی و لکن اللہ فتح باب علی و سد بابکم (اخرجہ البزار فی مسندہ الوصابی فی الا کتفاء بفضائل الاربعتہ الخلفاء) جناب سے مروی ہے کہ حضرتؐ نے میرا ہاتھ پکڑ کر ارشاد کیا کہ موسیٰ نے اپنے خدا سے درخواست کی تھی کہ وہ موسیٰ کی مسجد کو ہارون کے وسیلہ سے پاک کرے اور میں نے بھی اپنے رب سے التجا کی ہے کہ وہ میری مسجد کو تیرے ذریعے پاک کرے پھر حضرتؐ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کہلا بھیجا کہ اپنا دروازہ بند کر لے انہوں نے "سمعاً و طاعتہ" کہہ کر دروازہ بند کر لیا پھر حضرت عمرؓ اور عباس رضی اللہ عنہما کو بھی یہی کہلا بھیجا اس کے بعد حضرتؐ نے ارشاد کیا کہ میں نے تمہارے دروازے بند نہیں کیے ہیں اور نہ علی کا دروازہ کھلا چھوڑا ہے۔ مگر خدا نے علی کا دروازہ کھلا چھوڑا ہے اور تمہارے دروازے بند کیے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۵۲۷

روایت حضرت حبہ عرنی

ارجح المطالب ص ۵۲۶

(۳) عن حبته العرنی قال لما امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسد الابواب التی فی المسجد شق علیہم قال حبته کانی لانظر الی حمزۃ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ تحت قطیفتہ حمراء و عیناہ تذر فان و یقول اخرجت عمک و ابابکر و عمر و العباس و اسکنت بن عمک فعلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد شق علیہم فنودی جامعتہ للصلوۃ فعلا المنبر فلم یسمع من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبتہ ابلغ منہا تمجیدا و توحید فلما فرغ قال ایہا الناس ما انا سددتہا و الا انا فتحتہا و الا انا اخرجتکم و اسکنتہ ثم قرء و النجم اذا ھوی ما ضل صاحبکم و ما غوی ان ھو الا وحی یوحی (اخرجہ ابوبکر بن مردویتہ) حبہ عرنی کہتے ہیں کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دروازوں کے بند کرنے کا حکم دیا جو مسجد میں تھے لوگوں پر یہ بات نہایت شاق گذری۔ حبہ کہتے ہیں یہ تک میری آنکھوں میں ہے کہ جناب حمزہ سرخ لنگی اوڑھے ہوئے ہیں اور رو رہے ہیں اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کر رہے ہیں کہ آپ نے اپنے چچا اور ابوبکر اور عمر اور عباس کو نکال دیا ہے۔ اور اپنے ابن عم کو رکھا ہے۔ جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معلوم ہوا کہ یہ امر ان لوگوں پر شاق گذرا ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جمعہ کی منادی کرائی اور منبر پر چڑھ کر ایسا فصیح و بلیغ خطبہ ارشاد کیا کہ تمجید و توحید میں اس سے بلیغ تر خطبہ کبھی نہیں سنا گیا تھا۔ حمد و ثناء باری تعالیٰ کے بعد فرمایا اے لوگو میں نے دروازے بند نہیں کیے اور نہ تم کو نکالا ہے اور نہ اس کو رکھا ہے پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ والنجم کی یہ آیتیں پڑھیں جن کا ترجمہ یہ ہے قسم ہے ستارے کی جبکہ وہ گرا نہیں گمراہ ہوا تھا تمہارا صاحب اور نہ بھٹکا اور نہیں بولتا ہے اپنی خواہش سے مگر جبکہ اس کی طرف وحی بھیجی جاتی ہے۔ سخت قوتوں والا اس کو سکھاتا ہے۔

روایت حضرت عدی بن ثابت

ارجح المطالب ص ۵۲۰، شرف النبی ص ۴۷

(۱۹) عن عدی بن ثابت قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الی المسجد فقال ان اللہ اوحی الی نبیہ موسی ان ابن لی مسجدا طاھر الا یسکنہ موسی و ھارون و ابنا ھارون و ان اللہ اوحی الی ان ابن لی مسجدا طاھر الا یسکنہ الا انا و علی و ابنا علی (اخرجہ بن المغازلی) عدی بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکل کر فرمانے لگے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیج کر ارشاد کیا تھا کہ میرے لیے پاک مسجد بنا جس میں موسیٰ اور ہارون اور ہارون کے بیٹوں کے سوا کوئی نہ رہے۔ اسی طرح سے خدائے تعالیٰ نے مجھے وحی بھیج کر فرمایا ہے کہ میرے لیے پاک مسجد بنا جس میں میرے اور علی اور علی کے بیٹوں کے سوا کوئی نہ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

(تنبیہ) ابن حجر نے فتح الباری شرح صحیح میں سد ابواب کی نسبت ایک دلچسپ بحث لکھی ہے۔ تو ملخصا درج ہے۔

جاء فی سد الا بواب التی حول المسجد احادیث منها حدیث سعد بن ابی وقاص اخرجه احمد و النسائی و اسناده قوی و روایته الطبرانی فی الا وسط و رجا لها ثقات و حدیث زید بن ارقم اخرجه احمد و النسائی و رجاله و حدیثی ابن عباس اخرجهما احمد و النسائی و رجا لهما ثقات و حدیث جابر بن سمرة اخرجه الطبرانی و حدیث بن عمر اخرجه احمد و اسناده حسن و اخرج النسائی من طریق العلاء بن عزا رو رجاله رجال الصحیح الا عرار و قد و ثقه یحیی بن معین و غیره و هذا الا حادیث یقوی بعضها بعضا و کلا طریق صالح للاحتجاج فضلا عن مجموعها و قد اورد ابن الجوزی هذا الحدیث فی الموضوعات و اخرجه عن سعد بن ابی وقاص و زید بن ارقم و ابن عمر مقتصر اعلی بعض طرقه عنهم و اعله ببعض من تکلمه فیه من رواته ولیس ذلک بقادح لما ذکرت من کثرة الطرق و اعله ایضا بانه مخالفت للاحادیث الصحیحته الثابته فی باب ابی بکر و زعم انه من وضع الرافضته قابلوا الحدیث الصحیح فی باب ابی بکر رضی الله عنه و اخطاء فی ذلک خطاء شنیعا فانه سلک ردا للاحادیث الصحیحته بتو همه المعاوضه مع ان الجمع بین القضیتین ممکن و قد اشارا لی ذلک البزار فی مسنده فقال ورد من روایات اهل الکوفته الجمع بینهما عادل علیه حدیث ابی سعید الخدری الذی اخرجه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لا یحل له لاحد ان یطرق هذا المسجد جنبا غیری و غیرک و المعنی ان باب علی کان الی جهته المسجد ولم یکن لبیته باب غیره فلذلک لم یومر بسده و یوید ذلک ما اخرج اسمعیل القاضی فی احکام القران من طریق المطلب بن عبدالله بن خطب ان النبی صلی الله علیه وسلم لم یاذن لا حد ان یمرفی المسجد و هو جنب الا لعلی کان بیته کان فی المسجد و محصل الجمع ان الا مر بسد الابواب و قع مرتین فی الاولی استثنی علی و فی الاخری استثنی ابوبکر و لکن لا تتم ذلک الا بان یحمل ما فی قصته علی علی الباب الحقیقی و ما فی قصته ابی بکر علی الباب و المجازی و الراد به الخوخته کما صرح به فی بعض طرقه کانهم لما امرو ابسد الابواب فسدوها و احدثوا اخوا خا یستقر بون الدخول الی المسجد منها فامروا بعد ذلک بسدها فهذه طریقه لا باس فیها فی الجمع بین الحدیثین و اشاربها ابو جعفر الطحاوی فی مشکل الاثار و ابوبکر الکلا باذی فی المعانی الا طباز و صرح بان بیت ابی بکر کان له بابا من خارج المسجد و خته الی داخل المسجد و بیت علیؑ لم یکن له باب الا من داخل المسجد انتهی کلمه ملخصا۔ یعنی وہ دروازے مسجد کے ارد گرد تھے ان کی نسبت بہت سی حدیثیں وارد ہوئی ہیں۔ ان میں سے سعد بن ابی وقاص کی ایک حدیث ہے جس کو امام احمد بن حنبل اور امام نسائی نے روایت کیا ہے اس کی سندیں سب قوی ہیں۔ طبرانی نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے جس کے سب رجال ثقہ ہیں۔ اور ایک حدیث زید بن ارقم کی ہے جس کو امام احمد اور نسائی رحمہما اللہ نے روایت کیا ہے اس کے رجال بھی ثقہ ہے اور دو حدیثیں ابن عباسؓ کی ہیں جن کو امام احمد اور نسائی نے روایت کیا ہے ان کے بھی سب رجال ثقہ ہیں۔ اور ایک جابر بن سمرہ کی حدیث ہے جس کو طبرانی نے روایت ہے اور ایک ابن عمر کی حدیث ہے جس کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔ ان دونوں کے راوی (حسن) یعنی اچھے ہیں۔ اور ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث کو امام نسائی نے علاء غرار کے طریقہ سے روایت کیا ہے۔ غرار کے سوا اس کی رجال بھی ثقہ ہیں۔ اور غرار کو یحیی ابن معین نے ثقہ مانا ہے۔ یہ تمام حدیثیں ایک دوسری سے قوی ہیں۔ ان کے مجموع سے قطع نظر کرکے ان کا ہر ایک طریق احتجاج کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ابن جوزی نے اس حدیث کو موضوعات میں لکھا ہے۔ اور سعد بن ابی وقاص اور زید بن ارقم اور ابن عمر سے اس کو لے کر اس کے بعض طریقوں پر اس کا اقتصاد کیا ہے۔ اور ان لوگوں کی باتوں سے اس میں سقم پیدا کیا ہے۔ جن لوگوں نے اس حدیث

Presented by www.ziaraat.com

کے بعض راویوں میں کلام کیا ہے۔ لیکن اس امر سے ہماری بات میں رخنہ پیدا نہیں ہو سکتا۔ جبکہ ہم نے اس حدیث کو بہت سے طریقوں سے ثابت کر دیا ہے۔ ابن جوزی نے ایک اور حجت بیان کی ہے کہ یہ حدیث اس صحیح حدیث کی مخالف ہے جو ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نسبت وارد ہے۔ ابن جوزی کو یہ خیال پیدا ہوا ہے کہ اس حدیث کو بمقابلہ اس صحیح حدیث کے جو حضرت ابوبکرؓ کی شان میں وارد ہوئی ہے رافضیوں نے وضع کیا ہے۔ لیکن ابن جوزی نے بڑی بھاری غلطی کی ہے۔ اور اس نے تعارض کے وہم سے صحیح حدیثوں کے رد کرنے کا مسلک اختیار کیا ہے۔ باوجودیکہ جمع بین الفقیتین ممکن ہے۔ چنانچہ براء رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے اور کہتا ہے کہ اہل کوفہ کی روایتوں میں ان کا جمع وارد ہے۔ اور ان دونوں کے جمع کرنے کے لیے وہ حدیث ہے جو ابو سعید خذری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے سوا اور یا علی تیرے سوا کسی کو جنب کی حالت میں مسجد سے عبور کرنا جائز نہیں ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ علی علیہ السلام کا دروازہ مسجد میں تھا اور اسی دروازے کے سوا ان کے گھر کا اور کوئی دروازہ نہیں تھا۔ اسی لیے حضرتؐ نے اس دروازے کو بند کرنے کا حکم نہیں دیا تھا۔ اور اسی کی موید ہے وہ حدیث جس کو کہ قاضی اسمٰعیل نے کتاب احکام القرآن میں مطلب بن عبداللہ بن حنطب کے طریقے سے روایت کیا ہے کہ حضرتؐ نے کسی کو علی کے سوا جنب کی حالت میں مسجد سے گذرنے کی اجازت نہیں دی تھی اور دونوں حدیثوں کے جمع کا ماحصل یہ ہے کہ دروازوں کے بند کرنے کا دو دفعہ حکم ہوا تھا۔ پہلی دفعہ میں جناب علی علیہ السلام اور دوسری دفعہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مستثنیٰ کیے گئے۔ لیکن یہ بات اس وقت پوری ہو سکتی ہے کہ جنابؑ کے قصہ میں حقیقی دروازہ اور جناب ابوبکرؓ کے قصہ میں مجازی دروازہ یعنی خوخہ مراد لیا جائے۔ چنانچہ اس حدیث کے بعض طریقوں میں اس کی تصریح موجود ہے۔ جب پہلی دفعہ دروازوں کے بند کرنے کا حکم ہوا تو صحابہ نے دروازے بند کر دیئے اور خوخہ یعنی دریچے مسجد کی طرف بنا لیے تاکہ نماز کا وقت دیکھ کر مسجد میں آ جائیں۔ لیکن جناب علی کا دروازہ آمد و رفت کے لیے بدستور کھلا رہا۔ بعد میں ان دریچوں کے بند کرنے کا حکم ہو گیا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے خوخہ یعنی دریچہ کے سوا سب صحابہ کے دریچے بند کیے گئے۔ پس یہی ایک طریقہ لا باس فیہ ان دونوں حدیثوں کے جمع میں ہے۔ اور اسی طریقہ کے ساتھ ان دونوں حدیثوں کو ابو جعفر الطحاوی نے مشکل الآثار میں اور ابوبکر کلاباذی نے معانی الاخبار میں جمع کیا ہے کہ صاف اس کی تصریح کی ہے کہ مسجد میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کا خوخہ تھا اور دروازہ مسجد کی جانب سے علیحدہ تھا۔ اور جناب علی کا دروازہ مسجد کی طرف سے دوسری طرف نہیں تھا۔

روایت حضرت ابو رافع

ارجح المطالب ص ۵۲۵ سطر ۱ کفایت الطالب ص ۱۵۱

(۹) عن ابی رافع ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خطب قال ان اللہ عزوجل امر موسی و ہارون ان یتبوا لقومہما بیوتا و امرھما ان لا یبیت فی مسجدھما جنب و لا یقربوا فیہ النساء الا ہارون و ذریتہ و لا یحل لاحد ان یقرب نسائی فی مسجدی و لا یبیت فیہ الا علی و ذریتہ (اخرجہ ابن عساکر و السیوطی فی الدر المنثور) ابو رافع سے منقول ہے کہ حضرتؐ نے خطبہ میں ارشاد کیا کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ اور ہارون کو حکم دیا اپنی قوم کے لیے گھر بناؤ مسجد میں کوئی جنب نہ رہنے پاوے اور اس میں عورتوں سے صحبت نہ کریں سوا ہارون اور اس کی ذریت کے اور کسی کو حلال نہیں کہ میری اس مسجد میں رہے اور عورتوں سے صحبت کرے سوا جناب علی علیہ الصلوۃ و السلام اور اس کی ذریت کے۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت علی کا احتجاج

ارجح المطالب ص ۵۲۴

(۷) عن عثمان بن عبداللہ القرومی من حدیث طویل قال خطب علی یوم بویع فیہ عثمان فقال فیھا انا انشد کم هل تعلمون معشر المهاجرین و الانصار ان احدا کان یدخل المسجد غیری جنبا قالو اللهم لا (اخرجہ ابن عساکر) عثمان بن عبداللہ قرشی ایک حدیث طویل میں ذکر کرتے ہیں کہ جس روز عثمان رضی اللہ عنہ سے لوگوں نے بیعت کی جناب علی علیہ السلام نے خطبہ پڑھا اور اس میں فرمایا اے مہاجرین اور انصار کے گروہ میں تم کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ تم میرے سوا کسی ایسے شخص کو جانتے ہو کہ حالت جنب میں وہ مسجد میں داخل ہوا کرتا تھا۔ سب نے کہا خدا گواہ ہے آپ کے سوا کوئی نہیں ہے۔

(۸) عن جابر بن عبداللہ سمرۃ قال امرنا بسد ابواب المسجد کلھا غیر باب علی فربما مرفیہ و هو جنب (اخرجہ الطبرانی فی الکبیر) جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم کو مسجد کے تمام دروازوں کے بند کرنے کا حکم ہوا تھا سوا علی کے دروازے کے وہ وہاں سے گذرا کرتے تھے اور جنب میں ہوا کرتے تھے۔

ارجح المطالب ص ۵۲۴، مناقب خوارزمی ص ۶۰ سطر ۱۰

(۲) عن الحرب بن مالک قال اتیت مکہ فلقیت سعد بن ابی وقاص فقلت هل سمعت لعلی منقبہ قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد فنودی فینا لیلۃ لیخرج من فی المسجد الا ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و ال علی فخرجنا فلما اصبح اتاہ عمہ فقال یا رسول اللہ صلی و خرجت اصحابک و اعمامک و اسکنت هذا الغلام فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما انا امرت باخراجکم و الا با سکان هذا الغلام و لکن اللہ هو امر بہ (اخرجہ النسائی فی الخصائص) حرب بن مالک کہتے ہیں کہ میں مکہ میں سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور ان سے پوچھا کہ جناب علی کے بارے میں تم نے بھی کوئی منقبت سنی ہے۔ کہنے لگے ہم مسجد میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا کرتے تھے ایک رات ہم میں منادی کی گئی کہ آل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آل علی کے سوا سب مسجد سے نکل جائیں۔ صبح جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا تشریف لائے اور عرض کرنے لگے یا رسول اللہ آپ نے اپنے اعمام اور اصحاب کو مسجد سے نکال دیا ہے اور اس لڑکے کو رکھ لیا ہے۔ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں نے تمہارے نکالنے اور اس کے رکھنے کے لیے نہیں حکم دیا بلکہ خدا نے حکم دیا ہے۔

یہ حدیث ثابت کرتی ہے کہ مسجد پاک تھی لہٰذا مسجد میں پاک ہی رہ سکتے ہیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ باقی اصحاب اور حضرت علی علیہ السلام میں مشرق و مغرب کا فرق ہے۔

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام معصوم تھے اور دوسرے غیر معصوم۔

Presented by www.ziaraat.com

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کا دروازہ کھلا کیوں اور دوسروں کے بند ہوئے کیوں؟ کیونکہ حضرت علی علیہ السلام حالت جنب میں بھی مسجد میں رہ سکتے تھے جبکہ دوسروں میں اس درجے کی طہارت نہ تھی۔

حضرت موسیٰ کی امت میں فخر حضرت ہارون اور اس کی اولاد کو تھا تو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں بھی یہ فخر حضرت علی علیہ السلام اور ان کی اولاد کو حاصل ہوگا۔

سد الابواب کے باب میں توضعی مشین نے ایک ٹوٹی پھوٹی روایت گھڑلی ہے لیکن اس حدیث کے مقابلے میں اس کے پرزے بھی ڈھیلے ہوگئے اور تمام لوگ حضرت علی علیہ السلام کی اس فضیلت کے سامنے سرنگوں ہوگئے۔

حضرت علی علیہ السلام اور ان کے بچے جنب کی حالت میں کیوں اندر رہ سکتے تھے کیونکہ آیہ تطہیر ان کی طہارت کی گواہی دے رہی تھی۔

بیت علیؑ بیت رسولؐ ہے

ارجح المطالب ص ۵۱۳، ارشاد الساری جلد ۶ ص ۱۳۸، فتح الباری جلد ۷ ص ۵۹، تحقیق النصرۃ ص ۶۷، نظم درر السمطین ص ۱۰۳، خصائص نسائی ص ۲۸، المعتصر من المختصر جلد ۲ ص ۳۲۳، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۵، لسان المیزان جلد ۴ ص ۱۶۵

روایت حضرت عزار

ارجح المطالب ص ۵۱۳

(۱). عن غرار قال سالت عبداللہ بن عمر فقلت لا تحدثنی عن علی و عثمان قال اما علی فھذا بیتہ من بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا احدثک عنہ بغیرہ و اما عثمان فانہ اذنب ذنبا عظیما یوم احد فعفی اللہ عنہ و اذنب فیکم ذنبا صغیرا فقتلتموہ (اخرجہ النسائی فی الخصائص) غرار کہتا ہے کہ میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا تم علی اور عثمان کے مرتبہ سے مجھ کو خبردار نہیں کرتے وہ کہنے لگے پس علی ان کا گھر یہ دیکھ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کے پاس ہے ان کے سوا کسی دوسرے کا گھر وہاں تجھے نہیں ملے گا۔ اور عثمان پس انہوں نے احد کے دن بھاری گناہ کیا۔ لیکن خدا نے انہیں بخش دیا۔ اور تمہارا ایک چھوٹا گناہ اور تم نے ان کو مار ڈالا۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت نافع

(۳) عن نافع بن عمر رضی اللہ عنہ قال امام علی فانہ عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و اشار بیدہ فقال ھذا بیتہ ترون (اخرجہ البخاری) نافع بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ کہنے لگے کہ علیؑ پس جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ابن عم ہیں اور اپنے ہاتھ سے اشارہ کرکے کہا یہ انکا گھر ہے جسے تم دیکھ رہے ہو۔ یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھروں کے درمیان میں ہے۔

ارجح المطالب ص ۵۱۴

(۴) عن سعید بن ابی عبیدۃ قال جاء رجل الی ابن عمر فسالہ عن علی فقال لا تسل عن علی ولکن انظر الی بیتہ اوسط بیوت النبی صلی اللہ علیہ وسلم (اخرجہ البخاری و النسائی) و زاد البخاری ثم قال لعل ذاک یسؤک قال اجل قال فارغم اللہ انفک انطلق فاجھد علی جھدک (و زاد النسائی قال فانی ابغضہ قال ابن عمر ابغضک اللہ عزوجل) سعید بن عبیدہ سے روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ایک شخص نے جناب علی کی نسبت سوال کیا ابن عمر نے کہا ان کی نسبت مت پوچھو ان کا گھر یہ ہے کہ حضرتؐ کے گھروں کے بیچ میں ہے۔ امام بخاری نے اس حدیث میں یہ الفاظ زیادہ روایت کیے ہیں کہ پھر ابن عمر اس شخص سے کہنے لگا شاید تجھے یہ بات بری معلوم ہوئی ہوگی۔ اس نے کہا ہاں ابن عمر بولے خدا تیری ناک پر مٹی ڈالے جا اپنے رنج میں مرجا۔ امام نسائی علیہ الرحمۃ نے اس حدیث میں یہ الفاظ روایت کیے ہیں اس شخص نے عبداللہ بن عمر سے کہا میں ان سے یعنی جناب علی سے بغض رکھتا ہوں ابن عمر نے کہا خدا تجھ سے بغض رکھے۔

روایت حضرت حذیفہ بن اسید غفاری

مناقب میں ابو طفیل حذیفہ بن اسید غفاری سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ نے کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرمایا اور کہا کہ بعض لوگوں کے دلوں میں کچھ کدورت پائی جاتی ہے۔ کہ میں نے علیؑ کو مسجد میں ساکن کر دیا ہے۔ اور ان لوگوں کو نکال دیا ہے۔ خدا کی قسم نہ میں نے ان لوگوں کو نکالا ہے اور نہ میں نے علیؑ کو مسجد میں ٹھہرایا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو مسجد سے نکال دیا ہے اور علیؑ کو ساکن کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ اور اس کے بھائی کی طرف وحی فرمائی تھی کہ تم مصر میں اپنی قوم کے لئے کچھ گھر تیار کرو۔ اور اپنے گھروں کو قبلہ قرار دے کر اللہ کی نماز قائم کرو۔ پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو حکم دیا کہ مسجد میں کوئی شخص ہارونؑ اور ان کی اولاد کے سوا قیام نہ کرے اور نہ اس میں کوئی نکاح کرے اور نہ اس میں کوئی جنب کرے۔ علیؑ کو مجھ سے وہ منزلت حاصل ہے جو ہارون کو موسیٰؑ سے حاصل تھی۔ علیؑ میرے بھائی ہیں۔ اس مسجد میں علیؑ اور اولاد علیؑ کے سوا کوئی نکاح کرنے کا مجاز نہیں۔ جس کو با

Presented by www.ziaraat.com

بات بری معلوم ہوئی تھی وہ وہاں ہے۔ آپ نے شام کی طرف اشارہ کیا۔ نیز صاحب مناقب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے غلام ابو رافع سے اس حدیث کو بیان کیا ہے۔

ینابیع المودۃ ص ۱۴۰ سطر ۵، مناقب ابن مغازلی ص ۲۵۲، خصائص سیوطی ص ۲۴۳

روایت حضرت مفضل

درمنثور جلد ۳ ص ۲۱۳، مناقب ابن مغازلی ص ۲۵۲، بر حاشیہ مغازی

روایت حضرت عمرؓ

ابن عمر وغیرہ سے روایت ہے کہ حضورؐ مسجد کی طرف تشریف لائے اور فرمایا۔ اللہ نے اپنے نبی موسیؑ کی طرف وحی کی تھی کہ میری خاطر ایک پاکیزہ مسجد تیار کرو۔ جس میں حضرت موسیؑ و ہارون قیام کریں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے وحی کی ہے۔ کہ میں مسجد کو پاک و پاکیزہ کر دوں۔ اس میں میں اور میرا بھائی علیؑ قیام کریں۔ (ینابیع المودۃ ص ۱۳۹ سطر ۱۷، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۵ سطر آخر، التعقیبات ص ۵۵، کوکب دری ص ۱۴۴)

ذوالقرنین

روایت حضرت علیؑ

پہلے زیرِ عنوان کنزانی الجنت میں یہ روایت تحریر کر دی گئی ہے۔

روایت حضرت ابو عبید

پہلے زیرِ عنوان بیت فی الجنت میں یہ روایت تحریر کر دی گئی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

حدیث مرفوع

مجمع بحار الانوار ص ۱۵۶، لسان العرب جلد ۱۳ ص ۳۳۳ کالم ۱ سطر ۷، ص ۵۳۲ کالم ۲ سطر ۱۴

عمدہ تشریح

لسان العرب جلد ۱۳ ص ۳۳۲ کالم ۲ سطر آخر، مناقب خوارزمی ص ۲۵۷ سطر ۴،
حضرت علی علیہ السلام کو ذوالقرنین اس لئے کہتے ہیں کہ ان کے سر کو تبلیغ حق کے بدلے میں دو بار زخمی کیا گیا۔ ایک دفع یوم خندق اور دوسری دفعہ ۱۹ رمضان کو مسجد کوفہ میں۔

صفوت اللہ

یہ روایت پہلے زیر عنوان جبرائیل کی امیر المومنین کی قصیدہ خوانی تحریر کر دی گئی ہے۔

المرتضیٰ

ارجح المطالب ص ۴۰، سیرت حلبیہ جلد ۲ ص ۳۶۵، میزان الاعتدال جلد ۱ ص ۹۷، مناقب خوارزمی ص

المرتضیٰ:۔ عن علی قال خرجت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذات یوم نمشی فی طرقات المدینۃ اذ مررنا بنخل من نخلها فصاحت نخلۃ باخری هذا النبی المصطفی و هذا علی المرتضی ثم جزنا ها فصاحت ثانیہ بثالثہ هذا موسی و اخوہ هارون (اخرجہ الخوارزمی و ابن یوسف الکنجی فی کفایۃ الطالب) جناب امیر سے روایت ہے کہ ایک دفعہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ کے بعض راستوں میں جا رہا تھا ناگاہ ہم ایک نخلستان میں سے ہو کر گذرے ایک نخل دوسرے سے پکار کر کہنے لگا یہ نبی مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور یہ علی المرتضیٰ ہیں پھر ہم آگے نکل گئے پھر ایک دوسرا نخل تیسرے سے کہنے لگا یہ موسیٰ اور ان کا بھائی ہارون ہیں۔

صبر کی تلقین

ینابیع المودت ص ۲۰۸، مناقب خوارزمی ص ۱۰۹ سطر آخر، المستدرک جلد ۳ ص ۱۳۰ سطر ۸،

Presented by www.ziaraat.com

تلخیص سطر۲۱، کنز العمال جلد۶ ص۱۵۷، حدیث ۲۶۱۴

نور الابصار ص۱۷، الشرف المئوبد ص۴۸، الریاض النضرہ جلد۲ ص۲۱۰، کنز العمال جلد۶ ص۴۰۸، حدیث ۶۱۵۸

اِنَّ الاُمَّۃَ سَتَغدِرُ بِعَلِیّ

عن علی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ ان الامۃ ستغدر بک و انت تعیش علی ملتی و تقتل علی سنتی من احبک فاحبنی و من ابغضک ابغضنی تخضب عن ھذہ یعنی لحیتہ عن راسہ (اخرجہ الدار قطنی و الحاکم و الخطیب) جناب امیر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ بے تحقیق میری امت تم سے غدر کرے گی اور تم میری ملت پر زندہ رہو گے اور میری سنت پر مارے جاؤ گے جس نے تم سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے تم سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا اور یہ اس سے سرخ ہو گی یعنی داڑھی سر کے خون سے۔

ارجح المطالب ص۵۹۶، نزل الابرار ص۲۹، ازالۃ الخفا جلد۱ ص۲۵، مجمع بحار الانوار جلد۲ ص۴۴۳، البدایہ جلد۶ ص۲۱۸، تاریخ بغداد جلد۱۱ ص۲۱۶، المستدرک جلد۳ ص۱۴۰ سطر۵، تاریخ کبیر جلد۲ ص۱۷۴، الکنیٰ و الاسماء جلد۱ ص۱۶۳، شرح ابن ابی الحدید جلد۳ ص۶۶، خصائص الکبریٰ جلد۲ ص۱۳۸، نفحات اللاہوت ص۸۵، کنز العمال جلد۶ ص۱۵۷، مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۳۷ سطر آخر۔

روایت حیان اسدی

المستدرک جلد۳ ص۱۴۲ سطر۱، تلخیص سطر آخر

روایت ابو ادریس اودی

المستدرک جلد۳ ص۱۴۰ سطر۵

روایت ...

کتاب الارشاد میں ام سلمہ، اسماء بنت عمیس، جابر بن عبداللہ، ابو سعید خدری ان کے علاوہ صحابہ کی ایک جماعت سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر میں تشریف فرما تھے۔ آپ کو وحی نے ڈھانپ لیا۔ حضورؐ نے علی کی ران کا سہارا لیا۔ رسول اللہ نے اپنا سر نہ اٹھایا۔ اسی دوران میں سورج غروب ہو گیا۔ حضرت علیؑ نے عصر کی نماز اشاروں سے ادا فرمائی۔ جب رسول اللہؐ کو ہوش آئی۔ تو فرمایا۔ اے میرے اللہ علی کی خاطر سورج کو واپس لوٹا دے۔ سورج واپس لوٹ آیا۔ آسمان پر وقت عصر ہو گیا۔ حضرت علیؑ نے نماز ادا کی۔ سورج پھر غائب ہو گیا۔ (ینابیع المودۃ ص ۲۱۳ سطر ۱۹)

اعلام النبوۃ ص ۷۹، البدایہ جلد ۶ ص ۸۰، سیرت زینی دحلان جلد ۳ ص ۱۲۶، در منثورہ ص ۲۲۴، اسنی المطالب ص ۱۴، الصواعق المحرقہ ص ۱۲۸ سطر ۶، وفاء الوفاء جلد ۲ ص ۳۵ سطر ۲۱، خصائص کبریٰ جلد ۲ ص ۱۸۳ سطر ۵، المقاصد الحسنہ ص ۲۲۶، تفسیر ابن کثیر جلد ۵ ص ۷۵، لسان المیزان جلد ۴ ص ۲۷۶ سطر ۳، میزان الاعتدال جلد ۲ ص ۲۴۴ سطر ۲۳، نور الابصار ص ۲۸، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۸۰ سطر ۳، مناقب خوارزمی ص ۲۱۷ سطر ۹، مناقب ابن مغازلی ص ۹۶ سطر ۹، اسعاف الراغبین ص ۲۹ سطر ۱۷، رد مختار ص ۲۵۱، مشکل الاثار جلد ۲ ص ۸، شفاء عیاض ص ۲۴۰، تذکرہ ص ۵۵، نہایۃ الارب جلد ۱۸ ص ۳۱۰، مجمع الزوائد جلد ۸ ص ۲۹۷، البدایہ جلد ۶ ص ۲۸۲، شرح قوشجی جلد ۴ ص ۳۳۰، التعقیبات ص ۳۸۰، الحاوی جلد ۲ ص ۳۰ سطر ۱۲، شرح المواہب اللدنیہ جلد ۵ ص ۱۳ سطر ۱۰، الفوائد المجموعہ ص ۱۱۸، سیرت حلبیہ جلد ۱ ص ۳۸۶، مدارج النبوۃ ص ۱۳۳۶، اللئالی المصنوعہ جلد ۲ ص ۱۷۳ سطر ۲۰، تذکرۃ الحفاظ جلد ۳ ص ۳۶۸، فیض القدیر جلد ۵ ص ۴۴۰، المواہب اللدنیہ جلد ۱ ص ۳۵۸، عمدۃ القاری جلد ۷ ص ۱۳۶، معاہد التنصیص جلد ۲ ص ۱۹۰، طرح التثریب جلد ۶ ص ۲۴۷، فتح الباری جلد ۶ ص ۱۶۸، المرقات جلد ۴ ص ۲۸، تمیز الطیب ص ۸۱، نسیم الریاض جلد ۳ ص ۱۱، ام ص ۱۳، نزل الابرار ص ۴۰، ینابیع المودۃ ص ۱۱۳ سطر ۸، کوکب دری ص ۳۵۵، تاریخ دمشق جلد ۲ ص ۲۸۳، تاریخ خمیس جلد ۲ ص ۵۸، ضوء الشمس ص ۱۲۶، مناقب عینی ص ۱۸

روایت حضرت اسماء بنت عمیس

Presented by www.ziaraat.com

جمع الفوائد میں اسماء بنت عمیس سے روایت ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ کی طرف وحی فرمائی۔ وحی نے رسول اللہ کو ڈھانپ لیا۔ علیؑ نے اپنے کپڑے سے رسولؐ اللہ کو چھپا لیا۔ سورج غائب ہو گیا۔ جب وحی چلی گئی۔ تو رسولؐ اللہ نے فرمایا۔ اے علیؑ تو نے عصر کی نماز ادا کی ہے۔ علیؑ نے عرض کیا۔ نہیں۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا۔ اے اللہ علی کی طرف سورج لوٹا دے۔ اسماء کا بیان ہے سورج واپس آ گیا۔ حتیٰ کہ میرے حجرے کے قریب آ گیا۔

ینابیع المودۃ ص۲۱۳ سطر۷، مناقب خوارزمی ص۲۱۷ سطر۱۹، کوکب دری ص۳۵۵، مشکل الاثار جلد۲ ص۹، مجمع الزوائد جلد۹ ص۲۹ سطر۱، ینابیع المودۃ ص۱۱۳ سطر۳، مفتاح النجا ص۳۷، فرائد السمطین ص۴۰، شرح دیوان علی ص۱۸۶، مشارق الانوار ص۱۱۰

روایت دوم

ارجح المطالب ص۸۴۶

(۱) عن اسماء بن عمیس و جابر بن عبداللہ الانصاری و ابی سعید الخدری و الحسین بن علی رضی اللہ عنہم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان ذات یوم فی منزلہ و علی بین یدیہ اذا جاء جبریل یناجیہ عن اللہ عزوجل فلما تغشی الوحی توسد فخذ علی و لم یرفع حتی غابت الشمس فصلی العصر جالسا ایماء فلما افاق قال لعلی فاتتک العصر قال صلیتھا قاعدا ایماء فقال ادع اللہ یردعلیک الشمس حتی تصلیھا قائما فی وقتھا فانہ یجیبک لطاعتک للہ و لرسولہ فسال اللہ فی ردھا فردت علیہ حتی صارت فی موضعھا من السماء وقت العصر فصلھا ثم غربت و اللہ لقد سمعنا بھا عند غروبھا کصریر المنشار (اخرجہ الدولابی و ابن شاھین و ابن مندہ و ابن مردویہ)

روایت حضرت حسن بن علیؑ

اللؤلؤ المرصوع ص۳۹، الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۷۹، لسان المیزان جلد۱ ص۷۴ سطر۱۹ ص۱۱۰

روایت حضرت ابو رافع

مناقب ابن مغازلی ص۹۶ سطر۶، اسنی المطالب ص۱۹۶

روایت حضرت ابو ہریرہ

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

میں آئی ہے اس کا بیان اس طرح پر ہے کہ جب اختر اوج ولایت یعنی امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے کوفہ کا رخ کیا۔ راستے میں فرات سے عبور کرنا چاہا۔ کہ نماز عصر کا وقت آ پہنچا۔ آپ نے اپنے کچھ اصحاب سمیت نماز عصر ادا کرنے کی غرض سے قیام فرمایا۔ اور باقی صحابہ چونکہ چارپایوں کے گزارنے میں مشغول تھے' نماز عصر ان سے فوت ہو گئی۔ اور اس باب میں بعض پیروان امیر المومنین نے باہم تذکرہ کیا۔ جب امیر المومنین نے ان کی باتیں سنیں۔ تو قادر مطلق سے درخواست کی کہ آفتاب کو واپس کر دے۔ حق سبحانہ تعالیٰ نے امیر المومنین کی التماس کو قبول فرمایا۔ اور غروب شدہ آفتاب کو بلند کیا۔ یہاں تک کہ باقی اصحاب نے بھی نماز ادا کی۔ اور سورج کے دوبارہ چھپتے وقت ایسی خوفناک آواز سننے میں آئی کہ لوگوں نے نہایت خوفزدہ ہو کر تسبیح و تحلیل کرنی شروع کی۔ اور بہت سے اکابر سلف نے اس باب میں اشعار کہے ہیں۔ حکیم سنائی فرماتے ہیں۔

قوت حسرتش ز بہر نماز داشتہ چرخ راز گشتن باز

تا دگر بار برنشاند بہ زین خسرو چرخ را تہمتن دین

مناقب عینی ص ۴۴'۴۳' کوکب دری ص ۳۵۵ سطر ۳' سیرت النبی دحلان جلد ۳ ص ۱۲۷' کفایت الطالب ص ۲۴۰

نہروان سے واپسی

ارجح المطالب ص ۱۲۱' تذکرہ ص ۵۸' کوکب دری ص ۳۵۵' ینابیع المودۃ ص ۱۱۳ سطر ۳' شواہد النبوۃ باب مناقب علی' صفین ابن مزاحم ص ۱۵۲' بحر المناقب ص ۱۱۷

حضرت علیؑ کے لئے دو دفعہ سورج پلٹا

روایت ہے کہ خدا تعالیٰ نے امیر المومنین کی دعا سے دو دفعہ آفتاب عالم تاب کو غروب کے بعد واپس کیا ہے۔ ایک دفعہ آنحضرتؐ کی زندگی میں سنہ ۷ ہجری میں فتح خیبر کے بعد منزل صہبا میں۔ اور دوسری مرتبہ حضورؐ کی زندگی کے بعد۔ (کوکب دری ص ۳۵۴ سطر آخر' شواہد النبوۃ باب صابر علی)

Presented by www.ziaraat.com

ارض بابل پر رد شمس

کتاب صفین مفتری ص ۱۵۲

روایت حضرت ابن عباسؓ

مجاہد سے روایت ہے کہ انہوں نے ابن عباس سے روایت کیا ہے۔ کہ آپ علی ابن ابی طالب کی شان میں کیا کہتے ہیں۔ عبداللہ بن عباس نے کہا۔ خدا کی قسم وہ ثقلین کے ایک فرد ہیں۔ کلمہ شہادتین پڑھنے میں سبقت کی ہے۔ دو قبلوں کی طرف نماز پڑھی ہے۔ دو دفعہ بیعت کی ہے۔ آپ دو فرزندوں حسنؑ اور حسینؑ کے باپ ہیں۔ آپ کی خاطر دو دفعہ سورج واپس پلٹا۔ آپ کی مثل آئمہ ہدیٰ میں ذوالقرنین کی مانند ہے۔ وہ میرے اور تمام جن و انس کے مولا ہیں۔
ینابیع المودۃ عربی ص ۱۱۴ سطر ۱۰، ینابیع المودۃ اردو ص ۲۱۶، مناقب خوارزمی ص ۲۶۰

تصدیق حدیث رد شمس

طحاوی نے مشکل الاثار میں، قاضی عیاض نے الشفاء میں اس حدیث کو صحیح اور شیخ الاسلام نے اسے حسن مانا ہے۔ (صواعق محرقہ ص ۱۲۸ سطر ۹)
امام شافعی کے نزدیک یہ نبوت کا عظیم معجزہ ہے۔ (صواعق محرقہ ص ۱۲۸ حاشیہ ۷)

تصدیق ابن حجر مکی

علامہ ابن حجر مکی نے الصواعق المحرقہ میں تحریر کیا ہے کہ حضرت علیؑ کی واضح کرامات میں سے ایک کرامت یہ ہے کہ حضرت علی کی خاطر سورج واپس لوٹا تھا۔ یہ اس وقت کا واقعہ ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سر مبارک آپ کی گود میں تھا۔ اور حضرت علی نے عصر کی نماز ادا نہیں فرمائی تھی۔ اور سورج غروب ہو گیا تھا۔ جب وحی رسول اللہ صلی اللہ

Presented by www.ziaraat.com

علیہ و آلہ وسلم سے چلی گئی تھی تو رسولؐ اللہ نے فرمایا اے میرے اللہ! علیؑ تیری اور تیرے رسول کی اطاعت میں مصروف تھے۔ اس پر سورج کو واپس لوٹا دے۔ غروب ہونے کے بعد سورج پھر نمودار ہوا۔ علامہ طحاوی نے اس حدیث کو صحیح مانا ہے اور قاضی عیاض نے اس کو اپنی کتاب الشفاء میں تحریر کیا ہے۔ شیخ الاسلام ابو ذرعہ نے اس حدیث کو حسن تحریر کیا ہے۔ اور آپ کی اتباع اور لوگوں نے بھی کی ہے۔

کتاب الکبریت الاحمر میں تحریر ہے کہ شیخ عبدالقادر جیلانی نے کہا۔ اے میرے اللہ تو نے اس کے لئے سورج کو لوٹایا اور اس کے لئے چاند دو ٹکڑے کئے۔ الکبریت الاحمر کے شارح نے مذکورہ حدیث کو رد شمس کے واقعہ میں بیان کیا ہے۔ (ینابیع المودۃ ص ۲۱۴ سطر ۱۴، صواعق محرقہ ص ۱۲۸ سطر ۶)

روایت مرسل

الموضوعات الکبیر ص ۴۰، المغنی ص ۳۲۰ جلد ۲، نزھتہ المجالس ص ۹۳ جلد ۲، عمدۃ الاخبار ص ۱۲۵، اسعاف الراغبین ص ۱۹۲

ابو منصور مظفر کے لئے رد شمس

حدیث رد الشمس کو امام طحاوی نے صحیح تسلیم کیا ہے اور قاضی عیاض نے اس کو کتاب الشفا میں بیان کیا ہے۔ شیخ الاسلام ابو ذرعہ وغیرہ نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔ اور سبط ابن جوزی نے لکھا ہے کہ اس بات میں ایک عجیب و غریب حکایت ہے۔ مجھے اس کے متعلق ہماری عراق کے مشائخ کی ایک جماعت نے بیان کیا کہ انہوں نے ابو منصور مظفر بن اردشیر عبادی نے اپنے الفاظ کی سجاوٹ کے ساتھ عصر کے بعد اس حدیث کو بیان کیا اور فضائل اہل بیت کو بھی بیان کیا۔ سورج کو بادل نے ڈھانپ لیا تھا۔ لوگوں نے خیال کیا کہ سورج غروب ہو گیا ہے۔ اس نے منبر پر کھڑے ہو کر سورج کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ اشعار پڑھے۔

لا تغربی یا شمس حتی تنتہی — مدحی لآل المصطفیٰ و نجلہ

واثنی عنانک ان اردت ثناءھم — انسیت کان الموقوف لاجلہ

Presented by www.ziaraat.com

ان کان للمولی وقوفک فلیکن　　　هذا الوقوف لخیله ولحه جله

تھوڑی تفاوت کے ساتھ یہ اشعار ابھی ابھی گزر چکے ہیں اور ان کے ترجمہ کو بھی وہیں ملاحظہ کریں۔

انہوں نے کہا کہ بادل سورج سے ہٹ گیا اور سورج ظاہر ہو گیا۔

ینابیع المودت ص۲۳۹ سطر آخر، طبقات حنفیہ جلد۱ ص۳۴۲، سیرت حلبیہ جلد۱ ص۳۸۵، نور الابصار ص۱۰۳ سطر۱۰، کفایت الطالب ص۲۴۳، الاشراف ص۲۵، الصواعق المحرقہ ص۱۲۸ سطر۱۴، تذکرۃ الخواص ص۹۵

جناب امیر کا حضرت کے دوش اقدس پر سوار ہونا

عن علی قال انطلقت انا و النبی صلی الله علیه وسلم حتی اتینا الکعبة فقال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم اجلس و صعد علی منکبی فنهضت لانهض به فرای منی ضعفا فنزل و جلس لی نبی الله صلی الله علیه وسلم و قال اصعد علی منکبی فصعدت علی منکبیه قال فنهض بی قال فیتخیل الی ان لو شئت لنلت افق السماء حتی صعدت علی البیت و علیه تمثال صفر او نحاس فجعلت ازاوله عن یمینه و عن شماله و من بین یدیه و من خلفه حتی اذا استمکنت منه قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم اقذف به فقذفت به فتکسر کما تتکسر القواریر ثم نزلت فانطلقت انا و رسول الله صلی الله علیه وسلم نستبق حتی توارینا بالبیوت خشیة ان یلقانا احد من الناس (اخرجه احمد و النسائی و الحاکم) جناب امیر علیہ السلام بیان فرماتے ہیں کہ میں ایک دفعہ بمعیت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ میں گیا مجھ سے حضرت نے فرمایا بیٹھ جا آپ میرے کندھے پر سوار ہوئے جب میں اٹھنے لگا حضرت نے میرے ضعف کو دیکھا اور میرے کندھے سے اتر کر بیٹھ گئے اور مجھے اپنے کندھے پر سوار کیا اور کھڑے ہو گئے اس وقت میری نسبت خیال کیا جا سکتا تھا کہ اگر میں چاہوں تو آسمان کے کنارے تک پہنچ جاؤں۔ یہاں تک کہ میں بیت اللہ کی چھت پر چڑھ گیا اس پر تانبے یا پیتل کی ایک مورت تھی میں اس کو دائیں بائیں آگے پیچھے ہلانے لگا یہاں تک کہ میں نے اس پر قابو پا لیا۔ حضرت نے مجھے فرمایا اسے پھینک دے۔ میں نے اسے پھینک دیا۔ وہ شیشہ کی طرح سے چور چور ہو گئی۔ میں چھت پر سے اتر آیا اور حضرت کے ساتھ دوڑ کر گھر میں چھپ گیا تاکہ کوئی آدمی ہم کو نہ دیکھ لے۔

ارجح المطالب ص۵۹۰ سطر۱۴، ص۲۹ سطر آخر، ص۵۲ سطر۴، ص۵۰۸ سطر۶، شرح عینیہ ص۷۵، شرح مواہب جلد۲ ص۳۳۶، تاریخ خمیس جلد۲ ص۹۵، کنز العمال جلد۶ ص۴۰۷، حدیث ۶۱۵۱، خصائص کبریٰ جلد۱ ص۲۶۴، ازالۃ الخفاء جلد۳ ص۲۷۷، وسیلۃ النجاۃ ص۷۳، کفایت الطالب ص۱۲۸، عمدۃ القاری جلد۱۴ ص۲۱۵ سطر۱۷، مسند ابو یعلیٰ ص۳۰۷، منہاج السنہ ص۷، ذخائر العقبیٰ ص۵ سطر۱۶، سیرت علویہ ص۹۸، مودۃ القربیٰ ص۱۷ سطر۱۳، مفتاح کنوز السنہ ص۳۵۵ سطر۶، مجمع الزوائد جلد۶ ص۲۳ سطر۵، الروضۃ الندیہ ص۱۰، تفریح الاحباب ص۳۱۶،

Presented by www.ziaraat.com

تذکرۃ الخواص ص۳۱، مسند دمشق ص۳۱۰ سطر۲، خصائص نسائی ص۳۱، جوھرۃ الکلام ص۵۵، مسند حنبل جلد۱ ص۸۴، ص۱۵۱، صفتہ الصفوۃ جلد۱ ص۱۱۹، شرح حدیدی جلد۴ ص۴۳ سطر۷، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۵۴، کوکب دری ص۲۴۵، مطالب السئول ص۴۳ سطر۷، الریاض النضرہ جلد۲ ص۲۰۰ سطر۲۲، مواھب اللدنیہ جلد۱ ص۲۰۴، سیرت حلبیہ جلد۳ ص۹۹ سطر آخر، سیرت زینی جلد۲ ص۲۹۳، تاریخ بغداد جلد۱۳ ص۳۰۲ سطر۱۳، مناقب ابن مغازلی ص۲۰۲ سطر۵، شرف النبی ص۱۱۹، منتخب الصحیحین ص۱۹۶، مفتاح النجاۃ ص۲۷، الاربعین ہروی ص۶۸، فرائد السمطین ص۵۷، شرح دیوان امیر المومنین ص۱۸۸

کے ۱۵۵ جناب فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ میں گئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا بیٹھ جا میں بیٹھ گیا اور میرے دوش پر سوار ہوئے میں اٹھنے لگا جبکہ جناب نے میری ناتوانی کو دیکھا تو اتر پڑے اور خود بدولت بیٹھ گئے اور فرمایا میرے کندھے پر سوار ہو میں۔ جب دوش اقدس پر سوار ہوا تو خیال کیا جاتا تھا کہ اگر میں چاہوں تو آسمان کے کنارے تک پہنچ جاؤں یہاں تک کہ میں خانہ کعبہ کی چھت پر چڑھ گیا۔ وہاں ایک صورت پیتل یا تانبے کی رکھی ہوئی تھی میں اس کو داہنے بائیں اور آگے پیچھے سے ہلانے لگا یہاں تک کہ وہ اکھڑ گئی جناب نے مجھ سے فرمایا کہ اس کو پھینک دے میں نے اس کو اکھاڑ کر پھینک دیا وہ بت اس طرح سے ٹوٹ گیا جس طرح سے کہ کانچ ٹوٹ جاتا ہے۔ پھر میں اتر آیا اور جناب کی معیت میں دوڑنے لگا اور ہم دونوں گھر میں چھپ گئے تاکہ کوئی ہم کو نہ دیکھے۔ علامہ ابن حدید کہتے ہیں کہ اس بت کا نام ہبل تھا اور وزن میں اس قدر بھاری تھا کہ کئی آدمی اس کو نہیں اٹھا سکتے تھے جناب امیر نے اس کو باآسانی اٹھالیا۔ باوجودیکہ حضرت امیر اکثر صائم الدھر رہتے تھے۔ اور کھانا بھی پیٹ بھر کر نہیں کھاتے تھے اور وہ بھی سوکھی ہوئی روٹی ہوا کرتی تھی اس پر قوت کا یہ حال تھا کہ ابن قتیبہ لکھتے ہیں کہ م اصارع احد الا صرعہ یعنی کسی پہلوان سے حضرت نے کشتی نہیں کی کہ اس کو پچھاڑا نہ ہو۔ حضرت کی قوت جسمانی کا حال بالتفصیل باب شجاعت میں بیان ہو چکا ہے۔ صرف اسی قدر یہاں کافی ہے۔ غرضیکہ حضرت کی قوت مظہر قوت خدا تھی۔ چنانچہ خود حضرت کا مقولہ ہے ما اقتلعت باب خیبر بقوۃ جسمانیۃ لا کن بقوۃ رحمانیۃ یعنی ہم نے خیبر کا دروازہ قوت جسمانی سے نہیں اکھاڑا تھا بلکہ قوت رحمانی سے اکھاڑا ہے۔

ارجح المطالب ص۲۹۲ سطر۲

النہایہ ابن اثیر (لفظ آیہ) الریاض النضرہ جلد۲ ص۲۰۰ سطر۲۲، سیرت زینی جلد۲ ص۲۸۵، مناقب خوارزمی ص۷۱ سطر۱۲، موضح اوھام الجمع جلد۲ ص۴۳۲، المستدرک جلد۲ ص۳۶۶، تاریخ بغداد جلد۱۳ ص۳۰۲، نظم درر السمطین ص۱۲۵، خصائص نسائی ص۱۳ سطر۲، کنز العمال جلد۶ ص۴۰۷، حدیث ۶۱۵۱، تلخیص المستدرک جلد۳ ص۵ سطر۲۰

Presented by www.ziaraat.com

منقبت

معارج النبوت میں سید الانام علیہ الصلواۃ و السلام کے اہتمام سے بیت الحرام کو نجاست، اصنام اور آلائش ازلام سے پاک کرنے کا حال اس طرح پر مذکور ہے کہ تمام کتب سیر اس خبر سے بھری پڑی ہیں کہ مشرکوں نے تین سو ساٹھ بت خانہ کعبہ کے اطراف و نواحی میں نصب کر رکھے تھے اور ابلیس نے ان بتوں کے قدموں کو شیشے کے ساتھ زمین کے اندر مضبوط کر رکھا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نیزہ یا لکڑی سے جو آپ کے دست مبارک میں تھی۔ ان بتوں کی طرف اشارہ کرکے فرماتے تھے **قل جاء الحق و ما یبدی الباطل و ما یعید** (کہہ دے اے محمدؐ کہ حق آگیا اور باطل نہ پیدا کر سکتا ہے اور نہ دوبارہ زندہ کر سکتا ہے) وہ بت لکڑی لگتے ہی گر پڑتے تھے۔ حالانکہ ان کے پاؤں سیسے سے مضبوط جڑے ہوئے تھے اور اسی طرح جو بت مشرکوں کے گھروں میں تھے اس روز سب کے سب اوندھے گر پڑے اور سید المرسلینؐ نے امیر المومنین سے فرمایا۔ اور آنجناب نے اساف اور نائلہ کو توڑ ڈالا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اساف صفا پر نصب کیا ہوا تھا۔ اور نائلہ مروہ پر۔ کہتے ہیں کہ ان دو بتوں کی اصل یہ ہے کہ اساف بن عمرو ایک مرد تھا۔ قبیلہ بنی جرہم سے۔ اور نائلہ بنت سہل ایک عورت تھی اسی قبیلے سے۔ دونوں نے خانہ کعبہ کے اندر زنا کیا۔ اور خدائے عزوجل نے ان کو مسخ کر دیا۔ اور وہ پتھر بن گئے۔ اور قریش نے اپنی کمال جہالت اور زیادتی حماقت و ضلالت کے سبب ان مسخ شدہ بتوں کی پوجا کرنی شروع کر دی۔ جب اس بت کو جس کا نام نائلہ تھا، توڑا گیا تو اس کے اندر سے ایک کالی اور ننگی عورت نکلی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ یہ نائلہ ہے۔ اور عبداللہ بن عباس سے منقول ہے کہ اس روز آنحضرتؐ جس بت کی طرف اشارہ فرماتے تھے۔ وہ پیٹھ کے بل گر پڑتا تھا۔ اور یہ بات صحیح طور پر ثابت ہو چکی ہے کہ چند بت ایک اونچی جگہ میں رکھے ہوئے تھے جہاں ہاتھ نہیں پہنچتا تھا۔ جب مصطفےؐ مرتضیٰؑ کے ہمراہ کعبہ میں داخل ہوئے۔ امیر المومنین نے عرض کی۔ یا رسول اللہ! آپ اپنا پائے مبارک میرے کندھے پر رکھ کر ان بتوں کو اپنی جگہ سے پھینک دیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ اے بھائی! تم میرا بوجھ اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتے۔ تم ہی اپنا پاؤں میرے کندھے پر رکھو۔ اور اس کام میں مشغول ہو۔ امیر المومنین نے حضورؐ کے حکم کی تعمیل کی۔ بیت

قدم بدوش سرافراز دیں نہاد بحکم شکست گردن بت ہچو فرق بت گراو

منقول ہے کہ جس وقت امیر المومنین کا پائے مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دوش متبرک پر تھا۔ اس وقت آنحضرتؐ نے پوچھا۔ اے بھائی! تم اپنے آپ کو کس حالت میں پاتے ہو۔ عرض کی یا رسول اللہ! میں ایسا دیکھتا ہوں کہ حجاب اٹھا دیئے گئے ہیں اور میرا سر ساق عرش پر پہنچ گیا ہے۔ جس چیز کی طرف ہاتھ پھیلاتا ہوں' اگرچہ وہ سارا آسماں ہی کیوں نہ ہو' آسانی سے میرے قبضہ میں آ جاتی ہے۔ فرمایا۔ اے بھائی! خوشا بحال تو کہ حق کا کام کرتے ہو اور میری حالت بھی اچھی ہے۔ کہ میں حق کا بوجھ اٹھا رہا ہوں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ اے بھائی! تم اپنے مقصود اور مطلوب کو پہنچ گئے۔ بیت

408

زہے نقش پائے کہ بردوش احمد ز مہر نبوت مقدم نشیند

کہتے ہیں کہ جب امیر المومنینؑ بتوں کو زمین پر پھینک کر دوش مبارک سے زمین پر کود پڑے تو مسکرائے۔ آنحضرتؐ نے مسکرانے کا سبب پوچھا۔ عرض کی۔ یا رسول اللہ میرے مسکرانے اور تبسم کرنے کا سبب ہے کہ میں اتنی بلندی سے کود کر زمین پر آیا ہوں۔ اور کسی قسم کا صدمہ مجھ کو نہیں پہنچا۔ فرمایا۔ اے بھائی! تم کو صدمہ کیونکر پہنچتا۔ جبکہ محمدؐ نے تم کو اٹھایا۔ اور جبرئیل نے نیچے اتارا۔

لطیفہ: گویا حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ اے میرے بندے! آج کے روز میں تیرا اٹھانے والا ہوں۔ چنانچہ قرآن میں فرماتا ہے۔ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ (اور ہم نے خشکی اور تری میں ان کو اٹھایا) اور کل روز قیامت کو تجھ کو بہشت میں پہنچاؤں گا۔ وَنُدْخِلْكُمْ مُدْخَلًا كَرِيمًا (اور ہم کو بزرگ مقام میں داخل کریں گے) اور جس جگہ کو اٹھانے والا محمد تھا' اور اتارنے والا جبرئیل۔ وہاں کسی قسم کی تکلیف علی کو نہیں پہنچی۔ اور جہاں پر کہ اٹھانے والا اور اتارنے والا خود میں ہی ہوں گا۔ امید رکھ کہ تجھ کو کسی قسم کی تکلیف نہیں پہنچے گی۔ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ (ان ہی لوگوں کے لئے امن ہے اور یہی ہدایت یافتہ ہیں) اور اس باب میں اہل الشارت نے بہت سے نکتے پیدا کئے ہیں۔ اول امیر المومنینؑ کے دوش سید المرسلین پر چڑھنے میں تین حکمتیں تھیں' پہلی حکمت یہ ہے کہ نبوت کی قوت ولایت سے بڑھ کر ہے۔ ولی نبی کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ لیکن نبی ولی کا بوجھ اٹھا سکتا ہے۔ چنانچہ اس مطلب کا ایک شمہ آنحضرتؐ نے خود بھی ارشاد فرمایا۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ (تم اور جن کی تم خدا کے سوا پوجا کرتے ہو' جہنم کے پتھر ہیں اس حکم خداوندی کے موافق

Presented by www.ziaraat.com

بت دوزخ کا ایندھن اور جہنم کی آگ بھڑکانے اور مشتعل کرنے والے ہیں۔) اور آنحضرت کی ایک ایک خاصیت یہ تھی کہ آپ کا دست حق پرست جس چیز کو لگ جاتا آگ اس پر اثر نہ کرتی تھی۔ چنانچہ بعض روایات میں وارد ہوا ہے کہ ایک روز آنحضرتؐ جناب فاطمہ زہراء کے گھر میں تشریف رکھتے تھے۔ اتفاقاً اس وقت جناب سیدہ تنور میں روٹیاں لگا رہی تھیں۔ اور آگ کی گرمی سے اس جگر گوشہ رسولؐ کا تن مبارک تپ والوں کی طرح تپ رہا تھا۔ آنحضرتؐ نے اپنے نور نظر کی رعایت کی غرض سے اس کے ساتھ ہی چند روٹیاں اپنے دست مبارک سے تنور میں لگائیں۔ جو روٹیاں جناب فاطمہ نے لگائی تھیں' پختہ ہو کر نکلیں اور جو روٹیاں آنحضرت نے لگائی تھیں کچی رہیں۔ جناب فاطمہ حیرت زدہ ہو کر نہایت متعجب ہوئیں۔ کہ اس میں کیا حکمت ہے۔ جس جماعت کے حق میں هُنَّ نَاقِصَاتُ الْعَقْلِ (عورت ناقص العقل ہوتی ہے) ارشاد ہوا ہے ان کے ہاتھ کی روٹیاں تو پختہ ہو کر نکلیں اور ان پختہ کاروں کی پکائی ہوئی روٹیاں کچی کی کچی رہیں۔ جن کے باب میں یہ ارشاد ہوا ہے أَيُّكُمْ مِثْلِي أَبِيتُ عِنْدَ رَبِّي (تم میں سے کوئی شخص میری مانند ہو سکتا ہے کہ میں اپنے پروردگار کے پاس رات بسر کرتا ہوں) عجب مشکل مقام ہے کہ پختہ کار کی پکائی ہوئی روٹی کچی ہو اور خام کاروں کی پکائی ہوئی روٹی پکی۔ آنحضرتؐ نے فرمایا! اے نور دیدہ! تعجب نہ کر۔ کہ یہ بھی ہمارا کمال معجزہ ہے کہ اس روٹی کو میرے ہاتھ سے مس کرنے کا شرف حاصل ہوا تھا۔ جس چیز کو ہمارا ہاتھ لگ جاتا ہے۔ آگ اس پر اثر نہیں کرتی۔

اور اس مدعا کی صداقت پر ابو درداؒ کا دستر خوان بھی شاہد صادق ہے۔ کہ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دست مبارک اس کو لگ گیا تھا۔ جب وہ دستر خوان میلا ہو جاتا۔ تو ابو درداء آگ جلاتے اور اس کو آگ پر دھر دیتے۔ اس کا میل کچیل آگ میں جل جاتا اور دستر خوان سفید ہو کر آگ سے باہر نکل آتا۔ اسی طرح یہاں پر بھی اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امیر المومنین کے دوش مبارک پر چڑھ کر اپنے دست مبارک سے بتوں کو گراتے تو وہ بے شک و شبہ آتش دوزخ سے محفوظ و سلامت رہتے۔ اور آیہ إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ کا حکم ان پر جاری اور نافذ نہ ہوتا۔ اور اس باب میں نکتہ یہ ہے کہ جس روٹی کو ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہاتھ ایک دفعہ لگ جائے۔ آگ اس پر اپنا اثر نہیں کر سکتی اور بندۂ مومن کا دل جو پچاس یا ساٹھ سال تک خدا کے قبضہ قدرت میں بموجب حدیث شریف قلب المومن بین اصبعین من اصابع الرحمن یقلبها کیف یشاء (مومن کا دل خدا کی دو انگلیوں میں ہے۔ جس طرح چاہتا ہے اس کو الٹ پلٹ کرتا ہے) الٹ پلٹ ہوتا رہتا ہے۔ اگر آتش دوزخ سے محفوظ رہے اور جدائی آگ سے بچا رہے تو کیا تعجب ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

دوسرا اشارہ (نکتہ) یہ ہے کہ کافروں نے سب بت خانہ کعبہ میں رکھے۔ چونکہ وَاَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ کے فرمان واجب الاذعان سے شرف ضافت و نسبت رکھتا تھا۔ اس لئے بت خانہ نہ بنا۔ بندہ مومن کا دل چونکہ وَلٰكِنْ يَسَعُنِي قَلْبُ عَبْدِيَ الْمُؤْمِن (لیکن میرے بندۂ مومن کا دل میری گنجائش رکھتا ہے) کے شرف سے مشرف اور ممتاز ہے۔ اگر چند گناہوں کی وجہ سے بیگانہ ہو جائے تو کیا تعجب ہے۔

تیسرا اشارہ یہ ہے کہ کفار نے خانہ کعبہ میں تین سو ساٹھ بت رکھے تھے وہ اس گھر کی نسبت کو حق تعالیٰ سے ساقط نہ کر سکے۔ یہاں کی ہر رات اور دن میں تین سو ساٹھ نظر سے اپنے بندے کے دل کو تقویت بخشتا ہو۔ کیونکہ اس کی اضافت اور خصوصیت ساقط ہو سکتی ہے۔ ایک حکایت اس باب میں سنو

کہتے ہیں کہ جس روز حضرت موسیٰؑ کی قوم دریا پر سے گزر رہی تھی۔ حضرت موسیٰؑ آگے آگے جاتے تھے۔ اور حضرت ہارون قوم کے پیچھے۔ بنی اسرائیل دونوں کے بیچ میں تھے۔ مقدمہ اور ساقہ کی برکت نے سے پانی کو یہ مجال نہ تھی کہ کسی کا بال تک بھی تر کر سکے۔ اسی طرح یہاں اشارہ یہ ہے کہ جب قیامت کا دن ہو گا تو جناب باری تعالیٰ کی طرف سے ندا آئے گی۔ اے محمدؐ! تو نے خود علیؑ سے یہ نہ کہا تھا کہ انت منی بمنزلة هارون من موسى الا انه لا نبی بعدی (تو مجھ سے اس درجہ پر ہے جیسے موسیٰؑ سے ہارونؑ تھے۔ مگر یہ فرق ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہ ہو گا۔) آنحضرتؐ عرض کریں گے بے شک۔ پروردگار فرمائے گا جب امت کو آتش دوزخ کے دریا سے پرے گزرنا ہو تو تم دونوں میں سے کوئی سا ایک مقدمہ یعنی آگے ہو جائے اور ایک ساقہ یعنی پیچھے ہو جائے اور امت کو اپنے درمیان جگہ دو۔ تاکہ آتش دوزخ کی یہ مجال نہ ہو کہ وہ کسی کے بدن پر سے ایک بال بھی جلا سکے۔ (کوکب دری ص ۲۲۵ منقبت ۱۳)

روایت حضرت ابو ہریرہ

ابن مغازلی ص ۲۰۲ سطر ۵، مناقب عبداللہ شافعی ص ۳۸

روایت ابن مسعود

(۱) عن ابن مسعود ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل مکۃ یوم الفتح و حولہ ثلثمائۃ و ستون صنما لقبائل العرب لکل قوم صنم لجعل یطعنہا و یقول جاء الحق و زھق الباطل فینکب الصنم بوجھہ حتی القاھا جمیعا و بقی صنم خزاعۃ فوق الکعبۃ و کان من قواریر صفر فقال یا علی ارم بہ فحملہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی صعد فرمی بہ فکسر (تفسیر النسابوری فی قولہ تعالی جاء الحق زھق الباطل) عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے کہ فتح مکہ کے روز

جب حضرت کعبہ میں داخل ہوئے تو کعبہ کے گرداگرد تین سو ساٹھ بت قبائل عرب کے دھرے ہوئے تھے ہر ایک قبیلہ کا جداگانہ دیوتا تھا حضرت چھڑی کے ساتھ ان کو ٹھکراتے جاتے تھے اور یہ آیت پڑھتے جاتے کہ حق آگیا اور باطل بھاگ گیا۔ پس منہ کے بل وہ بت گرتے تھے یہاں تک کہ سب بت گرا دیے صرف کعبہ کی چھت پر بنی خزاعہ کا ایک بت باقی رہ گیا جو میخیں کیے ہوئے اور ڈھلی ہوئی پیتل سے بنا ہوا تھا جناب امیر کو کندھے پر اٹھا کر فرمایا علی اس کو پھینک دو وہ جناب امیرؑ نے چڑھ کر پھینک دیا اور ٹوٹ گیا۔

ارجح المطالب ص۵۰۹

روایت دوم

تفسیر نیشاپوری جلد ۱۵ ص ۸۷ سطر ۲۴

روایت حضرت ابو الخیر

واخرج الحاکمی و قال بعد قولہ فصعدت علی الکعبۃ فقال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الق صنمہم الاکبر و کان من نحاس موتد باو تاد من حدید الی الارض فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عالجہ فلم ازل اعالجہ حتی استمکنت منہ فقال لی اقذفہ فقذفتہ ثم ذکر باقی الحدیث ابو الخیر الحاکمی اس حدیث میں جناب امیرؑ کے اس قول کے بعد (کہ جب میں کعبہ پر چڑھ گیا) اس طرح سے روایت کرتے ہیں کہ جناب امیرؑ نے کہا کہ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ارشاد کیا کہ ان میں سے بڑے بت کو پھینک دے وہ تانبے کی میخوں سے جکڑا ہوا اور لوہے سے زمین میں گڑا ہوا تھا۔ مجھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے جنبش دو میں اس کو ہلاتا رہا یہاں تک کہ میں اس پر قابو پا گیا پھر حضرتؐ نے فرمایا اسے پھینک دو میں نے اسے پھینک دیا پھر جناب امیر نے باقی حدیث کو روایت کیا ہے۔

ارجح المطالب ص۵۰۹ سطر ۳

مرسل روایات

سیرت حلبیہ جلد ۳ ص ۹۹ سطر آخر، روضۃ الاحباب ص ۴۴۳، مناقب عبداللہ شافعی

الفتح الربانی

نزہتہ المجالس جلد ۲ ص ۲۸

Presented by www.ziaraat.com

ملاحظہ فرمایئے انسائیکلو پیڈیا علویہ جلد ۷ ص ۱۴۲

حضرت علی کیوں نہ اٹھا سکے

المناقب میں محمد بن حرب ہلالی سے روایت ہے کہ میں نے اپنے آقا امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا۔ کہ وہ کونسی بات تھی جس کی وجہ سے حضرت علی خانہ کعبہ کی چھت پر سے بت کو گرانے کے وقت رسولؐ اللہ کو نہ اٹھا سکے۔ حالانکہ آپ اتنی طاقت کے مالک تھے کہ آپ نے خیبر کے دروازہ کو اکھاڑ کر خندق کے اوپر پھینک دیا تھا۔ یہ دروازہ اس قدر وزنی تھا کہ چالیس آدمی کو نہیں اٹھا سکتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صرف بغلہ یا دراز گوش سواری کے وقت اٹھا لیتے تھے۔ حضرت علی رسول اللہ کو کسی طرح نہ اٹھا سکے۔ امام نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی کی کمزوری علی کے لڑکپن کی وجہ سے محسوس کی تھی اور اپنے قدموں کو علی کے کندھے پر رکھنا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ان دونوں کی خلقت ایک نور ہے۔ رسولؐ نے اپنے نور کے اس جز کو اٹھایا ہوا تھا۔ جو رسول سے بعد میں آنے والا اور موخر تھا۔ (جز اول کو پہلے اور جز دوم کو بعد میں ہونا چاہیے تھا) اس کے متعلق خود حضرت علی نے فرمایا۔ میں احمد سے اس طرح ہوں جس طرح ہتھیلی ہاتھ سے اور کلائی بازو سے ہوتی ہے۔ (امام نے فرمایا) یہ دونوں حضرات مخلوق کی خلقت سے پہلے ایک نور کی صورت میں موجود تھے۔ فرشتوں نے جب اس نور کو جگمگاتے دیکھا تو کہا اے ہمارے پروردگار یہ نور کیا چیز ہے؟ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ نور میرے نور سے ہے۔ اگر یہ نور نہ ہوتا تو میں مخلوق کو پیدا نہ کرتا۔ پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیر خم کے روز علی کے ہاتھ کو اتنا بلند کیا تھا کہ لوگوں نے حضرت علی کی دونوں بغلوں کی سفیدی کو دیکھ لیا تھا اور رسولؐ اللہ نے علیؑ کو مسلمانوں کا مولا قرار دیا تھا۔ جس روز حسنؑ اور حسینؑ بنو نجار کے باغ میں سوئے ہوئے تھے' تو رسول اللہ نے ان دونوں کو اٹھا لیا تھا اور رسولؐ اللہ نے فرمایا تھا یہ دونوں سوار خوب ہیں اور ان دونوں کا باپ ان دونوں سے افضل ہے۔ رسول اللہ نے اپنے اصحاب کے ساتھ نماز ادا فرمائی تھی اور سجدہ کو لمبا کر دیا تھا فرمایا تھا کہ میرا فرزند (حسین) مجھ پر سوار ہو گیا تھا۔ میں نے اس بات کو ناپسند کیا تھا کہ میں اپنے سر کو (سجدہ سے) اٹھاؤں حتیٰ کہ حسین اپنی مرضی سے خود بخود اتر جائے۔ رسولؐ اللہ نے یہ

Presente

فعل اس لئے کیا تھا کہ ان حضرات کی بزرگی اور شرف اور قدر و منزلت اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑی ہے۔ علی کو اپنی پشت پر اس لئے سوار کیا تھا کہ اس بات کی طرف اشارہ ہو کہ علی آپ کے فرزندوں کے باپ ہیں اور آئمہ علی کے صلب سے پیدا ہوں گے۔ رسولؐ نے نماز استسقاء کے موقع پر جس طرح اپنی چادر کو الٹ دیا تھا یہ اس بات کی علامت تھی کہ آپؐ نے قحط سالی کو شادابی میں تبدیل کر دیا تھا۔ رسولؐ کا علی کو اٹھانا اس بات کی علامت ہے کہ جس کو معصوم اٹھاتا ہے وہ بھی معصوم ہوتا ہے۔ فرمایا اے علی اللہ تعالیٰ نے تمہارے تابعداروں اور محبین کے گناہ مجھ پر لاد دیئے تھے۔ پھر مجھے بخش دیا اور اس بارے میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک و ما تاخر تاکہ اللہ تعالیٰ تمہارے گذشتہ اور آئندہ گناہ بخش دے (رسول اللہ کا یہ فرمان) اس بات کا ثبوت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم درخت کی جڑ ہیں، علیؑ، حسنؑ اور حسینؑ اس درخت کی ٹہنیاں ہیں۔ پھر امام جعفر صادقؑ نے فرمایا یہی راز تھا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علی میرے نفس اور میرے بھائی ہیں۔ اس کی اطاعت کرو۔

امام شافعیؒ نے یہ اشعار بیان فرمائے ہیں:

(الف) مجھے کسی نے کہا کہ علیؑ کی مدح کرو، علی کا ذکر جلانے والی آگ کو بجھا دیتا ہے۔

(ب) میں نے کہا کہ میں ایسے آدمی کی مدح نہیں کروں گا۔ جس کے بارے میں عقل گمراہ ہو کر اس کی عبادت کرنے لگ گئی۔

(ج) شب معراج جب نبی مصطفیٰ کو اللہ تعالیٰ نے اوپر اٹھایا تھا تو اللہ نے اپنا ہاتھ میری پشت پر رکھ کر فرمایا اے محمدؐ! کیا تمہارا قلب کچھ ٹھنڈک محسوس کرتا ہے۔

(د) حضرت علیؑ نے اس جگہ اپنے قدم رکھے تھے جس جگہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ رکھا تھا۔

(ینابیع المودۃ ص۲۱۷ تا ۲۱۸)

بت شکنی کی وجہ سے اسم اعلیٰ

جناب امیر کے علی نام ہونے کی وجہ تسمیہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں هو اسم سمتہ بہ امہ عند ولادتہ (تذکرۃ خواص الامہ) یعنی ان کی والدہ ماجدہ نے ان کی ولادت کے وقت ہی ان کا نام علی رکھا تھا۔

و قیل قلنا علا علی علی کتفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لتکسر الاصنام سمی علی من العلو و الی الفعلو الشرف (تذکرہ خواص الامہ) بعض لوگ کہتے ہیں کہ جب جناب امیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دوش اقدس پر کعبہ کے بت توڑنے کے لیے چڑھے اس وقت سے شرف اور علو اور رفعت کی وجہ سے آپ کا نام علی پکارا گیا۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۱۰ سطر ۳

مَا سَأَلْتُ لِنَفْسِي اِلَّا قَدْ سَأَلْتُ لَکَ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جناب امیرؑ کو اپنی ہر ایک دعا میں شریک کرنا

(۱) عن عبداللہ بن الحارث رضی اللہ عنہ قال قلت لعلی بن ابی طالب اخبرنی بافضل منزلتک من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال بینا انا نائم عندہ و ھو یصلی فلما فرغ من صلوتہ قال یا علی ما سألت اللہ عزوجل من الخیر الا سألت لک مثلہ و ما استعذت اللہ من الشر لا استعذت لک مثلہ (اخرجہ المحاملی فی اعالیہ) عبداللہ بن الحارث سے منقول ہے کہ میں نے جناب امیر علیہ السلام سے کہا کہ آپ مجھے اپنی بہترین منزلت سے خبردار کریں جو آپ کی سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تھی فرمایا میں ایک دفعہ سویا ہوا تھا حضرت میرے پاس نماز پڑھ رہے تھے جب آپ نماز سے فارغ ہوئے مجھ سے فرمایا علی ہم نے کوئی ایسی نیکی خدا سے طلب نہیں کی کہ ویسی ہی تیرے لیے طلب نہ کی ہو اور کسی شر سے اپنے لیے خدا سے پناہ نہیں مانگی کہ ویسی ہی تیرے لیے نہ مانگی ہو۔

ارجح المطالب ص ۵۸۰ سطر ۱۳، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۹، حدیث ۲۶۶۷، ص ۴۰۷ حدیث ۶۱۴۹، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۱۳ سطر آخر، مناقب خوارزمی ص ۶۱ سطر ۱۰، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۴۳ سطر ۱۳، ینابیع المودۃ ص ۲۰۳، ذخائر العقبیٰ ص ۶۱ سطر ۴، نظم درر السمطین ص ۱۱۹، خصائص نسائی ص ۱۳۶ سطر ۱۰، مفتاح کنوز السنہ ص ۳۵۳ کالم ۱ سطر آخر، مناقب ابن مغازلی ص ۱۳۵ سطر ۶، ص ۲۴۰ سطر ۱، مفتاح النجا ص ۴۰

روایت دوم

(۲) عن علی قال و جعت و جعا شدید فاتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاقامنی فی مکانہ و قام یصلی و القی علی طرف ثوبہ ثم قال قم یا علی فقد برئت لا باس علیک و ما دعوت اللہ لنفسی شیئا الا دعوت لک بمثلہ و ما دعوت الا قد استجب الی الا انہ قیل لا نبی بعدک (اخرجہ النسائی فی الخصائص و ابن عاصم و ابن جریر و صححہ ابن شاھین فی السنہ) جناب امیر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ مجھے درد شدید لاحق ہوا۔ میں حضرت کے حضور میں گیا۔ مجھے حضرت بٹھا کر نماز کو کھڑے ہو گئے اور فارغ ہو کر اپنے کپڑے کا کونا مجھ پر جھاڑ دیا اور فرمایا علی اٹھ کھڑا ہو۔ بہ تحقیق تو تندرست ہو گیا ہے۔ اب تجھے کسی قسم کا خوف باقی نہیں ہے۔ میں نے اپنے لیے کوئی دعا نہیں کی کہ ویسی ہی تیرے لیے نہ کی ہو اور میں نے کوئی دعا نہیں مانگی کہ وہ مقبول نہ ہوئی ہو۔ مگر یہ بات کہی گئی کہ تیرے بعد نبی نہیں ہو گا۔

ارجح المطالب ص ۵۸۰ سطر آخر، نظم درر السمطین ص ۱۱۹، کنز العمال جلد ۶ ص ۳۹۲ حدیث ۶۰۰۵، خصائص نسائی ص ۱۳۶ سطر ۱، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۰ سطر ۱۷، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۴۳ سطر ۱۴، مناقب خوارزمی ص ۸۶ سطر آخر، فرائد السمطین ص ۵۲، ینابیع المودۃ ص ۲۰۳

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت علیؑ

ارجح المطالب ص۵۸۱ سطر۴' مناقب خوارزمی ص۱۸۶ سطر آخر' خصائص نسائی ص۱۲۶'
منتخب کنز العمال جلد۵ ص۴۳ سطر۱۴' کنز العمال ص۴۰۲ حدیث ۱۱۱ھ

معراج امامت بردوش نبوت

زہے نقش پائے کہ بردوش احمدؐ
زہر نبوت مقدم شنید

مکہ فتح ہوگیا ہے کعبہ سے بت نکالے جانے والے ہیں اب تک نبوت و امامت نے دوش بدوش اپنے اپنے فرائض ادا کیے ہیں آخر کار خدا نے یہ دن دکھایا کہ تطہیر کعبہ کا وقت آیا اس امر عظیم میں کہ غایت نبوت تھا نبوت و امامت دونوں کی شرکت ضروری تھی اور کسی ایرے غیرے کا دخل دینا جائز نہیں۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام طلب کیے گئے اور لوگ باہر نکال دیئے گئے اور رسول و جانشین رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ کام شروع کیا۔ دونوں حضرات بتوں کو گراتے جاتے تھے اور تطہیر کعبہ کا کام ہوتا جاتا تھا آخر کار ایک عظیم الشان بت جو سقف کعبہ پر آویزاں تھا باقی رہا۔ ازراہ ادب حضرت علی علیہ السلام جھک گئے اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے کندھے پر سوار کیا لیکن نبوت کا بوجھ تو وہی کندھے سنبھال سکتے ہیں جو اس کے لئے خلق ہوئے ہیں نہ سنبھالا گیا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نیچے تشریف لائے۔ اب نبوت نے جھک کر امامت کو اپنے کندھے پر اٹھایا اور امامت کو دوش نبوت پر معراج ملی۔ جانشین ایسے ہوتے ہیں نہ وہ کہ سقیفہ بنی ساعدہ سے پہلے کسی مہم میں نظر ہی نہیں آتے اور اگر نظر آتے ہیں تو بھاگتے ہوئے۔

ابوالخیر حاکمی حضرت علی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں حضرت علی علیہ السلام کہتے ہیں کہ مجھ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کفار کے سب سے بڑے بت کو پھینک دو وہ تانبے کا تھا اور لوہے کی میخوں سے زمین میں گڑا ہوا تھا مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس کو جنبش دو' میں اس کو ہلاتا رہا یہاں تک کہ میں نے اس پر قابو پالیا۔ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس کو پھینک دو میں نے پھینک دیا۔

عبداللہ ابن مسعود سے مروی ہے کہ فتح مکہ کے دن جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Presented by www.ziaraat.com

کعبہ میں داخل ہوئے تو کعبہ کے اردگرد تین سو ساٹھ بت قبائل عرب کے دھرے ہوئے تھے۔ ہر ایک قبیلہ کا جداگانہ بت تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم چھڑی کے ساتھ ان کو مارتے جاتے تھے اور یہ پڑھتے جاتے تھے **جاء الحق وزھق الباطل الایہ** پس وہ بت منہ کے بل گر پڑتے تھے۔ یہاں تک کہ سب بت گرادیئے صرف کعبہ کی چھت پر بنی خزاعہ کا ایک بت رہ گیا جو صیقل کئے ہوئے اور ڈھے ہوئے پیتل سے بنا ہوا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جناب امیر علیہ السلام کو اپنے کندھے پر چڑھا کر فرمایا کہ یا اس کو پھینک دو جناب امیر علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کندھے پر چڑھ کر وہ بت گرا دیا۔

حافظ محمد علی حیدر حنفی اپنی کتاب سیرۃ العلویہ حصہ اول صفحہ ۹۸ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"بعد فتح مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم قریش کے بتوں کو توڑتے رہے جب دیواروں کے بت باقی رہ گئے جہاں ہاتھ نہ پہنچ سکتا تھا تو ان کے توڑنے کے لئے جناب امیر علیہ السلام کو اپنے کندھے پر اٹھا کر حکم دیا کہ ان کو توڑو۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی بحوالہ امام نسائی واقعہ کو یوں لکھتے ہیں کہ جناب امیر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جب کعبہ میں آئے تو اولا" حضرتؐ میرے کندھے پر چڑھے اور کھڑے ہوگئے پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے میری کمزوری دیکھی تو مجھ سے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ میں بیٹھ گیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اتر آئے اور مجھ سے فرمانے لگے کہ اب تم میرے کندھے پر بیٹھ جاؤ چنانچہ میں آپؐ کے کندھے پر بیٹھ گیا آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مجھے اٹھا کر کھڑے ہوگئے۔ میں نے کعبہ پر چڑھ کر دیکھا تو تانبے یا پیتل کی مورتیں نظر آئیں میں ان کو اکھاڑنے کی کوشش کرتا رہا جب اکھاڑنے میں کامیاب ہوگیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ ان کو گرادو میں نے گرا کر ان کو چور چور کر دیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کندھوں پر اتر آیا کہ ایک روایت میں ہے کہ جناب امیر علیہ السلام بلحاظ ادب میزاب کی طرف سے کود پڑے جب نیچے آگئے تو ہنسنے لگے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے وجہ پوچھی عرض کیا کہ مجھے ہنسی اس بات پر آئی کہ اس قدر بلندی سے جست کی۔ مگر مجھے یہ صدمہ نہیں پہنچا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ تم کو محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اوپر چڑھایا اور جبرئیل نے نیچے اتارا پھر تمہیں چوٹ اور صدمہ کیسے پہنچتا؟"

Presented by www.ziaraat.com

علامہ حاکم نے اس واقعہ بت شکنی کو تحریر کیا ہے وہ لکھتے ہیں:۔

"جب سب بت گرانے کے بعد تانبے کا سب سے بڑا بت باقی رہ گیا جو لوہے کی سلاخ میں پیوست کیا ہوا زمین پر نصب تھا اور بہت بلند تھا۔ پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب امیر علیہ السلام کے کندھوں پر چڑھ کر اس کے گرانے کی کوشش کی لیکن جسم اطہر کا بار برداشت نہ کر سکے۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اپنے شانہ اقدس پر چڑھایا کہ اس کے گرانے کا حکم دیا انہوں نے سلاخ سے اکھاڑ کر حسب ارشاد نبوی پاش پاش کر ڈالا جس سے کعبہ کی تطہیر کامل ہوگئی" (سیرت العلویہ حصہ اول صفحہ ۹۸' امام حاکم مستدرک علی الصحیحین الجزء الثانی کتاب التفسیر صفحہ ۳۶۷)

تاریخ روضۃ الاحباب جلد اول صفحہ ۲۹۴' ۲۹۵ میں اس واقعہ کو بہت خوبصورتی سے لکھا ہم یہاں اس کی عبارت نقل کرتے ہیں۔

چند بت بزرگ را در موضع بلند نهاده بودند چناں کہ دست باں نمی رسد علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ عرض رسانید کہ یا رسول اللہ پائے مبارک را بر کتف من نہ وایں اصنام رافرود۔ آں سرور فرمود یا علی تراطاقت ثقل نبوت نیست تو پائے خود را بر کتف من نہ وایں کار بکن۔ حضرت علی علیہ السلام امتثالاً لامرپائے خود بر کتف مبارک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نهاد و آنهار رفرو گرفت۔ دریں حالت حضرت ازوے پرسید کہ خود را چگونہ می یابی۔ گفت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چناں مے بینم کہ حجب مکشوف شدہ وگویا سر من بساق عرش رسیدہ۔ بہرچہ دست درازمی کنم بدست می آید حضرت فرمودائے علی علیہ السلام خوشاوقت توکہ کار حق می کنی و جنذا حال من کہ بارحق میکشم دردولیتے آنکہ فرمود یا علی علیہ السلام رسیدی آں چہ می خواستی علی در جواب گفت آرتے بخدائیکہ ترابراستی مبعوث فرمودہ کہ چناں می بینم خودرا کہ اگر خواہم دست باسمان توانم رسانید پس بتان رابزمین انداخت وقطعہ ساخت وازنزدیکی میزاب کعبہ خودرا بیانداخت از جہت ادب و شفقت برآنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چوں بزمیں رسید بسکے فرمود۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ازوے پرسید کہ چہ چیز ترا بخندہ آورد۔ گفت خود را از چنیں جائے بلند انداختم و ہیچ الم بمن نرسید۔ آں سرور فرمود چگونہ ہیچ علی الم بتو برسد حالانکہ ترا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برداشتہ بود جبرئیل ترافرو آورد وگویند یکے از شعرائے عرب اشارت

باین قصہ کردہ دریں ابیات کہ

گفتی مراکہ مدح علیؑ گوئی اے زہے
کز آں نیبرد آتش آندل کہ بے ضیاست
اقدام چوں کنیم بمدح کسے گزد
در گراہی فتاد گرد ہے کہ او خداست
کتف مصطفیؐ ید قدرت نہادہ دست
شام وصال ایں سخن از قول مصطفیؐ است
جائے کہ حق براں یدقدرت نہادہ بود
از روئے احترام براں پائے مرتضیٰؑ است
گفتم حدیث راست وبے میرد از حسد
ہر خارجی کہ بشنود از من حدیث راست

قیل لی فی قل لعلی مدحا
ذکرہ یخمدنا داموصدۃ
قلت لا اقدرفی مدح امرء
ضل ذواللب الی ان عبدہ
والنبی مصطفیٰ قال لنا
لیلتہ المعرا لما صعدہ
وضع اللّٰہ یظھری یدہ
فاحس القلب ان بردہ
وعلی واضع قدامہ
فی محل وضع اللّٰہ یدہ

یہ واقعات معہ اس قصیدہ مدحیہ کے تاریخ حبیب السیر میں بھی درج ہیں اب ہم ان تمام حوالہ جات کو ایک جگہ پر جمع کر کے لکھتے ہیں:۔

تاریخ حبیب السیر جلد اول جز سوم صفحہ ۶۳، روضۃ الاحباب جلد اول صفحہ ۲۹۴، ۲۹۵، امام

Presented by www.ziaraat.com

احمد حنبل مسند الجزالاول صفحہ ۱۵۱ ۸۴
محب الدین طبری' ریاض النضرۃ' الجزء الثانی' باب الرابع' فصل السادس' صفحہ ۲۰۰' ۲۰۱' شیخ سلیمان' ینابیع المودۃ' الباب الثامن والاربعون صفحہ ۱۴۱' ۱۳۹
تفسیر النیشاپوری' فی تفسیر قولہ تعالیٰ جاء الحق وزھق الباطل' الآیہ
حسن علی محدث' تفریح الاحباب صفحہ ۲۲۶' ۳۱۷
محمد بن اسماعیل صلاح الامیر' روضتہ الندیہ شرح تحفہ علویہ صفحہ ۱۰
سبط ابن الجوزی' تذکرہ خواص الامتہ الباب الثانی صفحہ ۱۷
حافظ محمد علی حیدر حنفی' سیرۃ العلویہ حصہ اول صفحہ ۹۸
عبید اللہ امرتسری' ارجح المطالب باب چہارم صفحہ ۴۹۷' منہاج السنہ ابن تیمیہ الجزء الثالث صفحہ ۷' سیرۃ الحلبیہ الجزء الثالث صفحہ ۹۹' ۱۰۰' وسیلتہ النجاۃ مولوی محمد مبین صفحہ ۳۷' ۴۷ کفایت الطالب ابن الکنجی صفحہ ۲۸' شاہ ولی اللہ' ازالۃ الخفاء اردو ترجمہ حصہ سوم صفحہ ۲۷۷

یہ واقعہ بھی بہت اہمیت رکھتا ہے بت پرستی کو معدوم کرنا اور عبادتگاہوں کو بتوں سے پاک و صاف کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا مقصد اولیٰ تھا۔ بلکہ یہ وہی کار رسالت تھا جب ہی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا بوجھ حضرت علی علیہ السلام سے نہ سنبھالا گیا ورنہ یہ تو ظاہر ہوتا ہے کہ اگر محض انسانی بوجھ ہی ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا حضرت علی علیہ السلام کے لئے اپنے کندھوں پر اٹھا لینا کون سا دشوار کام تھا اس کار رسالت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے سوائے اپنے جانشین کے اور کسی کو شامل نہ کیا یہ کام کوئی اور کر ہی نہ سکتا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو یہ دکھانا مقصود تھا کہ کار رسالت میں میرا ہاتھ بٹانے والا علی ابن ابی طالب ہے۔ لہٰذا وہی میرا جانشین ہو سکتا ہے اور ہے۔ اگر لوگوں کے سامنے یہ اعلان بالفعل منظور نہ ہوتا تو آپ سیڑھی منگا کر تمام بتوں کو خود ہی گرا دیتے کعبہ کو بتوں سے صاف کرنے کے بعد اطراف و جوانب کے بت خانوں کو حضرت علی علیہ السلام سے صاف کروایا' بتوں کو منہدم کر دیا۔ (محمد علی حیدر حنفی' سیرۃ العلویہ حصہ اول صفحہ ۱۰۰' البلاغ المبین صفحہ ۱۸۲ جلد ۱)

Presented by www.ziaraat.com

استدلالات

کسی بھی انسان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کاندھوں پر پاؤں رکھنے کا شرف حاصل نہیں ہوا یا حسنین علیہم السلام کو یا ان کے باپ کو کیونکہ یہ ایک نور سے تھے۔

اور جس وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے پوچھا کہ یا علی علیہ السلام اب اپنے آپ کو کیا پاتے ہو معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علیؑ کی موجودہ معراج پر رسول اکرم ﷺ بھی بے حد خوش تھے۔

حضرت علی علیہ السلام بھی یہ بتاتے ہوئے فخر کر رہے تھے کہ امت محمدیہ میں یہ شرف اور کسی کو حاصل نہیں ہوا۔

جس رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ارشاد سے چاند کے دو ٹکڑے ہوگئے اگر وہ چاہتا تو یہ بت بھی ہاتھ کے اشارے سے زمین بوس کر دیتا لیکن رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے صرف حضرت علی علیہ السلام کو منتخب کر کے بتا دیا اور فیصلہ کر دیا کہ تمام اصحاب میں اگر کوئی بت شکن ہے تو وہ علی۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے دوسرے اصحاب کو اس فرض کے لئے منتخب نہ کیا کیونکہ وہ لوگ ماضی میں ان کو اپنا رب مان چکے تھے اور ہو سکتا تھا کہ ان کے ہاتھ کانپ جائیں اسی لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ان ہاتھوں سے تڑوائے جن ہاتھوں سے مشرک بھی قتل ہوئے اور ان کے رب بھی۔

اب فیصلہ تمہارے ہاتھوں میں ہے کہ بعض ہاتھ بتوں کو جوڑے گئے اور بعض ہاتھوں سے بت توڑے گئے بتاؤ افضل کون ہے اسی لئے تو یداللہ بھی علی علیہ السلام بنے کیونکہ ان ہاتھوں سے کبھی خطا نہیں ہوئی یہ جب بھی اٹھے گا حق کے لئے اٹھے گا۔

حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پوچھنے پر علی علیہ السلام نے جو کلمات کہے ہیں ایسا محسوس کرتا ہوں کہ حجابات کھل گئے ہیں اور میرا سر ساق عرش پر محسوس ہوتا ہے اور جس چیز کی طرف ہاتھ بڑھاتا ہوں میرے ہاتھ میں آجاتی ہے (یا اگر چاہوں تو عرش معلی کو مس کر سکتا ہوں)

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بت توڑے تھے لیکن قدم ختم المرسلین ﷺ کے کاندھوں پر نہ تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمانا کہ اے علی خوشی کا سامان ہے کہ تم کار حق میں مصروف ہو اور میں نے حق کا بوجھ اٹھا رکھا ہے۔

یعنی یہ حضرت علی علیہ السلام کا ایسا فعل ہے کہ جس پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خوش بھی ہو رہے تھے اور اسے کار حق بھی فرمارہے تھے۔

اور حضرتؐ کا یہ کہنا کہ یا علی تکلیف کیسے پہنچے کیونکہ اٹھانے والا خدا کا رسولؐ اور اتارنے والا خدا کا جبرائیلؑ ہے۔

کیا فضائل علی علیہ السلام کی معراج نہیں ہے کہ کسی اور انسان کی غلامی کے لئے بھی جبرائیلؑ جیسے فرشتے آئے ہیں۔

اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب کچھ وحی خدا کے مطابق ہوا اور حضرت علی علیہ السلام کو اس مقام پر منتخب فرمانا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذاتی فعل نہ تھا بلکہ حکم خدا تھا۔

اور بعض روایات میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یا علی علیہ السلام تجھے خوشی ہے کہ تو حق کا کام کر رہا ہے اور مجھے خوشی ہے کہ میں حق کا بوجھ اٹھائے ہوئے ہوں۔ اب فیصلہ فرمائیے کہ جو سراپا حق ہو اس سے دوسرے لوگ کس طرح برابر یا افضل ہو سکتے ہیں۔

اِذَا سَاَلْتُ اَعْطَانِیْ اِذَا سَکَتُّ اِبْتَدَانِیْ

اخرج ابن سعد عن علی انه قیل له ما لک اکثر اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم حدیثا قال انی کنت اذا سالته انبانی فاذا اسکت ابتدانی یعنی جناب امیر علیہ السلام سے لوگوں نے سوال کیا کہ کیا وجہ ہے کہ آپ بہ نسبت دیگر اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادہ تر حدیث روایت کرتے ہیں جناب علی نے فرمایا کہ میرا یہ حال تھا کہ میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کرتا تھا تو مجھ سے بیان فرمایا کرتے تھے اور جب میں چپ رہتا تھا تو حضرت ابتداء فرماتے تھے۔

جناب امیر علیہ السلام سے صحابہ اور تابعین کی جماعت کثیر نے حدیث کو روایت کیا ہے چنانچہ علامہ بدخشی نزل الابرار میں اور سیوطی تاریخ الخلفاء میں لکھتے ہیں وروی عنه من الصحابة عبدالله بن مسعود و عبدالله بن جعفر و عبدالله بن الزبیر جابر بن عبدالله و جابر بن سمرة و جریر بن عبدالله البجلی و عبدالرحمن بن اشیم و صهیب بن سنان و البراء بن عازب و زید بن ارقم و حذیفه بن اسید و طارق بن اشیم و عمارة بن رویبة و بشر بن سحیم و عمر بن حریث و سفینة و ابو رافع مولی رسول الله صلی الله علیه وسلم و ابو حجیفة و ابو ہریرة وابو امامة و ابو لیلی و ابو سعید وابو الطفیل و ابنا الحسن و الحسین و غیرهم۔

و من التابعین ابناه محمد بن الحنفیه و ابنته فاطمة و کاتبه عبدالله بن ابی رافع و قیس بن ابی حازم و مالک بن اوس و الاحنف بن قیس و زید بن وهب و زر بن جیش و عبید بن عمیر و الحارث بن سوید و سعید بن المسیب و عبدالرحمن بن

Presented by www.ziaraat.com

ابی لیلی و عبداللہ بن شداد بن الھاد و مطرف بن عبداللہ بن الشخیر و کمیل بن زیاد و شریح بن ھانی و شریح القاضی و عبیدۃ السلمانی و الحارث الاعور و مسروق و الشعبی و الحسن البصری و ابو وائل و شقیق بن سلمۃ الاسدی و ابو عبدالرحمن السلمی القاری و ابو الاسود الدوئلی و ابو عمرو الشیبانی و ابو رجاء العطاری و غیر ھم۔

ارجح المطالب ص۴۳۹ سطر۷، ص۵۸۲ سطر۹، جامع ترمذی ص۳۴۵۴ سطر۱۱، فتح العلی ص۲۰، سعد الشموس ص۲۱۰، الصواعق المحرقہ ص۱۲۳ سطر۱۱، جامع الاصول جلد۹ ص۴۷۴، حدیث ۶۴۹۲، کنز العمال جلد۶ ص۳۹۴، حدیث ۶۰۲۴، ص۴۰۷، ص۳۹۶، ذخائر المواریث جلد۳ ص۴۱، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۵۰، ذخائر العقبیٰ ص۹۴ سطر۲۰، مطالب السئول ص۶۰ سطر۱۲، تہذیب التہذیب جلد۵ ص۳۴، الریاض النضرہ ص۲۱۶ سطر۲۲، حلیتہ الاولیاء جلد۱ ص۶۸ سطر۲، خصائص نسائی ص۱۱۲ سطر۷، ینابیع المودۃ ص۱۷۸ سطر۹، مشکوٰۃ ص۵۶۴ سطر۱۲، تفسیر ابن کثیر جلد۵ ص۲۴۵، المستدرک جلد۳ ص۱۲۵ سطر۳، اسد الغابہ جلد۴ ص۲۹ سطر۲۲، تحفتہ الاحوذی جلد۴ ص۳۲۹ سطر۲، المرقات جلد۴ ص۳۴۴ سطر۹، تلخیص المستدرک ص۱۲۵ سطر۲۰، تفریح الاحباب ص۳۵۰ سطر۱۰، صواعق ص۲۳ سطر۱۱

روایت حضرت محمد بن عمر

کنز العمال جلد۶ ص۳۹۴ حدیث ۶۰۲۴، الجمع بین الصحاح ص۴۰، مفتاح النجا ص۲۸، اسنی المطالب ص۴۰، الفتح العلی ص۲۰

روایت زاذان

کنز العمال جلد۶ ص۴۰۳ حدیث ۶۱۲۸

روایت حضرت علیؑ

ارجح المطالب ص۴۳۹ سطر۷، طبقات ابن سعد جلد۲ ص۳۳۸، تاریخ الخلفاء ص۶۶، فتح العلی ص۲۰، الصواعق المحرقہ ص۱۲۳ سطر۱۱، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۶، مفتاح النجا ص۲۸، ینابیع المودت ص۲۸۲

روایت ہبیرہ۔ حذیفہ

کنز العمال جلد۶ ص۳۹۶ حدیث ۶۰۴۳

Presented by www.ziaraat.com

جنابِ امیرؑ کے سوا آنحضرتؐ کے نام پر نام رکھنا اور اس کے ساتھ حضرت کی کنیت کو شامل کرنا جائز نہیں

(۱) عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یولد لک ابن قد نحلته اسمی و کنیتی (اخرجہ احمد) جناب امیر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ مجھ سے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا کہ تیرے ہاں ایک بیٹا پیدا ہوگا جس کے لیے میرا نام اور میری کنیت جائز ہوگی (یعنی ابو القاسم محمد مہدی عجل ظہورہٗ)

ارجح المطالب ص۵۸۳ سطر آخر، الاسماء و الکنی جلد۱ ص۵ (دولابی) مناقب ابن مغازلی ص۲۹۴ سطر۵، سنن بیہقی جلد۹ ص۳۰۹، شرح ابن ابی الحدید ص۴۲۸، کوکب دری ص۱۶۲، الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۷۹، ذخائر المواریث جلد۳ ص۲۴، تیسیر الوصول جلد۱ ص۲۷، تاریخ ابن عساکر جلد۱ ص۲۷۶، معرفۃ علوم الحدیث ص۱۸۹، تاریخ کبیر ص۱۸۲ جلد۱ قسم۱، مسند حنبل جلد۱ ص۹۵، انساب الاشراف ص۵۳۹، المستدرک جلد۴ ص۲۷۸، تاریخ اسلام ذہبی جلد۳ ص۲۹۵، بغیۃ الوعاۃ ص۴۵۵، الروض الازہر ص۱۹۵، ربیع الابرار ص۲۶۰، روضۃ الاحباب ص۵۴، مفتاح النجا ص۹۴

حضرت طلحہ کا حضرت علیؑ سے احتجاج

حضرت طلحہؓ نے حضرت علیؑ سے احتجاج کیا کہ آپ نے ایسا کیوں کیا تو اصحاب نے گواہی دی کہ خود رسولؐ اکرم نے حضرت علیؑ کو اجازت دے رکھی تھی۔

معرفت علوم الحدیث ۱۹۰، اسد الغابہ جلد۵ ص۳۶۱، اصابہ جلد۴ ص۲۸۱، الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۷۹، شرح ابن ابی الحدید جلد۱ ص۸۱

قسم ثانی

الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۷۹، شرح حدیدی جلد۴ ص۴۲۸، مفتاح النجا ص۹۳

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت محمد بن حنفیہ

(۲) عن محمد بن الحنفیۃ عن ابیہ علی قال: قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ولد لک غلام فسمہ باسمی و کنہ بکنی و ھو لک رخصہ دون غیرک (اخرجہ الدیلمی فی المخلص) محمد بن حنفیہ اپنے والد ماجد جناب امیر سے ناقل ہیں کہ مجھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تجھے لڑکا پیدا ہو تو میرے نام پر نام رکھنا اور میری کنیت پر کنیت رکھنا اور لوگوں کے سوا اس کی تمہیں رخصت ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

حصہ دوئم

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
مناقب حضرت علیؑ	۴	خَیرُ اُمَّتی، خَیرُ اَھلِ الاَرضِ	۹۳	اَعظَمُھُم عَناءً عِندَ رَسُولِ اللہِ	۱۳۳
کتب مناقب و سیرت	۸	خَیرُ اَھلی، خَیرُ اِخوَتی	۹۷	اَعظَمُ الرِّجالِ	۱۳۴
تفضیل علیؑ اور علماء اہلسنت	۱۳	خَیرُ اِخوانی، خَیرُھُم اَخاً	۹۸	اَعظَمُ المُسلِمینَ حِلماً	۱۳۴
تحقیق نکات	۱۵	خَیرُ مَن اَترُکُ بَعدی	۹۸	اَعظَمُھُم حِلماً	۱۳۴
جوانمردی اور بہادری	۱۸	تحقیق نکات	۱۰۰	اَعظَمُ النّاسِ حُبّاً	۱۳۴
طرز استدلال	۲۲	مُختارُ اَھلِ الاَرضِ	۱۰۶	اَحسَنُھُم خُلقاً	۱۳۵
معتزلی کا اعتراف	۲۴	اَنتَ خَیرُ الوارِثینَ	۱۱۳	اَحسَنُھُم خُلقاً	۱۳۵
نکات	۳۲	خَیرُ مَن طَلَعَت عَلَیہِ الشَّمسُ	۱۱۳	اَعدَلُ النّاسِ فِی الرَّعِیَّۃِ	۱۳۵
سوانح حیات	۳۷	اَبُوھُما خَیرٌ مِنھُما	۱۱۵	اَقسَمُھُم بِالسَّوِیَّۃِ	۱۳۵
اقبال افضلیت علیؑ	۴۷	خَیرُ مابَعدَ النَّبیِّ	۱۱۷	اَطرَحُ نَفسَہُ فی مُتلَفٍ	۱۳۶
دعوئ افضلیت	۴۹	اَفضَلُ خَلائِقی	۱۱۷	اَقوَمُھُم بِاَمرِ اللہِ	۱۳۶
معرفت علیؑ مشکل ہے	۵۰	تحقیق نکات	۱۱۸	اَقضیٰ اُمَّتی، اَقضَی النّاسِ	۱۳۶
تحقیق نکات	۶۰	اَفضَلُ الاَنامِ	۱۱۹	اَقضاکُم عَلِیٌّ، اَقضاھُم عَلِیٌّ	۱۳۷
نکات	۶۳	اَفضَلُ اَبَوَیھِما	۱۲۱	اَقضیٰ اَھلِ المَدینَۃِ	۱۳۸
فضائل بے شمار ہیں	۶۵	اَفضَلُھُم یَقیناً	۱۲۲	اَقضانا عَلِیٌّ، اَعلَمُ اُمَّتی	۱۳۹
فرشتے آتے ہیں	۷۰	اَفضَلُ النّاسِ سابِقَۃً	۱۲۲	اَعلَمُ النّاسِ بِالسُّنَّۃِ	۱۴۰
کسی کی شان میں اتنی آیات نہیں	۷۱	اَفضَلُ الاَصیدِ قاطِعِ	۱۲۲	اَعلَمُ مَن بَقِیَ بِالسُّنَّۃِ	۱۴۰
ذکر علیؑ ہمیشہ بخیر آیا	۷۲	اَفضَلُ رِجالِ العالَمینَ	۱۲۳	اَعلَمُ القَضایا، اَعلَمُ الفَرائِضِ	۱۴۰
منقبت	۷۲	اَفضَلُ الوَصِیّینَ	۱۲۳	اَعلَمُ الاَصحابِ، اَعلَمُھُم عِلماً	۱۴۱
تین سو آیات در مناقب علیؑ	۷۳	اَفضَلُ البَرِیَّۃِ	۱۲۴	اَعلَمُ بِما بَینَ اللَّوحَینِ	۱۴۱
چوتھائی قرآن در مناقب علیؑ	۷۳	اَقدَمُ النّاسِ سِلماً	۱۲۴	اَعلَمُ النّاسِ بِاللہِ	۱۴۱
ستر آیات در مناقب علیؑ	۷۳	اَفضَلُ رِجالِ العالَمینَ	۱۲۶	اَعلَمُھُم بِرَبِّنا	۱۴۲
جتنا اکتساب فضائل علیؑ نے کیا	۷۴	اَفضَلُ خالَۃٍ، اَفضَلُ عَشیرَۃٍ	۱۲۶	اَعلَمُھُم بِما اَنزَلَ اللہُ	۱۴۲
کسی صحابی کے اتنے مناقب نہیں	۷۵	اَفضَلُ الاَوصِیاءِ، اَفضَلُھُم حِلماً	۱۲۷	اَعلَمُ المُؤمِنینَ عِلماً	۱۴۳
کوئی ان سے بڑھا ہوا نہیں تھا	۷۶	اَفضَلُھا جِھاداً	۱۲۷	اَعلَمُ الکِتابِ وَالسُّنَّۃِ	۱۴۳
لوگ قدموں کی مٹی اٹھا لیتے	۷۶	اَقدَمُھُم اِیماناً	۱۲۹	اَعلَمُ النّاسِ کِباراً	۱۴۳
تیس ہزار احادیث در مناقب علیؑ	۷۷	اَکثَرُ الاُمَّۃِ عِلماً	۱۳۰	اَعلَمُ النّاسِ بِاَیّامِ اللہِ	۱۴۳
تحقیق نکات	۷۸	اَکثَرُھُم عِلماً، اَوفَرُھُم حِلماً	۱۳۰	اَعلَمُھُم بِآیاتِ اللہِ	۱۴۴
حضرت علیؑ خیر البریہ ہیں	۸۲	اَجمَعُھُم قَلباً، اَسخاھُم کَفّاً	۱۳۱	اَعلَمُ النّاسِ عِلماً	۱۴۵
حضرت علیؑ خیر البشر ہیں	۸۵	اَعظَمُ النّاسِ حِلماً	۱۳۱	اَشعَرُ الخُلَفاءِ	۱۴۵
خَیرُ رِجالِکُم، خَیرُ النّاسِ	۸۹	اَعظَمُ عِندَ اللہِ مَزِیَّۃً	۱۳۲	اَفرَضُ اَھلِ المَدینَۃِ	۱۴۵
خَیرُ الخَلقِ، خَیرُ الاُمَّۃِ	۹۲	اَعظَمُھُم مَنزِلَۃً	۱۳۳	اَبصَرُھُم بِالقَضِیَّۃِ	۱۴۵

Presented by www.ziaraat.com

اَقرءُ الاَصحاب ۱۳۶
اَقوی قولاً فی الفرائض ۱۳۶
اَفقهٌ فی دین الله ۱۳۶
اَحبُّ الرِّجال، اَحبُّ القوم ۱۴۷
اَحبُّ النّاس ۱۵۰
اَحبُّهم الی الله ۱۵۰
اَحبُّ النّاس الیه ۱۵۱
اَحبُّ اَهلی ۱۵۱
اَحبُّ الیه من ذرّیّته ۱۵۲
اَحبُّ الیّ منّی ان اقدّمها ۱۵۲
علی آخرٍ منها ۱۵۲
اکرمُ النّاس، اکرمُ الخلق ۱۵۴
اکرمهم اکرمهم منصباً ۱۵۴
اکرم اهل السماوات و الارض ۱۵۵
اکرمُ رجالنا، ازرع البطین ۱۵۵
اولی النّاس، اقرب النّاس ۱۵۶
اشرفُ اهل بیت حسباً ۱۵۷
ارحمهم بالرعیّة ۱۵۸
ارأفهم بالعشیرة ۱۵۸
آخر النّاس محمداً ۱۵۸
اقربُ النّاس محمداً ۱۵۸
اقربُ النّاس رحماً ۱۵۹
اقربُ النّاس الی الجنّة ۱۵۹
اقربُ الخلق، اتقی النّاس ۱۵۹
اسخاهم کفّاً، اشجعهم قلباً ۱۶۰
اجودهم منه منزلةً ۱۶۱
اسخی النّاس، ازهد النّاس ۱۶۱
احسنهم خلقاً، اعظمهم حلماً ۱۶۲
ان علیاً احق بالنبی ۱۶۳
اشدّنا به لزوقاً ۱۶۳
اشدّکم فی الله غضباً ۱۶۳
صدیق اکبر، فاروق اعظم ۱۶۴
اسبق [illegible] ۱۷۷
اخشن فی ذات الله ۱۷۸
اخشی النّاس ۱۸۰
اوّلُ من یرانی ۱۸۰
اوّلُ النّاس بی لقیاً ۱۸۰
اوّلُ لحوقاً ۱۸۱
اوّلُ هاشمیٍّ تولّد من هاشمیین ۱۸۱
اوّلُ من یدخلُ الجنّة ۱۸۱
اوّلُ من یقرع باب الجنّة ۱۸۳
اوّلُ من یکسی ۱۸۳
اوّلُ یطلع علیکم ۱۸۴
اوّلُ من یدعی به یوم القیامة ۱۸۴
اوّل من یرد علی الحوض ۱۸۶
اوّلُ من اشفع امتی ۱۸۷
اوّلُ النّاس شافعاً ۱۸۷
اوّلُ من اسلم ۱۸۸
اوّلُ الرّجال اسلاماً ۱۹۱
اوّلُ المسلمین ایماناً ۱۹۱
اوّلُ النّاس اسلاماً ۱۹۲
اوّلها اسلاماً ۲۰۰
اوّلُ القوم اسلاماً ۲۰۱
اوّلُ النّاس اسلاماً ۲۰۱
اوّل صحابی سلماً ۲۰۲
اوّلُ المسلمین اسلاماً ۲۰۲
اوّلُ المؤمنین ایماناً ۲۰۲
اوّلُ من آمن بی ۲۰۳
اوّلهم ایماناً بالله ۲۰۴
اوّلُ المؤمنین ایماناً ۲۰۵
اوّلُ النّاس ایماناً ۲۰۵
اوّلُ من رکع ۲۰۸
انت اوّلُ المؤمنین ایماناً ۲۰۸
اوّلُ من شهد لا اله الا الله ۲۰۹
اوّل [illegible] ۲۰۹
اوّلُ من اناب و اجاب ۲۰۹
اوّلُ من صدّقنی ۲۰۹
اوّلُ من صلّی ۲۱۰
علی انبیاء سے افضل ہیں ۲۱۳
انبیاء کی تمام فضیلتیں ان میں ہیں ۲۱۸
مناظرہ حرہ و حجاج ۲۱۸
رسول اکرمؐ کا قرآن سے استدلال ۲۲۰
کمال امت جو انبیاء کو نہ ملا ۲۲۲
حضورؐ و علیؑ بائیس مقامات میں شریک ۲۲۲
حضورؐ اہلبیتؑ پانچ مقامات میں شریک ۲۲۵
خصائص علویہ ۲۲۵
ستر عہد، اسی عہد ۲۴۳
نوے مرتبے، ایک سو مناقب ۲۴۳
باب امیر المومنین ۲۴۴
آدم سے امیر المومنین کا تعارف ۲۴۴
لوح محفوظ میں امیر المومنین ۲۴۵
سب سے پہلے امیر المومنین آئے گا ۲۴۶
تم امیر المومنین ہو ۲۴۶
ابھی امیر المومنین آئے گا ۲۴۷
کاش امیر المومنین آئے ۲۴۸
حقیقی امیر المومنین ۲۴۸
ابھی امیر المومنین آئے گا ۲۴۹
امیر المومنین سے تکلم شمس ۲۴۹
امیر المومنین یہ ہے ۲۵۱
امیر المومنین کے متعلق وحی ۲۵۲
راہب نے امیر المومنین کہا ۲۵۲
یہودی کا امیر المومنین کہنا ۲۵۳
ذکر امیر المومنین ۲۵۴
امیر المومنین کو سلام کرو ۲۵۵
شیخین بھی سلام کرتے تھے ۲۵۶
میں امیر المومنین ہوں ۲۵۶
یہ نبی نہیں امیر المومنین ہے ۲۵۶
مصادر

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی جعل علیاً للمصطفیٰ بمنزلۃ ہارون للموسیٰ و الصلوٰۃ و السلام علیٰ نبیہ و رسولہ المجتبیٰ مولانا محمد ن الذی قال فی حقہ من کنت مولاہ فعلی لہ المولیٰ و علیٰ آلہ و من تمسک بالعروۃ الوثقیٰ الذی ہو مودۃ اھل بیت القربیٰ فقد فاز علیٰ منازل الاعلیٰ و من خالف عنہم فقد ضل و غویٰ صلوٰۃ و سلاما ما دامت الارض و السمٰوٰت العلیٰ

ادائے فرض و عبادات و اختیار تقویٰ و حسنات و اجتناب نواہی و سیئات کے بعد انسان کا مصرف زندگی اس سے بہتر اور کوئی نہیں کہ وہ اپنا وقت خاصان الٰہی کے حالات زندگی کے مطالعہ و انضباط میں صرف کرے اور اسی کو اپنا سرمایۂ حیات و زاد آخرت سمجھے اور اس صراط مستقیم پر چلنے کی تعلیم لوگوں کو دے۔ اس لئے کہ نفوس انسانیہ کے امکان میں صرف ارائۃ الطریق ہے۔ ایصال علی المطلوب کسی دوسری ہی قوت کا کام ہے۔

اگر غور سے دیکھا جائے تو خاصان الٰہی میں انبیاء اللہ کے بعد حضرت امیر المومنین امام المتقین فاتح باب الولایت شیخ المہاجرین و الانصار۔ قسیم الجنۃ و النار۔ نفس الرسول۔ زوج البتول۔ سید فی الدنیا و الآخرۃ۔ کاسر اصنام الکعبۃ۔ رایۃ الھدیٰ۔ امام الاولیاء۔ المنصوص بنص من کنت مولاہ فعلی مولاہ و المنصوص بنص ما انتجیتہ و لکن اللہ انتجاہ باب مدینۃ العلوم و المعارف و الحکم۔ سید العرب۔ صدیق الاکبر و فاروق الاعظم ابوالحسنین و ابو تراب وصی رسولہ و اخیہ مولانا مولیٰ کل علی المرتضیٰ حیدر المجد و الانجاب کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا مثل ملنا غیر ممکن ہے۔ آپ کی ذات سے حضرت سرور کائنات کے فیض نبوت اور فیض ولایت دونوں کا افاضہ اور استفاضہ بوجہ کمال ظہور میں آیا۔

انبیاء اللہ کے بعد دنیا میں اب تک جتنے مشاہیر گذرے ہیں ان میں بحیثیت جامعیت صفات کمالیہ حضرت علی مرتضیٰ ہی فرد الافراد نظر آتے ہیں۔ جو ہر طبقہ کے سرآمد مشاہیر میں شمار ہونے کی قابلیت رکھتے ہیں۔ مجمع سلاطین میں آپ جلال خداوندی کا تاج سر پر رکھے ہوئے ایک عظیم الشان بادشاہ نظر آتے ہیں۔ جن کے دربار میں ایوان کسریٰ کے حاضر باش دست بستہ مودب کھڑے رہتے ہیں۔ معرکہ کار زار میں ایک بے مثل شجاع پائے جاتے ہیں جو اپنی خدا داد قوت و طاقت سے مرحب اور عمر ابن عبدود جیسے مشہور پہلوانوں اور دیو نژادوں کو مغلوب کرتے ہیں۔ ممبر پر ایک فصیح اللسان اور بلیغ البیان خطیب دکھائی دیتے ہیں۔ جن کے سامنے فصحائے عراق و بلغائے عرب کی زبانیں گنگ ہو جاتی ہیں۔ علم و فضل کی درسگاہ میں ہمہ دانی کا وہ آفتاب

Presented by www.ziaraat.com

بن کر چمکتے ہیں۔ جو علم الٰہی کے نور بسیط کو یہود و نصاریٰ تک شریعت بنی اسرائیل کے غرفہ اور اہل فلسفہ تک حکمت یونانی کے روزن سے پہنچاتے ہیں۔ (سیرت علویہ ص ۱)

مناقب حضرت علی علیہ السلام

عام قاعدہ ہے کہ انسان جب کسی سے کسی بات پر خوش ہوتا ہے تو اس خوشی و مسرت میں خوش آئندہ الفاظ اظہار فرحت و سرور میں اس کی زبان سے نکلا کرتے ہیں۔ صحابہ کرام کی خدمت و جاں نثاری اطاعت شعاری و وفاداری ایسی نہ تھی کہ جس کی وجہ سے ارشادات پر از لطف و بشارات صادر نہ ہوتے۔ صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان ارشادات کو بھی دستاویزات سمجھ کر محفوظ رکھا۔

یہ امر مسلمہ ہے کہ جس شخص کو جس قدر زائد قربت خصوصیت و محبت ہوتی ہے اسی قدر اس کا ہر فعل اچھا معلوم ہوتا ہے اور قابل تحسین سمجھا جاتا ہے اور اسی قدر زائد اس کی تعریف و توصیف کی جاتی ہے۔ جو احادیث کہ فضائل صحابہ میں وارد ہیں اگر ان پر ایک سرسری نظر ڈالی جائے تو یہ حقیقت دراصل جس کو ہم نے اوپر بیان کیا ہے صاف واضح ہو جاتی ہے۔ اس لئے کہ ہم کو صاف صاف پتہ چلتا ہے کہ جس قدر زائد خصوصیت اور قربت جس صحابی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تھی اتنی ہی زائد حدیثیں اس صحابی کی فضیلت میں وارد ہوئی ہیں۔

صحابہ میں بہ لحاظ قربت و خصوصیت و محبت جو بات حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام کو حاصل تھی وہ کسی دوسرے کو حاصل نہ تھی۔ اسی بنا پر آپ کے مناقب و فضائل سب سے زائد وارد ہوئے ہیں۔ جس کا اعتراف شیخ المحدثین امام احمد بن حنبل و قاضی ابو علی نیشا پوری اور امام نسائی نے ان الفاظ میں کیا ہے۔

ما جاء لا حد من الفضائل بسند جيد الا بما جاء لعلي ابن ابي طالب

یہ امر بھی مسلمہ ہے کہ جناب امیرؑ پانچ سال کی عمر سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ رہے اور آنحضرتؐ نے آپ کی تربیت و تعلیم پر اولاد کے مثل توجہ اور شفقت مبذول رکھی۔ بعد بعثت اسلام میں آپ نے سبقت حاصل کی۔ کفار کے مقابلہ میں سب سے اول رہے۔

Presented by www.ziaraat.com

صنادید قریش کو تہ تیغ کیا۔ بدر و اُحد و احزاب و خیبر و حنین میں وہ داد شجاعت دی جو کسی اور سے ممکن نہ ہو سکی۔ آنحضرتؐ نے بکمال شفقت و مکرمت ان اعمال و افعال کی تاحد امکان قدر فرمائی اور اظہار حب و خصوصیت کو اس درجہ پر پہنچا دیا کہ اپنی محبوب ترین اولاد حضرت فاطمہؑ کا عقد جناب امیر علیہ السلام کے ساتھ کر دیا اور ان کی اولاد کو اپنی اولاد قرار دیا۔ منزلت ہارونی عطا کی۔ خلعت من کنت مولاہ فعلی مولاہ سے مخلع اور منروی برداء تطہیر فرمایا۔ مباہلہ و بیوت و مسجد و سد ابواب مواخاۃ میں معیت سے سربلندی عطا فرمائی۔ آنحضرت کے حضور میں جناب علی مرتضیٰ کا خلوص ان کی جان نثاری و محبت اسی کی مقتضی بھی تھی کہ آنحضرتؐ ایسا رسول برحق عالم ماکان و مایکون بلحاظ قدر افزائی و شفقت خالصہ ایسے امور سے سرفرازی بخشا رہے۔ کہ جناب امیر کی محبت کو اپنی محبت اور ان کے بغض کو اپنا بغض قرار دے اور حب کو دلیل ایمان اور بغض کی دلیل نفاق و شقاق ٹھہرا دے اور ایسے شخص کو اپنے کمالات کا آئینہ کر دے کہ جس میں رائی کا انعکاس شئی مری میں علیٰ وجہ الکمال ہو جائے۔

بہ ادنیٰ تعمق و تفحص مطالعہ کتب سے معلوم ہوتا ہے کہ ذات بابرکات مرتضوی کس درجہ جامع و حاوی کمالات و کرامات مصطفوی تھی۔ اعزا کی مخالفت اور ان سے جہاد صلح حدیبیہ و صلح صفین کا تقابل مباہلہ میں موافقت فقر و فاقہ کی زندگی علوم و اوصاف کا تماثل وغیرہ وغیرہ سب اسی قبیل سے تھے۔ اور یہی امور باعث حصول مرتبہ ولایت بعد اختتام مرتبہ نبوت بھی ہوئے۔ حدیث اثبت الاخبار واصح الاسانید و متفق علیہ اما ترضی ان تکون منی بمنزلتہ ہارون من موسیٰ لکنہ لا نبی بعدی سے اسی طرف اشارہ ہے۔ چونکہ نبوت کا اختتام ذات گرامی حضرت سید المرسلینؐ پر ہوا۔ جس کے بعد افتتاح مرتبہ ولایت ضروری تھا۔ لہٰذا ازل ہی سے فاتح باب ولایت محمدی موافق کشف و شہود حضرات صوفیہ جناب علی مرتضیٰ منتخب ہوئے۔ نبوت کا تعلق ظاہر سے ہوتا ہے اور ولایت کا باطن سے اور نبی ان دونوں جہتوں کا حامل ہوتا ہے۔ اس سے بوجہ غلبہ ظاہر امور ظاہری کا علیٰ وجہ الکمال ظہور ہوتا رہتا ہے اور امور باطن یعنی ولایت سے وہ خود متکیف ہوتا رہتا ہے۔ اور اس کے اصحاب حسب استعداد کمتر مرتبہ ولایت سے فیض یاب ہوتے ہیں۔ چنانچہ امم سابقہ میں انبیائے ماسبق کی نبوت و رسالت کے زمانہ میں کمتر نظیر اس کی ملتی ہے بخلاف حضرت رسالت پناہ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کہ حضور اپنے دونوں مرتبوں میں کامل تھے اور چونکہ ناسخ تاریخ ادیان و ملل واقع ہوئے تھے۔ لہٰذا دونوں وجہوں کا پورے

Presented by www.ziaraat.com

طور پر ظہور ہوا۔ اشاعت اسلام و اوامر و نواہی اعلاء کلمۃ اللہ پورے طور پر ہوا اور فیضان ولایت نے اس قدر نشوونمات پایا اور ایسی تعمیر باطن و صفائی قلوب کی کہ جس کی نظیر کوئی زمانہ نہ لا سکا اور اس کامیابی کا سہرا جناب امیر ہی کے سر رہا کہ ان کی اتباع و محبت دلیل ایمان و بغض و عناد و دلیل نفاق ہوا اور لا یحبہ الا مومن و لا یبغضہ الا منافق دستور العمل قرار پا گیا۔

جو صنادید قریش اور دیگر کفار جناب امیر کے ہاتھ سے مختلف غزوات وغیرہ میں قتل ہوئے تھے۔ ان کے اعزہ بروقت غلبہ اسلام مسلمان ہوتے گئے۔ مگر باوجود اسلام لانے کے ایسی تمام ہستیاں عرب کے دیرینہ عادت قصاص سے متاثر رہیں اور ظاہر و باطن اسی جذبہ کے ماتحت حضرت علی مرتضیٰؑ کے خلاف کام کرتی رہیں۔ بعد انقضائے عہد رسالت زمانہ خلافت جناب امیرؑ میں وہ جذبہ جو بہت سے لوگوں میں اتنی مدت سے پردہ میں کام کر رہا تھا۔ ظاہر ہو گیا۔ کچھ لوگ بغاوت میں مبتلا ہوئے اکثر سے خطاء فحش و منکر سرزد ہوئی اور کچھ خارج از ایمان ہوئے۔ غرضیکہ دودھ کا دودھ پانی کا پانی رہ گیا۔ (سیرت علویہ ص ۷)

کتب مناقب و سیرت

مناقب میں بھی اکثر آئمہ و اکابر قوم نے کتابیں تصنیف فرمائیں۔ ایک جماعت نے ان کتابوں کی اور ان کے مصنفین کی توثیق و توصیف بھی کی۔ متعصبین نے باوجود تعصب لائق استناد بھی قرار دیا۔ امام زہری کے تلامذہ میں سے دو شخصوں نے فن سیرت میں نہایت شہرت حاصل کی اور یہی دو شخص ہیں جن پر اس فن کا سلسلہ ختم ہوتا ہے۔ موسیٰ ابن عقبہ اور محمد ابن اسحاق۔ موسیٰ بن عقبہ خاندان زبیر کے غلام تھے۔ انہوں نے عبداللہ ابن عمر کو دیکھا تھا۔ فن حدیث میں امام مالک ان کے شاگرد ہیں۔ اور نہایت مداح ہیں۔ محمد ابن اسحاق نے اس فن میں سب سے زیادہ شہرت حاصل کی۔ ایسا کہ وہ امام فن کے نام سے مشہور ہیں۔ سیرت ابن ہشام اسی کا نقش ثانی ہے۔ یہ دونوں حضرات موسیٰ ابن عقبہ و محمد ابن اسحاق تابعین سے تھے۔ مخصوص سیرت اہل بیت پر حسب ذیل کتابیں ہوئیں۔

کتاب المناقب للامام احمد بن حنبل، خصائص للنسائی، منقبۃ المطہرین و ما نزل من القرآن فی علیؑ للحافظ ابو نعیم اصفہانی، مناقب موسہ زلمیند فاطمہ للحافظ دارقطنی، مناقب لطراز

المحدثین، ابوبکر ابن مردویہ جواہر العقدین فی فضل الشرفین شرف العلم و النسب للسید نور الدین ابو الحسن سمنہودی شافعی کتاب الآل لابن خالویہ، معالم العترۃ للحافظ ابی الحسن جنابذی، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ العلامہ محب طبری، صاحب ریاض النضرۃ، فرائد السمطین فی فضائل مرتضیٰ و البتول و السبطین للعلامہ ابراہیم الحموینی، مناقب للاخطب الخطباء خوارزم شاہی، مطالب السئول فی مناقب آل الرسول المحمد ابن طلحہ شافعی، الفصول المہمہ فے احوال الائمہ لابن الصباغ المالکی، مودۃ القربیٰ للسید علی ہمدانی، مفتاح النجاو نزل الابرار المیرزا محمد معتمد خاں بدخشانی، کتاب المناقب لابن المغازلی مالکی، ینابیع المودۃ للشیخ سلیمان بلخی، جزء فضائل اہل بیت للحافظ البزار، مناقب الساوات للقاضی شہادت الدین دولت آبادی، شرف النبوۃ للعلامتہ ابو سعید، اسعاف الراغبین للعلامہ محمد ابن علی الصبان، تذکرۃ خواص للشیخ عبدالحق محدث دہلوی، اسنی المطالب فی مناقب، علی ابن ابی طالب للعلامہ شمس الدین محمد جزری صاحب حصن حصین، فضائل حضرت فاطمہ للحافظ عبداللہ الحاکم نیشاپوری صاحب المستدرک، نور العین فی مشہد الحسین لابو اسحاق الاسفرائینی، نور الابصار، للشیخ شبلنجی شافعی، قول الحنبلی فی فضائل علی و ثغور الباسمہ فی مناقب الفاطمہ و احیاء المیت و عرف الوری للسیوطی، کفایتہ الطالب لمحمد ابن یوسف شافعی، معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول للعلامہ محمد ابن یوسف الزرندی المدنی، صراط السوی فی مناقب آل النبی للعلامہ محمود ابن محمد شیخانی قادری، معارج العلیٰ فی مناقب المرتضیٰ المحمد صدر عالم، توضیح الدلائل لمحمد شہاب الدین احمد، خصائص العلویہ لابی الفتح محمد ابن علی نطنزی، فتح المطالب لحافظ شمس الدین محمد ذہبی، سر الشہادتین مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی مراۃ المومنین، للمولوی ولی اللہ فرنگی محلی، وسیلتہ النجاۃ للمولوی محمد مبین فرنگی محلی، درر السمطین للجمال الدین محمد یوسف الزرندی، مناقب حیدریہ للشیخ احمد ابن علی انصاری یمنی، عقد اللآل فی فضائل الآل للشیخ عبداللہ العیدروس مناقب للحافظ الدین محمد ابن احمد عجمی، فضائل اہل بیت للسید عبدالرحمن جمہوری شافعی، شرف المؤبد لآل محمد للشیخ یوسف ابن اسماعیل نبہانی، عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب للشیخ جمال الدین احمد معروف بہ ابن عقبہ، ریاض الفضل للشیخ محمد واعظ ہروی، وسیلتہ المال فی عد مناقب الآل للشیخ احمد ابن الفضل باکثیر مکی شافعی، کتاب الصفوۃ بمناقب آل النبوۃ بعد الروف المناوی، فتح المبین فی فضائل اہل بیت سید المرسلین للعلامہ

Presented by www.ziaraat.com

رشید الدین خان دہلوی' ذخیرۃ المال فی شرح عقد جواہر اللآل للشیخ احمد ابن عبد القادر عجیلی شافعی' تقیید العقود و السنیتہ للشیخ رضی الدین محمد ابن علی' دعاۃ الہداۃ' الی اداء حق الموالات لعبید اللہ ابن عبد اللہ حسکانی' اسنی المطالب للشیخ ابراہیم ابن عبد اللہ صابی یمنی شافعی' مشرح الروی فی مناقب سادات آل المولوی عاشق علی خان الکاکوروی' نقہ الاکبر عن علوم بالبیت الاطہر لمولوی حسن الزمان محمد ترکمانی حیدر آبادی' شہادت الکونین فی شہادت الحسنین مشہور بشہادت نامہ لمولانا حافظ شاہ علی نور الکاکوروی' ارجح المطالب لمولوی عبید اللہ بسمل امرتسری' المرتضیٰ للحافظ عبد الرحمٰن لاہوری۔

ان کتابوں کی اور ان کے مصنفین کی ایک جماعت علماء عالی مرتبت نے توثیق کی ہے۔ کتب اکابر قوم مثل تذکرۃ الحفاظ ذہبی و طبقات الشافعیہ للشیخ تقی الدین سبکی و تاریخ امام یافعی و ابن خلکان وغیرہ سے مصنفین کی وثاقت و اعتبار و جلالت شان ظاہر ہو سکتی ہے۔

ان کتابوں کے علاوہ قریب قریب تمام محدثین و مفسرین و مورخین نے حالات و مرویات اہل بیت خصوصاً جناب علی مرتضیٰؑ و حضرات حسنین علیہما السلام اپنے تصانیف میں درج کئے ہیں۔ جن میں سے مشہور حضرات کے اسماء حسب ذیل ہیں۔

(۱) ابن شہاب زہری استاد امام مالک جنہوں نے سب سے اول حدیث کو مدون کیا اور ۱۲۵ھ میں وفات پائی۔

(۲) ابن اسحاق صاحب السیرت متوفی ۱۵۱ھ جنہوں نے سیر و مغازی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روایت کیا جن کے متعلق زہری کا قول ہے کہ من اراد المغازی فعلیہ با بن اسحقؒ (۳) کلبی متوفی ۱۸۱ھ صاحب تفسیر و علم نسب استاد سفیان ثوری (۴) امام مالک صاحب موطاء متوفی ۱۷۶ھ (۵) عبد اللہ ابن مبارک تلمیذ امام مالک متوفی ۱۸۱ھ (۶) وکیع ابن الجراح مفسر متوفی ۱۹۶ھ (۷) عبد اللہ ابن وہب صاحب موطاء متوفی ۱۹۷ھ (۸) سفیان ابن عینیہ مفسر متوفی ۱۹۷ھ (۹) امام شافعی متوفی ۲۰۴ھ (۱۰) ابو داؤد طیالسی صاحب مسند متوفی ۲۰۴ھ (۱۱) واقدی صاحب المغازی متوفی ۲۰۷ھ (۱۲) عبد الرزاق استاد امام احمد بن حنبل صاحب التفسیر و المسند متوفی ۲۱۱ھ (۱۳) الفریابی صاحب تفسیر متوفی ۲۱۳ھ (۱۴) حمیدی صاحب مسند متوفی ۲۱۹ھ (۱۵) آدم ابن ایاس صاحب تفسیر متوفی ۲۲۴ھ (۱۶) ابو عبیدہ صاحب غریب الحدیث و شواہد متوفی ۲۲۴ھ (۱۷) سعید ابن منصور صاحب تفسیر متوفی ۲۲۷ھ (۱۸) ابن سعد صاحب طبقات کبیر متوفی ۲۳۲ھ (۱۹) ابن ابی

Presented by www.ziaraat.com

شیبہ استاد امام بخاری صاحب تفسیر و مسند و مصنف متوفی ۲۳۵ھ (۲۰) اسحاق ابن راہویہ صاحب تفسیر و مسند متوفی ۲۳۸ھ (۲۱) امام احمد بن حنبل صاحب مسند و زہد و مناقب متوفی ۲۴۱ھ (۲۲) ابن ابی عمر عدنی صاحب مسند متوفی ۲۴۳ھ (۲۳) ابن منیع صاحب مسند متوفی ۲۴۴ھ (۲۴) دارمی صاحب مسند متوفی ۲۵۵ھ (۲۵) امام المحدثین اسمٰعیل بخاری صاحب جامع الصحیح و التاریخ و الادب متوفی ۲۵۶ھ (۲۶) زبیر ابن بکار صاحب اخبار المدینہ و الموافقیات متوفی ۲۶۵ھ (۲۷) امام مسلم صاحب صحیح متوفی ۲۶۱ھ (۲۸) ابو داؤد صاحب السنن و الناسخ و المنسوخ متوفی ۲۷۵ھ (۲۹) ترمذی صاحب الجامع و الشمائل متوفی ۲۷۹ھ (۳۰) ابن ماجہ صاحب السنن متوفی ۲۷۹ھ (۳۱) ابن ابی الدین صاحب مصنف متوفی ۲۸۱ھ (۳۲) حارث ابن ابی اسامہ صاحب مسند متوفی ۲۸۲ (۳۳) قاضی اسمٰعیل صاحب کتاب فضل الصلوٰۃ علی النبی متوفی ۲۸۳ھ (۳۴) ابن ابی عاصم صاحب مسند متوفی ۲۸۷ھ (۳۵) حکیم ترمذی صاحب نوادر الاصول متوفی ۲۸۵ھ (۳۶) عبداللہ ابن امام احمد بن حنبل صاحب زوائد فی المسند متوفی ۳۸۵ھ (۳۷) بزار صاحب مسند تلمیذ بخاری متوفی ۲۹۲ھ (۳۸) نسائی صاحب سنن و خصائص متوفی ۳۰۲ھ (۳۹) ابو یعلیٰ صاحب مسند و معجم متوفی ۳۰۷ھ (۴۰) ابن جریر طبری صاحب تفسیر و تاریخ متوفی ۳۱۰ھ و بقولے ۳۰۱ھ (۴۱) ابو البشر دولابی کتاب الکنیٰ و الاسماء متوفی ۳۱۰ھ (۴۲) ابن خزیمہ صاحب الصحیح متوفی ۳۱۱ھ (۴۳) ابو القاسم بغوی صاحب معجم صحابہ متوفی ۳۲۲ھ (۴۴) ابن المنذر صاحب تفسیر و الاوسط متوفی ۳۱۷ھ (۴۵) طحاوی صاحب مشکل الاثار متوفی ۳۲۱ھ (۴۶) عقیلی صاحب کتاب الضعفا متوفی ۳۲۲ھ (۴۷) ابن ابی قتیبہ دینوری صاحب کتاب المعارف متوفی ۳۲۲ھ (۴۸) ابوبکر انباری متوفی ۳۴۸ھ (۴۹) ابن ابی حاتم صاحب تفسیر متوفی ۳۲۷ھ (۵۰) المحاملی صاحب الامالی متوفی ۳۳۵ھ (۵۱) ابن قانع صاحب معجم متوفی ۳۳۷ھ (۵۲) ابوبکر شافعی صاحب غیلانیات متوفی ۳۵۴ھ (۵۳) ابن حبان صاحب صحیح و ثقات و ضعفا متوفی ۳۵۴ھ (۵۴) ابن السکن صاحب معرفۃ الصحابہ متوفی ۳۵۴ھ (۵۵) طبرانی صاحب معاجم ثلاثہ متوفی ۳۶۰ھ (۵۶) آجری صاحب اربعین متوفی ۳۵۹ھ (۵۷) ابن السنی تلمیذ نسائی صاحب عمل الیوم و اللیلہ و طب نبوی متوفی ۳۶۴ھ (۵۸) ابن عدی صاحب کامل متوفی ۳۶۵ھ (۵۹) ابو الشیخ صاحب التفسیر و العظمۃ و الوصایات متوفی ۳۶۹ھ (۶۰) ابوبکر اسماعیلی صاحب صحیح و معجم متوفی ۳۷۱ھ (۶۱) ابن شاہین صاحب سنن و ترغیب ترہیب متوفی ۳۸۵ھ (۶۲) دارقطنی صاحب سنن وغیرہ متوفی ۳۸۵ھ

Presented by www.ziaraat.com

(۶۳) خطابی صاحب غریب الحدیث متوفی ۳۸۸ھ (۶۴) ابن مندہ صاحب معرفتہ الصحابی متوفی ۳۹۵ھ (۶۵) حاکم صاحب مستدرک و تاریخ متوفی ۴۰۵ھ (۶۶) ابن مردویہ صاحب تفسیر و مناقب و مستخرج علی البخاری متوفی ۴۱۵ھ (۶۷) تمام صاحب فوائد متوفی ۴۱۴ھ (۶۸) لالکائی صاحب السنتہ متوفی ۴۱۸ھ (۶۹) ابو نعیم استاد خطیب صاحب الحلیہ و معرفتہ الصحابہ وغیرہ متوفی ۴۲۳ھ (۷۰) ثعلبی صاحب تفسیر متوفی ۴۲۷ھ (۷۱) بیہقی صاحب سنن و شعب الایمان وغیرہ متوفی ۴۵۸ھ (۷۲) خطیب بغدادی صاحب تاریخ و جامع متوفی ۴۶۳ھ (۷۳) ابن عبدالبر صاحب استیعاب متوفی ۴۶۳ھ (۷۴) واحد تلمیذ ثعلبی صاحب تفسیر متوفی ۴۶۸ھ (۷۵) بغوی صاحب معالم التفسیر و شرح السنتہ متوفی ۵۱۶ھ (۷۶) دیلمی کبیر صاحب فردوس الاخبار متوفی ۵۰۹ھ (۷۷) دیلمی صغیر صاحب مسند الفردوس (۷۸) سلفی صاحب تاریخ متوفی ۵۷۶ھ (۷۹) ابن عساکر صاحب تاریخ متوفی ۵۷۶ھ (۸۰) ابن اثیر جزری صاحب کامل التاریخ اسد الغابہ متوفی ۶۲۱ھ (۸۱) خوارزمی ابن اخت ابو جعفر محمد ابن جریر طبری صاحب مناقب

ان مصنفین اور تصنیفات کی توصیف و توثیق بھی ایک جماعت علمائے کرام مثل ذہبی و عسقلانی و صفدی و ابن خلکان و ابن الوردی وغیرہم رحمتہ اللہ علیہم نے کی۔ ایسا کہ یہ کتابیں مستند اور لائق حجت قرار پاگئیں اور علوم و فضائل اہل بیت و ابو الائمتہ الاطہار سلام اللہ علیہ ما دام اللیل و النہار کا بیش بہا ذخیرہ ان سے اخذ ہوا۔ جس نے تمام جزئیات کا اپنے اندر احاطہ کر لیا۔

ان میں سے اکثر کتابیں تو شائع و مشہور ہیں۔ اور بیشتر ایسی بھی ہیں جن کے وجود کا پتہ بڑے بڑے کتب خانوں میں چلتا ہے۔ اور وہ بوجہ اپنی ندرت کے ہر ایک کے لئے نظر افروز نہیں ہو سکتیں۔

ان تمام کتابوں کی جامع و حاوی کتاب کنز العمال فی سنن الاقوال و افعال مصنف شیخ علی متقی برہان پوری ہے جو بوجہ اپنی بے انتہا خوبیوں کے اس درجہ منفرد و بے مثل ہے کہ جس کی مثال نہیں ملتی۔ گو دراصل سیوطی کی جمع الجوامع کی تہذیب و ترتیب ہے۔ اور بقول ابو الحسن بکری للسیوطی منہ علی العالمین و للمتقی منہ علیہ کا پورا پورا مصداق ہے۔ سیوطی کی جمع الجوامع تو النادر کالمعدوم کا مصداق ہے۔ کنز العمال البتہ اپنی گرانقدر خوبیوں سے ضیا بخش عالم ہو رہی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اس بندۂ عاجز محرر سطور کو اس کتاب مسطور میں اس ذخیرہ سے بہت مدد ملی۔ مرویات و مناقب کا استخراج ارشادات و فضائل کا استقصا جس قدر اس کتاب سے ہو سکا ویسا اور کسی کتاب سے نہیں ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ احادیث و آثار و حالات صحابہ پر یہ ایک تنہا کتاب جمیع کتب احادیث کو حاوی اور جامع ہے۔

اس کے علاوہ کتب تفاسیر میں معالم و مدارک و کشاف و تفسیر کبیر و درمنثور و تفسیر حسینی' اور احادیث میں صحاح ستہ و مسند امام احمد ابن حنبل و مستدرک و مجمع الزوائد و جامع الاصول و تلخیص الحبیر و نوادر الاصول اور نفس مناقب اہل بیت میں خصائص امام نسائی' مطالب السئول' فصول المهمه' اسعاف الراغبین' ینابیع المودة' نزل الابرار' شرف المؤید لآل محمدؐ' ریاض النضرة' زرقانی علی شرح المواہب' روضتہ الاحباب' مناقب مرتضوی' مدارج النبوة روضتہ الصفا' حبیب السیر' شمس التواریخ' ارجح المطالب' المرتضی' سیرت ابن ہشام' خلفائے راشدین' ازالتہ الخفا اور اسماء الرجال میں اسد الغابہ' تہذیب التہذیب' فصل الخطاب' میزان الاعتدال' لسان المیزان و طبقات ابن سعد میرے پیش نظر رہیں۔ تاریخی واقعات میں نے تاریخ طبری و ابن خلدون و ابن اثیر و تاریخ یافعی تاریخ الخمیس و تاریخ ابن خلکان و تاریخ ابو الفداء' مروج الذہب مسعودی و تاریخ اعثم کوفی و واقعہ صفین من کتاب نصر بن مزاحم و عیون الانباء فی طبقات الاطباء و مستطرف و عقد الفرید و حیوۃ الحیوان و تاریخ علی الایام و تحفہ اثنا عشریہ و صواعق محرقہ و النصائح الکافیہ سے اخذ کیے ہیں۔ (سیرت علویہ' احسن الانتخاب ص۱۰ سید علی حیدر)

تفضیل علیؑ اور علماء اہلسنت

جناب سلیمان قندوزی ینابیع المودت کے ص۶۵۵ سطر۳ پر تحریر فرماتے ہیں۔

مسلم بن قتیبہ کی کتاب المعارف میں ہے۔ صحابہ میں سب سے آخر میں زندہ رہنے والے ابو طفیل نے کہا۔ آپ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دوست رکھتے تھے۔ اور آپ کو باقی صحابہ پر فضیلت دیتے تھے۔ کتاب الاحباب میں منقول ہے۔ کہ ابو طفیل عامر بن واثلہ کنانی لیثی نے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ کے آٹھ سال کو پایا۔ آپ حضرت ابوبکر

Presented by www.ziaraat.com

۱۴

اور عمر کی فضیلت کے قائل تھے۔ لیکن حضرت علیؑ کو تقدم کا درجہ دیتے تھے۔ اور یہ بات بالاتفاق ثابت ہے کہ آپ نے تمام صحابہ میں آخیر میں انتقال فرمایا۔ جواہر العقدین میں منقول ہے کہ اہلسنّت اس شخص کو کافر نہیں کہتے جو حضرت علیؑ کو حضرت ابوبکر پر فضیلت دے۔ یہ وہ بات ہے جس کی طرف قاضی ابوبکر باقلانی جھک گئے ہیں اور اسی بات کو امام الحرمین نے کتاب الارشاد میں اختیار کیا ہے۔ ان دونوں حضرات کے درمیان فضیلت دنیا ظنی بات ہے۔ یقینی بات نہیں ہے۔ اور اسی بات کا یقین صاحب الفہم نے شرح مسلم میں کیا ہے۔ امام شعری نے کہا ہے کہ یہ بات قطعی ہے۔

ابن عبدالبر نے اپنی کتاب استیعاب میں حضرت عمر کے حالات کے تحت بیان کیا ہے کہ عبدالرزاق نے معمر سے روایت کی ہے کہ آپ نے کہا۔ کہ اگر کوئی شخص یہ بات کہے کہ عمر ابوبکر سے افضل ہیں تو میں اس بات کو برا نہیں تصور کروں گا۔ اسی طرح اگر کوئی شخص یہ بات بیان کرے کہ میرے نزدیک حضرت علیؑ ابوبکر اور عمر سے فاضل ہیں تو میں اس بات کو بھی برا نہیں سمجھوں گا۔ میں کہتا ہوں کہ اس بات کی طرف وہ چیز بھی اشارہ کرتی ہے جس کو خطابی نے اپنے ایک شیخ سے حکایت کیا ہے۔ کہ آپ کے شیخ کہا کرتے تھے۔ ابوبکر اچھے ہیں اور علیؑ افضل ہیں۔ ابن عبدالبر نے بھی کہا کہ سلف نے ابوبکر اور علی کے افضل ہونے میں اختلاف کیا ہے۔ اور اس کو پہلے بھی حضرت علی کے حالات کے تحت بیان کیا ہے۔ حضرت سلیمان' ابوذر' مقداد' خباب بن ارث' جابر بن عبداللہ انصاری' ابو سعید خدری' اور زید بن ارقم سے روایت ہے کہ حضرت علی سب سے پہلے اسلام لائے۔ اور ان لوگوں نے حضرت علیؑ کو آپ کے غیر سے افضل قرار دیا ہے۔ نیز اہلسنّت کے آئمہ سلف کی ایک جماعت کے متعلق کہا ہے کہ وہ علی اور عثمان کی ایک دوسرے کے متعلق فضیلت کے بارے میں توقف کرتے ہیں۔ کسی ایک کو دوسرے پر فضیلت نہیں دیتے۔ اس عقیدے کے لوگ یہ حضرات ہیں۔ مالک بن انس بن یحییٰ بن سعید قسطانی اور ابن معین حافظ ابو نعیم نے کتاب حلیتہ الاولیاء میں سفیان ثوری کے حالات میں زید بن حباب سے روایت کی ہے کہ سفیان ثوری نے کوفے والوں کو دیکھا کہ وہ حضرت علیؑ کو حضرت ابوبکر اور حضرت عمر پر فضیلت دیتے تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

نکات

(۱) مذکورہ عبارات سے واضح ہوا کہ حضرت ابو طفیل حضرت علی علیہ السلام کو تمام صحابہ کرام پر فضیلت دیتے تھے۔

(۲) کتاب الاحباب کی عبارت سے بھی روز روشن کی طرح عیاں ہوا کہ حضرت علیؑ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر دونوں سے افضل تھے۔

(۳) آج بعض لوگ ہمیں تفضیل علیؑ کی وجہ سے کافر کہتے ہیں۔ جبکہ جواہر العقدین کی عبارت کے نزدیک ایسا عقیدہ رکھنا کفر نہیں۔

(۴) الاستیعاب کی عبارت سے واضح ہوا کہ حضرت علیؑ کو حضرت ابوبکر و حضرت عمر سے افضل ماننا برا نہیں ہے۔

(۵) خطابی کے نزدیک حضرت ابوبکر اچھے ہیں۔ جبکہ حضرت علی علیہ السلام افضل ہیں۔

(۶) حضرت ابن عبدالبر کے نزدیک حضرت ابوبکر کا حضرت علیؑ سے افضل ہونا مسلم نہیں۔

(۷) ابن عبدالبر کے نزدیک صحابہ کرام کی ایک معتبر جماعت مثلاً حضرت سلمان، حضرت ابوذر، حضرت مقداد، حضرت خباب بن ارث، حضرت جابر بن عبداللہ، حضرت ابو سعید خدری اور حضرت زید بن ارقم کے نزدیک حضرت علی علیہ السلام تمام صحابہ سے افضل تھے۔

(۸) اہلسنّت کے آئمہ کے نزدیک حضرت عثمان کا حضرت علی علیہ السلام سے افضل ہونا مسلم نہیں ہے۔

(۹) حضرت سفیان ثوری کے نزدیک اہل کوفہ حضرت علی علیہ السلام کو حضرت ابوبکر اور حضرت عمر پر فضیلت دیتے تھے۔

جناب علامہ ابو عثمان عمر بن حافظ بصری، معتزلی البیان و التبیین میں تحریر فرماتے ہیں۔

اہل بیت کی غیروں پر فضیلت کے بارے میں خواہ مخواہ کے جھگڑوں اور تنازعات نے صحیح اور سلیم عقلوں میں نقص اور اخلاق حسنہ میں فساد پیدا کر دیا ہے۔ ہم پر حق کی تلاش اور حق کی اتباع اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب (قرآن) میں جو مقصد طلب کیا ہے وہ ہم پر واجب ہے۔ ہمیں تعصب اور خواہشات نفسانی کو چھوڑ دینا چاہیے۔ گذشتہ لوگوں، اساتذہ اور آباؤ اجداد کی فرسودہ تقلید سے کنارہ کشی کرنا چاہیے۔ تمہیں اس بات کا یقین ہونا چاہیے اگر اللہ تعالیٰ کی مرضی اور منشاء یہ ہوتی کہ بنو ہاشم اور دیگر لوگوں میں مساوات واقع ہے تو اللہ تعالیٰ بنو ہاشم کو سہم ذوی

Presented by www.ziaraat.com

القربیٰ کے ساتھ مخصوص نہ کرتا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہؐ سے کہا (اے محمد) "اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ۔" اور خداوند عالم نے فرمایا (اے محمد) "یہ ذکر تمہارے لئے اور تمہاری قوم کے لئے ہے۔" عنقریب تم لوگوں سے اس بات کا سوال کیا جائے گا۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی قوم کو وہ خصوصیات حاصل ہیں۔ جو اور لوگوں کو حاصل نہیں ہیں۔ تو جو شخص جس قدر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے زیادہ قریب ہو گا اس کی قدر و منزلت اس معیار اور اونچی ہو گی۔ اگر اللہ تعالیٰ اور لوگوں کو بنو ہاشم کے ساتھ مساوی قرار دیتا تو بنو ہاشم پر صدقہ کو حرام نہ کرتا۔ بنو ہاشم پر اللہ تعالیٰ کا صدقہ کو حرام قرار دینا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ بنو ہاشم کی بزرگی اور طہارت اللہ کے نزدیک مسلم ہے۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت علی کرم اللہ وجہ نے برسر منبر ایک جماعت کے سامنے ارشاد فرمایا تھا۔ ہم اہل بیت ہیں۔ قوم کے کسی فرد کا ہمارے ساتھ قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور بے حد پاکیزہ افراد حضرت علیؑ اور جناب فاطمہؑ دو فرزند حسنؑ اور حسینؑ دو شہید ایک اللہ کا شیر حمزہ دوسرے دو پروں والے جناب جعفرؑ مکہ کے سردار پرندوں کے خوراک بہم پہنچانے والے حضرت عبدالمطلب حاجیوں کو پانی پلانے والے عباس اور رسول اللہ کے حامی و ناصر آپ سے زیادہ محبت کرنے والے آپ کے کفیل اور مربیؑ آپ کی نبوت کا اقرار کرنے والے اور آپ کی رسالت کے معترف اور رسول اللہ کی اپنے بہت سے اشعار میں تعریف کرنے والے اور قریش کے شیخ حضرت ابو طالب یہ لوگ سب کے سب بنو ہاشم سے تعلق رکھتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا۔ "میں تم لوگوں میں دو گراں قدر چیزیں چھوڑنے والا ہوں۔ ایک ان میں سے دوسری سے بڑی ہے۔ ایک کتاب خدا ہے جو آسمان سے لے کر زمین تک کھچی ہوئی ہے۔ دوسری میری اولاد ہے جو میرے اہل بیت ہیں۔ مجھے بے حد مہربان اور نہایت باریک بین (خدا) نے خبر دی کہ یہ اس وقت تک جدا نہیں ہوں گے حتیٰ کہ میرے پاس حوض کوثر پر وارد ہوں گے۔ رسول اللہ نے فرمایا ہر سبب اور نسب قیامت کے روز ختم ہو جائے گا۔ لیکن میرا سبب اور رشتہ قائم رہے گا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات کا شکر ہے جس نے ہمیں ان لوگوں میں قرار دیا ہے جو ہمارے نبی کے فرزندوں اور قرابت داروں کو دوست رکھتے ہیں۔ کیونکہ ہم لوگوں کو ان سے محبت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان سے مودت کرنا ہم پر اپنے اس فرمان کے ذریعہ فرض قرار دیا ہے۔ قُل لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّۃَ فِی

Presented by www.ziaraat.com

الْقُرْبٰی (قیامت کے روز) ہم سے ان محبت کرنے کے بارے میں اللہ کے اس فرمان کے مطابق پوچھا جائے گا۔ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ (اے فرشتو) ان لوگوں کو روکو ان سے کچھ دریافت کرنا ہے۔ یعنی ان سے اہل بیت سے محبت رکھنے کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ اگر ہم لوگ حضرت علی بن ابی طالب کے فضائل شریف' مقامات بزرگ' بلند درجات اور روشن فضائل کو شمار کرنا کر دیں تو اس بارے میں بہت بڑی لمبی چوڑی مجلدات اور دفاتر ختم ہو جائیں گے۔ آپ آدم علیہ السلام کی صحیح جڑ ہیں۔ آپ کا نسب بے عیب ہے۔ آپ کی ولادت گاہ ایک بلند مقام (خانہ کعبہ) ہے۔ آپ کی نشوونما مبارک اور بزرگ ہاتھوں میں ہوئی ہے۔ آپ کی منزلت بلند اور عمل زیادہ ہے۔ اور آپ کے علم کی وسعت بہت زیادہ ہے۔ آپ کی مثال اور ہمسری کوئی آدمی نہیں کر سکتا۔ آپ بلند ہمت اور قوت کاملہ کے مالک تھے۔ آپ کا طرز تکلم معجزانہ اور زبان مبارک خطیبانہ تھی۔ آپ کا سینہ (علم کے لحاظ سے) بہت کشادہ اور فراخ تھا۔ آپ کے اخلاق حمیدہ آپ کی فطرت میں سموئے ہوئے تھے۔ آپ کی گفتگو آپ کی بزرگی پر گواہ ہے۔ آپ کے تمام فضائل کا احاطہ کرنا ہمارے بس کی بات نہیں ہے۔ جبکہ ہماری کتابیں آپ کے تمام ارشادات کی تفسیر کو اپنے دامن میں جگہ دینے سے قاصر ہیں۔ تو ہم کماحقہ آپ کی حقیقت کو بالتفصیل کیسے بیان کر سکتے ہیں۔ اس جملہ کو صرف اہتمام حجت کے طور پر اس شخص کے لئے بیان کیا ہے جو حضرت کی فضیلت کی معرفت رکھنے کا ارادہ رکھتا ہو۔" حسنؑ اور حسینؑ ان دونوں حضرات کے متعلق ان کے نانا کا فرمان ہے کہ یہ دونوں شہزادے جوانان بہشت کے سردار ہیں۔ پسندیدہ اعمال اور پاکیزہ علوم میں ان دونوں کا حصہ ہر حصہ دار سے بڑھا ہوا ہے۔ محمد بن حنفیہ کے متعلق تمام دنیا کو اقرار ہے کہ آپ اپنے زمانہ کے یکتائے روزگار اور اپنے زمانہ کے بہادر ترین انسان تھے۔ افضل اور بزرگی کے اقرار کرنے میں ہمزبان ہیں۔ آپ کی بزرگی اور امامت کے بارے میں کسی ایک فرد نے شبہ و اشتباہ نہیں کیا۔ مدینہ کے لوگ کہا کرتے تھے کہ ہم نے ایک زمانہ میں ایسے تین افراد کو نہیں دیکھا جن کے نام علی ہوں اور ان میں ہر ایک فرد خلافت پر متمکن ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اور ان میں تمام ایک جیسے ایسے بہترین خصوصیات پائے جاتے ہوں۔ ان حضرات کی مراد ان تین حضرات کے متعلق ہوتی تھی۔ علیؑ بن حسینؑ بن علیؑ' علی بن عبداللہ بن جعفر طیار' اور علی بن عبداللہ بن عباس۔ ان حضرات کا ایک ایک فرزند پیدا ہوا۔ اور انہوں نے اس کا نام محمد رکھا۔ نیز یہ حضرات بھی بزرگی' شرافت اور بھلائی کے لحاظ

Presented by www.ziaraat.com

سے اپنے آباء کا نمونہ تھے۔ اور ان میں سے ہر ایک شخص خلافت کرنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ اور ان میں ایسی فضیلت اور بزرگی پائی جاتی تھی۔ اور ان حضرات کے اسماء گرامی یہ ہیں۔ امام محمد باقر بن علی بن ابو عبداللہ حسین' محمد بن علی بن عبداللہ بن جعفر طیار اور محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ۔ اسلام میں اتفاقات میں سے ایک عجیب اتفاق ہے۔

جوانمردی اور بہادری

اصحاب اخبار اور عاملان حدیث جانتے ہیں کہ انہوں نے علی بن ابی طالب حضرت حمزہ اور جناب جعفر طیار رضوان اللہ علیہم جیسی بہادری اور جوانمردی کسی کی نہیں سنی۔ روئے زمین پر بنو ہاشم کے سوا ایسی قوم موجود نہیں جو میدان کارزار میں نہایت دلجمعی کے ساتھ ثابت قدم رہتی ہو۔ اور زیادہ تر تلواروں کی دھار کے نیچے قتل ہوتی ہو۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بنو ہاشم اور بنو امیہ کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا ہم لوگ بہادر ترین' بزرگ ترین' اور سخی ترین افراد ہیں اور بنو امیہ منکر ترین، مکار ترین اور بے حد غدار لوگ ہیں۔ نیز فرمایا۔ "قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں علی بن ابی طالب کی جان ہے۔ تلوار کے ہزار وار کھا کر مرنا علی کے لئے بستر کی موت مرنے سے زیادہ آسان ہے جو اللہ کی اطاعت کے بغیر ہو۔ اور مجھے اس بات کا علم ہے کہ بنو ہاشم کا ایک آدمی بلا حساب بہشت میں داخل ہو گا۔ قبیلہ ربیعہ اور مضر کے افراد کی تعداد کے برابر اللہ کے ہاں لوگوں کی شفاعت کرے گا۔ ان اوصاف کے ہوتے ہوئے بھی تم بنو ہاشم میں زیادہ عبادت کرنے کے لئے عبدالمطلب علی بن حسین' علی بن عبداللہ بن جعفر طیار اور علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم علم' حلم' غصہ کو ضبط رکھنے' بہترین درگزر کرنے اور بہت جدوجہد کرنے میں ایک جیسی خصوصیات رکھتے تھے اور یہ سب حضرات ہر رات ہزار رکعت نماز ادا کرتے تھے۔ اگر ان حضرات کی ایک خصوصیت کسی اور آدمی کو لاحق ہو جائے تو وہ خود بھی ہلاک ہو جائے اور دوسرے کو بھی ہلاک کر دے۔ یہ حضرات جب بھی مصائب اور تکالیف کا شکار ہوئے الام کی شدت کے بڑھنے میں ان کی نیکی اور بھلائی اور بڑھتی جاتی تھی اور جب رنج و محن دور ہو جاتا تھا تو یہ لوگ اللہ کی عظمت کے اظہار کی خاطر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے تھے۔ تاکہ جنت کے بلند

Presented by www.ziaraat.com

درجات حاصل کر سکیں اور رب العزت کی ہمسائیگی میں کامیاب اور کامیاب ہو کر رہیں۔ ایک دوسری بات جو حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کی شرافت ذاتی پر دلالت کرتی ہے وہ یہ ہے کہ آپ کے باپ حضرت ابو طالب اور آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب اور دادا کے والد حضرت ہاشم بن عبد مناف بن قصی اور والدہ ماجدہ فاطمہ بنت اسد ہاشم ہیں اور بھائی حضرت جعفر طیار ہیں جو دو پروں کے مالک ہیں اور بہشت میں فرشتوں کے ساتھ اڑتے رہتے ہیں۔ (آپ کے بھائی) عقیل ہیں۔ جسے رسول اللہ نے فرمایا تھا اے عقیل میں تمہیں دو حیثیتوں سے دوست رکھتا ہوں۔ ایک تیری قرابت کی وجہ سے اور دوسرے اپنے چچا ابو طالب سے محبت کی وجہ سے۔ آپ کی ہمشیرہ معظمہ ام ہانی ہیں۔ آپ وہ مخدومہ ہیں جن کے دولت خانہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد اقصیٰ کی طرف تشریف لے گئے تھے۔ وہاں سے بلند آسمانوں کی طرف، وہاں سے سدرۃ المنتہیٰ اور وہاں سے قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَىٰ کے مقامات کی طرف تشریف لے گئے۔ چچا حضرت حمزہ ہیں جو اللہ کے شیر اور شہیدوں کے سردار ہیں۔ وہ آپ کے چچا عباس ہیں جو حاجیوں کو پانی پلانے کی ڈیوٹی سرانجام دیا کرتے۔ عقبہ کی رات مدینہ والوں سے رسول اللہ کی جانب سے بات چیت کرنے والے تھے۔ عقبہ کی رات گفتگو کے دوران رسول اللہ پر ایمان لائے تھے۔ آپ کی پھوپھی صفیہ اور عاتکہ ہیں اور ان دونوں مستورات نے اسلام قبول کیا تھا اور مدینہ کی طرف ہجرت کی تھی۔ آپ رسول اللہ کے چچا زاد بھائی ہیں۔ آپ کی زوجہ محترمہ جناب فاطمۃ الزہراء ہیں جو جنت کی عورتوں کی سردار ہیں اور حضرت کی زوجہ کی والدہ ماجدہ جناب خدیجۃ الکبریٰ ہیں جو جنت کی عورتوں کی سردار ہیں۔ آپ کے فرزند حسنؑ اور حسینؑ ہیں جو جوانان بہشت کے سردار ہیں۔ رضوان اللہ علیہم حضرت علیؑ ہاشمی ہیں اور ماں اور باپ کی جانب سے ہاشمی پیدا ہوئے ہیں۔"

وہ اعمال جن کی بدولت انسان خیر کثیر اور بڑے ثواب کا مستحق ہوتا ہے وہ چار ہیں۔ اسلام لانے میں پہل کرنا، اللہ کے احکام میں سوجھ بوجھ رکھنا، رموز قرآن کا علم رکھنا اور دنیا سے لگاؤ نہ رکھنا۔ یہ تمام اوصاف علی بن ابی طالب علیہ السلام کی ذات میں بیک وقت جمع تھے اور لوگوں میں الگ الگ ایک صفت پائی جاتی تھی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا۔ میں انبیاء کے ساتھ لوگوں کے ساتھ سب لوگوں سے پہلے رہا تھا اور یہ حضرات جس علم کو لے کر تشریف لائے تھے میں اس کو تمام لوگوں سے زیادہ جانتا ہوں۔ آپ کی مدح میں کہا گیا ہے کہ آپ نے سن

Presented by www.ziaraat.com

شباب میں وہ کارہائے نمایاں انجام دیئے جو بڑے بڑے گھاگ لوگوں نے اس کا عشر عشیر بھی سرانجام نہیں دیا تھا۔

یہ فاطمہؑ کے فرزند ہیں جس نے تمہیں ذبح کر کے ختم کر دیا ہے۔ شام کے وقت امن و امان میں ہوتے ہیں اور آپ کے جسم پر کوئی زخم نہیں ہوتا۔ عقلمند کے فرزند ہیں اور اس کے فرزند ہیں جو (اپنی قوم کے لئے) مشکلات کے وقت ایک ستون کی مانند تھے۔ اور اس کے فرزند ہیں جو زمین (مکہ) کی زینت کا باعث تھے۔

اگر سخاوت کے تمام اجزاء کو حضرت کی سخاوت سے موازنہ کیا جائے تو اوروں کی سخاوت میں آپ کی سخاوت کے مقابل میں کنجوسی معلوم ہو گی۔ عبداللہ بن جعفر بن عباس کی سخاوت کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔ روئے زمین پر بنو ہاشم کے مقابلہ میں کوئی قوم بے نظیر خطیب اور بلند ترین فصاحت کے مالک نہیں ہے۔ جو بغیر بناوٹ اور اکتساب کے خطابت اور بلاغت کے مالک تھے۔

ابو سفیان بن حارث بن عبدالمطلب نے یہ اشعار فرمائے ہیں۔

بلا فخر یہ بات بیان کی جاتی ہے کہ قریش کے لوگ جانتے ہیں کہ ہم ان کے مقابلہ میں سخاوت کے اعلیٰ مدارج پر فیض یاب تھے۔ ہماری لمبی زرہیں ان سے زیادہ تھیں۔ جب وہ نیزہ زنی کرتے تھے تو ہمارے نیزے ان سے زیادہ تیز ہوتے تھے۔

ان سے زیادہ تکالیف کو دور کرنے والے تھے۔ جب وہ لوگ گفتگو کرتے تھے تو ہماری زبان سے زیادہ فصیح و بلیغ ہوتی تھی۔

علی کرم اللہ وجہہ کی فضیلت اور بزرگی کے بارے میں جو بات شامل ہو سکتی ہے وہ یہ ہے کہ آپ نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت اصحاب سے پہلے کی تھی اور اصحاب کے ساتھ کی اور اصحاب کے بعد کی۔ آپ کا امتحان ان امور میں لیا گیا جن میں مضبوط ارادوں کا آدمی نہیں ٹھہر سکتا۔ آپ ایسے مصائب اور آلام میں گرفتار ہوئے ہیں جن میں گرفتار ہو کر صبر والا آدمی بھی پورا نہیں اتر سکتا۔ انہیں وجوہ کی بنا پر آپ رب العزت کے جوار میں بزرگ ترین منازل اور مقامات رفیعہ پر فائز الحرام ہیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد کے متعلق فیصلہ کن بات یہ ہے کہ وہ تمام لوگوں کے نزدیک عزت اور بزرگی کی نگاہ سے بغیر کسی لیت و لعل کے دیکھی جاتی ہے۔ ان حضرات کی عزت اور [illegible] کے بارے میں مومن لوگ پختہ یقین اور عزم رکھتے ہیں۔ یہ حضرات بزرگی کی بنیاد

Presented by www.ziaraat.com

مرتبہ بلند' بے مثل عادات' پاکیزہ جڑ کھلی ہوئی بزرگی' سنجیدہ وقار' مکمل جڑ' بلند و بالا شاخ' قائم رکھنے والی جڑ اور بڑھنے والی شاخ کے مالک ہیں۔ ان اعزاز اور بزرگیوں پر ان حضرات نے اکتفا اور قناعت نہیں کی بلکہ اپنے آپ کو سخت تکالیف' بے پناہ آلام' جان لیوا عبادات اور کامل ریاضت میں مصروف رکھا۔ لوگ اس بات کو جانتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا کلام مبارک بیٹھے ہوئے ارشاد فرمانے کا اور انداز ہے۔ کھڑے ہوئے بیان فرمان کا اور اسلوب ہے اور مجمعوں میں طرز تکلم اور قسم کا ہے۔ آپ کی ذات شریعت کے مسائل بیان کرنے' فرامین کے جاری کرنے' حلال و حرام کے متعلق معلومات بہم پہنچانے' تخلیق کائنات کے بارے میں آگاہ کرنے' تشریحات قرآن' نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم کردہ تعلیم سے گزشتہ اور آئندہ واقعات کی خبر دینے یا کشف جلی' علم جفر' موروثی علم یا علم لدنی کے ذریعہ واقعات کے متعلق آگاہ کرنے میں آپ کی ذات منفرد اور یگانہ خصوصیت کے حامل ہے۔

عبداللہ بن عباس کی وہ شخصیت ہے جسے دین کا رئیس اور علم کا سمندر کہا جاتا ہے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ آپ سے فرمایا کرتے تھے۔ "اے (سمندر علم کے) غوطہ لگانے والے اور غوطہ لگاؤ نیز حضرت عمر نے آپ کے حق میں فرمایا کہ عبداللہ بن عباس عقلمند دل اور بے حد فصیح زبان کے مالک ہیں۔ ابن مسعود وغیرہ نے کہا بہترین مفسر قرآن عبداللہ بن عباس ہیں۔ لوگوں میں حضرت زید بن علی بن حسین رضی اللہ عنہم کی زبان فصاحت اور بلاغت کے لحاظ سے مستند مانی جاتی تھی۔ فصاحت و بلاغت کا دھنی آپ کی زبان کی پیروی کرتے ہوئے تمام خطیبوں پر غالب آ جاتا تھا۔ اور لوگوں کا یہ بھی نظریہ تھا کہ بنو ہاشم بے حد سخی' بے حد بزرگ' شاندار نجابت اور شرافت اور تیز دھار نیزوں کے مالک ہیں۔ میں نے آل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر میں صرف آپ کے سامنے ایک جملہ بیان کیا ہے تاکہ یہ مختصر بات زیادہ حقائق کی طرف رہنمائی کرے اور فضائل آل رسول کا یہ قطرہ ایک بڑے چشمہ کی طرف دلالت کرے اور ایک حصہ تمام حقائق کی طرف نشاندہی کرے۔

بنو ہاشم کے مراتب' ان کی اطاعت کے منازل' ان کے اعمال کے درجات' ان کاموں کی حقیقتیں' ان کے بہترین اخلاق' ان کی شرافت کی خوبیاں' ان کی عمدہ رہنمائی' ان کے جلیل القدر احسانات' ان کی سخت تکلیف اور ہمیشہ رہنے والی نیکیوں اور دائمی رہنے والی برکات کے حصول کی خاطر ان کی بلند ہمتی اگر آپ کو معلوم ہو گئی تو تب تمہیں ان کا حق اور ان کی قرابت کا حق

Presented by www.ziaraat.com

جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی طرف سے عائد ہوتا ہے' معلوم ہو گا۔ اور وہ مختصر سی ذمہ داری جو ہم لوگوں اور آپ حضرات پر عائد ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ ہم ان کے فضائل کو لوگوں کے سامنے بطور چیلنج پیش کریں اور ان تمام خرافات کو ٹھکرا دیں جو (ازروئے تعصب) ان کی طرف منسوب کیے گئے ہیں۔ ہم نے اس سے قبل بھی بنو ہاشم کے بارے میں متفرق اور مجمل طور پر بیان کیا ہے۔ اور میرے بس کا یہ روگ نہیں ہے کہ ان کے تمام فضائل اس کتاب میں کماحقہ بیان کئے جا سکیں۔

نکات:

جاحظ کی عبارت سے واضح ہوا کہ

(۱) کہ اگر بنو ہاشم اور دیگر لوگ ہم مرتبہ ہوتے تو خدا کبھی بھی بنو ہاشم کو سہم ذوی القربیٰ سے مخصوص نہ فرماتا۔

(۲) جو خصوصیات حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو حاصل ہیں' ظاہر ہے کہ جو بھی جس قدر حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قریبی ہو گا ان سے مستفید ہو گا اور جس طرح ان کو استفادہ ہو گا وہ دوسرے لوگوں سے ممتاز ہوں گے۔

(۳) اگر اللہ کے نزدیک بنو ہاشم اور دوسرے لوگ ہم مرتبہ تھے تو بنو ہاشم پر صدقہ حرام نہ کرتا۔

(۴) حضرت علی علیہ السلام کا یہ دعویٰ (ہم اہل بیت ہیں قوم کے کسی فرد کا ہم پر قیاس نہیں کیا جا سکتا) بھی اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حضرات اہل بیت تمام لوگوں سے افضل ہیں۔

(۵) حضرت علی علیہ السلام کے فضائل بے شمار ہیں۔

(۶) آپ حضرت آدم علیہ السلام کی صحیح جز ہیں۔ جبکہ یہ اعزاز دوسرے صحابہ کو حاصل نہیں ہے۔

(۷) آپ کا نسب بے عیب و طاہر ہے۔ جبکہ دوسرے صحابہ کی اکثریت مشرکین کی نسل سے تھی۔

(۸) آپ کی ولادت اللہ کے گھر میں ہوئی جبکہ دوسرے صحابہ کی ولادت مشرکین کے گھروں میں

Presented by www.ziaraat.com

ہوئی۔

(۹) آپ کی تربیت سید المرسلینؐ کی گود میں جبکہ دوسرے صحابہ کی تربیت مشرکین کی گود میں ہوئی۔

(۱۰) آپ علم کی ان بلندیوں پر فائز یاب ہیں کہ جہاں پر دیگر صحابہ کا پہنچنا ناممکن ہے۔

(۱۱) ان فضائل اور دیگر مناقب کی وجہ سے کوئی بھی صحابی آپ کی ہمسری نہیں کر سکتا۔

(۱۲) آپ کے فرزندان جوانان جنت کے سردار ہیں۔ جبکہ یہ اعزاز کسی اور صحابی کی اولاد کو حاصل نہیں ہے۔

(۱۳) حضرت علیؑ کی طرح اور کوئی صحابی بہادر نہیں تھا۔

(۱۴) حضرت علیؑ جس طرح بہادری میں یکتا تھے' اسی طرح عبادت میں بھی منفرد تھے۔

(۱۵) اگر ان حضرات کی ایک خصوصیت کسی اور آدمی کو لاحق ہو جائے تو وہ خود بھی ہلاک ہو جائے اور دوسرے کو بھی ہلاک کر دے۔

(۱۶) دوسرے لوگوں پر جب مصیبتیں بڑھیں تو ان کی نیکیاں گھٹتی ہی جاتی ہیں۔ جبکہ ان حضرات پر مصیبتیں بڑھیں تو ان کی نیکیوں میں اضافہ ہی ہوتا جاتا ہے۔

(۱۷) جیسے بزرگ حضرت علیؑ کو ملے (اگر ایک ایک کے مناقب و خصائص جمع کیے جائیں تو کئی کتب تیار ہو جائیں۔) ایسے بزرگ دوسرے صحابہ کو نہیں ملے۔

(۱۸) آپ کی زوجہ اور ساس دونوں زنان جنت کی سردار ہیں جبکہ یہ اعزاز دوسرے صحابہ کی نساء کو حاصل نہیں ہے۔

(۱۹) وہ اعمال جن کی بدولت انسان خیر کثیر اور بڑے ثواب کا مستحق ہوتا ہے وہ چار ہیں۔ (۱) سبقت اسلام (۲) جہاد بعدوان محمد و اسلام (۳) علم کثیر کا حامل ہونا (۴) احکام خدا میں سوجھ بوجھ ہونا یہ تمام اوصاف حضرت علی کی ذات میں بیک وقت جمع تھے۔

(۲۰) حضرت علی علیہ السلام انبیاء کے ساتھ لوگوں سے پہلے رہے تھے۔ لہٰذا جو بعد میں ہوئے حضرت علی علیہ السلام ان سے افضل ہیں۔

(۲۱) حضرت علی علیہ السلام نے عالم شباب میں وہ کارہائے نمایاں انجام دیئے تھے جس سے بڑے بڑے گھاگ لوگ ساری عمر محروم رہے۔

(۲۲) اگر سخاوت کے تمام اجزاء کو حضرت کی سخاوت سے موازنہ کیا جائے تو اوروں کی سخاوت

Presented by www.ziaraat.com

آپ کی سخاوت کے مقابلہ میں کنجوسی معلوم ہو گی۔

(۲۳) فصاحت و بلاغت کے میدان میں بھی حضرت علی علیہ السلام کا کوئی ثانی نہیں تھا۔

(۲۴) حضرت علیؑ کی افضلیت کے لئے یہ کافی نہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے رسول اللہ کی اطاعت صحابہ سے پہلے کی۔ صحابہ کے ساتھ کی اور صحابہ کے بعد کی۔

(۲۵) آپ کا مصائب شدید سے امتحان لیا گیا کہ جن میں بڑے بڑے صابروں کے قدم ڈگمگا جاتے ہیں۔ انہیں وجوہ کی بنا پر آپ رب العزت کے جوار میں بزرگ ترین منازل اور مقامات رفیعہ پر فائز المرام ہوئے۔

(۲۶) آپ کی ذات شریعت کے مسائل بیان کرنے' حلال و حرام کے متعلق معلومات بہم پہنچانے' ماضی' حال اور مستقبل کے واقعات کی خبر دینے یا کشف جلی' علم جعفر موروثی یا علم لدنی کے ذریعے واقعات آگاہ کرنے میں آپ کی ذات منفرد اور یگانہ خصوصیات کی حامل ہیں۔

معتزلی کا اعتراف

ابن ابی الحدید معتزلی نے شرح نہج البلاغہ جلد ا ص ۲ پر حضرت علیؑ کی افضلیت اور حقیقت پر نہایت عمدہ مضمون لکھا ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس کو یہاں نقل کریں۔ وہ کہتے ہیں۔

میں کیا کہوں ایسے شخص کی نسبت جس کے اعداء و رقیب اس کی افضلیت کے قائل تھے اور وہ اس کے مناقب سے انکار نہ کر سکے اور نہ اس کے فضائل کو چھپا سکے۔ تو جانتا ہے کہ بنو امیہ سلطنت اسلام پر شرق سے مغرب تک غالب آ گئے اور جتنی بھی ان کی طاقت تھی اس طاقت کے زور سے کوشش کی کہ اس شخص کے نور کو بجھا دیں۔ اس غرض کے لئے انہوں نے احادیث میں تحریف کی اور اس کے مصائب اور برائیاں اپنے دل سے گھڑ کر مشہور کیں اور تمام منبروں کے اوپر اس شخص کو لعنت کی۔ اس کے مدح کرنے والے کو دھمکایا' بلکہ اس کو قید کر دیا اور قتل کر دیا اور ان احادیث کی روایت کرنے سے لوگوں کو روکا جن احادیث سے حضرت علیؑ کی فضیلت ثابت ہوتی تھی اور ان کا ذکر بلند ہوتا تھا۔ لوگ یہاں تک ڈر گئے تھے کہ اپنے بچوں کا نام علی نہیں رکھتے تھے۔ لیکن یہ تمام کوششیں بیکار رہیں اور ان باتوں کا نتیجہ سوائے اس کے

Presented by www.ziaraat.com

اور کچھ نہ ہوا کہ آپ کا ذکر اور زیادہ بلند ہوا۔ وہ مثل مشک کی خوشبو کے تھا' کہ جتنا اس کو چھپاتے تھے اتنا ہی زیادہ پھیلتا تھا۔ جتنا اس پر پردہ ڈالتے تھے' اتنا ہی زیادہ مشہور ہوتا تھا۔ بلکہ آپ کا ذکر مثل آفتاب کے تھا' وہ چھپایا نہیں جا سکتا تھا یا مثل دن کی روشنی کے تھا کہ اگر ایک آنکھ اس کی طرف سے بند بھی ہو جائے تو ہزارہا آنکھوں تک وہ پہنچتا تھا اور میں کیا کہوں' ایسے شخص کے متعلق کہ جس کی طرف تمام فضیلتیں جھکتی ہیں اور تمام فرقے اس کی طرف منتہی ہوتے ہیں' اور تمام گروہ اس پر ختم ہوتے ہیں' پس وہ تمام فضیلتوں کا سردار ہے اور تمام فضائل کا لباس زیب بدن کئے ہوئے ہے۔ ہر ایک شخص نے جس نے آپ کے بعد کی فضیلت کو حاصل کرنا چاہا' آپ ہی سے اس کو حاصل کیا۔ اور آپ کی ہی پیروی کی اور آپ کے نقش قدم پر چلا اور تو جانتا ہے کہ اشرف علم علم الٰہیات ہے۔ کیونکہ علم کا شرف اس کے معلوم سے ہوتا ہے۔ اور علم الٰہیات کا معلوم یعنی خداوند تعالیٰ اشرف الموجودات ہے۔ لہٰذا وہ اشرف العلوم ہوا۔ حالت یہ ہے کہ اس مضمون پر حضرت علیؑ کے کلام سے انتخاب کیا جاتا ہے۔ آپ سے ہی نقل کیا جاتا ہے اور اس علم کی انتہا آپ پر ختم ہوتی ہے۔ اور آپ سے ہی یہ علم شروع ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ معتزلہ ہی اہل توحید و صاحب عدل اور باب نظر ہیں۔ اور ان میں سے جتنے لوگوں نے علم سیکھا وہ حضرت علیؑ کے شاگرد اور ان کے اصحاب تھے۔ ان میں کا سب سے بڑا واصل بن عطا شاگرد تھا' ابو ہاشم عبداللہ بن محمد بن حنفیہ کا اور ابو ہاشم شاگرد تھا۔ اپنے باپ محمد بن حنفیہ کا اور محمد بن حنفیہ شاگرد تھا حضرت علیؑ کا اور فرقہ اشعریہ کا یہ حال ہے کہ انہوں نے اپنا علم حاصل کیا۔ ابو الحسن علی بن ابی الحسن علی بن ابی بشر الاشعری سے اور وہ شاگرد تھا ابو علی الجبائی کا اور ابو علی معتزلہ کے مشائخ میں سے ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اشعریہ نے آخرکار معتزلہ کے استاد سے علم حاصل کیا اور وہ علی ابن ابی طالبؑ ہیں' امامیہ و زیدیہ کا حضرت علیؑ سے اخذ الٰہیات کرنا ظاہر ہی ہے۔ علوم میں سے علم فقہ اور حضرت علی علیہ السلام فقہ کی اصل و بنیاد ہیں۔ اسلام کا ہر ایک فقیہ حضرت علیؑ کا خوشہ چین ہے اور ابو حنیفہ نے مثل یوسف و محمد وغیرہما کے ابو حنیفہ سے اخذ فقہ کیا۔ امام شافعی نے علم فقہ محمد بن الحسن سے حاصل کیا۔ لہٰذا امام شافعی کا فقہ بھی ابو حنیفہ کی طرف راجع ہوتا ہے۔ امام احمد بن حنبل کا فقہ بھی ابو حنیفہ کی طرف راجع ہوتا ہے اور ابو حنیفہ نے علم فقہ حضرت جعفر بن محمد علیہ السلام سے حاصل کیا۔ اور انہوں نے اپنے باپ سے اور آخرکار یہ اخذ علم فقہ حضرت علیؑ پہ منتہی ہوتا ہے۔ مالک بن انس

Presented by www.ziaraat.com

نے ربیعہ الرائی سے علم فقہ حاصل کیا اور ربیعہ نے عکرمہ سے اور عکرمہ نے عبداللہ بن عباس سے حاصل کیا اور عبداللہ بن عباس نے حضرت علیؑ کے قدموں میں اس علم کو سیکھا۔ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ چونکہ امام شافعی نے مالک بن انس سے فقہ سیکھا۔ لہٰذا ان کا علم اس طرح سے بھی حضرت علیؑ پر منتہی ہوتا ہے۔ پس یہ چاروں فقہاءِ اسلام علم فقہ میں حضرت علیؑ کے محتاج ہیں، اور ان کے شاگرد ہونے کا۔ شیعہ لوگوں کا علم فقہ حضرت علی سے لینا تو ظاہر ہی ہے۔ اصحاب رسول میں سے سب سے زیادہ فقہ جاننے والے عبداللہ بن عباس و عمر بن الخطاب تھے اور ان دونوں کو علم فقہ حضرت علیؑ نے سکھایا۔ عبداللہ بن عباس کا حضرت علیؑ سے علم فقہ حاصل کرنا تو ظاہر ہی ہے۔ اور حضرت عمر کی نسبت یہ ہے کہ سب لوگ جانتے ہیں کہ بہت سے مسائل ہیں جو حضرت عمر اور دیگر صحابہ کے روبرو پیش ہوتے تھے اور وہ ان کے حل کرنے سے قاصر ہوتے تھے۔ تو حضرت عمر اور وہ لوگ حضرت علیؑ کی طرف رجوع کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت عمر نے بار بار کہا کہ اگر اس مشکل کے لئے جس کے حل کرنے کے واسطے علی ابن ابی طالب نہ ہوں، مسجد میں اگر علیؑ موجود ہوں تو ان کی موجودگی میں کوئی اور شخص فتویٰ نہ دے۔ اس سے بھی ظاہر ہوا کہ حضرت عمر کا فقہ حضرت علیؑ پر منتہی ہوتا ہے۔ عوام و خواص نے جناب رسول خدا کا یہ قول نقل کیا ہے فرمایا آپ نے کہ تم سب میں سب سے زیادہ صحیح فیصلہ کرنے والے علی ابن ابی طالبؑ ہیں اور تمام لوگوں نے جناب رسولؐ خدا کی یہ دعا نقل کی ہے جو آپ نے حضرت علی کے حق میں ان کو یمن پر قاضی مقرر کرنے کے وقت کی تھی کہ اے بار خدایا اس کے دل کو ہدایت دے اور اس کی زبان کو صحیح کر۔ حضرت علیؑ کہتے ہیں کہ اس کے بعد مجھے کبھی دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ کرتے وقت شک واقع نہیں ہوا۔ علوم میں سے علم تفسیر قرآن ہے۔ پس یہ علم حضرت علیؑ سے لیا گیا ہے۔ اور ان سے ہی پھیلا ہے۔ اگر تم کتب تفاسیر کی طرف رجوع کرو گے تو اس مقولہ کی صحت سے آگاہ ہو جاؤ گے۔ کیونکہ تمام تفاسیر یا حضرت علیؑ سے روایت کی گئی ہیں یا عبداللہ بن عباس سے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ عبداللہ بن عباس نے علم تفسیر حضرت علیؑ کی خدمت میں رہ کر حاصل کیا تھا اور وہ آپ کے شاگرد تھے۔ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے دریافت کیا گیا کہ آپ کے علم کو حضرت علیؑ کے علم سے کیا نسبت ہے۔ تو عبداللہ ابن عباسؓ نے جواب دیا کہ وہ نسبت ہے جو ایک قطرہ کو اس بارش عظیم سے ہوتی ہے جو بحر محیط پر برسے، اور علوم میں علم طریقت و حقیقت و تصوف ہے اور تم کو اس علم کا حال معلوم ہے کہ تمام

Presented by www.ziaraat.com

ممالک اسلامیہ میں اس علم کے عالموں کا علم حضرت علی پر ختم ہوتا ہے۔ اس کی تشریح اچھی طرح شبلی اور جنید و سری والو یزید البسطامی و ابو محفوظ معروف الکرخی وغیرہم نے کی ہے۔ اور اس بات کے ثبوت کے لئے صرف یہی ایک امر کافی ہے کہ آج تک یہ لوگ حضرت علیؑ کے خرقہ کو شعار بنائے ہوئے ہیں اور تمام اسناد حضرت علیؑ کی طرف لے جاتے ہیں اور علوم میں سے علم النحو زبان عربی ہے اور تمام لوگ اچھی طرح جانتے ہیں کہ حضرت علیؑ ہی نے اس علم کو شروع و ایجاد کیا اور آپ نے ابو الاسود کو اس علم کے اصول و قواعد سکھائے۔ چنانچہ آپ نے بتایا کہ ہر کلام میں تین چیزیں ہوتی ہیں' اسم فعل و حرف اور کلمہ کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ معرفہ و نکرہ اور آپ نے وہ وجوہات و اسباب بھی بتائے جو اعراب پر اثر ڈالتے ہیں اور ان کو رفع و نصب و جر و جزم کی طرف لے جاتے ہیں اور یہ ایک معجزہ تھا۔ کیونکہ اس قسم کا حصہ اور استنباط قوت بشریہ سے باہر ہے اور اگر تم خصائص خلقیہ اور فضائل نفسانیہ اور دینیہ پر غور کرو گے تو حضرت علیؑ کو ان صفات میں سب کا سردار اور سب سے آگے پاؤ گے' شجاعت کو لو شجاعت میں حضرت علیؑ نے ان بہادروں کے ذکر کو فراموش کرا دیا جو ان سے پہلے گذرے تھے اور ان کے ناموں کو محو کر دیا جو ان سے بعد آنے والے تھے اور آپ کا درجہ جنگ میں مشہور ہے اور قیامت تک ضرب المثل رہے گا۔ آپ ایسے شجاع تھے کہ ایک دفعہ بھی جنگ سے نہیں بھاگے۔ کوئی شخص ان کے مقابلے کے لئے نہیں آیا۔ مگر یہ کہ آپ نے اسے قتل کر دیا۔ ایک ضرب مارنے کے بعد آپ کو کبھی دوسری ضرب مارنے کی ضرورت نہیں ہوئی۔ قوت جسمانی و بسالت کو لو تو وہ ضرب المثل ہیں۔ ان کی مثال دی جاتی ہے۔ ابن قتیبہ اپنی کتاب معارف میں کہتا ہے کہ حضرت علیؑ نے کسی سے کشتی نہیں کی۔ لیکن یہ کہ اسے گرا دیا۔ آپ وہ ہیں جنہوں نے در خیبر کو اکھاڑ کر پھینک دیا۔ لوگوں کی ایک جماعت نے مل کر کوشش کی کہ اس در کو جنبش دیں۔ لیکن جنبش نہ دے سکے۔ آپ وہ ہیں جنہوں نے کعبہ کی چھت سے سب سے بڑے بت ہبل کو ایک ہاتھ سے گرا کر نیچے پھینک دیا' یہ بہت بڑا بت پتھر کا تھا' آپ وہ ہیں جنہوں نے اپنے ایام خلافت میں عظیم الشان پتھر کو زمین سے اٹھا کر علیحدہ پھینک دیا۔ اس کے نیچے سے پانی نکلا اور اس پتھر کے ہلانے سے آپ کا تمام لشکر مل کر عاجز ہو گیا تھا۔ اگر سخاوت جود کو لو تو آپ کا حال اس میں ظاہر ہے' آپ روزہ رکھتے تھے اور پھر اپنے طعام کو راہ خدا میں دے دیتے تھے۔ اور خود گرسنہ رہتے تھے۔ آپ کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔ وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ الآیہ اور

Presented by www.ziaraat.com

مفسرین نے بیان کیا ہے کہ آپ کے پاس صرف چار درہم تھے' ایک درہم رات کو راہ خدا میں صدقہ کر دیا' ایک درہم دن میں دے دیا' ایک درہم چھپا کر دیا اور ایک درہم علانیہ دیا۔ اس پر آیت نازل ہوئی اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّیْلِ وَ النَّهَارِ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً' اپنے ہاتھوں سے آپ اجرت پر یہودیوں کے درختوں کو پانی دیا کرتے تھے' یہاں تک کہ آپ کے ہاتھوں پر آبلے پڑ جاتے تھے۔ اور اجرت جو ملتی تھی وہ راہ خدا میں صدقہ دے دیتے تھے۔ اور خود پیٹ پر پتھر باندھ لیتے تھے۔ شعبی کہتے ہیں کہ حضرت علی تمام لوگوں سے زیادہ سخی تھے اور آپ کی طینت و سرشت میں سخا کو خمیر کیا گیا تھا۔ اس سخا و جود کو جس کو خداوند تعالیٰ دوست رکھتا ہے' آپ نے کبھی کسی سائل کو نہیں' نہیں کہا۔ اگر حلم اور عفو کو لو تو حضرت علی تمام لوگوں سے زیادہ حلیم اور سب سے زیادہ گناہوں' غلطیوں کو معاف کرنے والے تھے۔ ہمارے اس قول کی صحت کی تصدیق جنگ جمل کے واقعات سے ہوتی ہے۔ آپ نے مروان بن الحکم پر فتح پائی اور یہ مردود آپ کا شدید ترین دشمن تھا۔ اور بہت زیادہ بغض آپ سے رکھتا تھا۔ مگر آپ نے اس کو معاف کر دیا اور عبداللہ ابن زبیر آپ کو تمام لوگوں کے سامنے سب و شتم کرتا تھا۔ دشنام دیتا تھا۔ بصرہ کی جنگ کے موقع پر ایک خطبہ میں اس نے کہا کہ بہ تحقیق تمہاری طرف (معاذ اللہ) ایک کمینہ و لئیم علی ابن ابی طالب آ رہا ہے اور جناب امیر فرمایا کرتے تھے کہ زبیر ہمیشہ ہمارا ایک آدمی ہم میں سے تھا' اس وقت تک کہ جب تک اس کا لڑکا عبداللہ جوان نہیں ہوا اس وقت وہ ہم سے منحرف ہو گیا۔ جنگ جمل میں علی نے عبداللہ ابن زبیر پر فتح پائی اور وہ قید ہو کر آیا۔ لیکن آپ نے اس کو معاف کر دیا۔ صرف اتنا کہہ دیا کہ چلا جا میں تجھے دیکھنا نہیں چاہتا۔ اس سے زیادہ اور کچھ نہ کہا۔ اسی طرح سعید بن العاص پر روز جمل' آپ نے فتح پائی۔ وہ آپ کا سخت دشمن تھا۔ مگر اس کو بھی معاف کر دیا۔ اور کچھ نہیں کہا اور جہاد راہ خدا کو لو تو آپ کے دوستوں اور دشمنوں سب کو معلوم ہے کہ آپ جہاد کرنے والوں کے سردار ہیں۔ جہاد سے سب لوگ سوائے حضرت علی کے ڈرتے تھے۔ اور جی چراتے تھے۔ تم جانتے ہو کہ جناب رسول خدا کے غزوات میں غزوہ بدر ایک عظیم ترین تھا۔ اس میں ستر مشرکین مارے گئے جن میں سے نصف کو حضرت علی مرتضیٰ نے قتل کیا اور تمام مسلمانوں اور ملائکہ نے مل کر باقی نصف کو قتل کیا۔ اور اگر تم مغازی محمد بن عمر الواقدی و تاریخ الاشراف یحییٰ بن جابر البلاذری وغیرہما کی طرف رجوع کرو گے تو تمہیں ہمارے قول کی صحت معلوم ہو گی۔ ان کو چھوڑ دو جو آپ نے دیگر غزوات مثلاً احد و

Presented by www.ziaraat.com

خندق وغیرہما میں قتل کئے۔ یہ ایک ایسی بات ہے کہ جس میں ذرا شک نہیں یہ ان معلومات حقیقیہ میں سے ہیں جیسے کہ علم موجود شے کا ہوتا ہے۔ یعنی جیسے یہ مسلم ہے کہ دنیا میں ایک شہر مکہ ہے یا مصر ہے اور اگر فصاحت کو لو تو آپ امام الفصحاء و سید البلغاء ہیں' اور آپ کے کلام کی نسبت کہا گیا ہے کہ خالق کے کلام سے کمتر اور تمام مخلوق کے کلام سے بالاتر ہے۔ اور اس سے لوگ خطابت اور کتابت سیکھتے ہیں۔ عبدالحمید بن یحییٰ کہتے ہیں کہ میں نے آپ کے ستر مشہور خطبے حفظ کئے اور اس کے بعد میرے علم میں ترقی ہوتی گئی۔ ابن نباتہ کہتا ہے کہ میں نے خطبوں میں سے ایسا خزانہ حفظ کیا ہے کہ جس کو خرچ کرنے سے اور ترقی ہوتی ہے۔ میں نے حضرت علیؑ کے خطبوں میں سے سو فصلیں حفظ کی ہیں۔

یہ کتاب نہج البلاغہ کافی ہے اس بات کے ثابت کرنے کے لئے کہ فصاحت و بلاغت میں کوئی شخص آپ کی برابری نہیں کر سکتا۔ تمہیں قائل کرنے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ فصیح صحابہ میں سے کسی کا کلام آپ کے کلام کے دسویں بلکہ بیسویں حصہ کے برابر بھی جمع نہیں کیا گیا۔ جو تعریف آپ کے کلام کی کتاب البیان و التبیین دیگر کتب میں ابو اعثمان جاحظ نے کی ہے وہ ہی اس امر کے ثبوت کے لئے کافی ہے اور اگر خوش اخلاقی و خوش مزاجی کشادہ روی و بہجت بشرہ کا ذکر کرو تو حضرت علی اس میں ضرب المثل ہیں۔ یہاں تک کہ آپ کے دشمنوں نے اس وجہ سے آپ کے اوپر نکتہ چینی کی ہے۔ چنانچہ عمرو بن العاص نے اہل شام سے کہا کہ علی تو صاحب مزاح ہیں۔ اور عمرو بن العاص نے یہ عیب جوئی حضرت عمر سے اخذ کی تھی۔ کیونکہ جب حضرت علیؑ کے استخلاف کا ذکر آیا تو حضرت عمر نے کہا کہ میں ضرور ان کو خلیفہ مقرر کر دیتا اگر ان میں مزاح نہ ہوتا۔ حضرت عمر نے تو اختصار سے یہ نکتہ چینی کی تھی۔ عمرو بن العاص نے بڑھ کر کہہ دیا ——— اس جگہ ابن ابی الحدید نے بحث کی ہے۔ کہ خوش مزاجی و تبسم و مزاح اچھی چیز ہے' برخلاف اس کے سرکہ با برو رہنا بداخلاقی میں داخل ہے۔ جناب رسول خدا بھی مزاح کرتے تھے۔ مزاح و خوش مزاجی کے ساتھ حضرت علیؑ میں اور جناب رسول خداؐ میں حکمت وہیبت تھی وغیرہ وغیرہ۔ ہم نے اس بحث کو نقل نہیں کیا اور اگر زہد کو لو تو حضرت علیؑ زاہدوں کے سردار اور بدل الابدال تھے۔ آپ نے کبھی سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا۔ تمام لوگوں سے زیادہ سخت کھانا کھاتے تھے اور سخت لباس پہنتے تھے۔ عبداللہ بن ابی رافع کہتا ہے کہ میں عید کے دن حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے دیکھا کہ ایک سربمہر تھیلہ تھا' اس میں سوکھی

Presented by www.ziaraat.com

ہوئی جو کی روٹی تھی۔ آپ آئے اور اسے کھول کر کھانے لگے۔ میں نے کہا اے امیرالمومنین آپ اس کو سر بمہر کیوں رکھتے ہیں۔ آپ نے جواب دیا اس لئے کہ کہیں میرے لڑکے اس کو روغن یا زیتون سے چرب نہ کر دیں۔ آپ کی پوشاک میں چمڑے اور پوست درخت خرما کے پیوند لگے ہوئے تھے اور جوتے پوست درخت خرما کے تھے۔ موٹے کپڑے کا لباس پہنتے تھے۔ اگر کبھی آستین بڑی ہوتی تھی تو اس کو چاقو سے کاٹ دیتے تھے۔ اور پھر اس کو سلواتے نہیں تھے۔ لہذا جب تک وہ باقی رہتی تھی شانے پر لٹکی رہتی تھی۔ سالن میں کبھی کبھی سرکہ یا نمک ڈال لیتے تھے۔ اگر کبھی ترقی کی تو کچھ سبزی ڈال لی اور اگر کبھی اس سے بھی آگے بڑھے تو تھوڑا سا شیر شتر استعمال فرما لیتے تھے۔ گوشت آپ بہت کم استعمال کرتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے' کہ اپنے شکم کو حیوانوں کی قبر نہ بناؤ' باوجود ان سب باتوں کے تم لوگوں سے زیادہ آپ میں قوت و طاقت تھی۔ بھوک آپ کی قوت کو کم نہیں کرتی تھی۔ آپ نے دنیا کو طلاق دے دی تھی۔ تمام بلاد اسلامیہ سے سوائے شام کے آپ کے پاس مال آتا تھا۔ آپ سب کو تقسیم کر دیتے تھے۔ اگر عبادت کو دیکھو تو آپ تمام لوگوں سے زیادہ عبادت کرنے والے تھے۔ اور سب سے زیادہ نماز پڑھتے تھے اور روزے رکھتے تھے اور لوگ آپ سے رات کی نماز و اوراد و قیام نافلہ سیکھا کرتے تھے۔ تمہارا کیا خیال ہے اس شخص کی نسبت جو اپنی حفاظت پر اپنی عبادت کو ترجیح دیتا تھا۔ لیلتہ الہریر کی لڑائی والے دن دونوں صفوں کے مابین آپ کا سجادہ بچھایا گیا پس آپ بے فکری کے ساتھ اس پر نماز پڑھتے تھے۔ درآنحالیکہ دشمنوں کے تیر آپ کے چاروں طرف پڑ رہے تھے اور اوپر سے گزر رہے تھے۔ آپ کو اس سے ذرا بھی خوف نہ تھا۔ اور وہاں سے نہ اٹھے جب تک کہ اپنا وظیفہ ختم نہ کر لیا۔ اور کیا خیال ہے تمہارا اس شخص کی نسبت جس کی پیشانی کثرت سجود کی وجہ سے اونٹ کے گھٹنے کی طرح ہو گئی ہو اور اگر تم ان کی دعاؤں اور مناجاتوں پر غور کرو اور واقف ہو کہ ان دعاؤں اور مناجاتوں میں کس قدر خداوند تعالیٰ کی عظمت و جلالت کا ذکر ہے' اور ان میں خداوند تعالیٰ کی ہیبت و عزت کے آگے کس قدر خضوع و خشوع بھرا ہوا ہے۔ تو پھر تم کو معلوم ہو گا کہ ان میں کتنا اخلاص ہے۔ اور کس قلب سے نکلی ہیں۔ اور کس زبان پر جاری ہوئی ہیں۔ امام زین العابدینؑ کی عبادت غایت درجہ کی تھی۔ ان سے سوال کیا گیا کہ آپ کی عبادت اور آپ کے دادا کی عبادت میں کیا نسبت ہے۔ فرمایا کہ میری عبادت اور میرے دادا کی عبادت میں وہ نسبت ہے جو میرے دادا کی عبادت کو رسول خداؐ کی عبادت سے نسبت تھی اور اگر

Presented by www.ziaraat.com

تفسیر علم قرآن کی طرف نظر کرو تو یہ حضرت علی کی خاص دلچسپی کا مضمون تھا۔ تمام امت کا اس پر اتفاق ہے کہ جناب علی مرتضیٰ نے رسول خدا ہی کی حیات میں قرآن حفظ کر لیا تھا۔ درآنحالیکہ اس وقت کسی اور نے حفظ نہیں کیا تھا۔ اور حضرت علی ہی اول وہ شخص ہیں کہ جنہوں نے قرآن شریف کو جمع کیا تھا۔ تمام لوگوں نے روایت کی ہے کہ حضرت علی نے ابوبکر کی بیعت شروع شروع میں نہیں کی اور اس سے تاخیر کی وہ وجہ نہیں بتاتے جو شیعہ کہتے ہیں کہ آپ کو ابوبکر سے مخالفت تھی۔ بلکہ وہ کہتے ہیں کہ قرآن شریف کے جمع کرنے میں مشغول تھے۔ اس وجہ سے بیعت میں تاخیر کی۔ اس سے یہ ثابت ہوا کہ جس نے سب سے پہلے قرآن جمع کیا وہ علی مرتضیٰ تھے۔ کیونکہ اگر حیات جناب رسول خدا میں وہ جمع ہو گیا ہوتا تو پھر آنحضرت کی وفات کے بعد حضرت علی کو اس کے جمع کرنے میں مشغول ہونے کی ضرورت باقی نہ رہتی اور جب تم قرأت قرآن کی تمام کتابوں کی طرف رجوع کرو گے تو تم کو معلوم ہو گا کہ تمام آئمہ قرأت مثلاً عمرو بن العلاء، عاصم بن ابی الجود وغیرہما حضرت علی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ سب ابو عبدالرحمٰن السلمیٰ کی طرف رجوع کرتے ہیں اور ابو عبدالرحمٰن السلمیٰ حضرت علی کے شاگرد تھے۔ اور آپ سے علم قرات و قرآن اخذ کیا تھا۔ پس یہ علم بھی مثل دیگر علوم کے جن کا ذکر پہلے کیا گیا حضرت علی پر منتہی ہوتا ہے۔ اور اگر رائے و تدبیر کو دیکھو تو حضرت علی تمام لوگوں میں سب سے بہتر رائے رکھنے والے اور سب سے زیادہ صحیح تدبیر کرنے والے تھے۔ آپ ہی تھے جنہوں نے حضرت عمر کو بذات خود لڑائیوں پر جانے سے روکا اور آپ ہی تھے جنہوں نے حضرت عثمان کو صحیح رائے دی۔ اگر وہ اس پر عمل کرتے تو ان کے اوپر وہ مصیبتیں نہ آتیں جو آئیں، آپ کے دشمن کہتے ہیں کہ آپ کی کوئی رائے نہیں تھی۔ کیونکہ آپ تو شریعت کے مقید تھے۔ اور اس کے خلاف کوئی بات نہیں کر سکتے تھے۔ اور کوئی ایسا کام نہیں کر سکتے تھے جو دین کے مطابق نہ ہو۔ بہ تحقیق کہ حضرت علی فرمایا کرتے تھے کہ اگر دین و تقویٰ کا خیال درمیان میں نہ ہو تو میں تمام عرب سے بہتر تدبیر کرنے والا ہوتا اور آپ کے علاوہ دیگر خلفاء جو تھے وہ تو وہ کام کرتے تھے جو امور سیاسی کے متقاضی ہوتا تھا اور جس میں مصلحت دنیوی ہوتی تھی۔ وہ اس بات کا خیال نہیں کرتے تھے کہ یہ مطابق شرع کے لئے ہے یا نہیں۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ جو شخص اپنی عقل و تدبیر کے مطابق کام کرے گا وہ ان قواعد و ضوابط کا مقید نہ ہو گا۔ جن کی وجہ سے ان امور سے باز رہنا پڑے، جن کو وہ مصلحت کے مطابق سمجھتا ہے تو اس کے

Presented by www.ziaraat.com

احوال دنیاویہ کا انتظام اچھا ہو گا۔ اس شخص کے احوال دنیاویہ منتشر ہوں گے۔ اپنے افعال میں کسی ضابطہ و قواعد کا پابند ہے۔ اور اگر سیاست کی طرف نظر ڈالو تو حضرت علیؑ امور سیاسیہ میں خدا سے ڈرتے ہوئے بہت زیادہ سخت تھے۔ اپنے ابن عم (عبداللہ ابن عباس) کو جو امور مملکت سپرد کیے تھے ان میں محاسبہ لینے میں آپ نے اپنے ابن عم کی کچھ رعایت نہ کی اور نہ اپنے بھائی عقیل کی کچھ پرواہ کی۔ ایک قوم کو آگ سے جلا دیا۔ مصقلہ بن ہبیرۃ و جریر بن عبداللہ البجلی کے گھر منہدم کرا دیئے۔ ایک گروہ کو قتل کر دیا۔ کئی آدمیوں کو پھانسی دی۔ آپ کی سیاست و حسن تدبیر جنگ ہائے جمل و صفین و نہروان سے ظاہر ہوتی ہے۔ ان لڑائیوں میں جو قوت و سختی و انتظام و خوبی تدبیر آپ سے عمل میں آئی اس کے دسویں حصے کو بھی دنیا کے سیاست دان نہیں سمجھتے۔

غرضیکہ یہ سب وہ بشری صفات ہیں جن کا ہم نے ذکر کیا۔ اور جن میں حضرت علیؑ تمام لوگوں کے سردار تھے۔ اور سب کے امام تھے۔ اور میں کیا کہوں۔ اس شخص کی نسبت جس کو اہل الذمہ بھی دوست رکھتے تھے۔ باوجود اس کے کہ وہ نبوت کے منکر تھے۔ اور جس کی تعظیم فلاسفر بھی کرتے تھے۔ باوجود اس کے کہ وہ مسلمانوں کے دشمن تھے۔ ترک و دیلم کے بادشاہ اپنی اپنی تلواروں پر حضرت علیؑ کی تصویر نقش کرتے تھے۔ عضد الدولہ بن بویہ اور اس کے باپ رکن الدولہ و الپ ارسلان اور اس کے بیٹے ملک شاہ کی تلواروں پر آپ کی تصویریں ہیں گویا وہ اس سے فال لیتے تھے نصرت و ظفر کی۔ اور کیا کہوں میں ایسے شخص کی نسبت جس کے متعلق ہر ایک شخص چاہتا ہے کہ اس کی نسبت ان سے کی جائے۔ کیونکہ مقولہ ہے کہ آنچہ بر خود پسندی بہ دیگراں مپسند جب لوگوں نے اپنی ذات کی نسبت حضرت علیؑ کی طرف کر دی اور اس کے متعلق بہت سی کتابیں لکھیں، اور اس نسبت کے لئے انہوں نے شہادتیں پیدا کیں، اور آپ کو بہادروں کا سردار بیان کیا اور آپ اپنے بیان کی تصدیق انہوں نے اس کلام سے کی جو روز احد آسمان سے سنائی دیتا تھا کہ **لا سیف الا ذو الفقار و لا فتی الا علی**

نکات

اس عبارت سے واضح ہوا کہ

Presented by www.ziaraat.com

(۱) حضرت علی علیہ السلام کے مناقب کے معترف ان کے دشمن بھی تھے۔

(۲) آپ کے دشمنوں نے آپ کے مناقب چھپانے اور آپ کے مناقب بیان کرنے والوں پر مصائب کے طوفان ڈھائے اور منبروں پر آپ کے خلاف سب و شتم کرنے میں انتہا کر دی لیکن یہ ساری کوششیں بیکار گئیں اور جتنا آپ کے ذکر کو دبایا گیا اس سے کہیں زیادہ بلند ہوا۔

(۳) جتنے بھی فنون ہیں سب آپ کی طرف منتہی ہوتے ہیں۔

(۴) آپ تمام فضائل کے سردار ہیں۔

(۵) جس کسی نے بھی آپ کے بعد کسی فضیلت کو حاصل کرنا چاہا اسے آپ ہی سے حاصل کیا۔

(۶) علم الٰہیات تمام علوم کا سردار ہے۔ اس کے ماہر واصل بن عطا اور ابو الحسن اشعری بالواسطہ آپ کے شاگرد تھے۔

(۷) دوسرا علم فقہ ہے۔ تو فقہ جعفریہ اور آئمہ اربعہ نے بالواسطہ یہ علم حضرت علی علیہ السلام سے حاصل کیا۔ اور حضرت عمر بن خطاب نے متعدد فقہی مسائل میں حضرت علی علیہ السلام سے رہنمائی حاصل کی۔

(۸) اور علوم میں سے علم تفسیر ہے اور اس کے استاد حضرت عبداللہ بن عباس حضرت علیؑ علیہ السلام کے شاگرد ہیں۔

(۹) اور علوم میں علم تصوف ہے اور جتنے بھی اس کے سلسلے ہیں وہ سب حضرت علی علیہ السلام کی طرف منسوب ہیں۔

(۱۰) اور علوم میں سے علم نحو ہے اور یہ بات واضح ہے کہ اس کے استاد حضرت ابو الاسود آپ کے شاگرد تھے۔

(۱۱) اگر آپ دیگر خلفاء خلقیہ اور فضائل نفسانیہ اور دینیہ پر غور کریں گے تو حضرت علی علیہ السلام کو ان صفات میں سب کا سردار اور سب سے آگے پاؤ گے۔

(۱۲) شجاعت کے میدان میں آپ کا نام آج تک ضرب المثل ہے۔

(۱۳) سخاوت کے میدان میں کوئی آپ کا ثانی نہیں۔ متعدد آیات قرآن آپ کی سخاوت کے بارے میں نازل ہوئی ہیں۔

(۱۴) حلم و عفو کے میدان میں ملاحظہ فرمایا جائے تو آپ نے اپنی جان کے دشمنوں کو معاف کر

Presented by www.ziaraat.com

دیا۔

(۱۵) جہاد فی سبیل اللہ کو لو تو حضرت علی کی شرکت جہاد میں کامیابی کی علامت تھی۔ بدر ہو کہ احد، خیبر ہو کہ خندق حضرت علی علیہ السلام کی ذاتی کوششوں کے نتیجے میں کامیابیاں مسلمانوں کا مقدر بنیں۔

(۱۶) فصاحت کے میدان میں آپ کے کلام کے بارے میں اپنے پرائے بھی جانتے ہیں کہ آپ کا کلام خالق کے کلام سے کمتر اور مخلوق کے کلام سے بالاتر ہے۔

(۱۷) اگر آپ کے زہد کو لیں تو آپ زاہدوں کے سردار اور بدل الابدل تھے۔

(۱۸) اگر عبادت کو دیکھیں تو آپ تمام لوگوں سے زیادہ عبادت کرنے والے تھے۔

(۱۹) اگر قرأت کو دیکھیں تو عمرو بن علاء وغیرہ حضرت علی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

(۲۰) اگر رائے و تدبیر کو دیکھیں تو خلفائے وقت بھی اس میدان میں مشورے لینے کے لئے آپ کے در کی کنڈی ہلاتے تھے۔

(۲۱) سیاسی میدان میں آپ کسی کو بھی رعایت دینے کے لئے تیار نہیں تھے۔ حتیٰ کہ اپنے بھائی حضرت عقیل اور چچا زاد بھائی عبداللہ بن عباس کو بھی بغیر محاسبے کے نہ چھوڑا۔

(۲۲) غرضیکہ یہ سب وہ صفات ہیں جن کا ہم نے ذکر کیا اور جن میں حضرت علی علیہ السلام تمام لوگوں کے سردار تھے اور سب کے امام تھے۔

زمانہ کی بدذوقی کہیے یا جہالت کی فراوانی کہ حضرت علی کی افضلیت ثابت کرنے کی بھی ضرورت پڑے گویا ان کا غیر بھی اس قابل سمجھا جانے لگا۔ کہ حضرت علی کے مقابلہ میں اس کا ذکر ہو سکے۔ اس میں بھی شیعہ و سنی کی تخصیص نہیں۔ امت محمدیہ کی اکثریت اس پر متفق ہے جیسا کہ شیخ سعدی نے اتنی عظیم الشان قسمیں کھا کر کہا ہے کہ:

بعد از مصطفیٰ در کل عالم　　نہ بد فاضل تر و بہتر حیدر

اب بھی بہت سے اہلسنت و الجماعت کا یہی عقیدہ ہے۔ زمانہ ماضی میں چونکہ علم حدیث و علم قرآن عام تھا۔ لہٰذا ان لوگوں میں اور غالی شیعوں میں صرف یہ فرق تھا کہ وہ حضرت علی کو بہتر ماننے کے ساتھ ہی خلفاء ثلاثہ کو آنحضرت کا جائز خلیفہ سمجھتے تھے اور غالی شیعہ ان کو غاصب جانتے تھے۔ موجودہ زمانہ میں کہ جب خارجیت و وہابیت کا زور ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اور علم حدیث و تاریخ لوگوں میں سے مفقود ہو گیا ہے۔ یہ عقیدہ اہلسنت و الجماعت سے کم ہوتا جاتا ہے۔ ورنہ

Presented by www.ziaraat.com

جو کچھ جناب گرامی مرحوم ہوشیار پوری نے حضرت علیؑ کی نسبت لکھا ہے اس سے زیادہ اور کیا کوئی شیعہ لکھے گا۔ اب ان لوگوں میں ایک نئی پود اٹھ رہی ہے جو کہتی ہے کہ کیوں حضرت ابوبکر و حضرت عمر کو حضرت علیؑ سے افضل نہ سمجھا جائے۔ لیکن یہ اب بھی نہیں بتا سکتے کہ حضرت علی ان بزرگواروں سے کیونکر اور کس صفت میں کمتر تھے۔ اس انقلاب کی یہ وجہ ہوئی کہ علم حدیث و فقہ تو جاتا رہا۔ اگر علم الرجال کا فقرہ کسی بی۔اے یا ایم۔اے کے سامنے کہا جائے تو وہ یہ نہیں سمجھ سکے گا کہ اس کے کیا معنی ہوئے۔ اگر اس نے اپنی کسی جماعت میں فارسی یا عربی کا کورس لیا ہے۔ تو رجال کے معنی آدمیوں کے سمجھ کر یہ کہے گا کہ غالباً" ETHNOLOGY ہو گی۔ اب کتب احادیث و سیر کے مطالعہ تعصب نے لے لی ہے۔ اور یہ بات پکڑ لی ہے کہ جس ترتیب سے خلیفہ ہوئے اس ہی ترتیب سے فضیلت کا درجہ ہونا چاہئے۔ اگر کہیں امیر معاویہ میں مکاری کے ساتھ جرأت کا مادہ بھی ہوتا اور وہ قتل عثمان کے دن مدینہ میں آن کر لوگوں کو ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے میں کیسہ زر دکھا کر ان سے اپنی بیعت لے لیتے تو پھر ان برخورداروں کی رائے میں حضرت علیؑ کی فضیلت کہیں بھی نہ رہتی۔ جو لوگ فضیلت دین کو ثروت دنیا کے ساتھ مشروط سمجھتے ہیں۔ ان بزرگواروں سے ہم کیا بحث کریں۔ سوائے اس کے کہ **لا اعبد و ما تعبد و ن لکم د ینکم و لی د ین** آج کل ساری دنیا میں انصاف کی جگہ تعصب نے لے لی ہے۔ اور مذہب کی وطنیت نے۔ مذہبی تخیل میں سے اصلی انصاف تو پہلے ہی مفقود تھا۔ اب جہالت کی زیادتی نے ظاہری انصاف کی شکل کو زائل کر دیا اور حق گوئی اور حق فہمی معدوم ہو گئی۔

افضلیت کے معنی یہ ہیں کہ ایک شخص کو دوسرے پر باعتبار کسی خاص صفت کے یا بوجہ مجموعہ صفات مختلفہ کے ترجیح دی جائے۔ جب یہ کہا جاتا ہے کہ عمر افضل ہے بکر سے تو اس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ عمر کو ہر طرح سے ہر صفت میں بکر کے اوپر ترجیح حاصل ہے۔ لہٰذا عام طور سے افضل کی یہ تعریف کی گئی ہے۔ **الاجمع لمزایا الفضل و الجلال الحمیدہ** یعنی افضل وہ ہے جس میں دوسروں کی نسبتہ صفات و کمالات ذاتی و نسبی زیادہ ہوں۔ اور جب کسی عالم و سردار کے انتخاب کا سوال پیدا ہوتا ہے تو وہاں یہ ہی فضیلت عام مراد ہوتی ہے اور ہونی چاہئے۔ یہ ممکن ہے کہ ایک شخص ایک صفت میں دوسرے سے افضل ہو اور دوسرا کسی اور صفت میں اس سے افضل ہو۔ مثلاً زید عمر سے زیادہ شجاع ہے مگر اس سے زیادہ سخی ہے۔ بکر بہت اچھا عالم

Presented by www.ziaraat.com

ہے۔ مگر اس میں شجاعت نہیں۔ جب ہم کسی خاص شخص کی جانشینی کے لئے کسی شخص کو منتخب کرتے ہیں تو یہ بات سب سے پہلے دیکھتے ہیں وہ شخص مستخلف کی صفات کس امیدوار میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ یہاں جناب محمد المصطفیٰؐ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی جانشینی کا سوال ہے۔ ہمارا عقیدہ ہے اور صحیح عقیدہ ہے' واقعات کے مطابق ہے کہ آپ میں ہر ایک عمدہ صفت بدرجہ اتم موجود تھی۔ شجاعت بھی سخاوت بھی عبادت بھی ریاضت بھی عصمت بھی' غرضیکہ آپ انسانیت کے فضائل و خصائل حمیدہ کے اجتماع کے کامل ترین نمونہ تھے۔ لہٰذا آپ کے جانشین کے لئے ضروری ہوا کہ وہ آپ کے بعد بہترین اور کامل ترین انسان ہو اور کامل فضیلت وہی ہے جس میں ہر ایک خصلت حمیدہ اور صفات حسنہ اپنے آخری درجہ کمال میں پائی جائے۔ کسی ایک صفت میں بھی اس کے غیر کی نسبت یہ نہ کہا جائے کہ وہ اس سے بہتر ہے۔ حکام سقیفہ کے لئے یہ بڑی سخت منزل تھی۔ لہٰذا اول تو فضیلت کے سوال کو بحث کے درمیان میں آنے ہی نہ دیا۔ بحث کا رخ قبیلہ کی طرف کر دیا اور جب اس ہنگامہ کے بعد اس سوال نے خود بخود اپنے تئیں غور کرنے والے لوگوں کے سامنے پیش کیا تو اس کو بھی دیگر امور مشکلہ کی طرح پریشان کرنے کی کوشش کی گئی۔ تاکہ لوگوں کی نظروں کے سامنے حقیقت کے اوپر پردہ پڑا ہے۔ کبھی فضیلت کی تعریف و حدود پر ایک منطقیانہ و فلسفیانہ بحث کی جاتی ہے اور کبھی فضیلت کا تجزیہ کیا جاتا ہے اور جب کسی طریقے سے کام بنتا ہوا نظر نہیں آتا تو اقلیدس کے اصول موضوعہ کے نمونہ پر ایک اصل موضوعہ قائم کیا جاتا ہے کہ حاکم کے لئے افضل ہونا ضروری نہیں۔ افضل کی موجودگی میں مفضول حاکم ہو سکتا ہے۔ اول تو یہ اصل موضوعہ ہی غلط اور خلاف فطرت ہے اور صاف بتا رہا ہے کہ جس سرزمین کی وہ پیدائش ہے۔ وہاں حکومت استحقاق کی وجہ سے نہیں بلکہ ظلم و جور کی وجہ سے قائم ہوئی تھی۔ اور اس کے قیام کے ناجوازیت کو جوازیت کا جامہ پہنانے کے لئے یہ ناجائز اصل موضوعہ مقرر کیا گیا۔ اس اصل موضوعہ کی فطرت میں ظلم مرکوز ہے۔ جب بہتر اور افضل موجود ہے تو کیوں اس کے اوپر اس کا ادنیٰ حکومت کرے۔ یہ کسی ہندوستانی صوبہ کی وزارت تو نہیں ہے۔ یہ تو حکومت الٰہیہ ہے اور ختم المرسلین کی جانشینی کا سوال ہے۔ اس کے اندر تو ظلم کا شائبہ بھی نہ ہونا چاہئے۔ دوسرے یہ کہ اصول موضوعہ ایک مستثنیٰ کی صورت میں ہے۔ اصل اور مطابق فطرت قاعدہ تو یہ ہے کہ جو بہترین اور افضل ترین شخص ہو' وہی منتخب کیا جائے اور وہ حکومت کیونکہ اگر اس میں استثنا قائم کی جاتی ہے تو پھر یہ

Presented by www.ziaraat.com

بتانا چاہئے کہ کن صورتوں میں افضل کے اوپر مفضول حکومت کے لئے منتخب کیا جا سکتا ہے۔ وہ صورتیں اس اصول موضوعہ میں مذکور نہیں' لہٰذا یہ ناقص ہوا۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ حضرت علیؑ کسی شخص سے کسی صفت میں کم نہ تھے۔ جو کسی فلسفیانہ منطق کی ضرورت ہو' ایسی کوئی صفت حمیدہ نہیں جس میں علیؑ پر ان کے غیر کو ترجیح دی جا سکے۔ مولانا روم کہتے ہیں۔

کے بتاریکی علی را دیدہ زیں سبب غیرے بر دیگرید

جماعت مقلدان اہل حکومت کی یہ کج بحثی اس کلیہ کی تشریح ہے کہ پیران نمی پرند میدان می پرانند۔ ان بیچاروں نے کبھی یہ دعویٰ ہی نہیں کیا کہ ہم کسی قابل ہیں یا علیؑ کے برابر ہیں۔ ہمیشہ حضرت علیؑ کو اپنے سے بہتر اور افضل ہی بتاتے رہے اور یہ کہتے رہے کہ لو لا علی لھلک اب چودہویں صدی کے ملاؤں کے لئے کہاں جائز ہے کہ اس کے خلاف کہیں۔ ہماری رائے میں تو افضلیت کا قضیہ بالکل مختصر ہے۔ خواہ مخواہ اس کو طول دیا گیا ہے۔ صحابہ کرام کی فضیلت کے سوال کو طے کرنے والی یہ تین چیزیں ہو سکتی ہیں:

(۱) ان کی سوانح حیات

(۲) ان کے متعلق اقوال رسولؐ

(۳) آیات قرآنی

پھر ضمنی سوال یہ پیدا ہوں گے کہ حضرت علیؑ نے اپنے متعلق کیا دعویٰ کیا اور ان لوگوں نے اپنے قول و فعل سے کیا اقبال کیا۔ افضلیت کا سارا قضیہ ان پانچ باتوں سے ثابت ہو سکتا ہے۔ ہم ان پانچ امور پر ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے کچھ پیش کرتے ہیں۔

سوانح حیات

ان بزرگواروں کے واقعات زندگی پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ یاددہانی کے لئے ایک سرسری نظر کافی ہو گی۔ ذیل میں ہم نے ایک نقشہ تیار کر دیا ہے۔ اس پر ایک نظر ڈالنے سے ان حضرت کے سوانح حیات آنکھوں کے سامنے جاتے ہیں۔ یہ نقشہ جام جم کا کام کرتا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت علیؑ

(۱) آپ خاندان بنی ہاشم میں سے تھے۔ جس کی فضیلت تمام قریش پر مسلم تھی۔
(۲) آپؑ کے اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقیقی دادا ایک تھے۔
(۳) آپؑ عین خانہ کعبہ کے اندر پیدا ہوئے۔
(۴) پیدا ہوتے ہیں چہرہ رسولؐ دیکھا اور لعاب رسول نوش کیا۔
(۵) آپؑ نے ایک لحہ بھی بت پرستی نہیں کی۔
(۶) شروع سے آپ کی تعلیم و تربیت آغوشِ رسالت میں ہوئی۔
(۷) مردوں میں سب سے پہلے اسلام لائے اور اسلام کی پہلی نماز تمام لوگوں سے سات سال قبل آنحضرتؐ کے ساتھ پڑھی۔
(۸) آپؑ شب ہجرت بستر رسول پر کفاروں کے نرغے میں اطمینان سے سوتے رہے۔ جس کی تعریف میں آیت قرآنی نازل ہوئی۔
(۹) آپؑ کے ساتھ بحکم خداوندی فاطمہؑ دختر رسولؐ کا نکاح ہوا اور حسنین علیہما السلام آپ کے فرزندان ہیں۔
(۱۰) عقد مواخات کے موقع پر آنحضرتؐ نے یہ کہہ کر آپ کو اپنا بھائی بنایا کہ انت اخی فی الدنیا والاخرۃ
(۱۱) جنگ بدر کی فتح آپ کی کوشش کا نتیجہ تھی۔ کل جنگ کے کفار مقتولین میں سے نصف آپ نے مارے۔
(۱۲) جنگ احد میں سب مسلمان آنحضرتؐ کو تنہا چھوڑ کر بخوف جان بھاگ گئے۔ لیکن حضرت علیؑ بدستور ثابت رہے اور جنگ کرتے رہے۔ آنحضرت نے فرمایا کہ انه منی انا منه اور جبرئیل نے کہا انا منکما اور ہاتف غیبی نے کہا لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار
(۱۳) جنگ احزاب میں آپ نے عمرو بن عبدود کو قتل کر کے مسلمانوں کی جان بچائی جس پر جناب رسول خدا نے فرمایا روز خندق علیؑ کی ایک ضرب میری امت کے قیامت تک کے اعمالوں سے بہتر ہے۔
(۱۴) جنگ خیبر میں جب سب شکست کھا کر بھاگ آئے تو جناب رسول خدا نے فرمایا کہ کل میں ایسے شخص کو علم دوں گا جو کرار غیر فرار ہے۔ خدا و رسول کو دوست رکھتا ہے اور خدا و

Presented by www.ziaraat.com

رسول اس کو دوست رکھتے ہیں۔ چنانچہ حضرت علیؑ کو علم ملا۔ مرحب و عنتر کو مارا۔ در خیبر اکھاڑا اور فتح کر کے واپس ہوئے۔

(۱۵) صلح حدیبیہ میں ایمان کامل کے ساتھ آپ نے صلح نامہ لکھا۔

(۱۶) فتح مکہ میں آپ نے جناب رسول خدا کے کندھوں پر سوار ہو کر بت توڑے۔

(۱۷) جنگ حنین میں جب تمام لوگ آنحضرتؐ کو چھوڑ کر بھاگ گئے تو آپ ثابت قدم رہے اور کافروں سے لڑتے رہے۔

(۱۸) جناب رسول خدا کی طرح آپ کو ہر حالت میں مسجد میں جانے کی اجازت تھی۔ جن جن اصحاب کے دروازے مسجد کے اندر کھلتے تھے وہ سب بند کروا دیئے گئے حضرت علیؑ کا دروازہ کھلا رہا۔

(۱۹) اکثر جناب رسول خدا آپ سے راز کی باتیں کیا کرتے تھے اور لوگوں کو حسد ہوتا تھا۔

(۲۰) جناب رسول خدا کے ساتھ آپ اور آپ کی زوجہ محترمہ اور آپ کے دو فرزندان تطہیر میں شامل ہیں۔

(۲۱) آپ کی محبت امت پر فرض کی گئی اور آپ کے اوپر صلواۃ بھیجنے کے بغیر نماز جائز نہیں۔

(۲۲) آپ کے چہرے پر نظر کرنا عبادت ہے اور آپ کی محبت کے بغیر کوئی عبادت قبول نہیں۔

(۲۳) آپ ہم نفس رسول ہیں اور مباہلہ میں آنحضرتؐ کے ساتھ اپنی زوجہ محترمہ و فرزندان شامل تھے۔

(۲۴) اپنی رحلت کے نزدیک آنحضرتؐ نے جیش اسامہ تیار کیا اور اسے فوراً روانہ ہونے کی ہدایت کی۔ اس لشکر میں حضرت علیؑ کے سوا تمام مہاجرین و انصار اسامہ کے ماتحت رکھے گئے۔

(۲۵) وقت رحلت جناب رسول خدا نے قرطاس و قلم و دوات طلب کیا تاکہ حضرت علیؑ کی جانشینی کی وصیت لکھ دیں۔

(۲۶) وقت وفات رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سر آپ کی آغوش میں تھا اور آپ سے راز کی باتیں کرتے کرتے رحلت فرمائی۔

(۲۷) آپ نے جناب رسول خدا کو غسل و کفن دیا اور قبر میں اتارا۔

(۲۸) آپ کو جناب رسول خدا نے بحکم خداوندی بمقام غدیر خم اپنا خلیفہ و جانشین مقرر کیا۔

(۲۹) آپ نے اپنے زمانہ خلافت میں بنو امیہ و دیگر منافقین سے آنحضرتؐ کی تکمیل امر نبوت

Presented by www.ziaraat.com

کے لئے جہاد کیا۔ کیونکہ خدا نے اپنے رسول کو حکم دیا تھا کہ جاہد الکفار و المنافقین اور آنحضرتؐ منافقین سے جہاد نہ کر سکے۔

(۳۰) آپؑ کی سخاوت پر آیات یُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا" وَّ يَتِيْمًا" وَّ اَسِيْرًا" اور اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ رَاكِعُوْنَ شاہد ہیں۔

(۳۱) راہ خدا میں اتنا خرچ کیا کہ گھر میں کچھ نہ بچا۔

(۳۲) آپؑ کے خطبے ایسے ہوتے تھے جیسے ایک ہادی دین و دنیا کے ہونے چاہئیں۔ اپنی اعلمیت افضلیت قابلیت سے واقف' قوم کی کمزوریوں سے آگاہ' خلافت ظاہری ملنے پر پہلا خطبہ جو دیا اس کا پہلا جملہ یہ تھا۔ الحمد للہ علی احسانہ رجع الحق الیٰ مکانہ یعنی خدا کا شکر ہے حق اب اپنے مقام پر واپس آیا۔ دوسرے خطبہ میں فرمایا بنا اهتديتم في الظلماء و تسنمتم العليا و بنا انفجر تم عن السرار

(۳۳) آپ کے بھائی عقیل نے قلیل رقم اپنے حصہ سے زیادہ بیت المال سے طلب کی۔ حضرت علیؑ نے انکار کر دیا وہ ناراض ہو گئے۔

(۳۴) جب مسجد میں سر اقدس پر مہلک ضرب لگی تو فرمایا کہ فزت برب الکعبۃ یعنی اب میں اپنے درجہ پر فائز ہوا۔

حضرت ابو بکر

(۱) آپ خاندان بنی تیم میں سے تھے۔ تیم کے معنی غلام کے ہیں۔ (منتہی الارب)

(۲) اگر داستانی نسب نامہ درست ہے تو آپ جناب رسول خدا سے آٹھویں پشت میں ملتے ہیں۔ لیکن یہ داستان تاریخی حدود سے باہر ہے۔

(۳) خاندانی بت خانہ میں پیدا ہوئے۔

(۴) خاندانی بت کے قدموں میں ڈال دیئے گئے۔

(۵) چالیس برس کی عمر تک بتوں کو خدا سمجھتے رہے اور ان کی عبادت کرتے رہے۔

(۶) مکہ کے بازاروں میں عمر کے چالیس سال گزارے۔

(۷) آپ کا ایمان لانے والوں میں ساتواں نمبر ہے۔ زید بن حارثہ کے بعد ایمان لائے۔

Presented by www.ziaraat.com

(۸) آپ آنحضرتؐ کے ساتھ غار میں چھپے رہے اور قرآن شاہد ہے کہ خوف جان سے خوب گریہ کیا۔ جس کی مذمت میں آیت قرآنی نازل ہوئی۔
(۹) بہت سی بیویاں اور بہت سے لڑکے ہوئے لیکن کجا فاطمہؑ و حسنینؑ اور کجا وہ۔
(۱۰) آپ کو یہ شرف حاصل نہیں ہوا' آپ تو حضرت عمر کے بھائی بنائے گئے۔
(۱۱) آپ جنگ بدر میں عریش کے محفوظ مقام میں بیٹھے ہوئے تھے۔
(۱۲) جنگ احد میں آپ جناب رسول خدا کو تنہا چھوڑ کر بخوف جان بھاگ گئے۔
(۱۳) آپ نے اس جنگ میں کچھ بھی نہیں کیا۔ ایک کافر کو بھی نہیں مارا۔ آنحضرتؐ نے ایک رات کو کہا کہ کافروں کی خبر لے آؤ آپ نے انکار کر دیا۔
(۱۴) آپ سے یہ قلعہ فتح نہ ہو سکا' دو دفعہ گئے شکست کھا کر بھاگے۔
(۱۵) ناراضی کے ساتھ خاموش رہے۔
(۱۶) مکہ میں سارا وقت اپنے پرانے دوستوں میں گزارا۔
(۱۷) آپ بھاگنے والوں میں تھے۔
(۱۸) آپ کے مکان کا دروازہ مسجد میں کھلتا تھا بند کیا گیا۔
(۱۹) آپ سے کبھی اس قسم کی باتیں نہیں ہوئیں۔
(۲۰) یہ درجہ کہاں۔
(۲۱) خاموشی ہی بہتر ہے۔
(۲۲) جماعت منافقین آپ کی بہت مداح تھی۔
(۲۳) کہاں مباہلہ اور کہاں آپ۔
(۲۴) آپ ماتحت اسامہ تھے لیکن جانے سے انکار کیا۔
(۲۵) آپ نے اس حکم کی اطاعت نہ کی۔
(۲۶) اس وقت آپ اپنی نئی بیوی کے ساتھ محلہ سخ میں تھے۔
(۲۷) آپ آنحضرتؐ کے جنازے کو بغیر غسل و کفن چھوڑ کر سقیفہ میں چلے گئے اور وہاں حصول خلافت کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا۔
(۲۸) آپ کو چند انصار کی غداری نے سقیفہ بنی ساعدہ میں خلافت حاصل کرنے میں مدد دی۔
(۲۹) آپ نے اپنے زمانہ خلافت میں بنو امیہ کو بنو ہاشم کے مقابلہ میں تیار کیا اور شام میں اس

Presented by www.ziaraat.com

خاندان کی حکومت قائم کی۔ جس نے میدان ہائے صفین اور کربلا میں چراغ نبوت کو بجھانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔

(۳۰) آپ نے اپنے والد تک کی مدد نہ کی۔ ان کی مفلسی کا یہ حال تھا کہ عبداللہ بن جدعان کے دستر خوان پر مکھیاں جھلتے تھے تو روٹی ملتی تھی۔ ان ارباب السیرة ذکر و انه لم یکن ینفق علی ابیه شیئاً" و انه کان اجیر الا بن جد عان علی مائدتہ یطرو عنها الذبان ابن ابی الحدید شرح نہج البلاغہ الجز الثالث ص ۲۷۴

(۳۱) آپ کے پاس کافی مال تھا۔ عن عائشه انها قالت ها جر ابوبکر و عنده عشرة الاف درهم ابن ابی الحدید شرح نہج البلاغہ الجزاء الثالث ص ۲۷۴

(۳۲) آپ اپنی کمزوریوں سے آگاہ تھے۔ خلافت حاصل ہونے پر پہلا خطبہ جو دیا اس کا خوشامدانہ و عاجزانہ لہجہ ملاحظہ ہو لست بخیر کم و علیؑ فیکم ---- و ان زغت فقومونی و اعلموا ان لی شیطانا" یعتر ینی احیانا فاذا رایتمونی غضبت فاجتنبونی یعنی میں تم سے بہتر نہیں ہوں حالانکہ علیؑ تمہارے درمیان میں ہیں ---- اگر میں کجی کروں تو تم مجھ کو سیدھا کر دو اور جان لو کہ کبھی کبھی مجھ پر شیطان غالب ہو جاتا ہے۔ پس جب ایسا ہو تو میں آپ سے باہر ہوں جاؤں تو تم مجھ سے پرہیز کرو۔ ابن قتیبہ کتاب الامامتہ و السیاست مطبوعہ مصر ص ۱۶' ابن ابی الحدید' شرح نہج البلاغہ الجزء الثانی ص ۱۲۹' ابن سعد طبقات الکبریٰ ق ا ج ۳ ص ۱۲۹۔

(۳۳) آپ نے ہمیشہ بارسوخ و صاحب اثر لوگوں کو اپنی طرف کرنے کے لئے کوشش کی بلکہ اپنی خلافت سے راضی کرنے کے لئے لوگوں کو رشوت دی اور رشوت سے اپنی طرف کیا۔ فلما اجتمع الناس علی ابی بکر بین الناس قسما فبعث الی عجوز من بنی عدی بن النجار بقسمها مع زید بن ثابت فقالت ما هذا قال قسم قسمہ ابوبکر للنساء فقالت اترا شونی عن دینی ---- قالت لا اخذ منه شیئا" ابدا" ابن سعد' طبقات الکبریٰ ق ا ج ۳ ص ۱۲۹۔ یعنی جب لوگوں نے ابوبکر کی بیعت کی تو ابوبکر نے لوگوں میں مال تقسیم کیا۔ پس زید بن ثابت کے ہاتھ ایک ضعیفہ بنی عدی بن النجاء کے پاس مال بھیجا۔ عورت نے پوچھا کہ یہ کیا ہے۔ جواب دیا کہ ابوبکر نے جو عورتوں میں مال تقسیم کیا اس میں کا یہ تیرا حصہ ہے۔ اس نے جواب دیا کہ کیا تم مجھ کو رشوت دے کر اپنے دین سے ہٹاتے ہو' بخدا میں اس میں سے کچھ نہ لوں گی۔

(۳۴) آپ نے مرتے وقت فرمایا کہ کاش میں نے حضرت فاطمہؑ کا گھر جبرا" نہ توڑا ہوتا۔ اور

Presented by www.ziaraat.com

کاش سقیفہ بنی ساعدہ کے دن میں خلافت کا جوا اپنی گردن میں نہ ڈالا ہوتا۔ علی المتقی۔ کنز العمال الجزاء الثالث ص۱۳۵۔ حدیث ۲۳۰۲۔ اور پھر فرمایا و ددت انی خضرۃ تا کلنی اللواب یعنی کاش میں سبز چارہ ہوتا کہ چوپائے مجھے کھا جاتے۔ طبقات الکبریٰ ق ا جلد ۳ ص۱۴۱۔ محدث حسین علی۔ تفریح الاحباب مترجم ص۱۱۵۔

سبیلِ سکینہؑ حیدرآباد سندھ پاکستان

حضرت عمر

(۱) آپ خاندان عدی سے تھے۔ عدی تیم کے حقیقی چچا تھے۔
(۲) بیان کیا جاتا ہے کہ آپ جناب رسول خدا سے نویں پشت میں ملتے ہیں لیکن یہ تاریخی حدود سے باہر ہے۔
(۳) خاندانی بت خانہ میں پیدا ہوئے۔
(۴) خاندانی بت کے قدموں میں ڈال دیئے گئے۔
(۵) ۳۵ برس تک پتھر کے بتوں کو اپنا معبود بنایا۔
(۶) اونٹ چرائے۔
(۷) ایمان لانے والوں میں آپ کا نمبر بہت نیچے ہے اور اسلام لانے سے پہلے اسلام اور پیغمبر کے سخت ترین دشمن تھے۔
(۸) آپ چھپ کر مدینہ میں چلے گئے۔
(۹) حضرت ابوبکر کی طرح
(۱۰) آپ کو حضرت ابوبکر کی اخوت کا شرف حاصل ہوا۔
(۱۱) آپ بھی ادھر ادھر ہو گئے۔ لڑائی میں نہیں گئے۔
(۱۲) آپ بے حواس ہو کر بھاگے اور پہاڑوں پر بکری کی طرح ایک جگہ سے دوسری جگہ اچھلتے پھرے۔
(۱۳) مسلمانوں کو عمرو بن عبدود کی شجاعت و دلیری کے کارنامے سنا کر مسلمانوں کو خوب ڈرایا۔ حضرت ابوبکر کی طرح آپ نے بھی خبر لانے سے انکار کر دیا۔
(۱۴) شکست کھا کر واپس ہوئے۔ آپ کے لشکریوں نے آپ پر نامردی و بزدلی کا الزام لگایا۔

Presented by www.ziaraat.com

(۱۵) صلح حدیبیہ کی مصلحت کو سمجھنے سے قاصر رہے اور نبوت میں شک کیا۔
(۱۶) آپ نے بھی یہی کیا۔
(۱۷) آپ بھاگنے والوں میں تھے۔
(۱۸) آپ کے مکان کا دروازہ مسجد کے اندر کھلتا تھا' بند کیا گیا۔
(۱۹) آپ نے حضرت علیؑ و آنحضرتؐ کے آپس میں راز گوئی پر اعتراض کیا' جواب ملا کہ خدا راز کی باتیں حضرت علیؑ سے کرتا ہے اور اس کے حکم سے یہ راز گوئی ہوتی ہے۔
(۲۰) یہ درجہ کہاں۔
(۲۱) حیران ہوں کیا لکھوں کہ امت کے اوپر آپ کے متعلق کیا فرائض عائد ہوتا ہے۔
(۲۲) آپ کے چہرے کو عبادت سے کیا تعلق۔
(۲۳) مباہلہ سے آپ کو کیا تعلق۔
(۲۴) آپ ماتحت اسامہ تھے لیکن جانے سے انکار کیا اور اسامہ کو بھی روکے رکھا۔
(۲۵) آپ نے اس حکم کی عمداً" نافرمانی کی اور کہا کہ اس شخص (رسول خدا) کو تو ہذیان ہو گیا ہے۔ حسبنا کتاب اللہ۔
(۲۶) آپ حالات کا مطالعہ کر رہے تھے اور خلافت پر نظر تھی۔
(۲۷) آپ آنحضرتؐ کے جنازے کو بے غسل و کفن چھوڑ کر سقیفہ بنی ساعدہ میں حصول خلافت کے لئے لوگوں سے دست و گریبان ہوئے۔
(۲۸) آپ کو حضرت ابوبکر نے خلیفہ مقرر کیا۔
(۲۹) آپ نے شام کی حکومت بنی امیہ کے خاندان میں منتقل کی اور اپنے زمانہ خلافت میں مسلمانوں کو باہر بھیج کر ان کی توجہ دولت ثروت و حکمرانی کی طرف مبذول کرائی تاکہ وہ آپ پر نکتہ چینی نہ کر سکیں۔
(۳۰) مسلمانوں کے بیت المال سے تو ضرور بااثر لوگوں کو روپیہ دے کر ان کا منہ بند کرتے تھے۔ لیکن اپنی گرہ سے راہ خدا میں خرچ کرنے کی کوئی مثال نہیں ملتی۔
(۳۱) آپ کے پاس کافی مال تھا مگر سخاوت کی کوئی مثال نہیں ملتی۔
(۳۲) اکثر مشکلات کے حل کرنے سے عاجز رہتے تھے۔ پھر حضرت علی کی طرف رجوع کرتے تھے۔ حلال مشکلات ایک آن واحد میں ان مشکل کو حل کر دیتا تھا تو آپ فرماتے تھے۔ لولا

Presented by www.ziaraat.com

علی لھلک عمر ـــــــ لا بقیت لمعضلة لیس لھا ابو الحسن۔

(۴۳) آپ ہمیشہ بارسوخ اور صاحب اثر لوگوں کو اپنی طرف کرنے کی ہر ایک طریقہ سے کوشش کرتے تھے۔ مغیرہ ابن شعبہ کو حد زنا سے بچا لیا۔ جاگیریں اس طرح تقسیم کیں کہ بارسوخ حضرات جو چاہتے تھے' لے لیتے تھے۔ ازواج رسولؐ میں سے حضرت عائشہ کو سب سے زیادہ حصہ دیا۔ معلوم نہیں یہ تقسیم مال کا کونسا طریقہ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ چونکہ یہ محبوبہ زوجہ رسول تھیں۔ لہٰذا زیادہ کی مستحق ہیں۔ آنحضرتؐ تو اپنی ازواج سے مساویانہ و عادلانہ طریقہ برتتے تھے۔ حضرت عمر کے پاس یہ مقیاس الحب کہاں سے آیا۔ یہ عجیب قسم کا پیمانہ محبت تھا۔ جس میں اکلوتی بیٹی کی محبت کا درجہ تو کم دکھایا تھا۔ جوان لڑنے والی بیوی کا درجہ محبت بہت زیادہ رکھا تھا۔

(۴۴) مرتے وقت حضرت عمر نے کہا و اللہ لو ان لی ما طلعت علیہ الشمس لا فتدیت بہ من ھول المطلع قال عبد اللہ بن عامر بن ربیعہ رایت عمر اخذ تبنتہ من الارض فقال یا لیتنی کنت ھذا لتبنتہ و یا لیتنی لم اک شیئا" یا لیت امی لم تلد نی یا لیتنی کنت نسیا" منسیا" جزع و فزع ملاحظہ ہو۔ حضرت عمر فرماتے ہیں کہ قسم بخدا اگر دنیا کی ساری چیزیں جن پر سورج چمکتا ہے میری ہوتیں تو اب جو میرے اوپر آنے والا ہے اس کے فدیہ میں ان سب چیزوں کو دے دیتا۔ عبداللہ بن عامر کہتے ہیں کہ میں نے عمر کو دیکھا کہ ایک تنکا زمین سے اٹھا کر کہا کہ کاش میں یہ تنکا ہوتا کاش میں کچھ نہ ہوتا کاش میری ماں مجھ کو نہ جنتی۔ کاش میں نسیا" منسیا" ہوتا۔ ابن الاثیر تاریخ الکامل الجزاء الثالث ص ۲۰۔۲۱' امام احمد حنبل مسند الجزاء الاول ص ۴۶' صحیح البخاری الجزء الرابع ص ۲۹۵' علی المتقی کنز العمال الجزء الثالث ص ۱۵۶' حدیث ۲۴۳۳' ص ۱۵۹' حدیث ۲۴۵۷۔

حضرت عثمان

(۱) آپ خاندان بنو امیہ سے تھے۔ جس کی دشمنی آنحضرتؐ سے مسلمہ ہے۔ ان کے بزرگ خاندان ابو سفیان جناب رسول خدا کے دشمن جانی تھے۔ اور ایمان لانے کے بعد ہمیشہ مولفۃ القلوب میں رہے۔

Presented by www.ziaraat.com

(۲) آپ کے دادا اور ابو سفیان عدوے رسولؐ کے والد حقیقی بھائی تھے۔
(۳) خاندانی بت خانہ میں پیدا ہوئے۔
(۴) خاندانی بت کے قدموں میں ڈال دیئے گئے۔
(۵) اپنی عمر کے بڑے حصہ تک بت پرستی کی۔
(۶) خاندان بنو امیہ میں تعلیم ہوئی۔
(۷) ایمان لانے والوں میں آپ کا نمبر بہت دور ہے۔
(۸) وہیں کہیں ہوں گے۔ شاید مدینہ میں تھے۔
(۹) حضرت خدیجہؑ کی یا ان کی بہن کی دو لڑکیاں جو کافر خاوند سے تھیں، آپ کے ساتھ منکوح ہوئیں۔ ان لڑکیوں میں کچھ فضیلت تھی نہ ان کے نکاح میں۔
(۱۰) کسی اپنے ہی جیسے کے بھائی بنے ہوں گے۔
(۱۱) جنگ بدر میں شریک ہی نہ ہوئے۔
(۱۲) ایسے بدحواس ہو کر بھاگے کہ تیسرے دن واپس آئے۔
(۱۳) جنگ احزاب میں آپ کا ذکر تک نہیں آتا۔
(۱۴) آپ نے کچھ نہیں کیا شاید شامل ہی نہیں ہوئے۔
(۱۵) چونکہ ابو سفیان کے نور نظر تھے۔ مکہ میں بطور سفیر بھیجے گئے۔ حضرت ابوبکر و عمر نے انکار کر دیا تھا۔
(۱۶) بہت سے کافر دوستوں کی جان بخشی کرائی۔
(۱۷) آپ بھی بھاگنے والوں میں تھے۔
(۱۸) آپ کو بھی مسجد کے اندر دروازہ کھلا رکھنے کی اجازت نہیں ملی۔
(۱۹) کجا آپ اور کجا راز کی باتیں۔
(۲۰) یہ درجہ کہاں۔
(۲۱) بنو امیہ آپ کو خداوند نعمت سمجھتے تھے۔
(۲۲) بنو امیہ کو چاہئے تھا کہ آپ سے محبت کرتے لیکن محاصرہ کے دنوں میں تنہا چھوڑ دیا۔
(۲۳) آپ کو غالباً اس کا علم بھی نہ ہو۔
(۲۴) آپ بھی ماتحت اسامہ تھے اور شیخین کی تجاویز کے تابع۔

Presented by www.ziaraat.com

(۲۵) آپ تو کسی گنتی ہی میں نہ تھے۔ لیکن مطیع شیخین تھے۔
(۲۶) آپ کسی گنتی ہی میں نہ تھے۔
(۲۷) آپ اپنے تئیں امیدواری کے قابل نہ سمجھتے تھے لہذا خاموش رہے۔
(۲۸) آپ کو حضرت عمر کی ساختہ شوریٰ کی اکثریت کی مدد سے عبدالرحمٰن بن عوف نے خلیفہ کیا۔
(۲۹) آپ نے اپنے زمانہ خلافت میں مروان و دیگر بنو امیہ کو مسلمانوں کا حق دے کر امیر کبیر بنایا اور خلافت میں حصہ دار ٹھہرایا۔
(۳۰) آپ کی سخاوت محض بنو امیہ میں منحصر تھی۔ اور وہ بھی بیت المال سے۔
(۳۱) آپ امیر الامراء میں سے تھے۔
(۳۲) آپ کا شمار کہیں نہیں۔
(۳۳) آپ کی بنو امیہ کی نوازی اتنی مشہور ہے کہ محتاج بیان نہیں۔
(۳۴) پچھتائے ہوں گے کہ بنی امیہ پر بے جا سخاوتوں کی بارش کیوں کی۔

اقبال افضلیت علیؑ

خلافت ملنے کے بعد پہلا خطبہ جو حضرت ابوبکر نے دیا اس میں تسلیم کیا ہے لست بخیر کم و علی فیکم میں تم کا بہتر شخص نہیں ہوں۔ کیونکہ علیؑ تم میں موجود ہیں۔ دیکھو سر العالمین، امام غزالی، تذکرہ خواص الامتہ سبط ابن الجوزی ص۳۶، حضرت عمر کے بہت سے اقوال و واقعات اس ضمن میں بیان کیے جا سکتے ہیں۔ ریاض النضرہ میں درج ہے۔

مروی ہے کہ ایک دن حضرت عمر نے عورت کو سنگسار کرنے کا حکم دیا تھا۔ جس کا صرف یہ قصور تھا کہ اس کے یہاں بچہ حمل کے چھ مہینہ کے بعد پیدا ہوا تھا اس پر حضرت علیؑ نے عمر سے کہا کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ بچے کے حمل اور دودھ چھٹنے کی مدت تیس مہینہ ہے۔ اور دوسری جگہ فرماتا ہے کہ دودھ چھٹنے کی مدت دو سال ہے لہذا حمل کی مدت چھ مہینے ہوئی۔ اس پر عمر نے اس کو سنگسار نہیں کیا اور کہا کہ اگر علیؑ نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا۔

عقیلی نے اخراج کیا ہے اور نیز اس کو ابن السمان نے ابو حزم بن ابی الاسود سے بھی

Presented by www.ziaraat.com

اخراج کیا ہے۔ سعید بن المسیب سے مروی ہے کہ حضرت عمر پناہ مانگتے تھے۔ اس مصیبت سے جس کے حل کرنے کے لئے علیؑ موجود نہ ہوں۔ امام احمد بن حنبل اور ابو عمر نے اس روایت کا اخراج کیا ہے۔ بسند صحیح۔ محمد بن زبیر سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک دن میں مسجد دمشق میں داخل ہوا۔ وہاں میں نے ایک بہت ضعیف العمر آدمی کو دیکھا جس کے دونوں شانے بوجہ کبر سنی کے جھک گئے تھے۔ میں نے سوال کیا کہ اے شیخ تم نے کس کا زمانہ پایا ہے۔ کہا کہ عمر کا' میں نے کہا کہ کوئی روایت سناؤ' اس نے جواب دیا کہ ایک دن ہم نے قتیبہ کے ساتھ حج کیا اور بحالت احرام ہم نے شترمرغ کے انڈے کھا لئے۔ جب ہم نے تمام رسومات حج ادا کر لئے تو اس کا ذکر ہم نے عمر سے کیا۔ وہ اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا کہ میرے ساتھ آؤ۔ اور وہ ہم کو جناب رسول خدا کے حجروں تک لے گئے۔ ان میں سے ایک حجرہ کا دروازہ انہوں نے کھٹکھٹایا۔ ایک عورت نے جواب دیا۔ حضرت عمر نے پوچھا کہ ابو الحسن یہاں ہیں۔ عورت نے نے کہا کہ نہیں۔ پس وہاں سے عمر آگے بڑھے اور ہم سے کہا۔ کہ میرے پیچھے چلے آؤ۔ پس وہ علیؑ تک پہنچے' جہاں وہ اپنے ہاتھ سے مٹی برابر کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مرحبا اے امیر المومنین۔ حضرت عمر نے کہا کہ ان لوگوں نے بحالت احرام شترمرغ کے انڈے کھائے ہیں۔ حضرت علیؑ نے کہا کہ تم نے مجھے ہی کیوں نہ بلا لیا۔ حضرت عمر نے کہا کہ نہیں میرے اوپر ہی واجب تھا کہ میں خود آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ حضرت علیؑ نے کہا جتنے انڈے ان لوگوں نے کھائے ہیں' اتنی تعداد کی نئی اونٹنیوں کو جوان اونٹوں سے گیابھن کرائیں۔ اور پھر جتنے بچے پیدا ہوں' وہ ہدیہ کر دیں۔ عمر نے کہا کہ بعض دفعہ اونٹوں کے حمل ساقط ہو جاتے ہیں۔ علیؑ نے جواب دیا کہ انڈے بھی گندے ہو جایا کرتے ہیں۔ پس عمر وہاں سے واپس آئے اور یہ کہتے جاتے تھے کہ خداوندا میرے اوپر کوئی مصیبت نہ ڈال' لیکن یہ کہ اس کے حل کرنے کو ابو الحسن میرے پاس ہوں۔ ابن البختری نے بسند صحیح اس روایت کا اخراج کیا ہے۔ (الریاض جلد ۲ ص ۱۹۴)

علامہ ابن عبدالبر الاستیعاب میں لکھتے ہیں۔

سعید ابن المسیب کہتے ہیں کہ حضرت عمر خدا سے پناہ مانگتے تھے۔ اس مصیبت سے جس کے حل کرنے کے لئے علی ان کے پاس نہ ہوں ——— لہذا حضرت عمر اکثر کہا کرتے تھے کہ اگر علی نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا۔

ابن عبدالبر الاستیعاب الجزء الثانی ترجمہ علی ص ۴۷۴ ابن سعد' طبقات الکبریٰ جلد ۲

Presented by www.ziaraat.com

ص۱۰۲، محب الدین الطبری، ریاض النضرہ، الجزء الثانی، باب الرابع الفصل السادس ص۱۹۴، ۱۹۷۔ سید مومن شبلنجی، نور الابصار ص۷۱، ۷۳، محمد بن طلحتہ الشافعی، مطالب السئول الفصل السادس ص۲۹، سبط ابن الجوزی، تذکرہ خواص الامت فصل فی قول عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اعوذ باللہ من معضلۃ لیس لہا ابو الحسن ص۵۸ تا غایت ۸۸

دعویٰ افضلیت

چونکہ حضرت علیؑ کی معرفت و محبت جزو دین و ایمان قرار دی گئی تھی۔ لہٰذا مسلمانوں کی ایمان کی تکمیل کے لئے ضروری ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام امت کو اپنی شان سے آگاہ کریں تاکہ ان کو لاعلمی کی حجت باقی نہ رہے۔ آپ منبر پر دنیائے اسلام کو صدائے عام دیتے تھے، کہ پوچھ لو مجھ سے جو تم پوچھنا چاہتے ہو، میرے بعد تم کو ایسا موقع نہیں ملے گا۔

(اسمائے رواۃ عربی میں) سعید بن المسیب کہتے ہیں کہ اصحاب رسولؐ میں سوائے علی ابن ابی طالبؑ کے اور کوئی ایسا نہ تھا جس نے یہ دعویٰ کیا ہو کہ پوچھ لو مجھ سے جو تم پوچھنا چاہتے ہو۔ ابو الطفیل سے مروی ہے، وہ کہتا ہے کہ میں نے ایک دن علیؑ کو خطبہ دیتے ہوئے دیکھا۔ آپ فرما رہے تھے کہ پوچھ لو مجھ سے جو تمہارا جی چاہے۔ قسم بخدا کسی شے کی بابت تم مجھ سے نہیں پوچھو گے، لیکن یہ کہ میں تمہیں اس بات کی خبر دوں گا۔ مجھ سے کتاب اللہ کی بابت دریافت کرو۔ قسم بخدا کوئی آیت قرآن کی نہیں لیکن میں اس کی نسبت جانتا ہوں۔ کہ رات کو نازل ہوئی یا دن کو۔ میدان میں نازل ہوئی یا پہاڑ پر۔

ابن عبدالبر، الاستیعاب الجزء الثانی ترجمہ علی بن ابی طالب ص۴۷۵ و ۴۷۶، محب الدین طبری، الریاض النضرہ الجزء الثانی باب الرابع فصل السادس ص۱۹۸، فصل التاسع ص۲۲۱، حسن ابراہیم حسن، تاریخ الاسلام السیاسی الجزء الاول ص۳۹۲، ابن سعد، طبقات الکبریٰ ج۲ ۲۱۲ ص۱۰۱، ابن ابی الحدید، شرح نہج البلاغہ الجزء الاول ص۲۰۸، ابن حجر مکی، صواعق محرقہ باب المودۃ باب الثالث ص۷۶، فصل الرابع ص۷۷، شیخ سلیمان مفتی اعظم قسطنطنیہ، ینابیع المودۃ باب الثالث عشر ص۵۳ باب الرابع عشر ص۶۰، علی المتقی، کنز العمال الجزء السادس ص۳۹۷، حدیث ۶۰۵۲، ص۴۰۵، حدیث ۶۱۳۸، محمد بن اسمٰعیل، روضتہ الندیہ شرح تحفتہ العلویہ ص۸۳، محدث

Presented by www.ziaraat.com

حسن علی، تفریح الاحباب ص ۳۵۰، سبط ابن الجوزی، تذکرہ خواص الامت ص ۱۷۔

دیکھا آپ نے تمام علماء و اہل سیر کا اتفاق ہے کہ سوائے علی مرتضیٰ کے اصحاب رسولؐ میں سے کسی اور کو یہ کہنے کی ہمت نہ ہوئی کہ پوچھ لو جو پوچھنا چاہتے ہو۔ یہ شان باب علم نبی کی ہی ہو سکتی تھی۔ اصحاب رسولؐ میں سے دعویٰ سلونی کرنے والا تو کون ہوتا سوال کرنے کی بھی لیاقت نہ تھی۔ ایک دفعہ اس سارے مجمع میں سے جو سوال کیا گیا وہ یہ تھا کہ ایک آدمی نے کھڑے ہو کر پوچھا کہ میرے سر اور داڑھی میں کتنے بال ہیں۔ اس حماقت کی بھی انتہا ہے۔ اور پھر دعویٰ برابری کا۔

معرفت علیؑ مشکل ہے

حضرت علیؑ کی شخصیت کی معرفت حاصل کرنا بہت مشکل ہے۔ وہ کیسا انسان ہو گا جس کی ناقص معرفت رکھنے والوں نے اسے خدا سمجھا اور جس کی کامل صحیح معرفت امت محمدیہ میں سے کسی کو حاصل نہیں ہوئی۔ جناب رسول خداؐ نے خود معرفت علیؑ اور اپنی امت کی عدم معرفت کو ان فصیح و بلیغ الفاظ میں ارشاد فرمایا ہے۔

خیبر کے فتح والے دن جناب رسول خدا نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ اگر میری امت کے لوگ تمہارے حق میں وہ باتیں نہ کہنے لگتے جو نصاریٰ عیسیٰؑ کے حق میں کہتے ہیں۔ تو آج میں تمہارے متعلق وہ حقائق آید کلمات کہتا کہ پھر تم جس جماعت مسلمین کی طرف سے گذر جاتے تو تمہارے پیروں کے تلے کی مٹی اور غسل کا پانی لیتے تاکہ اس سے اندرونی اور بیرونی امراض سے صحت حاصل کریں۔ اے علی تو میری ذمہ داریوں کو پورا کرے گا اور میری سنت کے لئے جنگ کرے گا۔

شیخ سلیمان مفتی اعظم قسطنطنیہ ینابیع المودۃ مطبوعہ اسلامبول ۱۳۰۱ھ الباب الثالث عشر ص ۶۴ و باب اربع و الاربعون فی حدیث لحمک لحمی و حلمک لو لا ان تقول فیک الخ۔ مسند امام احمد حنبل علیا ما نقل فی ینابیع المودۃ، ابو المؤید موفق ابن احمد الخوارزمی، کتاب مناقب عن جابر ابن عبداللہ۔

لہذا حضرت علیؑ کی شخصیت پر مکمل بحث کرنا میری طاقت سے باہر ہے۔ وہاں آپ کے چند

Presented by www.ziaraat.com

خصائص و عادات و سوانح حیات کا ذکر کرنا ضروری ہے۔ جن سے حضرت علیؑ کی شخصیت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔

پیدا ہوتے ہی جو آنکھ کھولی تو آغوش رسولؐ میں پایا' دنیا کی پہلی چیز جو آپ کے اندر گئی وہ آنحضرتؐ کا لعاب دہن تھا' پانچ برس کی عمر تھی جو رسول خدا ان کو اپنے یہاں لے آئے اور تب سے آنحضرت کی آغوش میں تربیت پائی۔

ایک لمحہ کے لئے کفر نہیں کیا۔

امت محمدیہ میں سب سے پہلے ایمان لائے اور تصدیق رسالت کی۔

اسلام اور بانی اسلامؐ کی محافظت کو اپنی حیات کا مقصد بنایا' اپنی جان کو ہتھیلی پر رکھ کر انہیں دشمنوں سے بچایا' کبھی میدان جنگ سے بھاگنے کا خیال تک نہیں آیا۔

آپ کے انہماک فی الدین کو دیکھ کر رسول خدا نے فرمایا کہ علی انتہائی ایمان کا مجسمہ ہے۔

خداوند تعالیٰ نے فرمایا کہ علی نے اپنے نفس کو راہ خدا میں فروخت کر دیا ہے۔

جو شخص اپنے نفس کو راہ خدا میں فروخت کر دے اس میں نفسانیت کا شائبہ نہیں رہ سکتا۔ چنانچہ حضرت علیؑ کے سوانح حیات بتا رہے ہیں کہ آپ نے اپنے نفس کو کبھی امور دین پر ترجیح نہیں دی' اس کافر کا واقعہ بھی اس امر کی شہادت ہے جس نے مغلوب ہو کر آپ کے منہ پر لعاب دہن پھینکا' اب چونکہ نفس بدلہ لینے کے لئے حرکت میں آسکتا تھا' آپ نے فوراً اس کو چھوڑ دیا' مولانا روم نے اس واقعہ کو نظم کیا ہے۔ ان کا ایک شعر ہے۔

او خیو انداخت بروئے علی　　افتخار ہر نبی و ہر ولی

جناب رسول خداؐ نے آپ کو وصیت بھی یہی کی تھی کہ کبھی دنیا کے لئے دین کو نہ چھوڑنا۔

"اے علیؑ اول کسے کہ بر لب حوض کوثر بمن رسد تو خواہی بود بعد از فوت من مکروہ بسیار بتو خواہد رسید باید کہ دل تنگ نہ کردی۔ دوست در عروۃ وثقی تحمل زدہ در طریق مصابرت سلوک نمائی و چوں مردم بجانب دنیا رغبت کنند تو آخرت اختیار فرمائی۔ (حبیب السیر جلد اول جزو سوم ص ۸۱)

بچپن میں انسان اپنے ماحول سے تاثرات حاصل کرتا رہتا ہے۔ اور جوانی و بڑھاپے میں ان پر عمل کرتا ہے۔ حضرت علیؑ کے پہلے دونوں زمانے اس وقت گزرے تھے جب دنیائے اسلام

Presented by www.ziaraat.com

میں حکومت الٰہیہ قائم تھی۔ حضرت علی نے اس حکومت کی دونوں حالتیں دیکھی تھیں۔ یعنی مغلوبیت کی بھی اور غالبیت کی بھی' آپ کے سامنے جناب رسول خدا کے طرز عمل کا وہ بھی نمونہ تھا' کہ جب کفر غالب تھا اور آنحضرت کے اس رسول خدا کے طرز عمل کا وہ بھی نمونہ تھا' کہ جب ظاہری حکومت مل چکی تھی اور کفر مغلوب تھا' اسلام کی خاطر صبر کرنا بھی سیکھ لیا تھا۔ اور اسلام کی بہبودی کے لئے لوگوں میں احکام صادر کرنے کا طریقہ بھی معلوم ہو گیا تھا۔ غرضیکہ حکومت الٰہیہ کا قیام حضرت علی کی سیاست کا مدعا اور اسلام حقیقی کا تحفظ حضرت علی کی حیات کا مقصد تھا۔

ابن حجر مکی

ابن حجر مکی صواعق محرقہ ص۵۷ سطر۱۹ طبع قاہرہ پر تحریر فرماتے ہیں۔

کوفیوں نے جن میں حضرت سفیان ثوری بھی شامل ہیں' بڑے جزم کے ساتھ کہا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام حضرت عثمان سے افضل ہیں۔

ص۵۷ سطر آخر پر تحریر فرماتے ہیں۔

کہ حضرت امام مالک' یحییٰ بن القطان اور یحییٰ بن معین کہتے ہیں کہ جو شخص حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں بات کرے اور حضرت علی علیہ السلام کو سابق اور صاحب فضل قرار دے وہ سنت پر چلنے والا ہے۔

ص۵۸ سطر۶ پر تحریر فرماتے ہیں۔

کہ قاضی ابوبکر باقلانی کے نزدیک حضرت ابوبکر کی افضلیت قطعی نہیں ہے۔ اور ارشاد میں امام حرمین نے بھی اسی قول کو اختیار کیا ہے۔

ص۵۸ سطر۸ پر تحریر فرماتے ہیں۔

استیعاب میں عبدالرزاق نے معمر سے بیان کیا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کہے کہ میرے نزدیک حضرت علی علیہ السلام حضرت ابوبکر و حضرت عمر سے افضل ہیں تو یہ شخص میرے نزدیک قابل زجر و توبیخ نہیں ہے۔

میں نے اس بات کا ذکر وکیع سے کیا تو آپ کو یہ بات اچھی لگی اور آپ نے اسے پسند

Presented by www.ziaraat.com

کیا۔

ص۵۸ سطر۹ پر تحریر فرماتے ہیں۔

خطابی کہتے ہیں کہ مشائخ کے نزدیک حضرت ابوبکر بہتر اور حضرت علی افضل ہیں۔

ص۵۸ سطر۲۱ پر تحریر فرماتے ہیں۔

حضرت سلمان فارسی، حضرت ابوذر، حضرت مقداد، حضرت خباب، حضرت جابر، حضرت ابو سعید خدری اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ حضرت علی علیہ السلام سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے ہیں اور ان بزرگوں نے انہیں دوسروں پر فضیلت دی ہے۔

ص۵۸ سطر آخر پر تحریر فرماتے ہیں۔

ابن سبکی کی طبقات الکبریٰ میں آیا ہے کہ حسنین رسول اکرم کے ٹکڑے ہونے کی وجہ سے صحابہ سے افضل ہیں۔

آگے تحریر فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کو وہ شرف حاصل ہے جو خود شیخین کی ذات میں موجود نہیں۔

ص۵۹ سطر۵ پر تحریر فرماتے ہیں۔

ابن عبدالبر نے استیعاب میں بیان کیا ہے کہ وہ حضرت علی علیہ السلام کو حضرت ابوبکر سے افضل سمجھتے ہیں۔ اس قول کی بنیاد ان کے متقدم فی الاسلام ہونے پر ہے۔

مولانا عبید اللہ امرتسری ارجح المطالب کے ص۱۱۱ پر تحریر فرماتے ہیں۔

فضیلت کے معنی ہیں ترجیح ایک شخص کی دوسرے پر باعتبار کسی خاص صفت کے یا بوجہ مجموعہ صفات مختلفہ کے کیونکہ جب یہ بولا جاتا ہے کہ زید افضل ہے عمرو سے تو اس سے کبھی یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ زید کو ہر طرح سے ہر قسم کے صفات میں عمر پر رجحان حاصل ہے۔ یعنی جس صفت میں کہ زید عمرو کا موازنہ کیا گیا ہے زید ہی کا پلہ بھاری نکلتا ہے۔ اس لیے بعض نے افضل کی یہ تعریف کی ہے الاجمع لمزایا الفضل والخلال الحمیدۃ یعنی افضل وہ ہے جو ہر طرح کی فضیلت اور ہر قسم کے اوصاف حمیدہ کی مرکزیت کا جامع ہے تمام قسم کے علوم سے اس کی جان آراستہ اور ہر طرح کی عبادات اور اخلاق فاضلہ اور شرافت حسب و نسب سے اس کا وجہ پیراستہ ہو۔

اور کبھی کل صفات کے باہم موازنہ کا خیال پیدا نہیں ہوتا۔ بلکہ کسی خاص صفت میں افضل ہونا مراد ہوتا ہے یعنی اگرچہ اور صفات میں عمر کو ترجیح ہو لیکن ایک خاص صفت میں زید ہی کو رجحان حاصل ہے۔ اس لئے بعض نے افضل کی تعریف اکثر ثوابا من عند اللہ بما کسب من خیر کے لفظوں سے کی ہے یعنی زیادہ ثواب حاصل کرنے والا خدا کے نزدیک بذریعہ حاصل کرنے نیکی کے۔ یعنی جس کو خدا کے نزدیک زیادہ ثواب حاصل ہو وہی افضل ہے اگرچہ دوسرے امور میں وہ دوسروں سے گھٹ کر ہو۔

Presented by www.ziaraat.com

(۱) اب جاننا چاہیے کہ فضیلت دو قسم پر ہے ایک اختصاصی دوسری جزئی فضیلت اختصاصی وہ ہے کہ حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ محض اپنے کرم عمیم سے کسی شخص یا کسی چیز کو بغیر سابقہ کسی عمل یا کسی عبادت کے عطا فرمائے اور اس کو اس کے ہم جنسوں پر ترجیح بخشے جیسے کہ ناقہ صالح کو تمام اونٹنیوں پر اور کعبۃ اللہ کو تمام روئے زمین کی مساجد پر فضیلت عطا کی ہے۔

کبھی اس فضیلت کی وجہ انسان کی عقل میں آسکتی ہے اور کبھی نہیں آتی۔ چنانچہ دوسرے مقامات پر مسجد کی زمین کی وجہ فضیلت اس کا محل عبادت ہونا خیال کیا جاتا ہے اور کبھی اس کی وجہ محض عنایت الٰہی ہی معلوم ہوتی ہے۔ جیسے کہ حجر الاسود کی فضیلت دوسرے احجار پر اس کی وجہ دریافت کرنے سے عقل انسانی قاصر ہے اس فضیلت اختصاصی کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک اصلی جیسے حجر الاسود کی فضیلت۔ دوسری طفیلی چنانچہ وہ مینڈھا جو اسمٰعیل علیہ السلام کا فدیہ ہوا ہے حضرت اسمٰعیل کے فدیہ ہونے کے طفیل سے اور مینڈھوں سے افضل ہے۔

لیکن اس خصوصیت کی وجہ کہ وہ مینڈھا بہ نسبت اور مینڈھوں کے کیوں اس فضل سے مخصوص ہوا ہے محض عنایت الٰہی کے سوا اور کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ اس فضیلت میں بحث کی گنجائش نہیں ان کے ثبوت کے واسطے محض نص شارع ہی کافی ہے۔

(۲) فضیلت جزئی وہ ہے کہ عمل کے مقابلہ میں کسی کو خدا کی جانب سے عطا ہو۔

ان کی کئی قسمیں ہیں۔ اور یہ فضیلت ہمیشہ محل متنازعہ ہوا کرتی ہے لیکن کسی کو فضیلت دینے میں اس کے تمام اقسام پر نظر غائر ڈالنا چاہیے۔ اور جو جانب کہ متنازعین میں احق اور اولےٰ ہو اس کو افضل سمجھنا چاہیے۔

(تنبیہ) نہایت غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی شخص کو اس کے عمل کی وجہ سے اس کے ہم جنسوں پر سات وجہ سے فضیلت حاصل ہو سکتی ہے۔ اور یہی سات وجہیں معیار فضیلت سمجھی جاتی ہیں۔

(الف) ماہیت عمل یعنی ایک شخص کے عمل کی ذات دوسرے شخص کے عمل کی ذات سے افضل ہو جیسے فرائض ادا کرنے والے کے عمل کو نوافل کے ادا کرنے والے کے عمل پر فضیلت ہے۔

(ب) لمیت عمل یعنی دو شخصوں کا عمل ایک ہی ہو لیکن دونوں کے باہم اغراض مختلف ہوں چنانچہ ایک شخص محض بغرض رضائے الٰہی عبادت کرتا ہو اور دوسرا لوگوں کے دکھانے کے لیے۔

(ج) کیفیت عمل یعنی ایک شخص ایک عمل کو اس کے پورے آداب کے ساتھ بجا لائے اور دوسرا شخص اس کے بجا لانے میں کسی قدر لاپرواہی کرے گو یہ دونوں شخص ایک ہی عمل میں شریک ہیں لیکن پہلے شخص کو فضیلت حاصل ہے۔

(د) کمیت عمل یعنی ایک ہی عمل کی کمی بیشی۔ چنانچہ ایک شخص نے بہت سے حج کیے ہوں اور دوسرے نے صرف ایک حج کیا ہو۔

(ہ) کبھی فضیلت بباعث تقدیم و تاخیر زمان کے ہوتی ہے چنانچہ ایک شخص نے ابتدائے اسلام میں یا ایام قحط سالی میں مسلمانوں کی دستگیری کی ہو بہرحال اس شخص سے افضل سمجھا جاتا ہے جس نے بعد حاصل ہونے قوت اسلام کے یا بعد گزرنے قحط کے کوئی ویسا ہی عمل کیا ہو۔ کلام مجید میں خود پروردگار نے اس کا فیصلہ کیا لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا۔

اس وجہ سے سابقین اسلام کو تمام امت پر فضیلت حاصل ہے۔ وَالسَّابِقُونَ

(و) کبھی مکان عمل کی وجہ سے فضیلت ہوا کرتی ہے چنانچہ ایک نماز حرم کعبہ یا مسجد نبوی میں پڑھنا بہتر ہے ہزار رکعت اکیلے نماز پڑھنے سے۔ اسی وجہ سے جو عمل نیک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روبرو حضرات صحابہ سے وقوع میں آیا ہے اور وہ دوسری اوقات کے اعمال سے بدرجہا افضل اور بہتر ہے۔

(۳) خواہ فضیلت اختصاصی ہو یا فضیلت جزئی نتیجہ ان دونوں کا دو حال سے خالی نہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

(الف) فاضل کی تعظیم کا مفضول پر واجب ہونا۔
(ب) فاضل کے درجہ کا دنیا و آخرت میں بہ نسبت مفضول کے درجہ کے بلند ہونا۔
(تنبیہہ) اگر فضیلت سے یہ دونوں نتائج نہ پیدا ہوں تو فضل محض لفظ مجرد ہوگا جس کے کچھ معنی نہ ہوں۔
(اعتراض) یہاں پر ایک اعتراض وارد ہو سکتا ہے کہ جب افضل کی تعظیم مفضول پر واجب ہوئی تو ہر واجب التعظیم افضل ہوگا۔ اور کفار والدین بھی واجب التعظیم ہیں اس وجہ سے وہ بھی افضل سمجھے جانے چاہیں۔ اور یہ برخلاف شریعت ہے کہ کافر کو افضل سمجھا جائے۔
(جواب) کفار والدین کی تعظیم عرف شرع میں تعظیم نہیں کہلاتی ایسی تعظیم کو شرع کی اصطلاح میں بر اور احسان کہا جاتا ہے اور کفار والدین کی تعظیم شرع میں جائز نہیں بلکہ ان سے برات واجب ہے تعظیم شرع وہ ہے کہ محبت للہ پر مبنی ہو۔
(۴) چونکہ فضیلت کے معنی ہیں ایک شخص کی خصوصیت دوسرے سے باعتبار کثرت ثواب کے پس یہ دو قسم پر ہے۔
(الف) فضیلت اصلی۔ یعنی ایک شخص میں وجہ فضیلت پائی جائے اور دوسرا اس سے بے بہرہ ہو جیسے کہ ایک عالم اور ایک جاہل۔
(ب) فضیلت زائدہ یعنی ایک شخص بہ نسبت دوسرے کے وجہ فضیلت زائد رکھتا ہو۔ مثلاً ایک عالم ہو اور دوسرا اعلم۔ اس دوسری قسم کی فضیلت کو مفاضلہ بھی کہتے ہیں۔
(۵) مفاضلہ اس وقت متحقق ہوتا ہے جب دو چیزیں ایک ہی امر میں ایک ہی وجہ سے شریک ہوں اور اگر وجہیں مختلف ہوں تو مفاضلہ بھی متحقق نہیں ہوتا ہے۔ غرضیکہ مفاضلہ میں شرکت وجہ ضروری ہے کیونکہ جب یہ کہا جاتا ہے کہ اَیُّ ہٰذَین اَفضَلُ (یعنی دونوں میں سے کون افضل ہے) تو اس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اَیُّ ہٰذَین اَکثَرُ اَوصَافاً فِیمَا اشتَرَکَا (یعنی جس وصف میں کہ یہ دونوں شریک ہوں ان میں سے کون فضیلت سوا رکھتا ہے) پس جہاں وجہیں مختلف ہوں وہاں مفاضلہ متحقق نہیں ہوتا۔ اس لیے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ناقہ صالح افضل ہے یا رمضان۔ کیونکہ وجہ مفاضلہ متحد نہیں۔
بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ حضرت علیؑ افضل ہیں یا حضرت ابی بکر کیونکہ وجہ مفاضلہ میں دونوں شریک ہیں اگر وجہ مفاضلہ میں شریک نہ ہوتے تو اتنا جھگڑا کیوں ہوتا۔
(۶) جب وجوہ ہفت گانہ مفاضلت میں تعارض واقع ہو تو ازروی آیات قرآنی اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احق اور اولیٰ باعتبار کے فضیلت پر یقین رکھنا چاہیے۔
یہ امر شریعت سے ثابت ہے کہ عمل کی کمیت کا کیفیت کے مقابلہ میں چنداں اعتبار نہیں اور زمان عمل کے سامنے ان دونوں کی وقعت نہیں۔ **لَا یَستَوِی مِنکُم مَن اَنفَقَ مِن قَبلِ الفَتحِ وَ قَاتَلَ اُولٰئِکَ اَعظَمُ دَرَجَةً مِنَ الَّذِینَ اَنفَقُوا مِن بَعدُ وَ قَاتَلُوا** اور یہ امر بھی قرآن شریف سے ثابت ہے کہ صحابہ نے جو عمل کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں کیا تھا وہ بوجہ حضور کی معیت کے نہایت افضل اور اعلیٰ ہے ان اعمال سے جو انہوں نے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے کیے ہیں اسی وجہ سے انس بن مالک اور ابو امامہ باہلی۔ عبداللہ بن بشر۔ عبداللہ بن الحارث۔ سہل بن سعد الساعدی۔ جابر بن عبداللہ انصاری جیسے صحابہ اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد عمر طویل پانے کے باعث مدت مدید تک زندہ رہ کر اعمال صالح میں مشغول رہے لیکن خلفاء راشدین کے اعمال کے ہم پلہ نہیں ہو سکتے۔
اسی وجہ سے یہ امر بھی قطعاً ثابت نہیں ہے کہ جو ذات مقدسہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موت کے وقت افضل و اعلیٰ تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کے بعد بھی ویسے ہی افضل اور اعلیٰ تھی۔
صحابہ کرام کے درمیان مشرف باسلام ہونے کی تقدیم و تاخیر کی وجہ سے فضیلت سمجھی جاتی ہے۔ چنانچہ **اَلسَّابِقُونَ الاَوَّلُونَ مِنَ المُهَاجِرِینَ وَ الاَنصَارِ** اور **اَلسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ اُولٰئِکَ المُقَرَّبُونَ فِی جَنّٰتِ النَّعِیمِ** اس پر شاہد ہے پس اس اعتبار سے جو

Presented by www.ziaraat.com

بزرگوار سب سے پہلے اسلام لائے ہیں۔ وہ سب افضل اور اعلیٰ ہیں وہ چار نفوس متبرکہ ہیں۔ حضرت ام المومنین خدیجہ الکبریٰ۔ حضرت علی مرتضیٰ۔ حضرت ابوبکر ۔ حضرت زید بن الحارث۔ رضی اللہ عنہم ان کے بعد وہ جلیل القدر اصحاب جو ہجرت سے پہلے اسلام لائے ہیں ان کے بعد اہل عقبہ ان کے بعد اہل بدر۔ ان کے بعد مشاہد احد سے صلح حدیبیہ تک کے لوگ جن کے لیے انزال سکینہ ہوا ہے۔ ان کے بعد بالقطع کوئی مشعد نہیں جو مدار فضل سمجھا جائے کیونکہ پھر اکثر منافق اور مولفۃ القلوب بھی شریک اسلام ہوگئے تھے چنانچہ قرآن مجید اس امر پر ناطق ہے وَمِمَّنْ حَوْلَكُم مِّنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ☆

تنبیہہ ان پچھلے لوگوں کی فضیلت قابل بحث نہیں۔ اگر گفتگو ہے تو خلفاء اربعہ کی باہمی فضیلت میں ہے کیونکہ یہی لوگ باتفاق سابق الاسلام تھے۔

(۹) فضیلت کا ثبوت دو قسم سے ہو سکتا ہے عقل سے یا نقل سے۔ لیکن فضیلت کا عقلی کوئی کافی ثبوت نہیں جو قطع حجت کر سکے اور جس سے خصم کو مجال تکلم نہ رہے۔ اب رہی فضیلت تو اس کے جانچنے کے دو طریق ہیں اول نص شارع۔ دوم تتبع احوال۔

(الف) اس امر میں کہ فضیلت منصوص ہے یا نہیں باہم علماء اہل سنت و جماعت کا اتفاق ہے کہ انہ ثبت بالاجماع و لم یتعین الافضل و لم یوجد النص بعض کہتے ہیں کہ تفضیل قطعی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ظنی ہے امام ابوالحسین اشعری اس کے قائل ہیں کہ قطعی ہے۔ اور ابوبکر باقلانی اور امام الحرمین کہتے ہیں کہ ظنی ہے۔ (دیکھو شرح جواہر اللقانی) سعد الدین تفتازانی شرح مقاصد میں لکھتے ہیں التفضیل من الاجتہادیات لا قاطع فیہا یعنی تفضیل ایک امر اجتہادی ہے کوئی قطعی دلیل اس کے لیے موجود نہیں امام غزالی بھی اسی بات کے قائل ہیں کہ حقیقۃ الفضل ما ہو عند اللہ و ذلک مما لا یطلع علیہ الا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی فضل کی حقیقت خدا کو معلوم ہے اور سوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس پر کوئی مطلع نہیں۔

شارح مواقف لکھتا ہے۔ و اعلم ان مسئلۃ الافضلیۃ لا مطمع فیہا فی الجزم و الیقین اذ دلالۃ للعقل بطریق الاستدلال علی الافضلیۃ بمعنی الاکثریۃ فی الثواب بل مستندہا النقل و لیست ہذہ المسئلۃ مسئلۃ متعلق بہا عمل فیکتفی بہا بالظن ہو کان فی الاحکام العملیۃ بل ہی مسئلۃ علمیۃ یطلب فیہا الیقین۔ و النصوص المذکورۃ من الطرفین بعد تعارضہا لا یفید القطع علی مالا یخفی علی منصف لانہا امام احاد و ظنیۃ الدلالۃ مع کونہا متعارضۃ ایضا و لیس الاختصاص بکثرت اسباب الثواب موجبا لزیادتہ قطعا بل ظنا لان الثواب تفضل من اللہ تعالی کما عرفتہ فیما سلف فلہ ان لا یثبت المطیع و یثبت غیرہ ثبوت الامامۃ و ان کان قطعیا لا یفید القطع بالافضلیۃ بل غلبۃ الظن کیف ولا قطع بان امامۃ المفضول یصح مع وجود الفاضل لکنا وجدنا السلف قالو بان الافضل ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی و حسن ظننا بہم لو لم یعرفوا ذالک لما اطبقوا علیہ فوجب علینا اتباعہم فی ذالک القول نفوض ما ہو الحق فیہ الی اللہ تعالی۔ قال الآمدی و قد یراد بالتفضیل اختصاص من احد الشخصین من الاخر غیر مقطوع فیما بین الصحابۃ انما من فضیلۃ بین اختصاصہم بواحد منہم الا و یمکن بیان مشارکتہ غیر لہ فیہا و بتقدیر علم المشارکۃ فقد یمکن بیان اختصاص الاخر بفضیلۃ اخری و لا سبیل الی الترجیح بکثرت الفضائل لاحتمال ان یکون الفضیلۃ الواحدۃ ارجح من فضائل کثیرۃ یعنی فضیلت کا مسئلہ ایسا نہیں کہ اس سے جزم اور یقین کا طمع کیا جائے۔ عقل کو افضلیت (یعنی کثرت ثواب) پر طریق استدلال حاصل نہیں۔ بلکہ یہ مسئلہ نقل سے مستند ہے اور یہ مسئلہ وہ مسئلہ نہیں کہ جس کے ساتھ عمل کا لگاؤ ہو تاکہ مجرد ظن ہی ہے اس کے لیے کافی سمجھا جائے کیونکہ احکام عملیہ کے لیے ظن ہی کفایت کرتا ہے۔ بلکہ یہ مسئلہ علمی ہے (یعنی اعتقادی ہے) جس میں جزم اور یقین مطلوب ہے۔ لیکن طرفین کے نصوص باہم متعارض ہونے کی وجہ سے تسنیہ کا فائدہ نہیں بخشتی قطع نظر متعارض ہونے کے وہ نصوص احاد اور ظنی الدلالۃ ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

نہایت امر یہ ہے کہ وہ نصوص اسباب کثرت ثواب کی اختصاص پر دلالت کرتے ہیں۔ لیکن کثرت ثواب کے اسباب کا مرتب ہونا قطعاً کثرت ثواب کا موجب نہیں ہو سکتا۔ صرف ظن کا فائدہ دیتا ہے۔ کیونکہ اجر و ثواب خدا کی مہربانی پر موقوف ہے کسی خاص سبب پر منحصر نہیں خدا چاہے تو ایک غیر مطیع کو ثواب عطا فرمائے اور مطیع کو محروم رکھے اور امامت کا ثبوت اگرچہ قطعی ہے لیکن وہ قطعی ثبوت افضلیت کا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ امامت مفضول کی افضل کی ہوتی ہے۔ ہمارے اہل سنت و جماعت کے نزدیک جائز ہے۔ اور ناجائز ہونا اس کا قطعی نہیں۔ ہم نے سلف کو یہی کہتے ہوئے سنا ہے کہ حضرت ابوبکر افضل ہیں پھر حضرت عمر پھر حضرت عثمان پھر حضرت علیؑ ہمارا سلف کے حق میں گمان نیک ہے اور اس امر کا مقتضی ہے کہ اگر ان کے پاس دلیل نہیں ہوئی تو اس اعتقاد کا حکم نہ دیتے ہم ان کے پیرو ہیں ہم پر اس امر میں ان کا اتباع واجب ہے اور ہم اس کی اصل حقیقت کو خدا کے سپرد کرتے ہیں۔

آمدی کہتا ہے کہ تفضیل سے مراد ایک شخص کی خصوصیت ہے دوسرے سے کسی خاص صفت میں خواہ وہ اصلی فضیلت ہو (یعنی ایک میں تو وہ صفت موجود ہو اور دوسرے میں مطلق پائی نہ جائے) جیسے کہ صفت علم کی وجہ سے عالم جاہل سے افضل ہے کیونکہ صفت علم تو عالم میں موجود ہے اور جاہل میں موجود نہیں یا بہ سبب زیادہ ہونے کے کسی خاص سبب کے فضیلت ہو (یعنی ایک ہی صفت میں دونوں شریک ہوں لیکن ایک میں وہ صفت زائد ہو اور دوسرے میں کم ہو) جیسے اعلم افضل ہے عالم سے بہ سبب زیادہ ہونے صفت علم کے پس اس وجہ سے صحابہ کرام کے درمیان کسی کی فضیلت کے بارہ میں قطعی حکم نہیں لگایا جاتا۔ کیونکہ جو فضیلت کہ کسی صحابی کے واسطے ثابت کی جاتی ہے اکثر ایسا ہی ان میں دوسرا بھی شریک پایا جاتا ہے اور اگر بالفرض شریک نہیں پایا جاتا تو کسی اور فضیلت سے ممتاز نظر آتا ہے کہ یہ اس کی فضیلت اس دوسرے کی فضیلت کے مقابل ٹھہرتی ہے۔

اور کثرت فضائل سے ترجیح نہیں دی جا سکتی کہ ایک ہی فضیلت بباعث شرف کے بہت سی فضیلتوں پر راجح ہو۔ اور ایک فضیلت والے کو بہت سی فضیلتوں والے سے منجانب اللہ ثواب زیادہ حاصل ہوا ہو۔ پس افضلیت پر قطعیت کا حکم نہیں لگایا جا سکتا۔ اس لیے سلف میں خلفاء اربعہ کی افضلیت کی نسبت متقدمین اہل سنت و جماعت میں مختلف مذاہب تھے۔

(۱) اکثر لوگ **تفضیلہم علی ترتیب الخلافت** کے قائل تھے اور ترتیب خلافت کے مطابق سب سے حضرت ابوبکر کو افضل سمجھتے ہیں اور ان کے بعد حضرت عمر اور ان کے بعد حضرت عثمان اور ان کے بعد حضرت مرتضیٰ علی کو۔

(۲) بعض لوگ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کو تو افضل سمجھتے تھے اور حضرت علیؑ اور حضرت عثمان کو برابر جانتے تھے امام مالک کا بھی یہی عقیدہ تھا محقق دوانی شرح عقائد میں لکھتا ہے **الافضلیۃ بھذا الترتیب عند الجمھور و نقل من مالک التوقف بین عثمان و علی و قال امام الحرمین الغالب علی الظن ان ابا بکر افضل من عمر ثم یتعارض الظنون فی عثمان و علی** یعنی جمہور کے نزدیک افضلیت ترتیب خلافت پر ہے اور امام مالک سے نقل کیا گیا ہے توقف درمیان علی اور عثمان کے اور امام الحرمین کہتا ہے کہ ظن غالب یہ ہے کہ حضرت ابوبکر افضل ہیں حضرت عمر سے اور پھر حضرت عمر افضل ہیں اور پھر ظنون باہم متعارض ہیں درمیان میں حضرت عثمان اور حضرت علیؑ کے فخر السلام پر زودی کہتے ہیں کہ بعض اہل سنت والجماعت ان دونوں صاحبوں کو برابر سمجھتے تھے اور حضرت عثمان کو حضرت علی پر فضیلت نہیں دیتے تھے چنانچہ امام ابو حنیفہ سے روایت ہے کہ **انہ ما فضل عثمان علی علی** یعنی وہ حضرت عثمان کو حضرت علیؑ پر فضیلت نہیں دیتے تھے۔ علامہ ابن عبداللہ عبد البر استیعاب میں لکھتے ہیں **قال ابو عمر و قف من اھل السنۃ و علی و عثمان فلم یفضلوا احداً منہما علی صاحبہ منہم مالک بن انس و یحیی بن سعید القطان۔**

Presented by www.ziaraat.com

(۳) کوفہ کے اہل سنت و جماعت مثل سفیان ثوری رحمتہ اللہ علیہ کے حضرت علیؑ کو حضرت عثمان پر فضیلت دیتے تھے چنانچہ تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی میں سیوطی لکھتے ہیں و جزم الکوفیون و منهم سفیان الثوری بتفضیل علی علی عثمان یعنی کوفے کے لوگ کہ ان میں سے سفیان ثوری بھی ہیں بالجزم یہ اعتقاد رکھتے تھے کہ حضرت علیؑ حضرت عثمان سے افضل ہیں اور شرح عقاید جلالی میں لکھا ہے کہ ابوبکر خزیمہ بھی حضرت علیؑ ہی کی فضیلت کے قائل تھے۔ عن ابی بکر خزیمته تفضیل علی علی عثمان شرح کبیر جوہر اللقانی سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتداءً امام مالک کا بھی یہی عقیدہ تھا بعد میں توقف کی طرف مائل ہو گئے تھے۔ و قال بعض اهل السنته بتقدیم علی علی عثمان و به قال مالک او لا ثمه وقف امام عبداللہ یافعی رحمتہ اللہ علیہ قصیدہ مجاوی الا تعان فی تفضیل علی علی عثمان میں لکھتے ہیں من بعده تفضیلنا الشیخین معتقدی + تفضیله قبل ذی النورین لی بالی (مرة الجنان للیافعی) اکثر محدثین مثل حاکم وغیرہ بھی اسی کے قائل تھے۔ (بستان المحدثین للمحدث الدہلوی) اس سے بھی زیادہ ایک اور ثبوت ملتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر کا بھی یہی مسلک تھا۔ چنانچہ الخصائص میں امام نسائی لکھتے ہیں عن علاء بن غرار قال سئلت بن عمر رضی الله عنهما و هو فی مسجد رسول الله صلی الله علیه وسلم عن علی و عثمان فقال انا علی فلا تسالنی عنه انظر الی قرب منزله من رسول الله صلی الله علیه وسلم ما فی المسجد غیر بیته فاما عثمان فانه اذنب ذنبا عظیما تولی یوم التقا الجمعان فعفی الله عنه و غفر و اذنب لیکم دون ذالک فقتلتموه۔

(۴) علامہ عبدالبر استیعاب میں لکھتا ہے کہ حضرت علیؑ اور حضرت ابوبکر کی فضیلت میں بھی سلف کا مذہب مختلف تھا چنانچہ انکا قول ہے و اختلف السلف ایضا فی تفضیل و علی و ابو بکر پھر اس کے ذیل میں لکھتے ہیں عن سلمان و ابی ذر و المقداد دو عمار و خباب و جابر و حذیفه علی غیره یعنی سلمان فارسی اور ابی ذر غفاری اور مقداد و عمار بن یاسر جناب حذیفہ و ابی سعید خدری و زید بن ارقم رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب وہ شخص ہیں جو سب سے پہلے اسلام لائے ہیں اور یہ اصحاب حضرت علیؑ کو ان کے غیر پر فضیلت دیتے ہیں۔

علامہ عبدالبر استیعاب میں عبدالرزاق سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص عمر کو ابوبکر پر فضیلت دے تو میں اس کو منع نہیں کرتا اور اگر علی کو ابوبکر سے افضل سمجھے تو بھی میں اس کو منع نہیں کرتا اگر وہ ان دونوں سے محبت رکھے پس عبدالرزاق کہتا ہے کہ میں نے اس بات کو وکیع سے بیان کیا اس کو یہ بات نہایت پسند آئی۔

(۵) امام تاج الدین سبکی کہ ہمارے علماء شافعیہ میں بڑے مستند شمار کیے جاتے ہیں طبقات الکبریٰ میں نقل کرتے ہیں کہ بعض متاخرین کا یہ مسلک تھا کہ حضرات حسنین علیہم السلام کو بباعث جزئیت بضعہ الرسول کے خلفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر فضیلت دیتے تھے چنانچہ جلال الدین سیوطی الخصائص میں امام علم الدین عراقی سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت سیدہ اور ان کے بھائی ابراہیم باتفاق سب صحابہ سے افضل ہیں امام مالک کا قول ہے ما تفضل علی بضعته من النبی صلی الله علیه وسلم احدا

(۶) تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی میں علامہ جلال السیوطی تحریر فرماتے ہیں۔ حکی الخطابی عن بعض مشائخه انه قال ابوبکر خیر۔ وعلی افضل غرضیکہ ان سب تقریروں کا ماحصل یہ ہے کہ تفضیل ظنی ہے اور اس کے ظنی ہونے پر سلف نے اتفاق کیا ہے لفضلهم علی ترتیب الخلافته قطعی نہیں ہے اور ہمارے اہل سنت و جماعت اس کے برخلاف عقیدہ رکھنے والے کو بدعتی وغیرہ سے تعبیر نہیں کر سکتے ورنہ سلف صالحین تک اس کا اثر پہنچ سکتا ہے۔

بعض لوگوں نے اس جگہ ایک اعتراض کیا ہے کہ فضیلت کے ظنی سمجھنے سے مخالفت اجماع کی لازم آتی ہے یہ روایات جو فضیلت کے ظنی ہونے کے بارہ میں نقل ہوئے ہیں شاذ ہیں۔ ان کی طرف چنداں التفات نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ حضرت

Presented by www.ziaraat.com

ابوبکر کی فضیلت پر اجماع ہو چکا ہے اور اجماع دلائل قطعیہ میں سے ہے۔ پس افضلیت کو بھی قطعی سمجھنا چاہیے۔
اس کا جواب یہ ہے کہ یہ سچ ہے کہ اجماع دلیل قطعی ہے لیکن اجماع کی تمام اقسام قطعی نہیں چنانچہ کتب اصول فقہ میں اس کا جواب مفصل بحث موجود ہے قطعی اس کو کہا جاتا ہے کہ جس میں اصلاً اختلاف نہ ہو اور جس میں اختلاف ہو (اگرچہ وہ اختلاف شاذ ہی ہو) ظنی ہے اور قطعیت کی حد سے نکل جاتا ہے۔ اگرچہ شاذ ہونے کی وجہ سے وہ خلاف چنداں قابل اعتماد بھی نہ ہو لیکن اس کا اجماع درجہ قطعیت سے گرا رہتا ہے۔
علاوہ بریں اگر اجماع ہوا بھی ہے تو اسی فضیلت پر ظنی ہوا ہے۔ اور صاحبان اجماع نے اس کی قطعیت پر حکم نہیں لگایا۔ چنانچہ ہم سابقاء ائمہ کلام مثل ابوبکر باقلانی۔ اور امام الحرمین اور حجۃ الاسلام غزالی وغیرہ کے اقوال نقل کر چکے ہیں ان کے بیانوں سے واضح ہوتا ہے کہ اس مسئلہ میں فضیلت ان کے نزدیک صفت نسبت سے محکوم بہ ہے نہ عارض حکم بعد از اجماع نہایت الامریہ ہے کہ اجماع سے ترتیب خلافت کا ثبوت ملتا ہے۔ نہ لفضلہم علی ترتیب الخلافۃ کا چنانچہ پیشتر ثابت ہو چکا ہے کہ سلف کا حضرت عثمان کے احق بالخلافت ہونے پر اجماع اور افضل ہونے پر اختلاف ہے۔ پس ثابت ہوا کہ قطعیت سے افضلیت ہرگز لازم نہیں آتی۔ طالوت ایک مومن بادشاہ اور خلیفہ وقت تھا اور دیگر انبیاء اکرام علیہم السلام اس کے عہد میں موجود تھے اور اس کے حکم کے تابع تھے۔
کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ طالوت ان انبیاء کرام علیہم السلام سے افضل تھا۔
خلاصہ کلام یہ ہے کہ محققین اہل سنت و جماعت کے نزدیک فضیلت کی اصلیت خدا کو معلوم ہے کسی کو اس پر پوری اطلاع نہیں۔
خلفاء اربعہ کی مدح و ثنا میں حدیثیں وارد ہیں۔ اور باہم متعارض ہیں اور سلف کا افضلیت کے بارہ میں اختلاف ہے۔ اور ایک بات پر اجماع قطعی نہیں ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کون افضل اور اعلیٰ ہے۔
چونکہ افضلیت سے اکثریت ثواب مراد ہے۔ اکثریت ثواب کا ثبوت صرف مخبر صادق صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی احادیث میں مل سکتا ہے اور احادیث میں تعارض واقع ہے پس جبکہ تعارض واقع ہو تو جانب اولیٰ کو ترجیح دینا چاہیے اور احادیث قوی اور ضعیف کا خیال رکھنا چاہیے۔
جناب امیر علیہ السلام کے فضائل میں جو احادیث وارد ہوئی ہیں ان کی نسبت علامہ ابن عبدالبر الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب میں بذیل ترجمہ جناب امیر علیہ السلام لکھتے ہیں۔ قال احمد بن حنبل و اسمٰعیل بن اسحاق القاضی، احمد بن علی بن شعیب النسائی و ابو علی النیشا بوری لم یرد فی **فضائل احد من الصحابۃ بالاسانید الجیاد ماروی فی فضائل علی بن ابی طالب** یعنی امام احمد بن حنبل اور قاضی اسمٰعیل بن اسحاق اور امام احمد بن علی بن شعیب النسائی اور ابو علی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہم کہتے ہیں کہ جس قدر جید سندوں کے ساتھ حدیثیں جناب علی بن ابی طالب علیہ السلام کے حق میں روایت ہوئی ہیں ویسے کسی ایک صحابی کے حق میں نہیں ہوئیں۔
اس کے ما سوا اگر جناب امیر کی خصوصیات کو دیکھا جائے اور آپ کے امور کثرت ثواب کے اسباب پر غور کیا جائے تو جناب امیر ہی افضل الناس بعد خیر البشر نظر آتے ہیں۔
لیکن اگر یہ خیال کیا جائے کہ کثرت ثواب کی وجہ سے افضل ہونا تو امر ظنی ہے تو اس خیال کے دور کرنے کے لیے ہم آپ کے اہم ترین الفضل و افعال الحمیدہ کی طرف ایک نظر ڈالتے ہیں جس سے ہمارا ظن بالکل رفع ہو جاتا ہے اور آپ کی افضلیت کا آفتاب یقین کی آنکھوں میں چمکتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

(ب) اب تتبع احوال جناب امیر سے پیشتر ہم افضلیت کی اقسام بیان کرتے ہیں ظاہر ہے کہ افضلیت باعتبار اپنے اقسام کے تین قسموں میں منحصر ہے۔ فضیلت نفسانی۔ اور فضیلت جسمانی اور فضیلت خارجی۔
ہم اس تیسرے باب میں اقسام ثلٰثہ فضیلت میں جناب امیر کی افضلیت لوگوں کو دکھائیں گے۔ پھر چوتھے باب میں ہم آپ کی خصوصیات اور اسباب کثرت ثواب کو لوگوں کی تشفی کے لیے نقل کریں گے۔
اس باب میں ہم چند امور یعنی جناب امیر کا ذکر داخل عبادت ہونا۔ اور ان کی شان میں جس قدر حدیثیں وارد ہوئی ہیں ان کی نسبت محدثین کی رائے اور جناب امیر کی مثل کسی نے اکتساب فضائل نہیں کیا۔ اور جناب امیر کے فضائل و مناقب کا لا تحصیٰ ہونا۔ اور جناب امیر کا روحانی حلیہ۔ اور جناب امیر کا جمع مدارج فضل ہونا بطور تمہید کے لکھ کر پھر ہم آپ کے فضائل نفسانی اور جسمانی اور خارجی کو تفصیل وار لکھیں گے۔

نکات

ارجح المطالب کی اس طویل ترین عبارت سے مندرجہ ذیل نکات واضح ہوئے۔

(۱) پہلے تو جناب علامہ عبیداللہ امرتسری نے افضلیت کا معیار مقرر کیا ہے اور اس میں ایک یہ معیار متعین فرمایا ہے کہ افضل وہ ہوتا ہے جو کہ جمیع صفات میں سب سے افضل ہے۔ حضرت علی علیہ السلام بے شک اس معیار کے مطابق بھی سب صحابہ سے افضل تھے۔ کیونکہ کسی بھی امر خیر میں کوئی بھی حضرت علی علیہ السلام سے افضل نہیں تھا۔

(۲) دوسرا معیار عمل واحدہ ہے یعنی کسی ایک کو ایک ایسا اعزاز حاصل ہو جائے کہ جس کا دوسرے لوگ مقابلہ نہ کر سکیں تو حضرت علی علیہ السلام کو ولادت در کعبہ، ضربت در غزوہ احزاب جیسے ایک نہیں کئی اعزازات حاصل تھے۔ جن میں کوئی بھی آپ کا مد مقابل نہیں ہو سکتا۔ آئندہ باب خصائص علی میں مفصل ذکر ہوگا۔ انشاء اللہ۔

(۳) پھر آپ نے فضیلت کا ایک معیار عطیہ خداوندی تحریر فرمایا ہے تو بے شک خدا کی طرف سے حضرت علی کی ولادت در کعبہ، علم لدنی، عصمت وغیرہ جیسے کافی اعزازات ہیں جو خود خدا نے حضرت علی کو عطا فرمائے ہیں۔ جن سے دوسرے صحابہ کرام محروم رہے۔

(۴) پھر مولف نے فضیلت جزئی کے سات مقامات تحریر فرمائے ہیں۔ بے شک حضرت علی علیہ السلام کو دیگر صحابہ کے مقابلے میں ان ساتوں مقامات پر افضلیت حاصل ہے۔

(۵) آگے چل کر لکھتے ہیں کیا کریں ہمارے اسلاف کے نزدیک پہلے درجے پر حضرت ابوبکر دوسرے پر حضرت عمر تیسرے پر حضرت عثمان اور چوتھے پر حضرت علی تھے۔ کیا کریں ہم مجبور

Presented by www.ziaraat.com

ہیں۔ ہم ان کی مخالفت کا سوچ بھی نہیں سکتے۔ یہ تو مشرکین مکہ والی بات ہوئی۔ کیا کریں محمد ہو تو تم سچے لیکن ہم اپنے بزرگوں کی مخالفت نہیں کر سکتے۔

شارح مولف جی! آپ ڈرتے کیوں ہیں چھوڑیئے بزرگوں کو تقلید اسلاف مشرکین کی دلیل تھی۔ آپ فرمایئے آپ کا تفضیل کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟ اگر آپ کے نزدیک حضرت علی علیہ السلام غیروں سے افضل ہیں تو بلا ٹوک اور واشگاف الفاظ میں اعلان فرمایئے۔

(۶) جناب آمدی فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام کے درمیان کسی کی فضیلت کے بارے میں قطعی حکم نہیں لگایا جا سکتا۔

بے چارے اہلسنّت کیا کریں' توحید پر ان کو شک' نبوت میں ان کو شک' خلافت کا پتہ تک نہیں کہ اصول میں ہے یا نہیں' اطاعت خلیفہ واجب ہے یا مستحب' تفضیل پر کوئی قطعی فیصلہ نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر اس مذہب کا بغور مطالعہ کیا جائے تو اس کی بنیاد شکوک و شبہات ہی پر نظر آتی ہے۔ اور یہ ضروری بات ہے کیونکہ ان کے رہبر خود ہمیشہ شکوک و شبہات میں گھرے رہے۔

ہم ڈنکے کی چوٹ پر کہتے ہیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سوا حضرت علی علیہ السلام تمام مخلوق سے افضل تھے۔

(۷) پھر تحریر فرماتے ہیں کہ خلفاء اربعہ کی افضلیت کی نسبت متقدمین اہلسنّت و جماعت میں مختلف مذاہب تھے۔ معلوم ہوا کہ خلفاء ثلاثہ کا حضرت علیؑ سے افضل ہونا اہلسنّت کے نزدیک مسلم نہیں ہے۔ جبکہ حضرت علی علیہ السلام کا اصحاب ثلاثہ سے افضل ہونا ہمارے نزدیک مسلم ہے۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام اصحاب ثلاثہ سے افضل ہیں۔

(۸) پھر فرماتے ہیں کہ بعض ترتیب خلافت کے مطابق تفضیل کے قائل تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پردہ فرمانے کے بعد سے مذہب اہلسنّت صاحبان اقتدار کا مرہون منت رہا۔ لہٰذا اہلسنّت کا وطیرہ رہا کہ جو بھی کرسی پر آیا اسی کو سلام چاہے یزید ہو اور جو کرسی سے دور رہا اس کی طرف توجہ نہ کی چاہے حسینؑ ہو۔ حالانکہ ضروری نہیں کہ جو کرسی پر براجمان ہو گیا وہ اس کا حقدار بھی ہو۔ وہ نیک خصال بھی ہو' وہ افضل بھی ہو' حالانکہ قرآن نے معیار افضلیت تقویٰ کو دیا ہے نہ کہ اقتدار کو۔

اہلسنّت صرف اصحاب ثلاثہ کے گن گاتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ صاحبان اقتدار تھے اور

Presented by www.ziaraat.com

حضرت سلمان فارسی اور حضرت ابوذر غفاری جیسے درویش صفت انسانوں کا نام تک نہیں لیتے کیونکہ یہ لوگ صاحبان اقتدار نہیں تھے۔

اگر اصحاب ثلاثہ صاحبان اقتدار نہ ہوتے تو پھر اہلسنت کے نزدیک یہ حضرات گنتی ہی میں نہ ہوتے۔ اب چونکہ یہ اقتدار میں آگئے لہٰذا آیت ان کی طرف منسوب کر دیں۔ ہزاروں احادیث وضع کر کے ان کی طرف منسوب کر دیں۔

ایک طرف تو بعض لوگ حضرت علیؑ کو خدا تک کہہ گئے (جو کہ ہمارے نزدیک بالکل غلط عقیدہ ہے) دوسری طرف یہ کتنا ظلم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کا حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان سے مقابلہ کیا جا رہا ہے۔ حالانکہ جو حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک کے انبیاء کرام کا مشکل کشا رہا ہو اس کا یہ لوگ کیسے مقابلہ کر سکتے ہیں۔

(۹) پھر فرماتے ہیں البتہ حضرت عثمان کے حضرت علی علیہ السلام سے افضل ہونے پر بعض لوگوں نے اختلاف کیا ہے۔ بھائی پہلے کون سا اتفاق تھا جو یہاں آکر اختلاف ہو گیا۔ بھائی ریت کی دیوار کب تک قائم رہ سکتی ہے۔ چونکہ اہلسنت کی بنیاد فضائل و مناقب کے بجائے اقتدار پر ہے جیسے اقتدار کو دوام نہیں ویسے ان کے عقائد کو استقلال نہیں۔

(۱۰) عبدالرزاق فرماتے ہیں کہ اگر کوئی حضرت علی علیہ السلام کو حضرت ابوبکر سے افضل سمجھے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

(۱۱) امام تاج الدین سبکی کے نزدیک بعض متاخرین کا یہ مسلک تھا کہ وہ حضرات حسنین علیہما السلام کو بباعث جزئیت بضعۃ الرسول کے خلفاء پر فضیلت دیتے تھے۔

(۱۲) سیوطی الخصائص میں امام علم الدین عراقی سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت فاطمۃ الزہراء اور ان کے بھائی حضرت ابراہیم علیہ السلام باتفاق سب صحابہ سے افضل ہیں۔

اہلسنت کی بھی سمجھ نہیں آتی یا تو حضرات ثلاثہ کو حضرت علی علیہ السلام سے افضل کہہ رہے تھے یا حضرت علی کے فرزندان اور ان کی زوجہ کو ان سے افضل کہہ دیا۔ بھائی جب یہ ان سے افضل ہے تو ان کے مولا چوتھے نمبر پر کیسے آگئے۔ یار آپ سے تو وہ ملنگ ہی اچھا ہے جو قریہ قریہ بستی بستی صبح و شام اعلان کرتا پھر رہا ہے کہ

دما دم مست قلندر علی کا پہلا نمبر

(۱۳) آخر میں نتیجہ یہ نکالتے ہیں۔ ان سب تقریروں کا حاصل یہ ہے کہ تفضیل ظنی ہے اور

Presented by www.ziaraat.com

اس کے ظنی ہونے پر سلف نے اتفاق کیا ہے کہ ترتیب خلافت کے حساب سے تفضیل قطعی نہیں۔

جب تفضیل پر کوئی قطعی فیصلہ نہیں تو اس کمزور عقیدہ کی وجہ سے قطعی عقیدے والوں کو کافر کس بنیاد پر کہا جا رہا ہے۔

(۱۴) پھر ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ایک عمدہ بات تحریر فرماتے ہیں کہ طالوت ایک مومن بادشاہ اور خلیفہ وقت تھا اور دیگر انبیاء علیہم السلام اس کے عہد میں موجود تھے اور اس کے حکم کے تابع تھے۔ کیا کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ حضرت طالوت ان انبیاء کرام سے افضل تھے۔ معلوم ہوا اقتدار تفضیل کی دلیل نہیں۔

(۱۵) خلفاء اربعہ کی مدح و ثناء میں حدیثیں وارد ہوئی ہیں اور وہ باہم متعارض ہیں۔ اور سلف کا افضلیت کے بارے میں اختلاف ہے۔ اور اس بات پر اجماع نہیں ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کون افضل اور اعلیٰ ہے۔

(۱۶) آخر میں جناب عبید اللہ امرتسری تفضیل علی علی اصحاب ثلاثہ پر کھل کر تحریر فرماتے ہیں۔

مسعودی کا فیصلہ

وہ امور جن کی فضیلت سے جناب رسول خدا کے اصحاب کی فضیلت کے مستحق ہوتے تھے یہ تھے سبقت ایمانی، ہجرت و رسول خدا کی نصرت، آپ سے قرابت، قناعت، اپنی جان کو رسول خدا کے اوپر نثار کرنا، قرآن اور اس کی تنزیل کا علم، جہاد فی سبیل اللہ، زہد و ورع مقدمات فیصل کرنے کی قابلیت، حکمت عفت اور علم علی ابن ابی طالبؑ کو ان سب امور میں سے تمام صحابہ سے زیادہ حصہ ملا ہوا تھا۔

اور تمام دیگر صحابہ سے وہ ان امور میں افضل تھے۔ جیسا کہ جناب رسول خداؐ کے ان اقوال سے ظاہر ہوتا ہے۔ جب جناب رسول خدا نے مسلمانوں سے فرمایا کہ تم میرے اخی ہو۔ اور ظاہر ہے کہ جناب رسول خدا کا نظیر و مثیل سوائے علیؑ کے اور کوئی شخص نہ تھا۔ اسی طرح یہ قول کہ تم میرے ساتھ وہی منزلت رکھتے ہو جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی۔ سوائے اس کے

Presented by www.ziaraat.com

میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور نیز آپ کا یہ قول کہ جس کا میں مولا ہوں۔ اس کا علی مولا ہے خداوندا دوست رکھ اس کو جو علیؑ کو دوست رکھے۔ اور دشمن رکھ اس کو جو علی کو دشمن رکھے اور نیز آپ کی دعا کہ جب آپ کی خدمت میں بھنا ہوا طائر پیش کیا گیا کہ خداوندا اس وقت اس شخص کو میرے پاس بھیج جو تیری تمام مخلوق میں تجھ کو سب سے زیادہ محبوب ہو تاکہ وہ میرے ساتھ یہ طائر کھائے' پس علی علیہ السلام آئے آخر حدیث تک پس یہ اور ایسے ہی دیگر فضائل ہیں جو کسی اور صحابی میں جمع نہیں ہوئے اور علیؑ میں بدرجہ اتم سب موجود تھے۔ (مروج الذہب ص ۳۰۱)

نکات

(۱) مشہور مورخ مسعودی نے بھی فیصلہ فرما دیا کہ اوصاف حمیدہ میں کوئی بھی صحابی حضرت علیؑ کا ہم پلہ نہیں تھا اور حضرت علیؑ تمام صحابہ سے ان امور میں افضل تھے۔

(۲) اس کے بعد موصوف حضرت علی علیہ السلام کی عظمت پر دلالت کرنے والی چند احادیث تحریر فرماتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

کہ یہ ایسے فضائل ہیں جو کسی اور صحابی میں جمع نہیں ہوئے اور حضرت علی علیہ السلام میں یہ بدرجہ اتم سب موجود تھے۔

اسد اللہ کے ص ۳۵ پر منشی نذیر احمد سیماب مبلغ امریکہ تحریر فرماتے ہیں۔ آپ کی شان نہایت اعلیٰ و ارفع ہے۔ حضرات شیعہ تو جناب امیر علیہ السلام کو بعد از سید انس و جان' باعث کون و مکان جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم' جملہ مخلوق سے افضل و اعلیٰ گردانتے ہیں۔ لیکن علماء اہلسنت والجماعت کا اس امر میں اختلاف ہے کہ بعد سید المرسلین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کون افضل ہے اکثر لوگ تو ترتیب خلافت کے لحاظ سے افضلیت گردانتے ہیں۔ بعض لوگ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کو افضل سمجھتے ہیں اور حضرت عثمان اور حضرت علیؑ کو برابر سمجھتے ہیں۔ بعض لوگ حضرت عثمانؓ پر حضرت علیؑ کو ترجیح دیتے ہیں۔ ہمارے خیال میں ترتیب خلافت کے لحاظ سے فضیلت دینا لازم نہیں ہے۔ کیونکہ تاریخ عالم کا مطالعہ کرنے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اکثر نبی اپنے اپنے بادشاہان وقت کے ماتحت تھے۔ لیکن کوئی

Presented by www.ziaraat.com

شخص ان بادشاہوں کو اللہ کے نبیوں پر فضیلت نہیں دے سکتا۔ مثال کے طور پر طالوت بادشاہ کو ہی لیجئے جو ایک مومن اور دیندار بادشاہ وقت تھا لیکن حضرت داؤد علیہ السلام اور دیگر انبیاء علیہم السلام اس کے زیر فرمان تھے۔

حضرت علیؑ کے فضائل بے شمار ہیں

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان البحر مدادا و لا شجارا قلاما و الانس کتابا و الجن حسابا ما احصو فضائک یا ابا الحسن (اخرجہ الدیلمی) ابن عباس سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ اگر تمام دریا سیاہی اور درخت قلم اور انسان کاتب اور جن محاسب بن جائیں تاہم اے ابو الحسن تیرے فضائل کو شمار نہ کر سکیں گے۔

ارجح المطالب ص ۱۲ سطر ۴

مناقب خطیب خوارزمی ص ۲ سطر ۱۱' ص ۲۳۵ سطر ۱۱' کفایت الطالب ص ۱۲۳' لسان المیزان جلد ۵ ص ۶۲ سطر ۵' ینابیع المودت ص ۹۹ سطر ۲۱' ص ۲۰۰ سطر ۷' احسن الانتخاب ص ۲۴ سطر ۴' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۱۳ سطر ۹' شرح حدیدی جلد ۱ ص ۵ سطر آخر' اسعاف الراغبین ص ۱۳۶ سطر ۵' صواعق محرقہ ص ۱۳۳ سطر ۴۔

روایت حضرت عمر

عن عمر بن خطاب قال قال رسول اللہ لعلی لو کان البحر مدادا و الریاض اقلاما و الانس کتابا و الجن حسابا ما احصوا فضائلک یا ابا الحسن

حضرت عمر بن خطاب فرماتے ہیں کہ جناب رسول خدا نے فرمایا اے علیؑ کہ اگر تمام سمندر سیاہی بن جائیں اور تمام باغ قلم بن جائیں اور تمام انسان کاتب بن جائیں اور تمام جن حساب کریں تو بھی اے ابو الحسنؑ تمہارے فضائل کو شمار نہ کر سکیں گے۔ (مودۃ القربیٰ ص ۵۱ سطر ۱۲)

روایت حضرت عبداللہؓ

عن سعید بن جبیر قال قلت لا بن عباس و اسئلک عن اختلاف الناس فی علی قال یا جبیر تسالنی عن رجل کانت لہ ثلاثۃ الاف منقبۃ فی لیلۃ واحدۃ وھی لیلۃ القربۃ فی و

قلیب بدر سلم علیہ ثلاثۃ الاف من الملائکۃ من عند ربھم و تساء لنی عن وصی رسول اللہ و صاحب حوضہ و صاحب لوائہ فی المحشر و الذی نفس عبداللہ بن عباس بیدہ لو کانت البحار مدادا و اشجارھا اقلاما و اھلھا کتابا لکتبوا مناقب علی بن ابی طالب و فضائلہ ما احصوھا

سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عباس کی خدمت میں عرض کیا کہ لوگ علیؑ کے بارے میں اختلاف کیوں رکھتے ہیں۔ کہا اے جبیر کے بیٹے تم نے مجھ سے ایسے شخص کے متعلق دریافت کیا (یعنی علی) جس کے لئے ایک رات میں تین ہزار فضائل ہیں۔ یہ چاہ بدر کی قربت کی رات تھی۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تین ہزار فرشتے آئے اور علیؑ پر سلام کیا۔ تم مجھ سے رسول اللہ کے وصی، آپ کے حوض کے نگران اور محشر میں آپ کے علم کو اٹھانے والے کے متعلق دریافت کرتے ہو، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں عبداللہ بن عباس کی جان ہے اگر تمام دنیا کے سمندر سیاہی میں تبدیل ہو جائیں اور تمام دنیا کے درخت قلموں کی صورت اختیار کر لیں اور اس کے رہنے والے لکھنے پڑھنے لگ جائیں اور وہ علی بن ابی طالب کے فضائل لکھنا شروع کر دیں تو بھی علیؑ کے فضائل اور مناقب کا احاطہ نہ کر سکیں گے۔

اردو ص ۱۹۰ سطر ۲۰، کوکب دری ص ۴۹۸ سطر ۲۰

کوکب دری ص ۴۹۸ سطر ۲۰ پر تحریر ہے۔

احسن الکبار میں منقول ہے کہ بدر کی رات میں تین ہزار فضیلتیں امیر المومنین کرم اللہ وجہہ کو حاصل ہوئیں۔ منجملہ ان کے ایک یہ ہے۔ کہ جب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تین سو پانچ اصحاب کو ہمراہ لے کر بدر میں فروکش ہوئے۔ اور کفار قریش بھی حضرت کے ساتھ لڑنے کے لئے وہاں اترے۔ جب رات ہوئی تو حضرت کے لشکر گاہ میں پانی موجود نہ تھا۔ اصحاب کو پانی کی ضرورت ہوئی۔ آنحضرتؐ نے تین دفعہ فرمایا کوئی مرد ایسا ہے جو پانی لائے اور تینوں دفعہ امیر المومنینؑ کے سوا کسی نے جواب نہ دیا۔ آخرکار رسولؐ کی اجازت کے بعد مشک اٹھائی۔ اور اس نواح میں ایک کنواں تھا۔ جو بہت دور اور سخت تاریک تھا اور دن میں بھی اس سے پانی لینا محال معلوم ہوتا تھا۔ آپ اس کنویں میں اترے۔ اور مشک بھر کر جب اوپر آئے تو ایک تند ہوا چلی۔ اور سارا پانی گر گیا۔ جب دوبارہ پانی بھر کر لائے تو بھی ہوائے تند نے گرا دیا۔ اور تین دفعہ ایسا ہی واقع ہوا۔ جب چوتھی دفعہ پانی لے کر باہر آئے تو ہوا نہ تھی۔ آخر رسول

Presented by www.ziaraat.com

خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر سارا قصہ بیان کیا۔ فرمایا اے بھائی! پہلی ہوا تو جبرئیل علیہ السلام تھے کہ ہزار فرشتہ ہمراہ لے کر تم کو سلام کیا۔ اور دوسری میکائیل تھے جس نے ہزار فرشتوں کے ہمراہ تمہیں سلام کیا۔ اور تیسری دفعہ اسرافیل نے ہزار فرشتوں کے ہمراہ تمہیں سلام کیا۔ اور تمہاری تین ہزار منقبتیں بیان کیں۔ اور پانی تین دفعہ اس لئے گرایا گیا کہ تمہاری شجاعت کو آزمائیں کہ کس درجہ کی ہے۔

مولف عرض کرتا ہے کہ اس قصہ کو ابو سفیان ثوری نے اسانید صحیحہ سے روایت کیا ہے۔

منقبت

نیز اسی کتاب میں اسناد طویل کے ساتھ عبداللہ بن ابی لیلی رحمتہ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ ایک روز ایک جن نے رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی۔ کہ یا رسول اللہ اپنے کسی صحابی کو ہماری قوم میں بھیج دیجئے تاکہ ہم کو قرآن کی تعلیم دے۔ سید المرسلینؐ نے امیر المومنین کرم اللہ وجہہ کو جانے کا حکم دیا اور شیخین عثمان اور ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہم کو بھی آپ کے ہمراہ کیا۔ اور فرمایا کہ بات نہ کرنا کہ نقصان ہو گا۔ جب امام انس و جان رسول ذوالمنن کو ہمراہ لے کر روانہ ہوئے تو ایک ایسے مقام پر پہنچے جو کانٹوں اور کوڑے کرکٹ سے اس قدر بھرپور تھا کہ چڑیا کو بھی گزرنا ممکن نہ تھا۔ پس امیر المومنین کی اجازت سے اول تو ابو بکرؓ نے آگے جا کر سلام کیا۔ بعد ازاں ابوذر غفاری اور عمرؓ بن خطاب رضی اللہ عنہم نے آگے بڑھ کر سلام کیا۔ مگر کسی نے ان کے سلام کا جواب نہ دیا۔ جب امیرؑ نے آگے بڑھ کر سلام کیا تو ہر طرف سے علیک السلام و رحمتہ اللہ و برکاتہ کی صدائیں بلند ہوئیں۔ اور کانٹے اور کوڑا کرکٹ بھی ایک دم صاف ہو کر ایک تخت نمودار ہوا۔ امیر المومنینؑ نے اس تخت پر جلوس فرمایا اور ہماری نظروں سے غائب ہو گئے۔ اصحاب آنجنابؐ کی کثرت محبت کی وجہ سے محزون و غمگین ہوئے۔ اور کہنے لگے۔ افسوس کہ جن علی کو لے گئے۔ اسی اثناء میں امیر المومنینؑ ان کو قرآن کی تعلیم دے کر باہر آئے۔ اور اصحاب کو ہمراہ لے کر جناب رسالت مابؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آنحضرتؐ نے تمام صحابہ سے فرمایا۔ تم نے وہاں جا کر بات کی۔ حالانکہ میں نے منع کر دیا

Presented by www.ziaraat.com

تھا۔ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ جب علی ہماری نظروں سے غائب ہو گئے۔ تو ہم ان کی جدائی میں مکدر و محزون ہو کر ڈر گئے تھے۔ فرمایا حق علی کے ساتھ ہے۔ جہاں کہ وہ ہو۔ اور وہ خدا و رسول کے سوا اور کسی شخص سے خوف و ہراس نہیں رکھتا۔

منقبت: نیز کتاب مذکور میں باسناد طویل امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے۔

روایت ابن عباس

عن مجاہد سال رجل من ابن عباس سبحان اللہ ما اکثر فضائل علی و انی ظنها ثلثة الاف فقال له ابن عباس هی ثلاثین الف اقرب من ثلاثة الاف ثم قال ابن عباس لو کان الشجر اقلام و البحور مداد و الانس کتاب و الجن حساب ما احصوا الفضائل علی بن ابی طالب (اخرجه سبط ابن الجوزی) مجاہد کہتے ہیں ابن عباسؓ سے ایک شخص نے کہا۔ سبحان اللہ جناب امیر کے فضائل کتنے بہت ہیں میرا خیال ہے کہ تین ہزار ہوں گے ابن عباس نے کہا تین ہزار تو کیا تیس ہزار کے قریب ہوں گے پھر ابن عباس کہنے لگے اگر دنیا کے تمام درخت قلم بن جائیں اور سمندر سیاہی بن جائیں اور انسان لکھنے والے اور جن حساب کرنے والے ہوں تو بھی علی کے فضائل کو احصی نہیں کر سکیں گے۔

ارجح المطالب ص ۲۳ سطر ۱۱ کفایۃ الطالب ص ۱۲۵ میزان الاعتدال جلد ۱ ص ۲۸۴ ینابیع المودت ص ۹۹ سطر ۱۵

روایت حضرت علیؑ

عن علی بن الحسین عن ابیه عن جده امیر المومنین علی بن ابی طالب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اللہ تعالی جعل لاخی فضائل لا تحصی کثرة فمن ذکر فضائلته مقرا بها غفر اللہ له ما تقدم من ذنبه و ما تاخر من کتاب فضیلة من فضائله لم تزل الملائکة تستغفر لما بقی لتلک الکتابة رسم و من استمع الی فیضلته من فضائله غفر اللہ له الذنوب التی اکتسبها لاستماع و من نظر الی فضیلة من فضائله غفر اللہ له الذنوب التی اکتسبها بالنظر الی علی بن ابی طالب عبادة و ذکر ها عبادة و لا یقبل اللہ ایمان عبد الا بو لایته علی و البراءة من اعدائه (اخرجه الخوارزمی و محمد بن یوسف الکنجی الشافعی و الحافظ الهمدانی فی مناقب جناب زین العابدین اپنے والد ماجد جناب امام حسینؑ سے اور وہ ان کے جد امجد امیر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد کیا کہ پروردگار عالم نے میرے بھائی علی کے فضائل اس قدر بنائے ہیں جن کی کثرت کا احصی نہیں ہو سکتا پس جو شخص اس کے فضائل میں سے کسی ایک فضیلت کو اقراری ہو کر لکھے اللہ اس کے اگلے پچھلے گناہ بخش دے گا۔ اور جو شخص اس کے فضائل میں سے کسی ایک فضیلت کو لکھتا ہے جب تک کہ وہ لکھتا رہتا ہے فرشتے اس کے گناہوں کے لیے خدا سے مغفرت مانگتے رہتے ہیں اور جو شخص کہ اس کے فضائل میں سے کسی ایک فضیلت کو سنتا ہے خدا تعالی اس کے وہ گناہ جو کہ اس نے اپنے کانوں سے بذریعہ ناجائز کلام سننے کے کیے ہیں بخش دیتا ہے۔ اور جو شخص کہ اس کے فضائل میں سے کسی ایک فضیلت کی طرف نگاہ کرتا ہے

Presented by www.ziaraat.com

تو خدا تعالٰی اس کے وہ گناہ جو کہ اس نے اپنی آنکھوں سے بذریعہ ناجائز نگاہ کرنے کے کیے ہیں بخش دیتا ہے پھر ارشاد کیا کہ علی ابن ابی طالب کی طرف دیکھنا عبادت ہے اور اس کا ذکر خدا کی بندگی ہے۔ خدا تعالٰی کسی مومن کے ایمان کو قبول نہیں کرتا مگر علی کی دوستی اور اس کے دشمنوں کے بے زار ہونے کی وجہ تنبیہہ علی العموم فضائل تین قسم پر ہیں۔ فضائل نفسانی۔ جسمانی اور فضائل خارجی۔ فضائل نفسانی سے وہ فضائل مراد ہیں جن کا تعلق نفس ناطقہ انسانی سے ہوتا ہے جن کو اخلاق حسنہ سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اصل اصول فضائل وہی ہیں انہیں کی وجہ سے انسان رتبہ بہیمی سے درجہ ملکوتی حاصل کرتا ہے فضائل جسمانی سے وہ فضائل مراد ہیں جن کا تعلق انسان کے جسم کے ساتھ ہوتا ہے جیسے جسم کا سڈول ہونا جس کو حسن اور خوبصورتی سے تعبیر کیا جاتا ہے اور قوت بدن وغیرہ۔

فضائل خارجی سے وہ فضائل مراد ہیں جن کا تعلق انسان کی روح سے ہوتا ہے اور نہ جسم سے بلکہ انسان کے جسم و جان سے الگ ایسے اسباب انسان کے لیے فراہم ہو جاتے ہیں جن کی وجہ سے وہ اپنے ہم جنسوں سے افضل سمجھا جاتا ہے جیسے حسب و نسب کا کھرا پن۔ قرابت کا اچھا ہونا۔ اولاد کا صالح ہونا۔ بیوی کا نیک ملنا۔ قبل اس کے کہ ہم جناب علیہ السلام کے فضائل نفسانیہ کے لکھنے کو شروع کریں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم آپ کی روحانی تصویر جس کو روحانی حلیہ بھی کہا جا سکتا ہے لوگوں کی نگاہوں میں جلوہ کریں آپ کا جسمانی حلیہ فضائل جسمانیہ میں لکھا جائے گا۔

ارجح المطالب ص ۱۲۳ سطر آخر' ینابیع المودت ص ۱۹۰ سطر ۱۰' مناقب خوارزمی ص ۲۵ سطر ۱۲'

کفایت الطالب ص ۱۲۳' لسان المیزان ص ۶۲ جلد ۵ سطر ۱۰

عن ابی الطفیل۔ قال قال بعض الصحابۃ لقد کان لعلی من السوابق ما لو قسمت سابقۃ منها بین الناس لو سعتھم خیرا"

ابو طفیل سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ بعض صحابہ نے کہا کہ حضرت علیؑ کے فضائل اتنے ہیں اگر انہیں ایک ایک لوگوں میں تقسیم کر دیا جائے تو لوگوں کو کافی حد تک بھلائی پہنچ جائے۔ (ینابیع اردو ص ۱۹۱' ینابیع عربی ص ۹۱۰ سطر ۲۱)

شواہد التنزیل ص ۲۱ سطر ۱' صواعق محرقہ ص ۱۳۳ سطر ۴' اصابہ ص ۱۲۹ سطر ۴۔

ان المنصور الدوانقی العباسی حال خلافتہ قال یا سلمان اخبر نی کم من حدیث ترویہ فی فضائل علی ابن ابی طالب قلت یسیرا" قال و یحک لم تحفظ قلت عشرۃ الاف حدیث او الف حدیث فلما قلت او الف حدیث استقلھا فقال و یحک یا سلمان بل عشرۃ الاف حدیث کما قلت اولا

منصور دوانقی نے اپنی خلافت کے زمانہ میں کہا اے سلمان مجھے اس بات سے آگاہ کرو کہ علی ابن ابی طالبؑ کے فضائل میں کتنی احادیث بیان ہوئی ہیں۔ منصور نے کہا تم پر افسوس ہے تم نے کتنی احادیث یاد کی ہیں۔ میں نے عرض کیا دس ہزار احادیث یا ایک ہزار حدیث۔ جب میں نے ایک ہزار احادیث کہا تو منصور نے ان احادیث کو کم تصور کرتے ہوئے کہا اے سلمان

Presented by www.ziaraat.com

تمہارے لئے ہلاکت ہو پہلے تو تم نے کہا تھا علی کے فضائل میں دس ہزار احادیث بیان ہوئی ہیں۔ (ینابیع المودت اردو ص۱۹۰، ینابیع المودت ص۹۹ سطر۱۸)

روایت ابو عبد الرحمان

حضرت ابو عبد الرحمان کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت عائشہ سے درخواست کی کہ وہ ہمارے لئے حضرت علی علیہ السلام کے فضائل بیان فرمائیں تو انہوں نے فرمایا کہ میں کیا بیان کروں حضرت علی علیہ السلام کے فضائل تو لاتعداد ہیں۔ (الاصابہ جلد۲ ص۱۲۹، شواہد التنزیل جلد۱ ص۲۱)

عن احمد بن حنبل قال رایت رسول الله فی النوم فقال لی یا احمد هلکت قول الشافعی محمد بن ادریس عن حدیثی من حفظ من امتی اربعین حدیثا من السنته کنت له شفیعا یوم القیامت ما عرفت ان فضائل اهل بیتی من السنت

امام احمد بن حنبل سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول خدا کو خواب میں دیکھا۔ حضرت نے فرمایا اے احمد تو محمد بن ادریس شافعی کے اس قول میں ہلاک ہو گیا کہ اس نے میری اس حدیث کو بیان کیا جو کوئی میری امت میں سے میری سنت کی چالیس حدیثیں حفظ کرے گا قیامت کے دن میں اس شخص کی شفاعت کروں گا۔ تو یہ نہ سمجھا کہ میری اہل بیت کے فضائل میری سنت میں داخل ہیں۔ (مودت القربیٰ ص ۳۴ سطر۲)

فرشتے آتے ہیں

مودت القربیٰ ص ۳۲ سطر۱۰ پر تحریر ہے۔

عن عائشته بنت عبدالله بن عاصمی التمیمی بمدینه رسول الله و کانت مجاورة بها قالت حدثنی ابی عن وائل عن نافع عن ام سلمہؓ انها قالت سمعت رسول الله یقول ما من قوم اجتمعوا یذکرون فضائل محمد و آل محمد الاهبطت الملئکته من السماء حتی الحقوابهم بحدیثهم فلما تفرقوا عرجتْ الملئکته الی السماء فیقول لهم الملئکته الاخرانا نشم رائحته"

Presented by www.ziaraat.com

منکم ما شممنا رایحته" اطیب منها فیقولون انا کنا عند قوم یذ کرون فضل محمد و آل محمد نهظرون من ریحمهم فیقولون اهبطوا بنا الیهم فیقولون انهم قد تفرقوا فیقولون اهبطونا الی المکان الذی کانوا فیه عائشہ دختر عبداللہ بن عاصمی تمیمی جو مدینہ رسول خدا میں مجاور تھی، بیان کرتی ہے۔ کہ مجھ سے میرے باپ نے بیان کیا۔ اور اس نے اوائل سے اور اوائل نے نافع سے اور نافع نے ام سلمہ زوجہ رسولؐ خدا سے روایت کی ہے کہ ام سلمہ کہتی ہیں کہ میں نے رسول خدا سے سنا ہے۔ کہ جب لوگ فضائل محمدؐ و آل محمدؐ کا ذکر کرنے کے لئے جمع ہوتے ہیں۔ تو فرشتے آسمان سے اترتے ہیں۔ اور اس ذکر میں ان کے ساتھ شامل ہوتے ہیں۔ جب وہ لوگ فارغ ہو کر چلے جاتے ہیں تو وہ فرشتے آسمان کی طرف پرواز کرتے ہیں۔ تب اور فرشتے ان فرشتوں سے کہتے ہیں۔ ہم تم سے ایسی خوشبو سونگھتے ہیں کہ اس سے پاکیزہ خوشبو ہم نے کبھی نہیں سونگھی۔ وہ فرشتے جواب دیتے ہیں۔ کہ ہم ایسے لوگوں کے پاس موجود تھے جو فضائل محمدؐ و آل محمدؐ کا ذکر کرتے تھے۔ پس ان کی بوئے خوش سے ہم معطر ہو گئے۔ یہ بات سن کر وہ فرشتے ان سے کہتے ہیں کہ ہم کو بھی وہاں لے چلو۔ وہ جواب دیتے ہیں کہ وہ لوگ وہاں سے چلے گئے۔ تب وہ فرشتے کہتے ہیں۔ کہ ہم کو اس مکان ہی میں لے چلو جہاں وہ موجود تھے۔ (اور ذکر فضائل محمدؐ و آل محمدؐ کرتے تھے۔)

کسی کی شان میں اتنا قرآن نازل نہیں ہوا

عن ابن عباس ما نزل فی احد من کتاب اللہ ما نزل فی علی (اخرجہ ابن عساکر۔ و ابن مردویہ) ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ خدا کی کتاب میں جس قدر آیتیں جناب علیؑ کی شان میں نازل ہوئی ہیں اس قدر کسی کی شان میں نازل نہیں ہوئیں۔

ارجح المطالب ص۵۹ سطر۷، صواعق محرقہ ص۱۲۷ سطر۱۱، تاریخ الخلفاء ص۱۲۱ سطر۱، اصابہ جلد۲ ص۵۰۱، صواعق محرقہ ص۱۲۷ سطر۱۱، تاریخ الخلفاء ص۱۲۱ سطر۱، الکواکب الدریہ ص۳۹، مطالب السئول ص۱۰۶ سطر۱۰، مناقب عینی ص۴۸، فتح الباری جلد۷ ص۶۱ سطر۳، المستدرک جلد۳ ص۱۰۷ سطر۱۴، الشرف المئوبد ص۵۷ سطر۷، وسیلتہ النجات ص۶۷، سیرت دحلانیہ جلد۲ ص۲۰۷، شواہد التنزیل جلد۱ ص۳۱، فیض القدیر جلد۴ ص۳۵۵ سطر۳، کوکب دری ص۱۱۹ سطر۹، تفریح الاحباب ص۳۵۱ سطر۱۵، البدایہ و النہایہ جلد۷ ص۳۵۸ سطر۵، تاریخ کامل جلد۳ ص۲۰۰ سطر۳۲، الریاض جلد۲ ص۲۱۳ سطر۹، نور الابصار ص۷۲ سطر۷، اسعاف الراغبین ص۱۲۸ سطر۲۴

Presented by www.ziaraat.com

زیادہ آیات ان کی شان میں ہیں

ارجح المطالب ص۵۹ سطر آخر' شواہد التنزیل جلد۱ ص۴۳' ینابیع المودت ص۱۹۶' کوکب دری ص۱۱۸' حبیب السیر جلد۲ ص۱۳۔

ذکر علیؑ ہمیشہ بخیر آیا ہے

عن ابن عباس قال ما انزل یا ایھا الذین امنو۔ الا علی امیر ھا و شریفھا و لقد عاتب اللہ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم و ما ذکر علیا الا بخیر (اخرجہ احمد و الطبرانی و ابن حاتم و ابن عبد البرقی الا ستیعاب و علامہ ابن حجر فی الصواعق) ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس آیت میں اللہ تعالی نے لوگوں کو یا ایھا الذین امنو کے خطاب سے مخاطب فرمایا ہے علی اس خطاب کے امیر اور شریف ہیں۔ خدا تعالی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب پر بعض مقام میں عتاب کیا ہے مگر علی کا ذکر خیر کے ساتھ ہی کیا ہے۔

ارجح المطالب ص۵۹ سطر۱' الریاض النضرہ جلد۲ ص۲۰۷' الصواعق المحرقہ ص۱۲۷ سطر۹' شواہد التنزیل جلد۱ ص۲۱' تاریخ دمشق جلد۲ ص۴۲۸' منال الطالب ص۹۱' تفریح الاحباب ص۳۵' مناقب خوارزمی ص۱۹۸ سطر۳' ص۱۸۸ سطر۶' نہایت العقول ص۱۹۶' مطالب السئول ص۷۴' کنز العمال جلد۶ ص۱۵۳' حدیث ۲۵۳۸' وسیلتہ النجات ص۶۲' منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۱-۳۸' حلیتہ الاولیاء جلد۱ ص۶۴' ذخائر العقبیٰ ص۸۹' کفایتہ الطالب ص۵۴' تذکرۃ الخواص ص۱۹' مجمع الزوائد ص۱۱۲ جلد۹ سطر۹' تاریخ الخلفاء ص۶۶' حبیب السیر جلد۲ ص۱۳' کوکب دری ص۱۱۹۔

حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ قرآن میں کوئی آیت خطاب یا ایھا الذین امنوا نازل نہیں ہوئی کہ امیر المومنین اس آیت کے امیر نہ ہوں۔ یعنی امیر اس خطاب کے افضل اصحاب میں سے ہیں۔ (کوکب ص۱۳۹ سطر۵)

روایت حضرت حذیفہ

عن حذیفہ رضی اللہ تعالی عنہ قال ما نزلت یا ایھا الذین امنو الا کان علی لبھا و لبا بھا (اخرجہ ابوبکر بن مردویہ) حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید کی کسی آیت میں یا ایھا الذین امنو نازل نہیں ہوا مگر علی اس کے لب لباب تھے۔

ارجح المطالب ص۵۹ سطر۶' حبیب السیر جلد۲ ص۱۳' شواہد التنزیل جلد۱ ص۴۸' کوکب دری ص۱۱۹ سطر ۲ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

تین سو آیات در شان علیؑ

(۸) عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال نزلت فی علی ثلثمائۃ ایۃ (اخرجہ ابن عساکر) ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب امیر علیہ السلام کی شان میں تین سو آیتیں نازل ہوئی ہیں۔

ارجح المطالب ص۶۰ سطر۴' مناقب عینی ص۵۳' مقاصد الطالب ص۱۰' وسیلۃ النجات ص۶۷' سیرت دحلانیہ جلد۲ ص۲۰۷' مراۃ المومنین ص۲' تفریح الاحباب ص۳۵' صواعق محرقہ ص۲۷ سطر۱۲' کفایۃ الطالب ص۳۵۱ سطر۱۶' حبیب السیر جلد۲ ص۱۳' ینابیع المودت ص۱۰۳ سطر۱۱' تاریخ الخلفاء ص۱۲۱ سطر۲' البدایہ جلد۷ ص۳۵۸ سطر۶' نور الابصار ص۷۲ سطر۸' اسعاف الراغبین ص۱۲۸ سطر آخر۔

چوتھائی قرآن

(۴) عن علی قال نزل القران ارباعا۔ فربع فینا و ربع فی عدو نا۔ و ربع سیر و امثال۔ وربع فرائض و احکام و لنا کرائم القرن (اخرجہ ابوبکر بن مردویہ) جناب امیر علیہ السلام سے مروی ہے کہ قرآن مجید چار حصوں میں نازل ہوا ہے پس اس کا ایک ربع ہماری شان میں ہے اور اس کا ایک ربع ۱/۴ ہمارے دشمنوں کے حق میں ہے اور ایک ربع میں قصص اور امثال ہیں۔ اور ایک ربع میں فرائض اور احکام ہیں اور ہماری شان میں قرآن مجید کی بزرگ آیتیں ہیں۔

ارجح المطالب ص۵۹ سطر آخر' مناقب ابن مغازلی ص۳۲۸ سطر آخر' شواہد التنزیل جلد۱ ص۴۳' ینابیع المودت ص۱۰۳ سطر۱۲' کوکب دری ص۱۱۸' حبیب السیر ص۱۳ جلد۲۔

آیات در شان علیؑ

حضرت عبدالرحمان بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ تحقیق حضرت علیؑ کی شان میں ایسی ایسی آیات نازل ہوئیں جس میں کوئی بھی امتی آپ کا شریک نہیں۔ (شواہد التنزیل جلد۱ ص۴۳)

ستر آیات

حضرت مجاہد کہتے ہیں کہ حضرت علیؑ کی شان میں ستر آیات نازل ہوئی ہیں۔ (ارجح المطالب ص۶۰ سطر۸' شواہد التنزیل جلد۱ ص۴۰)

Presented by www.ziaraat.com

عن مجاہد رحمتہ اللہ علیہ قال نزل فی علی سبعون اٰیۃ (اخرجہ ابوبکر مردویہ) مجاہد رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جناب امیر علیہ السلام کے حق میں ستر آیتیں اتری ہیں۔

جتنا اکتساب فضائل علیؑ نے کیا ہے

عن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اکتسب مکتسب مثل فضائل علی یھدی صاحب الی الھدی و یردہ عن الردی (اخرجہ الطبرانی) عمر بن خطاب [redacted] سے کہتے ہیں کہ جناب سرور انبیاء علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ کسی شخص نے علی کی مثل فضل کا اکتساب نہیں کیا وہ اپنے دوست کو ہدایت کی راہ دکھاتا ہے اور برائی سے پھیرتا ہے۔

ارجح المطالب ص ۱۲۳ سطر ۱' ذخائر العقبیٰ ص ۶۱ سطر ۵' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۱۴۔

جتنے فضائل حضرت علیؑ کے لئے وارد ہوئے ہیں

اخرج الحاکم عن احمد بن حنبل قال ما ورد من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الفضائل ما ورد لعلی و کذلک قال اسمعیل بن اسحاق القاضی و ابو علی النیسابوری و احمد بن شعیب النسائی لم یرد فی حق احد من الصحابۃ بالاسانید الجیاد اکثر مما جاء فی علی (الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب للعلامۃ ابن عبدالبر و صواعق محرقہ للعلام ابن حجر و الخوارزمی و محمد بن یوسف الکنجی الشافعی فی کفایۃ الطالب و الثعلبی فی تفسیرہ و ابن طلحہ الشافعی فی مطالب السئول) حاکم امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ جناب رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کسی کے لیے اس قدر فضائل نہیں وارد ہوئے جس قدر کہ جناب امیر علیہ السلام کے لیے وارد ہوئے ہیں۔ اسمٰعیل بن اسحاق القاضی اور ابو علی نیشاپوری بھی یہی لکھتے ہیں اور امام احمد بن شعیب النسائی رحمتہ اللہ کا قول ہے کہ صحابہ میں سے کسی کی شان میں جناب امیر کی شان سے زیادہ حدیثیں جید اسانید کے ساتھ روایت نہیں ہوئیں۔

ارجح المطالب ص ۱۲۲ سطر ۴' ینابیع المودت ص ۹۸ سطر ۱۵' المستدرک جلد ۳ ص ۱۰۷ سطر ۱۵' استیعاب جلد ۲ ص ۴۶۶' مناقب خوارزمی ص ۳ سطر آخر' البریقۃ المحمودیہ جلد ۱ ص ۲۱۳' تفریح الاحباب ص ۳۴۹' طبقات حنابلہ جلد ۱ ص ۳۱۹' تاریخ کامل ص ۲۰۰' کفایۃ الطالب ص ۱۲۵' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۲' تلخیص المستدرک جلد ۲ ص ۱۰۷ سطر آخر' نظم درر السمطین ص ۸۰' تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۳۳۹ سطر ۸' شواہد التنزیل ص ۱۸' تاریخ دمشق جلد ۳ ص ۶۳' مناقب احمد ص ۲۴۳' اتحاف ص ۱۲۳' طبقات مالکیہ جلد ۲ ص ۱۷' صواعق محرقہ ص ۱۲۰ سطر آخر۔

جتنی احادیث جید علیؑ کی شان میں ہیں

Presented by www.ziaraat.com

اخرج الحاکم عن احمد بن حنبل قال ما ورد من اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم من الفضائل ما ورد لعلی و کذلک قال اسمعیل بن اسحاق القاضی و ابو علی النیسا بوری و احمد بن شعیب النسائی لم یرد فی حق احد من الصحابة بالا سانید الجیاد اکثر مما جاء فی علی (الا ستیعاب فی معرفة الا صحاب للعلامة ابن عبدالبر و صواعق محرقه للعلام ابن حجر و الخوارزمی و محمد بن یوسف الکنجی الشافعی فی کفایة الطالب و الثعلبی فی تفسیره و ابن طلحه الشافعی فی مطالب السئول) حاکم امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کسی کے لیے اس قدر فضائل نہیں وارد ہوئے جس قدر کہ جناب امیر علیہ السلام کے لیے وارد ہوئے ہیں۔ اسمٰعیل بن اسحاق القاضی اور ابو علی نیشا پوری بھی یہی لکھتے ہیں اور امام احمد بن شعیب النسائی رحمتہ اللہ کا قول ہے کہ صحابہ میں سے کسی کی شان میں جناب امیر کی شان سے زیادہ حدیثیں جید اسانید کے ساتھ روایت نہیں ہوئیں۔

ارجح المطالب ص۱۲۲ سطر۴' مشکوٰۃ شریف ص۵۶۳ حاشیہ۸' فتح الباری جلد۷ ص۵۷' الاصابہ جلد۲ ص۲۶۹ سطر۱۲' تاریخ الخلفاء ص۶۵' سیرت حلبیہ جلد۲ ص۲۰۷' الروض الازہر ص۹۶' ینابیع المودت ص۲۲۹ سطر۶' سیرت دحلانیہ جلد۲ ص۱۱' مقاصد الطالب ص۱۰' فتح العلی ص۲' مناقب احمد ص۲۶۳' طبقات حنابلہ جلد۱ ص۳۱۹' المرقات جلد۱۱ ص۳۳۵ سطر۹' ظلمات ابی ریہ ص۲۲۹' المدخل قیروانی ص۲۵' شرح رسالہ حلبی ص۹۳' وسیلتہ النجات ص۶۶' استیعاب جلد۲ ص۲۷۹ سطر۴' الریاض النضرہ جلد۲ ص۲۱۳ سطر۱۰' مسند احمد بن حنبل ص۲۰۱' الامامت و السیاست ص۹۳' نزل الابرار ص۸' صواعق محرقہ ص۱۲۰ سطر آخر' تحفتہ الا حوذی جلد۴ ص۳۲۵ سطر۳' نور الابصار ص۷۲ سطر۲۲' اسعاف الراغبین ص۱۱۸ سطر۲۳۔

کسی صحابی کے اتنے مناقب نہیں

ارجح المطالب ص۱۲۲ سطر۱۲' الامامت و السیاست ص۹۳

قال عبدالله بن مسلم بن قتیبه فی کتاب الامامة و السیاسة ان رجلا من همدان یقال له برد قدم علی معاویه فسمع عمرو بن العاص یقع فی علی فقال له یا عمرو ان اشیاخنا سمعوا رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول من کنت مولاه فعلی مولاه الحق ذالک ام باطل قال عمرو حق و انا ازیدک انه لیس احد من صحابة رسول الله صلی الله علیه وسلم له مناقب مثل مناقب علی الا انه شارک فی قتل عثمان رضی الله عنه عبداللہ بن قتیبہ الامامتہ السیاستہ میں لکھتے ہیں کہ ہمدان کا ایک باشندہ جس کا نام برو تھا معاویہ کے پاس کسی کام کو گیا اس نے سنا کہ عمرو بن العاص جناب امیر السلام کو برا بھلا کہہ رہا ہے برو کہنے لگا اے عمر ہمارے بزرگوں نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس کا میں مولا اس کا علی مولا ہے۔ یہ بات سچ ہے یا جھوٹ ہے عمرو بن العاص کہنے لگا میں تجھے اس سے بھی بڑھ کر سناؤں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی کے مناقب اتنے زیادہ نہیں ہیں جس قدر امیرؑ کے مناقب ہیں۔ مگر کیا کریں وہ حضرت عثمان کے قتل میں شریک ہوئے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

کوئی ان سے بڑھا ہوا نہیں تھا

عن مجاہد سال رجل من ابن عباس سبحان اللہ ما اکثر فضائل علی و انی ظنہا ثلثۃ الاف فقال لہ ابن عباس ہی ثلاثین الف اقرب من ثلاثۃ الاف ثم قال ابن عباس لو کان الشجر اقلام و البحور مداد و الانس کتاب و الجن حساب ما احصوا فضائل علی بن ابی طالبؑ (اخرجہ سبط ابن الجوزی) مجاہد کہتے ہیں ابن عباس سے ایک شخص نے کہا۔ سبحان اللہ جناب امیر کے فضائل کتنے بہت ہیں میرا خیال ہے کہ تین ہزار ہوں گے ابن عباس نے کہا تین ہزار تو کیا تیس ہزار کے قریب ہوں گے پھر ابن عباس کہنے لگے اگر دنیا کے تمام درخت قلم بن جائیں اور سمندر سیاہی بن جائیں اور انسان لکھنے والے اور جن حساب کرنے والے ہوں تو بھی علی کے فضائل کو احصی نہیں کر سکیں گے۔

ارجح المطالب ص ۱۲۳ سطر ۱۶' طبقات ابن سعد جلد ۳ ص ۳۸' مسند احمد بن حنبل جلد ۱ ص ۱۹۹' خصائص نسائی ص ۸' عقد الفرید ص ۶' حلیۃ الاولیاء جلد ۱ ص ۶۵' اخبار اصفہان جلد ۱ ص ۴۵' صفتہ الصفوہ جلد ۱ ص ۱۲۱' طبقات حنابلہ جلد ۲ ص ۲۳۸' تاریخ کامل ص ۲۰۱' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۹۰' ذخائر العقبیٰ ص ۷۴' البدایہ و النہایہ جلد ۷ ص ۳۳۲' نور القبس ص ۱۰۸' المعجم الکبیر ص ۱۳۹' التذکرہ ابن جوزی ص ۲۴۸' القول الفصل جلد ۲ ص ۲۲۱' تاریخ دمشق جلد ۳ ص ۳۲۰' ینابیع المودت ص ۲۲۴' شرح حدیدی جلد ۲ ص ۲۳۶' مقاتل الطالبین ص ۱۵' المستدرک جلد ۳ ص ۱۷۲' تلخیص جلد ۳ ص ۱۷۲' نظم درر السمطین ص ۱۴۷' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۴۶ سطر ۷' الفصول المہمہ ص ۱۲۲' منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۶۱' الاتحاف ص ۵۔

لوگ تیرے قدموں کی مٹی اٹھا لیتے ہیں

عن جابر بن عبداللہ قال لما قدم علی بن ابی طالب بفتح خیبر قال لہ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لو لا ان تقول فیک طائفۃ من امتی ما قالت النصاری فی عیسی ابن مریم لقلت فیک مقالا لا تمر علی ملا من المسلمین الا اخذو التراب من تحت رجلیک و فضل طہورک یستشفون بہما و لکن حسبک ان تکون منی بمنزلۃ ہارون من موسی غیرہ انہ لا نبی بعدی و انت تبری ذمتی و تستر عورتی و تقاتل علی سنتی و انت غدا فی الاخرۃ اقرب الخلق منی و انت علی الحوض خلیفتی و ان شیعتک علی منابر من نور مبیضۃ وجوہہم حولی اشفع لہم و یکونو فی الجنۃ جیرانی لان حربک حربی وسلمک سلمی و سرک سریرتی و ان ولدک ولدی و انت تقضی دینی و انت تنجز عدتی و ان الحق علی لسانک و فی قلبک و معک و بین یدیک و نصب عینیک الا یمان مخالط لحمک و دمک کما خالط لحمی و دمی لا یرد علی الحوض مبغض لک و یغیب عنہ محب لک فخر علی ساجدا و قال الحمد للہ الذی من علی بالاسلام و علمنی القران و حببنی الی خیر البریۃ و اعز الخلیقۃ و اکرم اہل السموات و الارض علی ربہ و خاتم بعن و سید المرسلین و صفوۃ اللہ فی جمیع الاولین و الا خرین و احسنا من اللہ و تفضلا منہ علی فقال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لو انت یا علی ما عرف المومنون من بعدی لقد جعل اللہ عزوجل نسل کل نبی من صلبہ و جعل

Presented by www.ziaraat.com

نسلی من صلبک یا علی انت اعزا الخلق و اکرمھم علی و اعزھم عندی و محبک اکرم من یرد علی الحوض من امتی (اخرجه بن المغازلی فی المناقب و الخوارزمی عن علی و الملائی و سیلۃ المتعبدین ومحمد بن یوسف الکنجی فی کفایۃ الطالب و ابراہیم بن عبداللہ الیمنی الوصابی الشافعی فی الا کتفاء فی فضائل الاربعۃ الخلفاء و ابن ابیوع الا اندلسی فی کتاب الشفاء و ابو سعد فی شرف النبوۃ) جابر بن عبداللہ رضی عنہ سے روایت ہے کہ جب جناب علی خیبر کی فتح سے واپس تشریف لائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ارشاد کیا کہ اگر میری امت تیرے حق میں وہی بات نہ کہنے لگ جائیں جو عیسی علیہ السلام کے حق میں انصاری کہہ رہے ہیں تو میں تیری نسبت ایسی بات بیان کرتا کہ نہ گزرتا تو مسلمانوں کے کسی مجمع پر مگر کہ تیرے پاؤں کی مٹی اٹھالیتے اور تیرے وضو کے پانی کو لے کے اس سے شفا چاہتے۔ لیکن تیرے حق میں اتنی بات ہی کافی ہے کہ تو مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہے موسی سے سوا اس کے کہ نبی میرے بعد نہیں ہے۔ تو میری ذمہ داری کو پورا کرے گا اور میرے ننگا پن کو ڈھانپے گا اور میری سنت پر لوگوں سے لڑے گا۔ اور تو کل قیامت میں سب خلقت سے میرے نزدیک ہو گا اور تو حوض پر میرا خلیفہ ہو گا۔ اور تیرے شیعہ نور کے منبروں پر سفید منہ والے مجھے گھیرے ہوئے ہوں گے میں ان کی شفاعت کروں گا وہ جنت میں میرے ہمسایہ ہوں گے۔ کیونکہ تیرے ساتھ لڑنا میرے ساتھ لڑنا ہے اور تیرے ساتھ صلح کرنا میرے ساتھ صلح کرنا ہے۔ اور تیرا راز میرا راز ہے۔ اور تیری اولاد میری اولاد ہے۔ تو میرے قرض کو ادا کرے گا اور میرے وعدوں کو پورا کرے گا۔ حق تیری زبان اور تیرے دل میں اور تیرے ساتھ اور تیرے سامنے اور تیری آنکھوں کے آگے ہے۔ ایمان تیرے گوشت اور خون میں ایسا ملا ہوا ہے۔ جیسے کہ میرے گوشت اور خون میں ملا ہوا ہے۔ حوض پر تیرا دشمن وارد نہیں ہو گا۔ اور تیرا محب اس سے غائب نہیں ہو گا۔ جناب امیر سجدہ میں گر گئے اور کہنے لگے شکر ہے۔ اس ذات کا جس نے مجھ پر اسلام سے احسان رکھا ہے۔ اور قرآن مجھ کو سکھایا ہے اور مجھ کو تمام خلائق سے بہتر اور تمام مخلوق سے زیادہ عزت والے اور سب باشندگان آسمان و زمین سے خدا کے نزدیک زیادہ بزرگی والے خاتم پیغمبران اور سید مرسلان برگزیدہ اولین اور آخرین کا دوست بنایا ہے۔ خدا کا نہایت احسان اور فضل ہے مجھ پر پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یا علی تو نہ ہوتا تو مومنوں کی شناخت نہ ہو سکتی بہ تحقیق خدا تعالی نے ہر ایک نبی کی نسل اسی کی صلب سے بڑھائی ہے۔ اور میری نسل تیری صلب سے بڑھائی ہے۔ پس تو میرے پاس سب خلقت سے بزرگ تر اور عزیز تر ہے۔ تیرا محب سب امت سے جو حوض پر میرے پاس آنے والے ہیں بزرگ تر ہے۔

ارجح المطالب ص ۵۵۲ سطر ۸، مقتل خوارزمی ص ۴۵، مناقب خوازمی ص ۷۵ سطر آخر، ینابیع المودت ص ۵۲ سطر ۱۰، انتباہ الافہام ص ۲۰۸، علل الحدیث جلد ۱ ص ۳۱۳، شرح حدیدی جلد ۲ ص ۴۴۹، مسند احمد حنبل جلد ۱ ص ۲۹۱، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۳۱ سطر ۳۰، کنز العمال جلد ۶ ص ۳۹۵ حدیث ۶۰۳۶۔

تمیں ہزار احادیث

واقدی بیان کرتا ہے کہ میں ایک روز ہارون رشید کے پاس گیا۔ شافعی محمد یوسف اور محمد

Presented by www.ziaraat.com

اسحاق بھی وہاں موجود تھے۔ ہارون نے شافعی سے کہا۔ تم کو فضائل علیؑ کی کتنی حدیثیں یاد ہیں' اس نے جواب دیا کہ پانچ سو تک۔ پھر یوسف سے دریافت کیا کہ تجھے کتنی حدیثیں یاد ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ ہزار تک بلکہ زیادہ۔ پھر اسحاق سے کہا تو کتنی حدیث روایت کرتا ہے اس نے جواب دیا کہ اس جناب کے بے شمار فضائل متواتر احادیث کے ذریعے ہم تک پہنچے ہیں۔ اگر خوف مانع نہ ہوتا تو بیان کرتا۔ ہارون نے کہا کس طرح کا ڈر۔ وہ بولا تیرا اور تیرے عاملوں کا۔ ہارون نے کہا بیان کر اور دل میں کچھ اندیشہ نہ کر۔ اسحاق نے جواب دیا کہ پندرہ ہزار حدیث مستند اور پندرہ ہزار حدیث مرسل مجھ کو یاد ہیں۔ (کوکب دری ص ۱۴۱ سطر آخر)

نکات

مذکورہ احادیث سے مندرجہ ذیل نکات واضح ہوئے۔

(۱) حضرت عمر اور حضرت ابن عباس کی روایات سے واضح ہوا کہ اگر تمام انس و جن حضرت علی علیہ السلام کے فضائل کا شمار کرنا چاہیں تو نہیں کر سکیں گے۔ جس سے ثابت ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ حضرت علی علیہ السلام تمام انس و جن سے افضل ہیں۔

(۲) سعید ابن جبیر کی روایت سے واضح ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام کے لئے ایک رات میں تین ہزار فضائل ہیں۔ دوسرے صحابہ کرام اس اعزاز سے محروم ہیں۔ لہذا ثابت ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام تمام صحابہ کرام سے افضل ہیں۔

(۳) کوکب دری کی عبارت سے واضح ہوا کہ چاہ بدر میں تین ہزار ملائکہ نے حضرت علی علیہ السلام کو سلام کیا۔ یہ اعزاز بھی دوسرے صحابہ کرام کو حاصل نہیں۔

(۴) حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ حضرت علی علیہ السلام کے فضائل تین ہزار تو کیا شمار میں بھی نہیں۔

(۵) حضرت علی علیہ السلام کی روایت سے واضح ہوا کہ جس نے حضرت علی کے فضائل ہاتھ سے لکھے' آنکھ سے پڑھے اور کان سے سنے تو ان اعضاء کے کئے ہوئے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

(۶) حضرت ابو طفیل کی روایت سے واضح ہوا کہ حضرت علیؑ کے فضائل اگر لوگوں میں تقسیم

Presented by www.ziaraat.com

کر دیئے جائیں تو وہ بخشے جائیں۔

(۷) منصور دوانیقی کی روایت سے واضح ہوا کہ حضرت علی کی شان میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی دس ہزار احادیث ہیں۔ جبکہ دوسرے کسی بھی صحابی کی شان میں اتنی احادیث نہیں ہیں۔

(۸) حضرت عائشہ کا یہ کہنا کہ حضرت علی علیہ السلام کے فضائل لا تعداد ہیں۔ یہ حضرت علیؑ کے لئے اس لئے اعزاز ہے کہ حضرت عائشہ حضرت علیؑ کے نام سے بے پناہ حسد کرتی تھیں۔ بلکہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آخری دنوں میں عالم مرض میں حضرت علیؑ و حضرت عباسؓ کا سہارا لے کر نماز کے لئے مسجد آنے لگے تو پوچھنے والے کو حضرت عائشہ نے حضرت علی کا نام بتانا گوارا نہ کیا (بخاری و مسلم) تو یہ اگر ایسی محترمہ اگر حضرت علیؑ کے بارے میں ایسا جملہ کہے تو یقیناً قابل توجہ ہے اور خاص کر جس نے حضرت علی علیہ السلام سے جنگ بھی کی ہو اور لوگوں کو حضرت علی علیہ السلام کے خلاف بغاوت کے لئے اکسایا بھی ہو۔

(۹) حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت امام احمد کو خواب میں فضائل اہل بیت کی تلقین فرما کر واضح کر دیا کہ ان جیسا کوئی نہیں۔ اور یہ بات تمام فرقوں کے نزدیک مسلم ہے کہ اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کسی کو خواب میں آئیں تو صحیح ہوتا ہے کیونکہ شیطان انبیاء کی شکل اختیار نہیں کر سکتا۔ (ترمذی)

(۱۰) حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی قابل احترام زوجہ جس نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے اِنَّکِ عَلٰی خَیْرٍ کا اعزاز حاصل کیا اور آل محمد سے محبت رکھنے والی حرم رسول کی روایت سے واضح ہوا کہ فرشتے تسبیح و تقدیس خدا چھوڑ کر مجلس آل محمد میں تشریف لاتے ہیں اور ان میں قابل رشک خوشبو پیدا ہو جاتی ہے اور وہ مقام ملائکہ کے لئے قابل زیارت ہو جاتا ہے۔

(۱۱) حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت سے واضح ہوا کہ جتنی قرآنی آیات حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہیں کسی اور صحابی کی شان میں نازل نہیں ہوئیں۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام تمام صحابیوں سے افضل ثابت ہوئے۔

لوگ آیہ غار سے حضرت ابوبکر اور آیہ غلبہ روم سے حضرت عمر اور آیت بیعت رضوان سے حضرت عثمان کی شان میں اتنا زور لگاتے ہیں کہ لوگوں کا سونا حرام کر دیتے ہیں۔ حالانکہ اس

Presented by www.ziaraat.com

میں اختلاف ہے۔ کہ ان کی شان میں یہ آیات نازل بھی ہوئی ہیں یا نہیں۔ یا ان آیات سے ان کے فضائل ثابت ہوتے ہیں یا مطاعن' پھر بھی منہ پھاڑ پھاڑ کر کہتے ہیں کہ اصحاب ثلاثہ کے فضائل دیکھو کہ ان کی شان میں یہ ایک آیت نازل ہوئی ہے۔ تو جس علیؑ کی شان میں ان گنت آیات یا قرآن کا چوتھائی حصہ یا تین سو سے زائد آیات نازل ہوئی ہوں' اس علی کی برابری کون کر سکتا ہے۔

(۱۲) حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے واضح ہوا کہ جس آیت میں بھی یا ایھا الذین آمنوا کے لفظ ہیں حضرت علی علیہ السلام اس کے امیر ہیں۔ اس سے واضح ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام امیر المومنین ہیں۔ اور جن کو لوگ امیر المومنین کہتے ہیں انہیں یہ اعزاز حاصل نہیں ہے۔

پچاس سے زیادہ آیات میں یا ایھا الذین آمنو کا ذکر ہے اور لفظ ایمان اور اس کے افعال اور اسماء تو متعدد مقامات پر قرآن مجید میں استعمال کیے گئے ہیں۔ یہ تمام آیات حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہیں۔ کیونکہ کوئی بھی شخص بغیر محبت علی کے مومن نہیں ہو سکتا۔

(۱۳) اس روایت سے یہ بھی ثابت ہوا کہ خدا نے اصحاب محمد پر عتاب فرمایا ہے لیکن علی کا ذکر جب بھی کیا اچھائی سے کیا۔ اس سے واضح ہوا کہ اصحاب محمد غیر معصوم جبکہ حضرت علی علیہ السلام معصوم تھے۔ اور معصوم غیر معصوم سے افضل ہوتا ہے۔

اس روایت کے لحاظ سے حضرت علی علیہ السلام کے علاوہ تمام اصحاب محمد پر عتاب ہوا۔ لہٰذا تمام اصحاب سے حضرت علی علیہ السلام افضل ہیں۔ کیونکہ حضرت علیؑ پر کبھی بھی خدا ناراض نہیں ہوا۔

(۱۴) عبد الرحمان بن ابی لیلیٰ کی روایت سے واضح ہوا کہ قرآن مجید کی ستر آیات ایسی ہیں کہ جن میں کوئی بھی صحابی آپ کا شریک نہیں لہٰذا کوئی بھی صحابی حضرت علی علیہ السلام سے افضل نہیں۔

(۱۵) حضرت عمر بن خطاب کی روایت سے واضح ہوا کہ فضائل کا اکتساب جتنا حضرت علی علیہ السلام نے کیا ہے کسی نے نہیں کیا۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام سب سے افضل ہیں۔ نہ کسی کے پاس حضرت علی علیہ السلام جتنے فضائل ہیں نہ کوئی حضرت علی علیہ السلام کا مقابلہ کر سکتا ہے۔

(۱۶) امام احمد بن حنبل نے دعویٰ فرمایا ہے کہ جتنے فضائل حضرت علیؑ کی شان میں نازل ہوئے

Presented by www.ziaraat.com

ہیں کسی کی شان میں۔ لہٰذا کوئی بھی صحابی حضرت علی کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔
(۱۷) امام نسائی فرماتے ہیں کہ صحابہ میں سے کسی کی شان میں جناب امیر علیہ السلام کی شان سے زیادہ حدیثیں جید اسانید کے ساتھ روایت نہیں ہوئیں۔ لیکن ابن حجر مکی ذہبی اور ابن کثیر دمشقی کو کیا ہو گیا ہے کہ انہوں نے حضرت علی علیہ السلام کی شان والی اکثر احادیث اصحاب ثلاثہ کی طرف منسوب کر دی ہیں۔ اور جب وہ احادیث مناقب حضرت علی علیہ السلام میں تحریر کیں تو انہیں ضعیف تحریر فرما دیا۔ پھر کہتے ہیں کہ ہم تو سب کو مانتے ہیں۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ جو مستحق نہیں ادھر تو آپ خواہ مخواہ کنکشن ملا رہے ہیں اور جس ہستی کی شان میں یہ احادیث واقعاً فرمائی گئی ہیں وہاں تو آپ حیلے بہانے کرتے رہتے ہیں۔ کبھی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔ اگر صحیح مان بھی لیں تو پھر استدلال میں متعدد تاویلیں فرمائیں گے۔
(۱۸) عمرو بن عاص نے کہا لیکن کیا کریں وہ حضرت عثمان کے قتل میں شریک ہوئے۔ یہ اہلسنت کے رہنماؤں کا پرانا وطیرہ ہے سقیفے کی واپسی پر حضرت عمر نے کہا، حضرت علی علیہ السلام مناقب اور قرابت رسول کی وجہ سے مستحق خلافت تو ہیں لیکن کیا کریں لوگوں نے سقیفہ میں حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی ہے۔ یہ تو الگ بحث ہے کہ سقیفہ میں کیا ہوا اور پھر مدینہ آ کر کیا ہوا۔ لیکن یہ بات طے کہ لوگ حضرت علی علیہ السلام کے مناقب تو تسلیم کرتے تھے لیکن حضرت کا حق انہیں نہیں دیتے تھے۔

قاتلان حضرت عثمان پر سیر بحث تفصیل تو آئندہ کسی جلد میں آئے گی۔ البتہ اہلسنت کو اپنے خلفاء راشدین میں سے چوتھے خلیفہ کی زبان پر بھی اعتبار نہیں ہے۔ کیونکہ حضرت علی علیہ السلام نے بار بار وضاحت فرمائی کہ میرا قتل حضرت عثمان سے کوئی تعلق نہیں۔ لیکن اہلسنت حضرت علیؑ کو خلیفہ رسول بھی مانتے ہیں۔ لیکن ان کی بات پر یقین بھی نہیں کرتے۔
(۱۹) حالات نے ثابت کر دیا کہ جب امیر شام کو اقتدار ملا تو پھر اس نے قتل عثمان کا ذکر تک نہ کیا۔ جس سے ثابت ہوا کہ قاتلان حضرت عثمان کا حصول امیر شام کا سیاسی نعرہ تھا۔
(۲۰) حضرت جابر بن عبداللہ انصاری کی روایت سے واضح ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بھی حضرت علی علیہ السلام کے تمام فضائل نہیں بیان فرمائے ان کی بھی تاب نہ لا کر بعض لوگوں نے حضرت علی علیہ السلام کو خدا مان لیا۔ (ہمارے نزدیک حضرت علی علیہ السلام خدا نہیں بلکہ عبد خدا ہیں۔)

Presented by www.ziaraat.com

جو فضائل حضرت علی علیہ السلام کے بیان کیے گئے ان کے مقابلے میں کسی اور صحابی کو اس کا عشر عشیر بھی نہیں ملا۔ لیکن بدنصیب اور غیر منصف ہیں وہ لوگ جو حضرت علی علیہ السلام چوتھے درجے پر مانتے ہیں۔ حالانکہ حضور اکرم کے نزدیک حضرت علی علیہ السلام کے اتنے فضائل تھے کہ ان پر لوگوں کو خدا ہونے کا شبہ ہونے کا خدشہ تھا۔

یہ ٹھیک ہے کہ نصاریٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ابن اللہ کہنے کی وجہ سے غلطی پر ہیں۔ اور تثلیث کے بارے میں بھی ان کا عقیدہ درست نہیں لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں کوئی ان سے افضل تو نہیں تھا لیکن امت محمدیہ کیسی ہے جس نے حضرت علی علیہ السلام سے تین ایسے حضرات کو افضل قرار دیا ہے جن کی پیدائش مشرکوں کے گھروں میں اور تربیت مشرکوں کی گودمیں ہوئی اور اگر بڑھاپے میں اسلام بھی لائے تو کبھی توحید میں شرک اور کبھی نبوت میں شک فرماتے رہے۔

(۲۱) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اگر حضرت علی علیہ السلام سے شفا چاہی جائے تو شرک نہیں۔ قول رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید ہے۔

(۲۲) جناب جسٹس محمد سلطان مرزا صاحب اس حدیث کے آغاز میں فرماتے ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام کی شخصیت کی معرفت حاصل کرنا بہت مشکل ہے۔ وہ کیسا انسان ہو گا جس کی ناقص معرفت رکھنے والوں نے اسے خدا سمجھا' اور جس کی کامل اور صحیح معرفت امت محمدیہ میں سے کسی کو حاصل نہیں ہوئی۔ جناب رسول خدا نے خود اپنی معرفت علیؑ اور اپنی امت کی عدم معرفت کو اس حدیث میں ارشاد فرمایا ہے۔

حضرت اسحاق نے ہارون رشید کے دربار میں اعتراف کیا کہ جتنی متواتر احادیث حضرت علی علیہ السلام کی شان میں وارد ہوئی ہیں کسی اور کی شان میں نہیں۔

(۲۴) آپ نے فرمایا کہ مجھے حضرت علی کی شان میں پندرہ ہزار احادیث مستند اور پندرہ ہزار احادیث مرسل یاد ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام سے جن حضرات کا مقابلہ کیا جاتا ہے یا جن حضرات کو حضرت علی علیہ السلام سے افضل مانا جاتا ہے کیا ان کی شان میں اتنی احادیث وارد ہوئی ہیں؟

حضرت علیؑ خیر البریہ ہیں

Presented by www.ziaraat.com

(ا) عن جابر بن عبداللہ قال کنا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاقبل علی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد اتاکم اخی ثم التفت الی الکعبۃ فضربھا بیدہ ثم قال و الذی نفسی بیدہ انا و ھذا و شیعتہ ھم الفائزون یوم القیامۃ ثم قال انہ اولکم ایمانا معی و اوفاکم بعھد اللہ و اقومکم بامر اللہ و اعدلکم فی الرعیۃ و اعظمکم عند اللہ مزیۃ و اقسمکم بالسویۃ قال و نزلت ھذہ الآیۃ ان الذین امنو و عملو الصالحات اولئک ھم خیر البریۃ قال فکان اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اذا اقبل علی قالوا قد جاء خیر البریۃ (اخرجہ الخوارزمی فی المناقب و ابن عساکر و السیوطی فی الدر المنثور) جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں بیٹھے ہوئے تھے کہ جناب امیر علیہ السلام تشریف لائے حضرت نے ہم سے ارشاد کیا تمہارے پاس میرا بھائی آ رہا ہے پھر آپ نے کعبہ کی طرف متوجہ ہو کر اس پر ہاتھ مارا اور کہا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ میں اور یہ اور اس کے شیعہ قیامت کے روز بس یہی لوگ جنت تک پہنچنے والے ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا۔ یہ تحقیق یہ تم سب سے پہلے مجھ پر ایمان لایا ہے۔ اور تم سب سے زیادہ اللہ کے عہد کو پورا کرنے والا ہے۔ اور خدا کے حکم پر تم سب سے زیادہ رعیت کے حق میں عدل کرنے والا ہے۔ اور تم سب سے اللہ کے نزدیک زیادتی والا ہے۔ اور تم سب سے زیادہ پورا تقسیم کرنے والا ہے۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی کہ بے شک جو لوگ ایمان لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں وہی لوگ سب خلقت سے بہتر ہیں۔ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پھر جبکہ جناب امیرؑ تشریف لاتے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کہتے کہ جو سب خلقت سے بہتر ہیں وہ تشریف لا رہے ہیں۔

ارجح المطالب ص۸۱ سطر۸' ینابیع المودۃ ص۱۰۲ حدیث ۲۶' انحفلوالالھام ص۱۵' شواہد التنزیل جلد۲ ص۳۶۱' کفایۃ الطالب ص۱۱۸' درمنثور جلد۶ ص۳۷۹ سطر۱۲' فتح القدیر جلد۵ ص۴۶۴ سطر۳۰' مناقب خوارزمی ص۶۲ سطر۸' فتح البیان جلد۱۰ ص۳۲۶ سطر۱۰' روح المعانی جلد۳۰ ص۲۰۷ سطر۶' تفسیر طبری جلد۳۰ ص۱۴۶ سطر۱۴' الفصول المھمہ ص۱۰۷ سطر۱۷' اللئالی المصنوعہ ص۱۰۷' سطر۲' نور الابصار ص۶۹ سطر۱۹' صواعق محرقہ ص۱۶۱ سطر۲' منتخب کنز العمال جلد۵ ص۱۷۰ سطر۹' مودت القربیٰ ص۴۱ سطر۱' ینابیع المودۃ ص۲۰۱۔

روایت زید بن شراحیل انصاری

عن زید بن شراحیل الانصاری کاتب علی قال سمعت علیا یقول حدثنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و انا مسندہ الی صدری فقال ای علی الم تسمع قول اللہ تعالیٰ الذین امنو و عملو الصالحات اولئک ھم خیر البریۃ۔ انت و شیعتک و موعدی و موعدک الحوض اذا جثت الامم للحساب یدعون غر المحجلین (اخرجہ الخوارزمی فی المناقب و ابوبکر ابن مردویہ و السیوطی فی الدر المنثور) زید بن شراحیل الانصاری جناب امیر علیہ السلام کے کاتب ناقل ہیں کہ میں نے جناب امیرؑ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک دفعہ میرے سینے سے تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے تھے آپ نے مجھ سے ارشاد کیا یا علیؑ تو نے خدا تعالیٰ کے فرمانہ کو نہیں سنا ہے کہ بے شک وہ لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے ہیں وہ لوگ سب خلقت سے بہتر ہیں۔ پس وہ میں اور تو اور تیرا گروہ ہیں۔ میرے اور تیرے وعدہ کی جگہ حوض ہے۔ جبکہ قیامت کو امتیں حساب دینے کے لیے آئیں گی تو وہ لوگ سفید منہ اور سفید ہاتھ پاؤں والے پکارے جائیں گے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۸۲ سطر۸، شواہد التنزیل جلد۲ ص۳۵۶، انتھاوالافہام ص۱۵، تفسیر ابن جریر طبری ص۱۴۶، جلد۳۰ سطر۱۵، تفسیر درمنثور جلد۶ ص۳۷۹ سطر۱۹، روح المعانی جلد۳۰ ص۲۰۷ سطر۱۶، کوکب دری ص۱۳۲۔

روایت حضرت ابن عباس

عن ابن عباس قال لما نزلت ھذہ ان الذین امنو و عملو الصالحات اولئک ھم خیر البریہ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعلی انت و شیعتک تاتی یوم القیامۃ و ھم راضین و مرضین و یاتی اعدائوک غضبا با مقمحین (اخرجہ الحافظ ابو نعیم فی حلیۃ الاولیاء و الدیلمی فی فردوس الاخبار) عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت کہ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے ہیں وہی لوگ خلقت سے بہترین ہیں۔ نازل ہوئی جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب امیر علیہ السلام سے ارشاد کیا تو اور تیرا گروہ قیامت میں آئیں گے خوش اور خوش کیے گئے اور تیرے دشمن آئیں گے خفگی میں گردن اٹھائے ہوئے۔

ارجح المطالب ص۸۲ سطر۱، نظم درر السمطین ص۹۲، شواہد التنزیل جلد۲ ص۳۵۷، اھل البیت ص۹۲، مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۳۱، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۵۲، لسان العرب جلد۲ ص۵۶۶ سطر۲۶، درمنثور جلد۶ ص۳۷۹، الفصول المھمہ ص۱۰۷ سطر۱۷، روح المعانی ص۲۰۷ جلد۳۰، فتح القدیر جلد۵ ص۴۶۴ سطر۳۰، مناقب عینی ص۳۲، فتح البیان جلد۱۰ ص۳۲۶ سطر۱۳، ینابیع المودت ص۲۲۴ سطر۲۲، نور الابصار ص۱۰۱ سطر۴۔

روایت حضرت ابو سعید خدری

عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم علی خیر البریہ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت علی خیر البریہ ہیں۔

ارجح المطالب ص۸۲ سطر۱۹، شواہد التنزیل ص۳۶۴، مناقب خوارزمی ص۶۲ سطر۲، انتھاء الافہام ص۱۷، لسان المیزان جلد۱ ص۱۷۵ سطر۱۸، فتح البیان ص۳۲۶ سطر۱۷، درمنثور جلد۶ ص۳۷۹ سطر۱۵، فتح القدیر جلد۵ ص۴۶۴ سطر۳۲، ذیل اللئالی ص۱۷۰ سطر۹

Presented by www.ziaraat.com

روایت ابو الجارود

حضرت ابو جارود محمد بن علی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ اولئک ھم خیر البریہ سے مراد اے علی تم اور تمہارے شیعہ ہیں۔ (درمنثور جلد ۶ ص ۳۷۹، فتح القدیر جلد ۵ ص ۴۶۴ سطر ۳۰، تفسیر طبری جلد ۳۰ ص ۱۴۶ سطر ۱۵، فتح البیان جلد ۱۰ ص ۳۱۶)

روایت حضرت ام ہانی

مودت القربیٰ ص ۱۴ سطر ۱ پر تحریر ہے۔

و عن ام ہانی بنت عبدالمطلب قال قال رسول اللہ افضل البریۃ عند اللہ من نام فی قبرہ و لم یشک فی علی و ذریتہ انھم خیر البریہ اور ام ہانی دختر ابو طالب سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک افضل مخلوقات وہ شخص ہے جو اپنی قبر میں سوئے۔ درآنحالیکہ وہ علیؑ اور اس کی ذریت طاہرہ کی بابت اس بات میں شک نہ رکھتا ہو کہ وہ خیر البریہ ہیں۔ یعنی تمام مخلوقات سے بہتر اور برتر ہیں۔

خیر البشر

روایت عطاء

مودت القربیٰ ص ۳۶ سطر ۱۴، اعراب ثلاثین سورہ ص ۱۴۸، تاریخ دمشق جلد ۲ ص ۴۴۸، ارجح المطالب ص ۳۶، ینابیع المودت ص ۲۴۶، کوکب دری ص ۱۶۴، ص ۱۷۷، مفتاح کنوز السنہ جلد ۲ ص ۱۵ سطر ۱۳، ص ۱۶ سطر ۳، کنز العمال جلد ۶ ص ۵۹ حدیث ۲۲۶۴، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۵ سطر ۳۳، اربعین رازی ص ۴۷۳ سطر ۱۰، ذخائر العقبیٰ ص ۹۶ سطر ۲، اللئالی المصنوعہ ص ۱۶۹ سطر ۲۷، تاریخ بغداد جلد ۷ ص ۴۲۷ سطر ۱۰۔

Presented by www.ziaraat.com

عن عطاء قال سئلت عائشتہ عن علی قالتْ ذلک خیر البشر لاشک الا کافر عطاء بیان کرتا ہے کہ میں نے عائشہ بی بی سے علی علیہ السلام کی بابت سوال کیا۔ جواب دیا کہ وہ (علی) خیر البشر یعنی تمام آدمیوں سے بہترین۔ کافر کے سوا اور کوئی اس امر میں شک نہ کرے گا۔

روایت حضرت جابر

ارجح المطالب ص۴۹ سطر۱۹' کنز العمال جلد۶ ص۱۵۹' حدیث ۲۶۶۴' مناقب عینی ص۳۹' لسان المیزان جلد۲ ص۲۵۲' قرۃ العینین ص۲۳۴' موضع لوھام الجمع و التفریق جلدا ص۳۹۴' ینابیع المودت ص۲۱۵' تاریخ بغداد جلد۷ ص۴۲۱ سطر۱۰' تہذیب التھذیب جلد۹ ص۴۱۹ سطر۷' کنوز الحقائق جلد۲ ص۱۶ سطر۳ پر ہے۔

عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم علی خیر البشر فمن ابی فقد کفر

حضرت جابر سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حضرت علیؑ تمام بشروں سے بہترین۔ جس نے بھی انکار کیا وہ کافر ہے۔

روایت دوم حضرت جابر

عن عقبہ بن سعد العوفی قال دخلنا علی جابر بن عبداللہ و قد سقط حاجباہ علی عینیہ فسالنا عن علی فرفع حاجبیہ فقال ذاک من خیر البشر (اخرجہ احمد فی مناقبہ) عقبہ بن سعد سے روایت ہے کہ ہم جابر بن عبداللہ کے پاس گئے اور ان کے ابرو کے بال ان کی آنکھوں سے نیچے ڈھلکے ہوئے تھے ہم نے جناب امیرؑ کی نسبت دریافت کیا وہ اپنی آنکھوں سے ابرو کے بال اٹھا کر کہنے لگے وہ تو خیر البشر ہے۔

ارجح المطالب ص۴۶ سطر۱۹' ذخائر العقبیٰ ص۹۶ سطر۲' الریاض النضرہ جلد۲ ص۲۲۰

روایت سوم

عن عطیتہ قال قلت لجابر کیف کان منزلتہ علی فیکم قال کان خیر البشر عطیہ جابر سے پوچھتے ہیں تمہارے درمیان حضرت علی کی منزلت کیا تھی۔ فرمایا وہ سب انسانوں سے اچھے تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

لسان المیزان جلد۶ ص ۷۸، میزان الاعتدال جلد۱ ص ۲۵۴ سطر۲، جلد۱ ص ۲۴۲ سطر۱۰۔

روایت چہارم

کوکب دری ص ۲۵۸ منقبت ۲۴۲ پر ہے۔

نیز مودات میں ابو سالم سے مروی ہے کہ میں نے جابرؓ انصاری سے پوچھا کہ تم کو رسول خدا سے جو علی مرتضیٰ کے فضائل معلوم ہوئے ہیں مجھ سے بیان کرو۔ جابرؓ نے کہا امیر المومنین جناب علی کے بعد نصوص قرآنی اور احادیث حبیبؐ سبحانی کے موافق خیر البشر ہیں۔ پس میں نے کہا تم ان لوگوں کے حق میں کیا کہتے ہو جو اس بزرگوار کی بغض و عداوت دل میں رکھتے تھے۔ جابر نے جواب دیا کہ وہ بے شک کافر ہو گئے اور علی کو دشمن نہیں رکھتا مگر کافر۔

روایت حضرت حذیفہ

عن حذیفة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم علی خیر البشر من ابی فقد کفر (اخرجه ابن مردویه) حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے علی علیہ السلام خیر البشر ہیں جس نے کہ انکار کیا وہ کافر ہوا۔

ارجح المطالب ص ۲۶ سطر آخر۔ ینابیع المودت ص ۲۴۶، مودت القربیٰ ص ۳۶

روایت حضرت علیؑ

مودت القربیٰ ص ۳۶ سطر۱۷، ینابیع المودت ص ۲۶۴، کوکب دری ص ۱۷۷

و عن علی قال قال رسول الله لی انت خیر البشر ما شک فیه الا کافر اور جناب امیر المومنین سے روایت ہے کہ رسول خداؐ نے مجھ سے فرمایا اے علیؑ تم خیر البشر ہو۔ اس امر میں کافر کے سوا اور کوئی شک نہ کرے گا۔

مرفوع

قال رسول الله صلی الله علیه واله وسلم علی خیر البشر من شک فیه کفر

Presented by www.ziaraat.com

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی تم سب انسانوں سے بہتر ہو جو بھی اس میں شک کرے گا وہ کافر ہے۔ (کنوز الحقائق ص۱۶ سطر۳ جلد۲' میزان الاعتدال جلد۱ ص۲۴۲ سطر۱۰)

روایت ششم ابن عباس

عن ابن عباس انہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم علی خیر البشر من شک فیہ کفر حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حضرت علی سب بشروں سے اچھے ہیں اور جو بھی اس میں شک کرے گا وہ کافر ہے۔

کنز العمال ص۱۵۹ جلد۶' منتخب کنز العمال ص۳۵ جلد۵ سطر۳۳

روایت ابن عباس

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ رسول خدا نے فرمایا حضرت علی سب بشروں سے اچھے ہیں اور جو بھی اس میں شک کرے گا وہ کافر ہے۔

کنز العمال جلد۶ ص۱۵۹' منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۵ سطر۳۳

روایت عبداللہ بن مسعود

عن عبداللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی خیر البشر من ابی فقد کفر (اخرجہ الرزی فی الاربعین) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب سرور انبیاء علیہ التحیۃ والثناء نے ارشاد فرمایا ہے کہ علی سب لوگوں سے بہتر ہے جس نے انکار کیا وہ کافر ہے۔

ارجح المطالب ص۴۳۲ سطر۲

روایت دوئم

عن ابن عمر قال قال النبیؐ خیر رجالکم علی بن ابی طالب و خیر شبابکم الحسن و الحسین و خیر نسائکم فاطمۃ بنت محمد

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت جابر

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری فرماتے ہیں کہ ایک دن مسجد نبوی میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ کرام کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ اتنے میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن ایک نوری جھنڈا ہو گا جس کی عصا زبرجد سے بنی ہو گی۔ جسے اللہ تعالیٰ نے خلقت ارض و سماء سے دو ہزار سال پہلے خلق فرمایا تھا۔ اس لواء الحمد پر یہ عبارت تحریر ہے۔ **لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ آل محمد خیر البشر۔** اے علی تم قوم کے امام ہو گے اور یہ جھنڈا تمہارے ہاتھ میں ہو گا۔

حضرت علی علیہ السلام نے کہا خدا کا شکر ہے جس نے ہمیں ہدایت دی اور آپ کے ذریعے ہمیں مکرم و مشرف فرمایا۔ (بحر المناقب ص ۱۲۰)

خیر رجالکم

عن بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر رجالکم علی و خیر شبابکم الحسن والحسین و خیر نسائکم فاطمۃ (اخرجہ الخطیب و ابن عساکر فی تاریخھما) ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تمہارے سب آدمیوں میں بہتر علی ہیں۔ اور تمہارے نوجوانوں میں بہتر حسن اور حسین اور تمہاری عورتوں میں بہتر فاطمہ ہیں۔

ارجح المطالب ص ۳۹۳ سطر ۶، تاریخ بغداد جلد ۴ ص ۳۹۱، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۹۳، ینابیع المودت ص ۲۴۷، رموز الاحادیث ص ۲۸۱، کنز العمال جلد ۶ ص ۲۱۷ حدیث ۳۸۱۲، مودت القربیٰ ص ۳۴، مناقب عینی ص ۴۱، تاریخ دمشق ص ۱۲۲، کوکب دری ص ۱۸۵

روایت حضرت ابن عمر

مودت القربیٰ ص ۳۸ سطر آخر، ینابیع المودت ص ۲۴۷، کوکب دری ص ۱۵۸۔

و عن ابن عمر قال قال رسول اللہ خیر رجالکم علی بن ابی طالب و خیر اشبابکم الحسن و الحسین و خیر نسائکم فاطمۃ بنت محمد علیہم الصلوۃ و السلام اور ابن عمر سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا نے فرمایا ہے۔ کہ تمہارے تمام مردوں سے بہتر علی ابن ابی

Presented by www.ziaraat.com

طالب ہے۔ اور تمہارے تمام جوانوں سے بہتر حسنؑ و حسینؑ ہیں۔ اور تمہاری تمام عورتوں سے بہتر فاطمہ بنت محمدؐ ہے۔

خیرُ النّاس

مودت القربیٰ ص ۳۸ سطر ۹

و عن الامام الباقر محمد بن علی عن ابائه علیهم السلام انه سئل رسول الله عن خیر الناس فقال خیر و اتقاها و افضلها و اقربها من الجنته اقربها منی و لا فیکم اتقا و لا اقرب الی من علی ابن ابی طالب علیه السلام امام محمد علیہ السلام اپنے آبائے کرام کی زبانی روایت کرتے ہیں۔ کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے خیر الناس یعنی بہترین مردم کی بابت پوچھا گیا۔ یعنی یہ دریافت کیا گیا کہ سب آدمیوں سے بہتر آدمی کون ہے۔ حضرت نے جواب میں فرمایا۔ کہ تمام لوگوں سے بہتر اور سب سے زیادہ تو متقی اور سب سے افضل اور سب سے زیادہ جنت کے قریب وہ شخص ہے جو مجھ سے زیادہ قریب ہونے والا ہے۔ اور تم میں سے کوئی شخص بھی علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے زیادہ تو متقی اور اس سے بڑھ کر میرا قریبی نہیں ہے۔ (یعنی علی ابن ابی طالبؑ سب آدمیوں سے بہتر اور افضل ہے۔)

روایت حضرت ابو سعید خدری

عن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله صلی الله علیه واله وسلم خیر الناس حمزة و جعفر و علی

حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ خیر الناس حضرت حمزہ، جعفر و علی ہیں۔

مقاتل الطالبین ص ۱۶، تاریخ بغداد جلد ۳ ص ۱۹۲، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۹، حدیث ۲۶۶۵، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۵ سطر ۳۶، اللئالی المصنوعہ ص ۱۶۹ سطر ۱۷۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت سوم   عبداللہ بن مسعود

قسم اول

عن ابن مسعود عن علی عن النبی صلی من لم یقل علی خیر الناس فقد کفر ابن مسعود
حضرت علیؑ اور وہ رسول اکرمؐ سے بیان کرتے ہیں کہ جو علی کو سب لوگوں سے اچھا نہیں کہتا وہ کافر ہے۔ کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۹

روایت حضرت عبداللہ بن مسعود

حضرت ابن مسعود اور حضرت علیؑ روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو علی کو سب لوگوں سے اچھا نہیں کہتا وہ کافر ہے۔

کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۹ حدیث ۲۶۶۵، قراۃ العینین ص ۲۳۴، مناقب عینی ص ۴۹، تاریخ بغداد جلد ۳ ص ۱۹۲، تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۴۱۹ سطر ۷، راموز الاحادیث ص ۳۴۲۔

روایت دوم

عن زادان عن عبداللہ بن مسعود قال قرئات علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سبعین سورۃ و ختمت القران علی خیر الناس علی بن ابی طالب (اخرجہ الخوارزمی فی المناقب و الطبرانی فی الکبیر فی مسند عبداللہ بن مسعود)
زادان عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ستر سورتیں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھیں اور پورا قرآن شریف تمام آدمیوں کے بہترین جناب علی علیہ السلام سے ختم کیا۔

ارجح المطالب ص ۱۳۹ سطر ۱۴، مناقب خوارزمی ص ۴۸ سطر ۱۹، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۹ سطر ۴، کوکب دری ص ۲۵۸ سطر ۱۵

روایت حضرت جابر

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ

Presented by www.ziaraat.com

علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو علی کو خیر الناس نہیں کہتا وہ کافر ہے۔ (منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۵)

روایت چہارم جابر

عن جابر قال قال رسول اللہ من لم یقل علی خیر الناس فقد کفر

حضرت جابر روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا جو شخص بھی علیؑ کو سب لوگوں سے اچھا نہیں کہتا وہ کافر ہے۔ (منتخب کنز العمال ص ۳۵ جلد ۵)

روایت پنجم

ابن عمر کے غلام نافع سے روایت ہے کہ میں نے ایک روز ابن عمر سے پوچھا کہ سرور کائنات کے بعد خیر الناس کون ہے۔ اس نے جواب دیا وہ شخص ہے جس پر وہ حلال ہے جو دوسروں پر حرام ہے اور وہ حرام ہے جو لوگوں پر حلال ہے۔ میں نے کہا وہ کون ہے وہ بولا کہ تو کہاں اور یہ سوال کہاں۔ بعد ازاں استغفار پڑھ کر کہا وہ شخص علی ابن ابی طالبؑ ہے کہ پیغمبر نے مسجد میں سب کے دروازے بند کر دیئے مگر آپ کے دروازے کو بند نہ کیا اور فرمایا یا علی میرے اور تیرے سوا دوسرے شخص کو جائز نہیں کہ حالت جنابت میں اس مسجد میں آئے اور جو کچھ مجھ پر واجب ہے وہی تم پر واجب ہے۔ اور تم میرے وصی اور وارث ہو۔ اور تم میرے قرض کو ادا کرو گے اور میرے وعدوں کو پورا کرو گے اور میری سنت پر شہید ہو گے۔ (کوکب دری ص ۲۶۰ سطر ۶)

خیر الخلق

عن المسروق قال دخلت علی ام المومنین عائشۃ فقالت لی من قتل الخوارج فقلت قتلھم علی قال فسکتت قال فقالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھم شر الخلیقۃ یقتلھم خیر الخلق عند اللہ تعالی یوم القیامۃ وسیلۃ (اخرجہ ابوبکر بن مردویہ) مسروق سے نقل ہے کہ میں جناب ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں گیا وہ مجھ سے پوچھنے لگیں کہ خوارج کو کس نے قتل کیا ہے میں نے عرض کیا امیر علیہ السلام نے وہ خاموش ہو گئیں اور پھر فرمانے لگیں میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ وہ لوگ بد ترین خلائق ہیں۔ ان کو افضل خلائق قتل کرے گا۔ اور ان کا قتل قیامت کے روز خدا کے نزدیک بڑا بھاری وسیلہ ہو گا۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۷۴۳ سطر۱۰' مناقب ابن مغازلی ص۵۴ سطر۱۱' الہریقتہ المحمودیہ جلد۱ ص۲۱۱' المواقف جلد۲ ص۶۱۵

خیر الامت

عن ابی رافع قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی انت خیر امتی فی الدنیا و الاخرۃ (اخرجہ ابوبکر بن مردویہ) ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جناب امیرؑ سے ارشاد فرماتے تھے کہ تم دنیا و آخرت میں میری تمام امت سے بہتر ہو۔

ارجح المطالب ص۴۸ سطر۸' مناقب عینی ص۴۳' حضرت علی از ارمان سرحدی ص۴۸ سطر۲

روایت حضرت حذیفہ

عن حذیفہ رضی اللہ عنہ لقد سئل منہ عن علی لقال خیر ھذہ الامتہ بعد نبیھا علی و لا یشک فیہ الا منافق (اخرجہ بن مردویہ) حذیفہ رضی اللہ عنہ سے جناب امیر کی نسبت پوچھا گیا وہ کہنے لگے کہ علی بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس امت کے سب لوگوں سے بہتر تھے منافق کے سوا کوئی اس میں شک نہیں لا سکتا۔

ارجح المطالب ص۷۳۱ سطر۱۶ پر تحریر ہے۔

روایت حضرت محمد باقر علیہ السلام

حضرت امام باقر علیہ السلام اپنے بزرگوں سے ایک طویل روایت بیان فرماتے ہیں کہ رسول اکرم نے حضرت علی علیہ السلام کے فضائل بیان فرماتے ہوئے فرمایا کہ علی میری امت میں سب سے بہتر ہے۔ (مناقب ابن مغازلی)

خیر امتی

عن بریدۃ رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لفاطمۃ ان زوجک خیر امتی اقدمھم سلما و اکثرھم حلما (اخرجہ بن مردویہ) بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جناب سیدہ علیہا السلام سے فرماتے تھے کہ بہ تحقیق تیرا خاوند میری سب امت کے لوگوں سے بہتر ہے صلح میں ان سے مقدم اور حلم سے سب سے زیادہ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

۹۴

ارجح المطالب ص ۱۳۷ سطر ۲۰، مناقب عینی ص ۲۸

مرفوع

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بیٹی فاطمہؑ سے فرمایا کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ میں نے تمہاری شادی ایسے مرد سے کی ہے جو میری امت میں سب سے بہتر ہے۔

ارجح المطالب ص ۴۹۴، البریقتہ المحمودیہ جلد ۱ ص ۲۱۱، مواقف جلد ۲ ص ۶۱۵

روایت حسن بصری

ابان بن عیاش کہتے ہیں کہ میں نے حسن بصری سے حضرت علیؑ کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ میں ایسے شخص کے بارے میں کیا کہوں جو کہ سبقت، فضل، علم، حکمت، فقہ، صحبت، زہد، قضاء اور قرابت میں سب پر سبقت اور اعلیٰ مقام رکھتا ہے۔

آپ کو معلوم ہے کہ ایک دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے فرمایا کہ میں نے تمہاری شادی ایسے شخص سے کی ہے جو کہ میری امت میں سب سے بہتر ہے۔ اگر اس کے علاوہ ایسا ہوتا تو میں اس کا استثناء ضرور کرتا۔

اے ابان حضرت علیؑ وہی شخص ہیں کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب کے درمیان اخوت قائم کی تو حضرت علیؑ کو اپنا بھائی بنایا۔ پس حضرت علی نفس کے لحاظ سے سب سے بہتر ہیں اور حضرت علیؑ بھائی کے لحاظ سے سب سے افضل ہیں۔ (شرح حدیدی جلد ۱ ص ۳۶۹)

روایت حضرت عائشہ

عن ابی الیسر الانصاری قال دخلت علی ام المومنین عائشۃ فقالت من قتل الخارجیۃ قال قلت قتلهم علی قالت ما یمنعنی الذی فی نفسی علی علی ان اقول الحق سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول یقتلهم خیر امتی من بعدی و سمعتہ یقول الحق مع علی و علی الحق (اخرجہ ابوبکر بن مردویہ) ابن یسر الانصاری ناقل ہیں کہ ایک دفعہ میں حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں گیا وہ فرمانے لگیں خارجیوں کو کس نے قتل کیا ہے۔ میں نے عرض کیا امیر علیہ السلام نے فرمانے لگیں مجھے علی کے حق میں سچ کہنے سے کون روک سکتا ہے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری سب امت میں بہتر شخص ان کو قتل کرے گا اور میں نے فرماتے ہوئے بھی سنا ہے کہ علی حق کے ساتھ اور حق علی کے ساتھ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۷۳۲ سطر ۲۱، شرح حدیدی جلد ۱ ص ۲۰۲، المواقف جلد ۲ ص ۶۱۵، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۷۳۲ سطر ۱۳

روایت حضرت بریدہ

عن بریدۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قم بنا یا بریدۃ نعود فاطمۃ فلما ان دخلنا علیہا ابصرت اباھا دمعت عینا ھا قال ما یبکیک یا بنتی قالت قلۃ الطعم و کثرۃ الھم و شدۃ السقم قال لھا اما و اللہ ما عنداللہ خیر مما ترغبین الیہ یا فاطمۃ اما ترضین انی زوجتک خیر امتی اقدمھم سلما و اکثرھم علما و افضلھم حلما و اللہ ان ابنیک سیدا شباب اھل الجنۃ (اخرجہ الخوارزمی) بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خواجہ ہردو سرا صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے ارشاد فرمانے لگے اے بریدہ اٹھ ہمارے ساتھ چل کہ جناب سیدہ علیہا السلام کی بیمار پرسی کریں جب ہم ان کے پاس گئے اور انہوں نے ہم کو دیکھا تو بے اختیار رونے لگیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے میری بیٹی تم کو کس بات نے رلایا ہے عرض کرنے لگیں کھانے کے نہ ہونے نے اور غم کی کثرت نے اور بیماریوں کی شدت نے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا واللہ جو خدا کے پاس ہے کیا وہ بہتر نہیں اس چیز سے کہ جس کی تم یا فاطمہ رغبت کرتی ہو۔ تم راضی نہیں ہوتیں کہ ہم نے تم کو ایسے شخص کی زوجہ بنایا ہے جو میری تمام امت سے بہتر ہے اور اسلام لانے میں ان سب سے مقدم ہے اور ان سب سے زیادہ عالم ہے اور از روئے حلم سے افضل ہے واللہ بے شک تیرے دونوں بیٹے اہل جنت کے سردار ہیں۔

ارجح المطالب ص ۱۳۵ سطر آخر، تاریخ دمشق جلد ۱ ص ۲۴۲، فتح ملک العلی ص ۳۹، مناقب خوارزمی ص ۵۸ سطر ۵، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۳

روایت ابی سلیمان

عن ابی سلیمان راعی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لیلۃ اسری بی الی السماء و قل لی الجلیل جل جلالہ یا محمد من خلفت فی امتک قلت خیرھا قال اعلی بن ابی طالب قلت نعم یا رب قال یا محمد اطلعت الی اھل الارض اطلاعۃ فاخترتک منھا فشققت لک اسما من اسمائی فانا الاعلی و ھو علی یا محمد انی خلقتک و علیا من سنخ نور من و عرفتہ ولا تکما علی اھل السموات و الارض فمن قبلھا کن عندک من المومنین و من جحدھا کان من الکفرین (اخرجہ الخوارزمی) جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے گلہ بان ابی سلیمان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ شب معراج پروردگار جل جلالہ نے مجھ سے ارشاد کیا یا محمدؐ تم اپنی امت میں اپنی جگہ کس کو چھوڑ آئے ہو۔ میں نے عرض کیا ان کے بہتر اور برتر کو۔ فرمایا کہ علیؑ بن ابی طالب کو میں نے عرض کیا ہاں اسی کو پروردگار نے فرمایا محمدؐ میں نے زمین والوں کو اچھی طرح سے دیکھ کر تم کو برگزیدہ کیا اور ناموں میں سے ایک نام تمہارے لیے مشتق کیا پس میں محمود ہوں اور آپ محمدؐ ہیں۔ پھر میں نے دوبارہ زمین کے لوگوں کو دیکھا اور علی بن ابی طالب کو انتخاب کیا اور اس کے لیے بھی ایک نام اپنے ناموں سے اپنے ناموں سے مشتق کیا پس میں اعلیٰ ہوں اور وہ علیؑ ہے یا محمد میں نے تم کو اور علیؑ کو اپنے اصلی نور سے مخلوق کیا ہے اور تم دونوں کی ولایت کو آسمان اور زمین والوں کے سامنے پیش کیا پس جس نے اس کو قبول کیا وہ میرے نزدیک مومن ٹھہرا۔ اور جس نے اس سے انکار کیا کفار کے گروہ میں سے بن گیا۔

Presented by www.ziaraat.com

روضۃ الشہداء میں ملا حسین واعظ کاشفی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں کہ جب جناب امیر تولد ہوئے ابو طالب مہد کے پاس دیکھنے کو تشریف لائے جناب امیر نے ہاتھ بڑھا کر ان کے چہرہ کو خراشیدہ کیا۔ انہوں نے بی بی صاحبہ سے پوچھا تم نے ان کا نام کیا رکھا ہے انہوں نے جواب دیا میں نے ان کا نام اپنے والد کے نام پر اسد رکھا ہے۔ ابو طالب نے کہا ان کا نام ہمارے جد اعلیٰ جامع قبائل عرب قصی کے نام پر زید رکھنا چاہیے۔ اسی اثناء میں سرور دین پناہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور پوچھا کہ اس لڑکے کا کیا نام رکھا ہے عرض کیا گیا والدہ نے اسد اور والد نے زید کہا ہے آپ نے ارشاد کیا علی نام رکھنا چاہیے۔ جناب امیر کی والدہ ماجدہ نے عرض کیا بخدا میں نے ایک روز ہاتف سے یہی نام سنا تھا اور دوسری روایت میں ہے کہ جناب امیر کے نام رکھنے کی نسبت جنابؑ ابوطالب اور فاطمہ بنت اسد میں باہم تکرار ہونے لگی۔ آخر کار دونوں فیصلہ کے لیے کعبہ میں گئے جناب فاطمہ بنت اسد نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر یہ شعر کہا۔

بین لنا بحکمک المرضی ماذا تری من اسم ذی الصبیح

یعنی اے پروردگار اس لڑکے کے نام کی نسبت جو کچھ کہ تیرے رضا ہو مجھے اس سے آگاہ کر۔ اتنے میں غیب سے ندا آئی۔ فاسمہ من شامخ العلی علی اشتق من العلی یعنی اس کا نام علی ہے۔ علی مشتق ہے العلی سے جو خدائے پاک کے اسماء الحسنیٰ میں سے ہے۔

قیل لما ترہت و لادۃ علی حضرا بوہ ابو طالب الکعبۃ و تعلق باستادھا۔ ادعوک یا ذو الغسق الدجی و الفلق المنج ملقی۔ بین لنا عن حکمک المرضی۔ ماذا تری من اسم ذ الصبی۔ لھتف بہ ھاتف۔ خاطبتنا بالوالد السوے۔ الطیب المھذی المرضی۔ ان اسمہ لی شامخ العلی۔ علی اشتق من العلی (ذکرہ نجم الدین فخر الاسلام ابو بکر بن محمد بن الحسن السمنا المرندی فی مناقب الصحابۃ) روایت ہے کہ جب جناب امیر تولد ہوئے تو ابوطالب نے کعبہ کا پردہ پکڑ کر یہ شعر پڑھا۔ میں تجھے پکارتا ہوں۔ اے صاحب اندھیری رات اور مالک صبح روشن کے ہم سے اپنی رضا کا حکم کر جو نام کہ تو اس لڑکے کا مناسب سمجھے۔ ناگاہ ہاتف نے پکارا۔ تو نے ہم سے اس پاک اور مہذب اور ستودہ لڑکے کی نسبت پوچھا ہے اس کا نام آسمان کی بلندیوں میں علی ہے اور وہ مشتق ہے العلی سے خدائے پاک کی اسماء الحسنیٰ میں سے ہے۔

ارجح المطالب ص ١٠ سطر آخر، ینابیع المودت ص ٢٤٧، اسد اللہ ص ١٣ سطر ١٢

خَیرُ اَھلِ الاَرضِ

عن عکرمۃ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ بعبد الرحمان ابن عوف یا عبدالرحمان انکم اصحابی و علی بن ابی طالب اخی و منی و انا من علی فھو باب علمی و وصی و ھو و فاطمۃ و الحسن و الحسین ھم خیر الارض عنصرا و شرفا و کرما عکرمہ نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ جناب رسول خدا نے عبدالرحمان بن عوف سے فرمایا اے عبدالرحمان تم لوگ میرے اصحاب ہو اور علی بن ابی طالب میرا بھائی ہے۔ وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ وہ میرے علم کا دروازہ ہے اور میرا وصی ہے اور وہ فاطمہ اور حسنین ہی ایسے لوگ ہیں جو وجود

Presented by www.ziaraat.com

عنصری، شرافت اور کرامت میں تمام اہل ارض سے بہتر ہیں۔ (المودۃ القربیٰ ص ۱۱۳ سطر ۶، ینابیع المودت عربی ص ۲۶۳)

خَیرُ اَھلی

ایک طویل حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے فرمایا اے فاطمہ تم کیوں روتی ہو۔ میں نے تیرے لئے ایسے شخص کو منتخب کیا ہے جو مجھے اپنی تمام اھل سے بہتر نظر آیا ہے۔

لسان العرب جلد ۱۴ ص ۴۰ کالم ۱ سطر ۱۳، طبقات ابن سعد جلد ۸ ص ۲۳، خصائص نسائی ص ۳۲، تاریخ ابن عساکر جلد ا ص ۲۳۱، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۳ حدیث ۲۵۴۴، النھایہ جلد ا ص ۶۳، الشفور الباسمہ ص ۷، ینابیع المودت ص ۱۷۶، نظم درر السمطین ص ۱۵۸

خَیرُ اِخوَتی

روایت حضرت عائشہ

(۱) عن ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالی عنہما قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر اخوتی علی و خیر اعمامی حمزۃ و ذکر علی عبادتہ (اخرجہ الدیلمی فی فردوس الاخبار فی کنز العمال) جناب ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میرے تمام بھائیوں میں سے بہتر علی ہیں اور تمام چچوں میں سے بہتر حمزہ ہیں۔ اور علیؑ کا ذکر عبادت ہے۔

صواعق محرقہ ص ۱۲۴ سطر آخر، الفتح الکبیر جلد ۲ ص ۹۴، سیرت حلبیہ جلد ۲ ص ۲۷، اصابہ جلد ۲ ص ۲۳۴، الشرف المئوبد ص ۱۱۱، ثمرۃ الاوراق جلد ۲ ص ۱۸۷، ارجح المطالب ص ۱۲۱ سطر آخر، ینابیع المودت ص ۲۸۳، بدائع المنن جلد ۵ ص ۵۰۳، الروض الازھر ص ۱۰۰، تیسیر الوصول جلد ۲ ص ۲۷۴، منتخب کنز العمال ص ۲۰۱، وسیلۃ النجات ص ۱۳۳، مناقب عینی ص ۳۴۳، تاریخ دمشق جلد ا ص ۱۲۳، اسد الغابہ جلد ۳ ص ۲۵، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۲ حدیث ۲۵۱۱

روایت عبدالرحمان

حضرت عبدالرحمان بن عباس اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ

Presented by www.ziaraat.com

علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بھائیوں میں سب سے بہتر علی ہیں۔

اسد الغابہ جلد ۳ ص ۷۴' اصابہ جلد ۲ ص ۲۳۴

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بھی ایسی ہی روایت بیان فرماتے ہیں۔

منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۰' الفتح الکبیر جلد ۲ ص ۹۶' تاریخ دمشق جلد ۱ ص ۱۲۳

خَیرُ اِخوَانی

ارجح المطالب ص ۵۳۴ سطر آخر' مناقب ابن مغازلی ص ۳۸ سطر ۱' منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۰' الفتح الکبیر جلد ۲ ص ۹۹

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا ہے کہ میرے سب بھائیوں میں بہتر علی ہیں اور سب چچوں میں بہتر حمزہ ہیں اور علی کا ذکر عبادت ہے۔

خَیرُھُم اَخاً

ابان بن عیاش سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی تم میرے سب سے اچھے بھائی ہو۔ (شرح حدیدی جلد ۱ ص ۳۶۹)

خَیرُ مَن اَترُکُ بَعدِی

عن انس قال بینما انا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ قال الآن یدخل سید المسلمین و امیر المومنین و خیر الوصیین اذا طلع علی فقال صلی اللہ علیہ وسلم و الی و الی فجلس بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یمسح العرق من جبهته و وجهه یمسح به وجه علی و یمسح العرق من وجه علی و یمسح به وجهه فقال له علی یا رسول اللہ انزل فی شئی قال اما ترضی ان تکون منی بمنزلة هارون من موسی الا انه لا نبی بعدی انت اخی و وزیری و خیر من اخلف بعدی تقضی دینی و تنجز و عدی و تبین لهم ما اختلفوا فیه من بعدی و تعلمهم تاویل القرآن ما لم یعلموا و تجاهدهم علی التاویل کما جاهدتهم علی التنزیل (اخرجه الدیلمی و ابن مردویه) انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں ایک روز جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ حضرت نے فرمایا ابھی اسی وقت مسلمانوں کا سردار اور مومنوں کا امیر اور اوصیاء کا بہتر یہاں آ جائے گا۔ ناگہاں جناب امیر تشریف لائے۔ حضرت نے فرمایا اے میرے پروردگار تیرے قربان۔ انس کہتے ہیں کہ جناب امیر حضرت کے سامنے بیٹھ گئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے چہرہ مبارک اور جبین مبین کا عرق ان کے چہرہ پر اور ان کے چہرے کا عرق اپنے چہرہ اقدس پر ملنے لگے۔ جناب امیرؑ نے عرض کیا یا رسول اللہ آیا میرے حق میں کوئی آیت نازل ہوئی ہے۔ آپ نے ارشاد کیا کیا تو راضی نہیں کہ تیرے منزلت مجھ سے ایسی ہے جیسے کہ موسیٰؑ سے ہارونؑ کی

Presented by www.ziaraat.com

لیکن نبی میرے بعد نہیں ہونے والا۔ تو میرا بھائی اور وزیر ہے جن کو میں اپنے بعد میں چھوڑ جاؤں گا۔ ان سب سے تو افضل ہے میرے قرض کا ادا کرنے والا اور میرے وعدے کو پورا کرنے والا جن امور میں کہ لوگ میرے بعد اختلاف کریں گے تو اس کو رفع کرنے والا ہے۔ تو ان سے قرآن کے معنی بیان کرے گا۔ اور لوگوں کے ساتھ قرآن کی تاویل پر جہاد کرے گا۔

ارجح المطالب ص۱۸ سطر۱۰' تاریخ دمشق جلد ص۱۱۵' قرۃ العینین ص۲۳۴' شواہد التنزیل جلد۱ ص۳۷۳' کنز العمال جلد۶ ص۱۵۴' حدیث ۲۵۷۵' اربعین رازی ص۴۷۴ سطر۹

روایت حضرت سلمان فارسی

عن سلمان الفارسی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اخی و وزیری و خیر من اخلفہ بعدی علی بن ابی طالب (اخرجہ الخوارزمی فی المناقب) سلمان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ بہ تحقیق میرا بھائی اور میرا وزیر جن کو کہ میں اپنے پیچھے چھوڑتا ہوں ان سب سے بہتر علی بن ابی طالب ہے۔

ارجح المطالب ص۴۵ سطر۶' تاریخ دمشق جلد۱ ص۱۱۵' شرح حدیدی جلد۳ ص۲۵۸' البریقۃ المحمودیہ جلد۱ ص۲۱۱' کنز العمال جلد۳ ص۱۵۴' حدیث ۲۵۷۰' مناقب خوارزمی ص۶۲ سطر۱۹

حضرت علی علیہ السلام خود بھی ایسی ہی روایت بیان فرماتے ہیں۔ (تاریخ دمشق جلد۱ ص۱۱۴)

روایت انس بن مالک

کوکب دری ص۱۸۵ سطر آخر' تاریخ دمشق جلد۱ ص۱۱۶' محاضرات الادباء جلد۴ ص۴۷۸' مناقب خوارزمی ص۲۷ سطر آخر' میزان الاعتدال جلد۲ ص۳۵۰ سطر آخر' مودت ص۶۵' شرح مقاصد جلد۲ ص۲۱۳' شواہد التنزیل ص۲۵۔

روایت حضرت ابو سعید خدری

عن ابی سعید الخدری عن سلمان الفارسی قال قلت یا رسول اللہ لکل نبی وصی فمن وصیک فقال هل تعلم من وصی موسی قلت نعم یوشع بن نون قال لم قلت لانہ کان اعلمهم قال فان وصیی و موضع سری و خیر من اترک بعدی و ینجز عدتی و یقضی دینی علی بن ابی طالب (اخرجہ ابوبکر ابن مردویہ) و الطبرانی فی الکبیری فی مسند سلمان الفارسی ابو سعید خدری سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سے عرض کیا یا رسول اللہ ہر ایک نبی کے لیے وصی ہوتا ہے حضورؐ کا وصی کون ہے فرمایا تو جانتا ہے کہ موسیٰ کا وصی کون تھا میں نے عرض کیا یوشع بن نون۔ حضرت نے فرمایا کیوں۔ میں نے گذارش کیا اس لیے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امت عرب کے ساتھ نیکی کرنے کی وصیت کرتا ہوں۔

ارجح المطالب ص۳۶ سطر۲۳، کنز العمال جلد۶ ص۱۵۴، حدیث ۲۵۷۰، میزان الاعتدال جلد۱ ص۲۳۵، ینابیع المودت ص۷۸، مناقب عینی ص۲۰، قرۃ العینین ص۲۳۴، تفریح الاحباب ص۳۲۰، شواہد التنزیل جلد۱ ص۷۶، مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۷۳ سطر آخر، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۲، مناقب خوارزمی ص۶۷، نظم درر السمطین ص۹۸، مواقف جلد۲ ص۶۱۵

نکات

اس باب کی آیات قرآن اور احادیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے درج ذیل نکات واضح ہوتے ہیں۔

(۱) سورۂ البینہ کی آیت سے واضح ہوا کہ خیر البریہ مومن اور نیک اعمال کرنے والے ہیں۔ تو امت محمدیہ میں اس آیت کے سب سے زیادہ مستحق حضرت علی علیہ السلام ہیں جو کہ نہ صرف مومن ہیں بلکہ امیر المؤمنین ہیں اور ان کے اعمال صالحہ کا حال یہ ہے کہ ان کی ایک ضربت ثقلین کی بندگی سے افضل اور ان کی ساری زندگی عصمت کا آئینہ ہے۔

یہ آیت بھی حضرت علی کی تفضیل پر دلالت کرتی ہے جب آپ خدا کی ساری مخلوق سے بہتر ہیں تو حضور اکرم جناب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سوا آپ خدا کی ساری مخلوق سے افضل ہیں۔

(۲) حضرت جابر کی تفسیر کے بقیہ حصوں کی اپنے اپنے مقام پر تشریح کی جائے گی۔ انشاء اللہ

(۳) یہاں تو صرف حدیث کے آخری جملے کے متعلق صرف اتنا کہنا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کے لئے لفظ خیر البریہ اس طرح مشہور ہو گیا تھا کہ آپ جب کبھی تشریف لاتے تو صحابہ کرام فرماتے کہ جو سب خلقت سے بہتر ہیں وہ تشریف لا رہے ہیں۔ تو پھر وہ صحابہ کرام حضرت علی علیہ السلام کا مقابلہ کس طرح کر سکتے ہیں۔

(۴) حضرت زید بن شراحیل انصاری کا حضرت علی علیہ السلام کی روایت سے زیادہ تفصیل ملتی

Presented by www.ziaraat.com

ہے کہ خیر البریہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، حضرت علی علیہ السلام اور ان کے شیعہ ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور حضرت علی علیہما السلام کے خیر البریہ ہونے میں تو کسی قسم کا شک و شبہ نہ ہے۔ شیعیان علیؑ تو اس حدیث کے مطابق یہ بھی خیر البریہ ہیں، کیونکہ ایمان کی بنیاد آیات قرآن اور اقوال و اعمال معصومین علیہم السلام پر ہے۔ اور ان کے اعمال فرامین و اعمال معصومین علیہم السلام کے مطابق ہیں۔ اور یہ آل محمد علیہم السلام کے صراط مستقیم پر چلتے رہے ہیں۔ لہٰذا یہی خیر البریہ ہیں۔

دوسرے مذاہب کے عقائد درست ہیں نہ اعمال کیونکہ یہ لوگ معصومین علیہم السلام کا در چھوڑ کر غیر معصوم حضرات کے پاس چلے گئے جس کے پاس اقتدار کے سوا کوئی وصف نہ تھا۔ عقائد کا یہ حال کہ کبھی توحید میں شرک اور کبھی نبوت میں شک اور اعمال کا یہ حال کہ اسلام لانے سے پہلے بت پرستی کرتے رہے اور دوسرے مشرکوں کی طرح نہ جانے کیا کرتے رہے اور جب مصلحتوں کے ساتھ اسلام کا اعلان کر بھی دیا تو ایسے اعمال کیے کہ کبھی خدا کو روکنا پڑا اور کبھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اپنے دربار رحمت سے تو مواغی کہہ کر نکالنا پڑا اور بوقت وفات کہا کاش ہم یہ کام نہ کرتے وہ کام نہ کرتے۔

حدیث کے باقی اجزاء پر مناسب مقامات پر بحث کی جائے گی۔

حضرت ابن عباس حضرت ابو سعید خدری اور حضرت ابو جارود محمد بن علی کی روایات سے بھی ثابت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام خیر البریہ ہیں۔

(۵) حضرت ام ہانی کی روایت سے ثابت ہوا کہ افضل البریہ وہی ہے جو حضرت علیؑ اور اس کی اولاد کو خیر البریہ مانتے ہوں۔ یہ افضل البریہ شیعیان علی کے سوا کوئی اور نہیں ہیں کیونکہ یہی لوگ حضرت علی علیہ السلام اور اس کی اولاد سے معصوم ہستیوں کو خیر البریہ مانتے ہیں۔ دوسرے لوگ تو کبھی چوتھے درجے پر بیٹھاتے ہیں اور کبھی امیر شام سے مقابلہ کراتے ہیں۔

(۶) خیر البشر کے ذیل میں احادیث میں سے حضرت عائشہ کی روایت سے واضح ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام خیر البشر ہیں اور جو اس میں شک کرے گا وہ کافر ہو گا۔

اول تو یہ روایت حضرت عائشہ سے مروی ہے جو حضرت علی علیہ السلام کا نام سننا بھی پسند نہ کرتی تھیں۔

ثانیاً" حضرت عائشہ نے ثابت کر دیا کہ تفضیل علیؑ کا جو قائل نہیں ہے وہ کافر ہے لیکن

Presented by www.ziaraat.com

یہاں الٹی گنگا بہتی ہے کہ لوگ تفضیل علی کے قائل لوگوں کو کافر کہتے ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف کہنے کی بات نہیں بلکہ شک کرنے کی بات کی ہے جس سے اس حدیث کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ کہ خبردار یہ بات اتنی واضح ہے کہ اس بارے میں شک کبھی نہ کرنا۔ لیکن جو نبی کے بارے میں شک کرتے رہے بھلا وہ حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں شک کیوں نہ کرتے۔ پھر جن کے مذہب کی بنیاد شک پر ہو وہ توحید و نبوت کے بعد تفضیل علی میں شک کیوں نہ کریں۔ لیکن یہ لوگ سمجھتے نہیں کہ حضرت عائشہ کے نزدیک ایسا شک کرنا مسلمان کو کافر بنا دیتا ہے۔

(۷) حضرت حذیفہ کی روایت سے واضح ہوا کہ جس نے حضرت علی علیہ السلام کے خیر البشر ہونے کا انکار کیا وہ کافر ہوا۔ اسی طرح دوسرے اصحاب نبیؐ روایات کی ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت علی علیہ السلام خیر البشر ہیں اور جو خیر البشر ہے وہ افضل البشر ہے۔ لہٰذا حضرت علی علیہ السلام افضل البشر ہیں۔

(۸) حضرت عبداللہ بن عمر کی روایت سے واضح ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام امت مصطفیٰ کے تمام مردوں سے افضل ہیں' اور ان مردوں میں حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان بھی شامل ہیں۔ جن سے حضرت علی علیہ السلام افضل ہیں۔

(۹) حضرت جابر کی روایت سے ثابت ہوا کہ جس لواء الحمد کے زیر سایہ یوم محشر مومنین آرام کریں گے اس پر یہ تین کلمے تحریر ہیں۔ **لا الٰہ الا اللہ' محمد رسول اللہ' آل محمد خیر البشر**

(۱۰) اس سے ثابت ہوا کہ خیر البشر آل محمد علیہم السلام ہیں۔

(۱۱) اس سے ثابت ہوا کہ یہ لواء الحمد خلقت ارضی سے دو ہزار سال پہلے خدا نے خلق فرمایا۔ گویا کہ ابھی بشر خلق ہی نہ ہوا تھا کہ آل محمد پہلے سے خیر البشر تھے۔

(۱۲) اس لواء الحمد کے اٹھانے والے حضرت علی ہوں گے۔

(۱۳) اس روایت سے ثابت ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام امام امت مصطفیٰ ہیں۔ لہٰذا لواء الحمد کے زیر سایہ جگہ انہیں کو ملے گی جو کہ دنیا میں حضرت علی علیہ السلام کو امام اول مانتے ہوں گے۔

(۱۴) حضرت ابن عمر اور حضرت ابو موسیٰ کی روایات سے ثابت ہوا کہ مردوں سے بہتر حضرت علی' جوانوں سے بہتر حسنین اور عورتوں سے بہتر حضرت فاطمہ ہیں۔ لہٰذا کوئی مرد حضرت علی کا'

Presented by www.ziaraat.com

کوئی جوان حسنین شریفین کا اور کوئی خاتون، خاتون جنت کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ یہ حضرات اپنے اپنے طبقات سے افضل ہیں۔

(۱۵) حضرت امام محمد باقر کی روایت سے ثابت ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کے مطابق تمام لوگوں سے افضل وہ شخص ہے جو سب سے زیادہ تر متقی، سب سے زیادہ جنت کے قریب ہونے والا ہے۔ جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے زیادہ قریبی ہے اور وہ حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

(۱۶) حضرت ابو سعید خدری کی روایت سے واضح ہوا کہ سب لوگوں سے بہتر حضرت حمزہ، حضرت جعفر اور حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ اور واضح ہے کہ حضرت علی علیہ السلام حضرت حمزہ اور حضرت جعفر سے افضل ہیں۔

(۱۷) حضرت ابن مسعود کی روایت سے واضح ہوا کہ جو حضرت علی علیہ السلام کو خیر الناس نہیں مانتا وہ کافر ہے۔

(۱۸) حضرت عبداللہ بن مسعود کی روایت سے واضح ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام کا خیر الناس ہونا اس وقت مشہور تھا۔ اتنا مشہور کہ نام لئے بغیر صرف خیر الناس کہنے سے صحابہ کرام سمجھ لیتے تھے کہ حضرت علی علیہ السلام خیر الناس ہیں۔

(۱۹) حضرت ابن عمر کے غلام حضرت نافعؒ کی روایت سے واضح ہوا کہ خیر الناس وہ ہے جس پر وہ حلال ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حلال ہے اور وہ حرام ہے جو رسول پر حرام ہے (صدقہ) اس کسوٹی سے معلوم ہوا کہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان حضرت علی سے افضل نہیں تھے۔ کیونکہ ان پر صدقہ حلال ہے جو کہ رسول اکرم و حضرت علی علیہما السلام پر حرام ہے۔

روایت کے بقیہ حصوں کا ذکر اپنے اپنے مقام پر ہو گا۔

(۲۰) حضرت عائشہ کی روایت سے واضح ہوا کہ حضرت علی خیر الخلق ہیں اور یہ بھی واضح ہوا کہ عمرو بن عاص نے حضرت عائشہ کو دھوکہ میں رکھا کہ اس نے اس خارجی کو نیل کے کنارے قتل کر دیا ہے۔ ایسے ہی صحابیوں نے دھوکہ دے کر حضرت عائشہ کو جنگ جمل میں گھسیٹ لائے۔ اور جب حواب کے کتے بھونکے تو عشرہ مبشرہ کے حصے دار صحابیوں نے جھوٹ بولا کہ یہ حواب کا مقام نہیں ہے حالانکہ وہ حواب کا مقام تھا۔ صحابہ کرام کے ان دھوکوں کا یاد کر کے نبیؐ

Presented by www.ziaraat.com

کی زوجہ ساری عمر روتی رہیں لیکن کل ایمان سے جنگ کرنے کے بعد رونا دھونا کس کام کا۔

(۲۱) حضرت سلمان فارسی کی روایت سے واضح ہوا کہ اس امت میں سب سے اچھے وہ ہیں جو سب سے پہلے اسلام لائے اور خود ہی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

اس روایت سے دو باتیں واضح ہوئیں (۱) یہ کہ اس امت کے افضل حضرت علیؑ ہیں (۲) یہ کہ مسلم اول حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

(۲۲) حضرت حذیفہ نے ایک اور کسوٹی بتلائی کہ سوائے منافق کے کوئی بھی حضرت علیؑ کے خیر الامت ہونے میں شک نہیں کرے گا۔ یعنی جو حضرت علی علیہ السلام کو افضل الامت نہیں مانتا وہ منافق ہے۔

(۲۳) حضرت ابو رافع کی روایت سے مزید واضح ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام امت مصطفیؐ میں دنیا و آخرت میں افضل ہیں۔ یعنی یہ افضلیت زندگی تک ہی محدود نہیں۔ آخرت میں بھی اس کا اطلاق ہو گا اور اس امت میں حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان بھی شامل ہیں۔ لہذا حضرت علی علیہ السلام ان سے بھی افضل ہیں۔

(۲۴) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے فاطمہؑ کی شادی علیؑ سے اس لئے کی کہ حضرت علی تمام امت سے افضل تھے۔ یہی راز تھا کہ جب حضرت ابوبکر و عمر نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت فاطمہ کا رشتہ مانگا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکار کر دیا تھا کیونکہ یہ لوگ خیر الامت نہیں تھے۔

(۲۵) حضرت حسن بصری کی روایت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود وضاحت فرما دی کہ اگر علی کے علاوہ کوئی اور خیر الامت ہوتا تو میں اس کا استثنا ضرور کرتا۔ لہذا حضرت علی علیہ السلام خیر الامت ہیں۔

(۲۶) بعض روایات میں ہے کہ حضرت فاطمہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شکایت کی کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس نہ کھانے کو ہے نہ پینے اور ہمارے پاس غم بہت اور بیماریاں زیادہ ہیں۔ روایات کے یہ جملے قابل اعتراض ہیں۔ بھلا جو پکا پکایا کھانا مساکین اسیر اور یتیموں کو دے دیں اور اف تک نہ کریں وہ غربت کی کیوں کر شکایت کریں گے۔ جن کے در سے کبھی کوئی سائل خالی نہ گیا ہو وہ خود تنگدست کیسے ہو گئے ہوں گے اور

Presented by www.ziaraat.com

اگر تنگدستی کی روایات کو تسلیم بھی کر لیا جائے تو یہ کیا ضروری ہے کہ ان پریشانیوں کی شکایت بی بی پاک نے اپنے بابا سے بھی کی ہو۔

معصومہ کی یہ شان نہیں کہ وہ کسی ایسی بات کا مطالبہ کرے جو خدا اور اس کے رسول کو ناپسند ہو۔ معصوم کی تو شان ہی یہی ہے کہ وہ وہی چاہتے ہیں جو خدا چاہتا ہے وہ جیتے ہیں تو خدا کی مرضی کے مطابق' وہ پردہ پوش ہوتے ہیں تو خدا کی مرضی کے مطابق' تو پھر شکوہ کس بات کا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض لوگوں نے ملکہ عصمت کی طرف یہ باتیں غلط منسوب کی ہیں۔

روایت کے باقی اجزاء کی اپنے اپنے مقام پر تشریح آئے گی۔ انشاء اللہ

(۲۷) حضرت ام سلیمان کی روایت سے واضح ہوا کہ شب معراج رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرش معلّی پر اعلان فرمایا کہ اے خدائے ذوالجلال میں زمین پر خیر الامت علی کو خلیفہ بنا کر آیا ہوں۔

حضورؐ نے فرش پر بھی اعلان فرمایا اور عرش پر بھی کہ خیر الامت علی بن ابی طالب ہیں۔

(۲۸) خدائے ذوالجلال نے فرمایا کہ میں نے زمین کے تمام لوگوں کو دیکھا اور سب سے علی کو منتخب کیا۔ تو معلوم ہوا کہ خدا کے نزدیک بھی حضرت علی علیہ السلام تمام زمین والوں سے افضل ہیں۔

اسم علی کا ذکر اس سلسلے کی چوتھی جلد میں ہو چکا ہے اور ولایت کا ذکر آئندہ ہو گا۔ انشاء اللہ

(۲۹) حضرت عکرمہ کی روایت سے واضح ہوا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک وجودِ عنصری' شرافت اور کرامت کے لحاظ سے تمام اہل ارض سے بہتر ہیں۔

(۳۰) تمام دنیا سے اہل بیت افضل ہیں اور اہل بیت سے حضرت علی علیہ السلام افضل ہیں۔

(۳۱) حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حضور کے نسبی بھائیوں سے حضرت علی علیہ السلام افضل ہیں۔ تو جب حضرت علی علیہ السلام کے بھائی ان کے ہمسر نہیں تو غیر کیسے ہو جائیں گے۔

(۳۲) حضرت انس کی طویل روایت کے آخری جملے سے واضح ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن حضرات کو چھوڑا ان سب سے حضرت علی علیہ السلام افضل ہیں۔ ظاہر ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب ثلاثہ کو بھی چھوڑا۔ لہٰذا حضرت علی علیہ

Presented by www.ziaraat.com

السلام ان سے بھی افضل ہیں۔

(۳۴) حضرت ابن عباس کی روایت سے واضح ہوا کہ خدا نے زمین میں سے صرف دو لوگوں کو منتخب فرمایا۔ ایک محمد مصطفیؐ اور دوسرے علی مرتضیٰ ہے۔ لہٰذا تمام زمین والوں سے یہ حضرات افضل ہیں۔

مختار اہل الارض

روایت اول حضرت ابن عباس

عن ابن عباس لما زوج النبی علیاً فاطمة قالت یا رسول الله زوجتنی من عائل لا مال له فقال النبی او ما ترضین ان یکون اطلع علی اھل الارض فاختار منھم رجلین فجعل احدھما اباک و الاخر بعلک

حضرت عبداللہ بن عباس کا کہنا ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ سے فاطمہؑ کی شادی کی تو حضرت فاطمہؑ نے عرض کی یا رسول اللہ آپ نے میری شادی ایک ایسے شخص سے کر دی ہے جو محتاج ہے جس کے پاس مال نہیں ہے۔ تو حضور اکرمؐ نے فرمایا کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ خدائے ذوالجلال نے تمام اہل زمین کو دیکھا اور ان میں سے دو شخصوں کا انتخاب کیا۔ ایک تیرا باپ ہے اور دوسرا تیرا شوہر ہے۔

مختار اھل الارض

مودت القربیٰ ص ۲۷ سطر ۷، تاریخ بغداد جلد ۴ ص ۱۹۶، تذکرۃ الخواص ص ۳۱۸، میزان الاعتدال ص ۲۶۸ جلد ۳ ص ۱۴ سطر ۱۳، مواقف جلد ۲ ص ۶۱۵، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۲ سطر ۵، نزھتہ المجالس جلد ۲ ص ۲۳۶، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۹ سطر ۲، المستدرک جلد ۲ ص ۱۲۹ سطر ۱۱، جمع الجوامع ص ۳۹۱، تلخیص المستدرک جلد ۳ ص ۱۲۹ سطر ۸، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۳ حدیث ۲۵۴۳، ص ۹۱ حدیث ۹۲۹۲، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۸۲ سطر آخر، اربعین رازی ص ۴۷۴

Presented by www.ziaraat.com

سطر۳' صواعق محرقہ ص۱۵۹ سطر۱۹' جامع الاصول جلد ۹ ص۱۹۶ سطر۱۲' مناقب ابن مغازلی ص۱۰۱ سطر۱۴' ص۱۰۵' مودت القربیٰ ص۲۷ سطر۷' ینابیع المودت ص۱۳۰

قسم دوئم روایت حضرت ابن عباس

عن ابن عباس قال قال رسول الله اما ترضین انی زوجتک اول المسلمین اسلاما و اعلمھم فانک سیدة نساء امتی کما سادت مریم قومھا اما ترضین یا فاطمة ان الله اطلع علی اھل الارض فاختار منھم رجلین فجعل احد ھما اباک و الاخر بعلک

ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اکرمؐ نے حضرت فاطمہ سے فرمایا کیا آپ اس بات پر راضی نہیں کہ میں نے تمہاری شادی ایسے شخص سے کی ہے جو سب سے پہلے اسلام لایا اور سب سے زیادہ علم والا ہے۔ اور تو میری امت کی عورتوں کی سردار ہے۔ جیسے مریم اپنی قوم کی عورتوں کی سردار ہے۔ اور کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اہل ارض میں سے دو اشخاص کا انتخاب کیا ان میں سے ایک تیرا باپ اور دوسرا تیرا شوہر ہے۔ (کنز العمال ص۳۹۱ جلد۶' کوکب دری ص۱۷۰)

روایت دوئم حضرت ابو ہریرہ

عن ابی ہریرہ قال قالت فاطمة یا رسول الله زوجتنی من علی بن ابی طالب و ھو فقیر لا مال لہ فقال یا فاطمة اما ترضین ان الله عزوجل اطلع الی اھل الارض فاختار رجلین احد ھما ابوک و الاخر بعلک

حضرت ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ حضرت فاطمہ نے اپنے باپ رسول خدا سے درخواست کی کہ اے میرے ابا آپ نے میری شادی حضرت علی سے کی ہے جو فقیر ہے جس کے پاس مال نہیں۔ تو حضورؐ نے فرمایا اے فاطمہ کیا تو اس پر راضی نہیں کہ خداوند عالم نے اہل ارض کی طرف دیکھا اور دو شخصوں کو پسند کر لیا ان میں سے ایک تیرا باپ ہے اور دوسرا تیرا شوہر ہے۔ (المستدرک ص۱۲۹ جلد۳ سطر۱۱' تلیخص جلد۳ ص۱۲۹ سطر۲۲)

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت علی بن ہلالی

عن علی ابن الهلالی المکی قال دخلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی شکایتہ التی قبض فیها فاذا فاطمۃ عند راسہ فبکت حتی ارتفع صوتها فرفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طرفہ الیها فقال حبیبی فاطمۃ ما الذی یبکیک فقالت اخشی الضیعۃ من بعدک فقال حبیبی اما علمت ان اللہ عزوجل اطلع الی اهل الارض اطلاعۃ فاختار منها اباک فبعثہ بالرسالۃ ثم اطلع اطلاعۃ فاختار منها بعلک فاوحی الی انکحک اباہ یا فاطمۃ نحن اهل البیت قد اعطانا اللہ سبع خصال لم یعط احد قبلنا و لا یعطی احد بعدنا انا خاتم النبین و اکرمهم علی اللہ و احب المخلوقین الی اللہ و انا ابوک ووصی خیر الاوصیاء و احبهم الی اللہ عزوجل و هو بعلک و شهیدنا خیر الشهداء و احبهم الی اللہ و هو حمزۃ بن عبدالمطلب و هو عم ابیک و عم بعلک و منا من لہ جناحان اخضران یطیر فی الجنۃ مع الملیکۃ حیث یشاء و هو ابن عم ابیک و اخو بعلک و منا سبطاہ هذہ الامۃ و هما ابناک الحسن والحسین و هما سید اشباب اهل الجنۃ و ابو هما خیر منهما و یا فاطمۃ و الذی بعثنی بالحق ان منهما مهدی هذہ الامۃ اذا صارت الدنیا هرجا و فرجا و تظاهرت الفتن و تقطعت السبل و اغار بعضهم علی بعض فلا کبیر یرحم صغیرا و لا صغیر توقر کبیرا فیبعث اللہ عند ذلک منهما من یفتح حصون الضلالۃ و قلوبا غلفا یقوم بالدین فی اخر الزمان کما قمت بہ فی اول الزمان یملا الدنیا عدلا کما ملئت جورا یا فاطمۃ لا تحزنی و لا تبکی فان اللہ عزوجل ارحم بک و اروف علیک منی و ذلک بمکانی منی و موضعک فی قلبی و زوجک هو اشرف اهل بیتی حسبا و اکرمهم منصبا و ارحهم بالرعیۃ و اعدلهم بالسویۃ و ابصر هم بالقضیۃ و قد سالت ربی عزوجل ان تکون اول من یلحقنی قال علی فلما قبض النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم تبق فاطمۃ الا خمسۃ و سبعین یوما حتی الحقها اللہ تعالی بہ (اخرجہ الطبرانی فی الکبیر و ابو نعیم و السیوطی فی عرف الوردی) علی بن الهلالی المکی سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مرض الموت

میں حضورؐ کے پاس گیا جناب فاطمہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سرہانے بیٹھی ہوئی تھیں حضرت کی حالت کو دیکھ کر روتے روتے جناب فاطمہ کی گھگی بندھ ہو گئی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آنکھ اٹھا کر ان کی طرف دیکھا اور فرمایا میری پیاری فاطمہؑ تم کیوں روتی ہو۔ جناب فاطمہؑ نے عرض کیا یا رسول اللہ میں آپ کے بعد ضائع ہونے سے ڈرتی ہوں۔ حضرت نے فرمایا میری پیاری کیا تمہیں معلوم نہیں کہ پروردگار نے اہل زمین کو اچھی طرح سے دیکھ کر ان میں سے تمہارے والد کو انتخاب کیا اور ان کو مبعوث بالرسالت کرکے بھیجا۔ پھر دوبارہ اہل زمین کو دیکھ کر تمہارے شوہر کو منتخب کیا اور مجھے حکم دیا اور میں نے تمہارا نکاح ان سے کیا یا فاطمہؑ ہم اہل بیت کو خدا نے سات ایسی باتیں عطا کی ہیں کہ نہ ہم سے پہلے کسی کو دی گئی ہیں اور نہ ہمارے بعد کسی کو دی جائیں گے۔ میں خاتم النبین اور خدا کے نزدیک سب مخلوق سے محبوب اور مکرم ہوں اور میں تمہارا والد ہوں۔ اور ہمارا وصی سب وصیوں سے بہتر اور خدا کے نزدیک ان سب سے محبوب تر ہے اور وہ تمہارا شوہر ہے۔ اور ہمارا شہید سب شہیدوں سے افضل اور ان سب سے خدا کے نزدیک محبوب تر ہے وہ حمزہ بن عبدالمطلب تمہارے والد ماجد اور تمہارے شوہر کا چچا ہے۔ اور ہم اہل بیت میں سے ایک وہ ہے جس کے دو سبز پر ہیں اور فرشتوں کے ساتھ جہاں چاہتا ہے جنت میں اڑتا پھرتا ہے اور وہ تمہارے والد کا ابن عم اور تمہارے شوہر کا بھائی اور اس امت کے اسباط بھی ہم میں سے ہیں اور وہ دونوں تمہارے بیٹے حسنؑ اور حسینؑ ہیں جو جوانان اہل جنت کے سردار ہیں۔ اور قسم ہے اس خدا کی جس نے کہ مجھے سچائی کے ساتھ بھیجا ہے ان کے والدین ان سے بہتر ہیں اور اسی خدا کی قسم ہے جس نے مجھے سچائی کے ساتھ بھیجا ہے کہ اس امت کا مہدیؑ بھی ان دونوں سے پیدا ہو گا۔ جبکہ دنیا بھر میں جھگڑے بکھیڑے پیدا اور فتنے نمودار ہو جائیں گے آمدورفت کے راستے رک جائیں گے ایک دوسرے کو لوگ لوٹنے لگیں

Presented by www.ziaraat.com

گے۔ نہ بڑا چھوٹے پر رحم کھائے گا اور نہ چھوٹا بڑے کی توقیر کرے گا۔ پس ایسے وقت میں اللہ تعالیٰ اس کو برا گیختہ کرے گا اور وہ گمراہی کے تمام مضبوط قلعوں کو فتح کرے گا۔ اور پردہ جہالت میں لپٹتے ہوئے دلوں کو کھولے گا۔ جیسے کہ میں نے ابتداء امر میں دین کو قائم کیا ہے اور وہ آخر زمانہ میں اس کو قائم کرے گا۔ جس طرح کہ دنیا ظلم سے بھری ہوئی ہوگی وہ عدل سے بھر دے گا۔ یا فاطمہ تم غم مت کرو مت رو۔ خدا تم پر بہت مہربان ہے تمہارا درجہ میرے نزدیک بلند ہے تم نے میرے دل میں جگہ پائی ہے تمہارا شوہر حسب میں میرے سب اہل بیت سے افضل ہے اور اس کا منصب ان سب کے منصب سے مکرم ہے۔ اور وہ رعیت کے ساتھ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ اور سب سے زیادہ جھگڑوں کی تہہ کو پہنچنے والا ہے۔ میں نے خدا سے التجا کی ہے کہ وہ سب سے پہلے تمہیں مجھ سے ... ے گا علی ابن الہلالی ناقل ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کے بعد جناب فاطمہ علیہا السلام پچھتر دن سے زیادہ زندہ نہیں رہیں۔ خدا نے بہت جلدی ان کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا دیا۔

ارجح المطالب ص۴۷۸ سطر۱۶، مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۶۵ سطر۵، اسد الغابہ جلد۲ ص۴۲، ذخائر العقبیٰ ص۱۳۵، ذیل اللئالی ص۵۶، المعجم الکبیر ص۱۳۵، ینابیع المودت ص۲۲۳، المواقف ص۸

روایت حضرت ابو ایوب انصاری

عن ابی ایوب الانصاری قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرض مرضۃ فاتتہ فاطمۃ تعودہ فلما رات ما برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الجھد و الضعف استعبرت فبکت حتی سال الدمع علی خدیھا فقال لھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا فاطمۃ ان لکرامۃ اللہ ایاک زوجتک من اقدمھم سلما و اکثر ھم علما و اعظمھم حلما ان اللہ تعالیٰ اطلع علی اھل الارض اطلاعۃ فاختارنی منھم فبعثنی نبیا مرسلا ثم اطلع اطلاعۃ فاختار بعلک فاوحی اللہ الی ان زوجک ایاک و اتخذہ و صیا (اخرجہ الدار قطنی) ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سخت مریض ہو گئے حضرت فاطمہؑ عیادت کے لیے تشریف لائیں حضرت پر ضعف اور تکلیف کی شدت کو دیکھ کر رونے لگیں یہاں تک کہ ان کے رخسار مبارک پر قطرات اشک جاری ہو گئے یہ دیکھ کر حضرتؐ نے ارشاد کیا یا فاطمہ تم نہیں جانتی ہو کہ اللہ تعالیٰ نے خاص تمہارے حق میں کیا مہربانی کی کہ میں نے تمہارا نکاح ایسے شخص سے کیا ہے کہ اسلام لانے میں وہ سب سے مقدم ہے۔ اور سب سے زیادہ علم والا ہے۔ اور سب سے زیادہ حلیم ہے۔ خدائے تعالیٰ نے زمین کے رہنے والوں کو خوب سا دیکھ کر مجھے انتخاب کیا ہے اور نبی مرسل بنایا پھر دوبارہ دیکھ کر تیرے شوہر کو منتخب کیا اور مجھے وحی بھیجی میں نے اس کے ساتھ تیرا نکاح کر کے اسے اپنا وصی بنایا۔

ارجح المطالب ص۴۹۵ سطر۱۲، ینابیع المودت ص۱۲۹، کنز العمال جلد ۶ ص۱۵۳، حدیث ۲۵۴۱، مناقب ابن مغازلی ص۱۰۱، مناقب خوارزمی ص۶۳ سطر۲، مجمع الزوائد جلد۸ ص۲۵۳ سطر۱۸، جلد۹ ص۱۶۶ سطر۳، ینابیع المودت ص۶۶ سطر۱۹، مناقب عینی ص۳۱، مقتل خوارزمی ص۶۶، احسن الانتخاب ص۳۷ سطر۱۳، صواعق محرقہ ص۱۶۵ سطر۹، منتخب کنز العمال ص۳۱ سطر۵، ذخائر العقبیٰ ص۱۳۵

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت ابو سعید خدری

عن ابی ہارون العبدی قال اتیت ابا سعید الخدری فقلت لہ ہل شہدت بدر افقال نعم و فقلت الا تحدثنی بشئی مما سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی علی فقال یا بنی اخبرک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرض مرضتہ و نقہ فدخلت علیہ فاطمۃ تعودہ و انا جالس عن یمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما رات ما برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الضعف خنقتہا العبرۃ حتی الضیعتہ یا رسول اللہ فقال یا فاطمۃ ان اللہ اطلع علی اہل الارض اطاعتہ فاختار منہا اباک ثم اطلع ثانیتہ فاختار منہم بعلک فاوحی الی فانکحتہ بک و اتخذتہ وصیا اما علمت انک بکرامتہ اللہ ابک زوجک اعلمہم علما و اکبر ہم حلما و اقدمہم سلما فضحکت و استبشرت فاراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یزید ہا مزید الخیر کلہ الذی قسمہ اللہ بمحمد و ال محمد صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہا یا فاطمۃ لعلی ثمانیتہ اضراس یعنی مناقب ایمانٌ باللہ و رسولہ و حکمتہ و زوجتہ و سبطاہ الحسن و الحسین و امرہ بالمعروف و نہیہ عن المنکر یا فاطمۃ انا اہل البیت اعطینا ست خصال لم یعطہا احد من الاولین و لا یدرکہا احد من الا خرین نبینا خیر الانبیاء و ہو ابوک و وصینا خیر الا وصیاء و ہو بعلک و شہید نا خیر الشہداء و ہو حمزۃ عم ابیک و منا سبطاہ ہذہ الامتہ و ہما ابناک و منا مہدی الامتہ الذی یصلی خلفہ عیسی ثم ضرب علی منکب الحسین فقال من ہذا امہدی الامتہ (اخرجہ الدار قطنی) ابو ہارون العبدی کہتے ہیں کہ میں نے ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ کے پاس جا کر کہا کیا بدر کی جنگ میں حاضر تھے کہنے لگے ہاں میں نے ان سے کہا کیا تم مجھے نہیں بتا سکتے جو کچھ تم نے علی کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ جواب دیا۔ اے میرے بیٹے میں تجھے سناتا ہوں کہ جب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو کر نہایت ضعیف ہو گئے جناب فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عیادت کے لیے تشریف لائیں میں حضرتؐ کے داہنی جانب بیٹھا ہوا تھا۔ وہ حضرتؐ پر ضعف کا غلبہ دیکھ کر رونے لگیں رونے سے ان کی ہچکی بندھ گئی یہاں تک کہ ان کے رخسار پر آنسو جاری ہو گئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فاطمہ آپ کیوں روتی ہیں عرض کیا کہ میں آپ کے بعد اپنے ضائع ہونے سے ڈرتی ہوں۔ حضرت نے فرمایا۔ بہ تحقیق پروردگار نے زمین کے باشندوں کو اچھی طرح دیکھ کر تیرے باپ کو ان میں سے منتخب کیا ہے پھر دوبارہ دیکھ کر تیرے شوہر کا انتخاب کیا پھر میری طرف وحی بھیجی اور میں نے تیرا نکاح کر کے اسے اپنا وصی بنایا۔ آیا تم نہیں جانتی کہ خدائے تعالی نے خاص تمہارے لیے کیا مہربانی کی ہے۔ تیرا خاوند سب سے زیادہ علم والا ہے اور سب سے زیادہ حلم والا ہے۔ اور اسلام میں سب سے پیش قدم ہے۔ پس جناب فاطمہ مسکرائیں اور خوش ہو گئیں۔ حضرتؐ نے چاہا کہ ان کو اور زیادہ اس خیر سے حصہ دیں کہ پروردگار نے محمد اور آل محمد صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کو حصہ عطا فرمایا ہے۔ پس آپ نے فرمایا یا فاطمہ علی کے آٹھ تیز دانت ہیں یعنی مناقب ہیں اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا۔ اور اس کی دانائی اور اس کا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر یا فاطمہ ہم اہل بیت کو چھ باتیں ایسی عطا ہوئیں کہ ہمارے سوا ہم سے پہلے لوگوں کو نہیں دی گئیں اور ہم سے پیچھے آنے والے بھی نہیں حاصل کر سکتے ہمارا نبی تمام نبیوں سے بہتر ہے اور وہ تیرا باپ ہے اور ہمارا وصی سب اوصیاء سے افضل ہے اور وہ تیرا شوہر ہے۔ ہمارا شہید سب شہیدوں سے برتر ہے وہ حمزہ ہے جو تیرے باپ کا چچا ہے اور امت کے سبطین وہ دونوں تیرے بیٹے ہیں اور ہم میں سے اس امت کا مہدی بھی ہے جس کے پیچھے حضرت عیسی نماز پڑھیں گے۔ پھر حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے جناب امام حسینؓ کے دوش مبارک پر ہاتھ مار کر فرمایا مہدی اس سے ہوگا۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۲۹۴ سطر ۲' کنز العمال جلد ۱۲ ص ۲۰۴' مناقب عینی ص ۳۱' الفصول لمہمہ ص ۲۷۷' البیان گنجی شافعی ص ۸۱' صواعق محرقہ ص ۲۸۵ سطر ۱۹' احسن الانتخاب ص ۳۶ سطر ۱۵

روایت حضرت علیؑ

عن علی قال النبیؐ یا علی ان اللہ تعالیٰ اشرف علی الدنیا فاختارنی علی رجال العالمین ثم اطلع الثانیۃ فاختارک علی رجال العالمین ثم اطلع الثالثۃ فاختار الائمۃ من ولدک علی رجال العالمین ثم اطلع الرابعۃ فاختار فاطمۃ علی نساء العالمین

حضرت علی سے روایت ہے کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا اے علیؑ خداوند تعالیٰ نے دنیا کی طرف توجہ کی مجھے تمام عالم کے مردوں میں سے برگزیدہ کیا۔ پھر دوسری دفعہ ان میں نظر کی اور تجھے تمام جہاں کے مردوں سے انتخاب کیا بعد ازاں تیسری دفعہ دیکھا اور تیری اولاد میں سے آئمہ معصومین کو تمام مردان عالم پر فوقیت دی اور پھر چوتھی دیکھا تو فاطمہؑ کو تمام زنان عالم پر ترجیح دی۔ (مودت القربیٰ ص ۳۷ سطر ۸' مقتل خوارزمی ص ۶۶' کوکب دری ص ۱۷۷)

روایت ہفتم

ایک سرکش اونٹ والے کو علیؑ نے دعا لکھ کر دی جس میں یہ جملہ بھی تھا و اھل البیت الذی اخترتھم علی العالمین (کوکب دری ص ۳۲۶)

روایت ہفتم اسماء بنت عمیس

عن اسماء بنت عمیس قال رسول اللہ اما علمت ان اللہ عزوجل اطلع علی اھل الارض فاختار منھم اباک فبعثہ نبیاثم اطلع الثانیۃ فاختار بعلک فاوحی الی فانکحتہ و اتخذ تہ وصیا قالہ لفاطمہ

اسماء بنت عمیس کہتی ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے

Presented by www.ziaraat.com

فرمایا کہ میری بیٹی کیا تجھے اس بات کا علم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اہل ارض کی طرف دیکھا تو تمام اہل ارض سے تیرے باپ کو چن لیا اور اسے نبی بنا دیا۔ دوسری بار دیکھا تو تیرے شوہر کو چن لیا اور مجھے وحی کہ میں اس کا نکاح تمہارے ساتھ کر دوں اور اسے وصی بنا دوں۔ (منتخب کنز العمال ص ۳۱ جلد ۵)

روایت ہشتم

عن ابی ذر الغفاری قال سمعت النبی یقول ان اللہ تعالی اطلع الارض اطلاعتہ من عرشہ بلا کیف و لا زوال فاختار نی و جعلنی سید الاولین و الاخرین من النبین و المرسلین و اعطانی مالم یعط لا حد و ھو الرکن و المقام و الحوض و الزمزم و المشعر الا علیٰ و الجمرات العظام یمینہ الصفا و یسارہ المروۃ و اعطانی اللہ مالم یعط احدا من النبین و الملائکتہ المقربین قلنا و ما ذا یا رسول اللہ قال اعطا نی علیاً" و اعطاہ اللہ العذراء البتول ترجع کل لیلتہ بکرا و لم یعط ذالک من النبین و الحسن و الحسین و لم یعط احد مثلھا و اعطاہ صھرا مثلی و لیس لا حد مثل و اعطاہ الحوض و جعل الیہ قسمہ الجنتہ و النار و لم یعط ذالک الالملائکتہ و جعل شیعتہ فی الجنت و اعطاہ اخا" و لیس لا حد اخ مثل ایھا الناس من اراد ان یطفی غضب اللہ و من یقبل اللہ عملہ فلینظر الی علی فان النظر الیہ یزید فی الایمان و ان حبہ یذیب السیأت کما تذیب النار الوصاص (عبارت کوکب ص ۱۹۰)

حضرت ابو ذر غفاری سے روایت ہے کہ رسول خدا نے فرمایا کہ خدا نے اپنے عرش سے زمین کی طرف بلا کیف و بے زوال غور سے نگاہ کی اور مجھے برگزیدہ کیا۔ اور اگلے و پچھلے پیغمبروں اور رسولوں کا سردار اور بزرگ بنایا اور مجھے وہ چیزیں عطا فرمائیں جو جملہ اہل عوالم میں سے کسی کو عطا نہیں فرمائیں اور وہ رکن مقام ابراہیمؑ حوض کوثر چاہ زمزم شعر اور بڑے مینار جس کے دائیں طرف صفا اور بائیں طرف مروہ ہے اور مجھے ایک وہ چیز عطا فرمائی ہے جو پیغمبروں اور مقرب فرشتوں میں سے کسی کو بھی عطا نہیں فرمائی ہم نے عرض کی یا رسول اللہ وہ کیا چیز ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے علیؑ عطا فرمایا ہے اور اسے فاطمہؑ دوشیزہ دی ہے اور عورتوں کی ماہواری کی عادت ہے وہ اس سے بری ہے اور ہر رات کو دوشیزگی اور کنوار پن کی طرف رجوع کرتی ہے۔ اور ایسی زوجہ کسی پیغمبر کو نہیں ملی اور اسے دو فرزند حسنینؑ عطا ہوئے ہیں۔ کہ ایسے دو فرزند کسی پیغمبر کو

Presented by www.ziaraat.com

عطا نہیں ہوئے اور اسے مجھ جیسا خسر دیا ہے اور مجھ جیسا خسر اور کسی کو نہیں ملا اور اسے حوض کوثر عطا فرمایا ہے اور بہشت و دوزخ کی تقسیم اس کے حوالے کی ہے اور یہ مرتبہ فرشتوں کو بھی عطا نہیں ہوا۔ اور اس کے شیعوں کو بہشت عطا فرمایا ہے اور اسے مجھ جیسا بھائی دیا ہے۔ اور کسی کا بھائی مجھ جیسا نہیں ہے۔ جو کوئی چاہے کہ خدا کے غضب کی آگ بجھائے اور خداوند عالم اس کے اعمال و افعال کو قبول کرے اسے چاہیے کہ علی کی طرف دیکھے کیونکہ اس کی طرف دیکھنا ایمان ہے اور اس کی دوستی گناہوں اور بدیوں کو اس طرح پگھلا دیتی ہے جس طرح آگ سیسے کو گلا دیتی ہے۔ (کوکب دری ص۱۹۰' مودت القربیٰ ص۷۲ سطر۱۳)

روایت عبداللہ بن عامر

ینابیع المودت ص۲۶۹ سطر۸

عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب فاطمہ سے فرمایا۔ اے فاطمہ تم اس بات پر راضی نہیں کہ اللہ عزوجل نے اہل زمین پر نگاہ انتخاب ڈالی تو تیرے باپ اور تیرے شوہر کو منتخب کیا۔

خیر الاوصیاء

حضرت علی بن ہلالی اور حضرت ابو ایوب انصاری کی روایات پہلے تحریر کر دی گئی ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے فرمایا اے فاطمہ **ان وصی خیر الاوصیاء** کہ تحقیق ہمارا وصی سب وصیوں سے بہتر ہے۔

مجمع الزوائد جلد۸ ص۲۵۳' جلد۹ ص۱۶۵ سطر۵' اسد الغابہ جلد۴ ص۴۲' صواعق محرقہ ص۱۶۵ سطر۱۹' ذخائر العقبیٰ ص۱۳۵' ذیل اللئالی ص۵۶' المعجم الکبیر ص۱۳۵' ینابیع المودت ص۲۲۳

خیر الوصیین

Presented by www.ziaraat.com

عن انس قال کان رسول اللہ صلی علیہ وسلم فی بیت ام حبیبۃ بنت ابی سفیان یا ام حبیبۃ اعتزلینی فانا علی حاجتہ ثمہ دعا بوضوء فاحسن الوضوء ثم قال ان اول من یدخل ھذا الباب امیر المومنین و سید العرب خیر الوصیین و اولی الناس بالناس قال انس فجعلت اقول اللھم اجعلہ رجلا من الانصار فاذا ھوا علی ابن ابی طالب (اخرجہ ابو بکر بن مردویہ) انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک روز جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ام حبیبہ بنت ابی سفیان کے گھر میں رونق افروز تھے۔ ام حبیبہ سے ارشاد کیا اے ام حبیبہ تم ہم سے تھوڑی دیر کے لیے علیحدہ ہو جاؤ۔ کیونکہ ہمیں ایک ضروری امر درپیش ہے۔ پھر آپ نے خوب طرح سے وضو کیا اور فرمایا جو شخص کہ سب سے اول اس دروازہ سے گھسے گا مومنوں کا امیر اور عرب کا سردار اور تمام اوصیاء سے بہتر اور سب لوگوں سے برتر ہو گا۔ انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں اپنے دل میں فرمانے لگا الہٰی وہ شخص جس کے لیے حضرت نے یہ کچھ فرمایا ہے وہ انصار میں سے ہو۔ ناگہاں جناب امیر علیہ السلام دروازے سے گھس آئے۔

ارجح المطالب ص۱۸ سطر۱، شرح وصایا ص۱۷۶، نزھتہ المجالس جلد۲ ص۲۰۸، مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۳۱ سطر آخر، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۲۷، حلیتہ الاولیاء جلد۱ ص۶۳، کنز العمال جلد۴ ص۴۰۰ حدیث ۶۰۸۵

اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ

عن علی بن الحسین عن ابیہ عن جدہ علی بن ابی طالب علیہ و علی ابائہ السلام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم خندق اللھم انک اخذت منی عبیدۃ بن الحارث یوم بدر و حمزۃ بن عبد المطلب یوم احد و ھذا علی فلا تذرنی فردا و انت خیر الوارثین (اخرجہ الخوارزمی) جناب علی ابن الحسین جناب حسین سے اور وہ اپنے والد ماجد جناب امیر علیہ و علیہم السلام سے روایت کرتے ہیں کہ خندق کے روز جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے پروردگار سے التجا کی کہ اے میرے پروردگار تو نے بدر کے روز عبیدہ بن الحارث کو مجھ سے لے لیا اور احد کے روز حمزہ ابن عبدالمطلب کو لیا اب یہ علی باقی رہ گیا ہے پس تو مجھے اب اکیلا مت چھوڑ۔ تو سب وارثوں میں سے بہتر ہے۔

ارجح المطالب ص۳۶ سطر۱۸، مناقب خوارزمی ص۸۴، مقتل خوارزمی ص۵۰، شرح حدیدی جلد۳ ص۳۴۴، سیرت حلبیہ جلد۲ ص۳۱۹

خَیْرُ مَنْ طَلَعَتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ

عن ابی الاسود الدئولی سمعت ابا بکرؓ یقول ایھا الناس علیکم بعلی بن ابی طالب فانی سمعت رسول اللہ یقول علی خیر من طلعت علیہ الشمس و غربت بعدی ابو الاسود دؤلی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے لوگو تم پر علیؑ کی اطاعت واجب ہے۔ کیونکہ میں نے خود رسول اکرمؐ سے سنا ہے کہ میرے بعد علیؑ ان تمام لوگوں سے اچھا ہے جن پر

Presented by www.ziaraat.com

سورج طلوع اور غروب ہوتا ہے۔ (لسان المیزان جلد۶ ص۷۸ سطر۷)
کنز العمال جلد۶ ص۳۹۱ حدیث ۵۹۵۷ پر اسی مضمون کی روایت موجود ہے۔

اَبُوھُمَا خَیْرٌ مِّنْھُمَا

روایت اول مالک

عن مالک بن الحسین ابن مالک بن حویرث عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ الحسن و الحسین سید اشباب اھل الجنت و ابو ھما خیر منھما

مالک بن حسین وہ ابن مالک بن حویرث سے وہ اپنے باپ سے اور دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرمؐ نے فرمایا حسنؑ اور حسینؑ جوانان اہل جنت کے سردار ہیں اور ان کا باپ ان دونوں سے بہتر ہے۔

تاریخ الجرجان ص۳۵۳، مجمع الزوائد ص۱۸۳ جلد۹ سطر۱۵، الجامع الصغیر ص۵۱۸، اصابہ ص۴۸۰ جلد۳

روایت دوم قرۃ بن ایاس

عن قرۃ بن ایاس قال۔ قال رسول اللہ الحسن و الحسین سید اشباب اھل الجنت و ابو ھما خیر منھما

قرۃ بن ایاس سے روایت ہے کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا حضرت حسن اور حسین جوانان جنت کے سردار ہیں اور ان دونوں کا باپ ان دونوں سے اچھا ہے۔

المعجم الکبیر ص۱۲۹، مجمع الزوائد ص۱۸۳ جلد۹، الجامع الصغیر ص۵۱۸ جلد۱
حضرت ابو سعید خدری کی روایت ہے الفتح الکبیر ص۸۰ اور تہذیب التہذیب کی جلد۲ ص۲۹۷ سطر۱۰ پر تحریر ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت عبداللہ

المستدرک جلد ۳ ص ۱۶۷، الجامع الصغیر جلد ا ص ۵۱۸، تلخیص المستدرک جلد ۳ ص ۱۶۷ پر تحریر ہے۔

روایت حضرت ابن عمر

سنن ابن ماجہ جلد ا ص ۵۶، کفایتہ الطالب ص ۱۹۸، تاریخ دمشق جلد ۶ ص ۲۰۶، المستدرک جلد ۳ ص ۱۶۷، تلخیص المستدرک جلد ۳ ص ۱۶۷، ذخائر العقبیٰ ص ۱۲۹ الجامع الصغیر جلد ا ص ۵۱۸، راموز الاحادیث ص ۲۰۲، ذخائر المواریث جلد ۲ ص ۱۳۱ پر تحریر ہے۔

روایت نمبر ۶ علیؑ

عن علی قال قال رسول اللہ الحسن و الحسین سید اشباب اهل الجنتہ و ابو هما خیر منهما حضرت علی سے روایت ہے کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا حسنؑ و حسینؑ جوانان اہل جنت کے سردار ہیں اور ان کا باپ ان سے بہتر ہے۔

روایت حضرت علیؑ

تاریخ بغداد جلد ا ص ۱۴۰، صواعق محرقہ ص ۱۸۹، الفتح الکبیر جلد ا ص ۱۹، تاریخ دمشق جلد ۷ ص ۳۶۵ پر تحریر ہے۔

حضرت انس بن مالک کی روایت منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۱۰۷ پر تحریر ہے۔

حضرت ابو سعید خدری اور حضرت بریدہ کی روایت البدایہ و النہایہ کی جلد ۸ کے ص ۳۵ پر تحریر ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود کی روایت الروض الازہر کے ص ۱۰۴ پر تحریر ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مرفوع حدیث مناقب خوارزمی ص ۳۴، الفاضل

Presented by www.ziaraat.com

ص ۱۰۳، القول الفصل جلد ا ص ۱۲، عقد الفرید جلد ۲ ص ۱۹۴، اسنیٰ المطالب ص ۹۲، الفرق المفترقہ ص ۱۲، طبقات معتزلہ ص ۱۲، تاریخ ابو الفدا جلد ا ص ۱۸۳، الفرق المفترقہ ص ۱۲ پر تحریر ہے۔

خَیرُنَا بَعدِ النّبیؑ

عن الباقر قال ایانا عنی و علی افضلنا و اولنا و خیرنا بعد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت و من عندہ علم الکتاب سے ہمیں مراد لیا ہے اور علی علیہ السلام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ہم سے افضل، اولیٰ اور بہتر ہیں۔ (ینابیع المودت ص ۸۴ سطر ۹)

اَفضَلُ خَلَائِقِ

حضرت علی رسول اکرم سے سنتے ہیں کہ رسول اکرم نے فرمایا اے اللہ کے بندو آدمؑ نے اپنی صلب میں ایک نور کو شعلے مارتا ہوا دیکھا جب اللہ تعالیٰ نے دامن عرش سے ہماری شکلیں حضرت آدم کی پشت میں منتقل کیں۔ حضرت آدم نے نور کو دیکھا اور ان شکلوں کی شناخت نہ کر سکے۔ آدم نے کہا اے میرے رب یہ کیا نور ہیں۔ فرمایا شکلوں کے نور ہیں۔ میں نے عرش کی بہترین حصے سے منتقل کرکے ان کو تیری پشت کے اندر ودیعت کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے فرشتوں کو حکم دیا ہے کہ وہ تمہیں سجدہ کریں۔ تم ان صورتوں کے لئے بطور ظرف کے ہو۔ آدمؑ نے سوال کیا اے میرے پالنے والے ان صورتوں کو مجھ سے بیان فرمادے۔ اللہ نے فرمایا اے آدم دامن عرش کی طرف دیکھ۔ آدم نے دیکھا ہمارے نور کی صورتیں دامن عرش پر قائم ہو گئی۔ عرش پر ہماری نورانی شکلیں چھپ گئیں۔ آدم نے عرض کیا اے میرے پالنے والے یہ کیا صورتیں ہیں۔ اللہ نے کہا اے آدمؑ یہ وہ صورتیں ہیں جو میری تمام مخلوق اور میری تمام خلقت سے افضل ہیں۔ یہ محمدؐ ہیں میں اپنے افعال میں محمود ہوں۔ میں نے اس کے نام کو اپنے نام سے مشتق کیا ہے۔ یہ علی ہیں میں علی عظیم ہوں۔ میں نے اپنے نام سے اس کے نام کو مشتق کیا ہے۔ یہ فاطمہ ہیں میں فاطر السموات والارض ہوں آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا

Presented by www.ziaraat.com

ہوں۔ فیصلہ کے دن اپنے دشمنوں کو اپنی رحمت سے روک دوں گا۔ میں اپنے دوستوں کو ان لوگوں سے دور رکھوں گا جو ان سے بیزاری کرتے ہیں اور ان پر عیب لگاتے ہیں۔ میں نے اپنے نام سے آپ کے نام کو مشتق کیا ہے یہ حسن ہیں یہ حسین ہیں۔ میں محسن اور نیکی کرنے والا ہوں۔ اور مجھ سے احسان صادر ہوتا ہے۔ میں نے ان دونوں کے نام کو اپنے نام سے مشتق کیا ہے۔ یہ میری مخلوق کے بہترین لوگ ہیں۔ اور میری خلقت کے بزرگ افراد ہیں۔ ان حضرات کی وجہ سے میں لوگوں کو پکڑوں گا اور انہیں کی وجہ سے میں لوگوں کو ہر چیز عنایت کروں گا۔ انہیں لوگوں کی وجہ سے عذاب دوں گا اور انہیں کی وجہ سے لوگوں کا ثواب دوں گا۔ اے آدم اگر تمہیں کوئی مصیبت لاحق ہو جائے تو انہیں کے ذریعہ میرا وسیلہ تلاش کرنا۔ ان کو اپنی شفاعت کرنے والا میں نے اپنی ذات پر قسم کھا رکھی ہے کہ جو شخص ان کے طفیل میرے پاس امید لے کر آئے گا میں اس کو کبھی نا امید نہیں کروں گا۔ ان کی وجہ سے میں کسی سائل کو خالی واپس نہ کروں گا۔ یہی سبب تھا کہ جب آدمؑ سے ترک اولیٰ صادر ہوا تھا۔ تو انہیں کے ذریعے آدمؑ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی اور اللہ نے آدمؑ کی توبہ قبول کر کے آپ سے درگذر کیا تھا۔

(ینابیع المودت ص ۱۵۳ سطر ۱۴ کوکب دری ص ۱۹۳ مودت القربیٰ ص ۱۹۲ سطر آخر)

نکات

(۱) حضرت علی علیہ السلام کی روایت سے واضح ہوا کہ خدا نے حضرت آدم علیہ السلام کو خمسہ مطہرین کا تعارف کراتے ہوئے فرمایا کہ یہ میری مخلوق کے بہترین لوگ ہیں۔ ظاہر ہے کہ اصحاب ثلاثہ مخلوق خدا ہیں اور مخلوق خدا سے خمسہ مطہرین افضل ہیں۔ لہٰذا اصحاب ثلاثہ سے حضرت علی علیہ السلام افضل ہیں۔

(۲) اس حدیث کے بقیہ جملوں کے متعلق تحقیقی نکات مناقب حضرت علی علیہ السلام کے سلسلے کی دوسری جلد وسیلہ انبیاء میں تحریر کر دیئے گئے ہیں۔

(۳) حضرت امام باقر علیہ السلام کی روایت سے واضح ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام افضل امت محمد مصطفیٰ ہیں۔

عن الباقر قال اباناعنی و علی افضلنا و اولنا و خیرنا بعد النبی

Presented by www.ziaraat.com

امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت (من عندہ علم الکتاب) سے ہمیں لیا ہے اور علی رسول اکرم کے بعد ہم سے افضل، اولیٰ اور بہتر ہیں۔ (ینابیع المودت عربی ص ۸۴، اردو ص ۱۶۲)

اَفضَلُ الاَنَامِ

کوکب دری ص ۲۶۸ سطر ۳

زہرۃ الریاض اور احسن الکبار میں میثم تمار سے مروی ہے کہ ایک روز میں شہر کوفہ میں جناب امیر کی خدمت میں حاضر تھا۔ اور اصحاب کبار کی بھی ایک جماعت موجود تھی۔ یکایک ایک شخص قبائے خز پہنے اور زرد عمامہ سر پر باندھے اور ایک تلوار زیب کمر کیے آیا۔ اور بولا تم میں کونسا شخص ہے جس نے اپنی عمر میں میدان جنگ سے کبھی فرار نہیں کیا اور کمال اور ناموری میں سب سے فائق ہے۔ اور اس کی ولادت بیت اللہ میں ہوئی ہے۔ اور اخلاق حمیدہ اور اوصاف پسندیدہ میں درجہ اعلیٰ کو پہنچا ہوا ہے۔ اور تمام غزوات میں محمد مصطفیٰ کا ناصر و مددگار رہا ہے۔ اور عمرو عنتر کو قتل کیا ہے۔ اور در خیبر کو ایک حملے میں اکھاڑا ہے۔ امیر المومنین کرم اللہ وجہہ نے فرمایا۔ اے سعید بن الفضل بن الربیع وہ شخص میں ہوں۔ پوچھ لو جو کچھ پوچھنا چاہے۔ میں ہوں غم زدوں اور یتیموں کا ملجا و ماویٰ۔ اور اسیروں اور خستہ دلوں کا مرہم۔ میں ہوں وہ شخص کہ مجھ پر بلاہائے عظیم وارد ہوں۔ اور بموجب حکم آیہ مجیدہ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ (خدا صابروں کو دوست رکھتا ہے) میں ان بلاؤں پر صبر کروں۔ میں ہوں وہ شخص جس کے اوصاف توریت، انجیل، زبور اور فرقان میں مرقوم ہیں۔ میں ہوں قٓ وَ الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ میں ہوں صِرَاطُ الْمُسْتَقِیْم اعرابی نے کہا۔ ہم کو ایسا معلوم ہوا ہے کہ تو رسول خدا کا وصی اور اولیاء اللہ کا پیشوا ہے۔ اور سید المرسلینؐ کے بعد زمین اور آسمان کی حکومت تیرے واسطے ہے۔ فرمایا۔ ہاں ایسا ہی ہے۔ سوال کر۔ جو کچھ تیرا جی چاہے۔ اعرابی نے کہا۔ میں ساٹھ ہزار مردوں کی طرف سے جن کو عقیمہ کہتے ہیں۔ ایلچی بن کر آیا ہوں۔ اور ایک مردہ لایا ہوں۔ جس کے قاتل میں اختلاف ہے۔ اگر آپ اس کو زندہ کر دیں تو ہم کو تحقیقی طور پر معلوم ہو جائے کہ رسول خدا کے وصی اور اپنے دعوے میں بے ریا ہو۔ ابن میثم بیان کرتے ہیں کہ امیر المومنین نے مجھ سے فرمایا کہ ایک

Presented by www.ziaraat.com

اونٹ پر سوار ہو کر کوفہ کی گلی کوچوں میں منادی کر دے کہ جو کوئی ان کرامات کا جو حق تعالیٰ نے علی بن ابی طالب کو عطا فرمائی ہیں، مشاہدہ کرنا چاہے کل نجف میں جا کر حاضر ہو۔ میں نے حسب الارشاد تمام کوفے میں منادی کر دی۔ دوسرے روز صبح کی نماز سے فارغ ہو کر جنگل کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور اہل کوفہ آپ کی رکاب میں تھے۔ جب مقام مقررہ پر پہنچے۔ تو فرمایا اس اعرابی اور جنازے کو حاضر کرو۔ جب وہاں لا کر جنازے کا سر کھولا تو دیکھا کہ ایک جوان ہے۔ جو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا ہے۔ سر کہیں ہے اور پاؤں کہیں۔ فرمایا اے اعرابی۔ اس کو قتل ہوئے کتنے دن گزرے ہیں۔ اس نے عرض کی۔ اکتالیس روز ہو چکے ہیں۔ فرمایا۔ اس کے خون کا طالب کون ہے۔ عرض کی قوم کے پچاس آدمی اس کے خون کے طالب ہیں۔ فرمایا۔ اس کو اس کے چچا نے قتل کیا ہے جس کا نام حریث بن حسان ہے۔ اس نے اپنی لڑکی اس سے بیاہی تھی۔ اس نے اس کو چھوڑ کر دوسری عورت سے نکاح کر لیا تھا۔ اس وجہ سے قتل کیا گیا۔ اعرابی نے عرض کی۔ یا امیر المومنین! واقعہ قرابت کی صورت تو یہی ہے۔ جیسا کہ آپ فرماتے ہیں۔ لیکن میں اس پر راضی نہ ہونگا۔ جب تک آپ اس کو زندہ نہ کر دیں گے۔ اس وقت آپ نے اہل کوفہ کی طرف خطاب کر کے فرمایا۔ اے اہل کوفہ بنی اسرائیل کی گائے اللہ تعالیٰ کے نزدیک خاتم الانبیاء کے وصی سے بڑھ کر معظم اور مکرم نہیں ہے۔ کہ بنی اسرائیل کی ایک جماعت نے اس گائے کا ایک عضو اس مقتول پر لگایا۔ جس کو قتل ہوئے ایک ہفتہ گزر چکا تھا۔ حق تعالیٰ نے اس کو زندہ کیا۔ میں بھی اپنا ایک عضو اس مردے پر لگاتا ہوں۔ جو اس چیز سے جس کو بنی اسرائیل نے اس مقتول پر لگایا تھا۔ معزز اور مکرم ہے۔ یہ فرما کر اپنا دایاں پاؤں اس مقتول پر لگایا۔ قُم بِاِذنِ اللّٰہِ یا مدرکہ بن حنظلہ بن عیشان اے مدرکہ بن حنظلہ بن عیشان اللہ کے حکم سے کھڑا ہو جا۔ وہ جوان زندہ ہو گیا اور پکارا **لبیک لبیک یا حجتہ اللہ فی الایام و المنصور بالفضل فی الانام بعد رسول اللہ علیہ السلام** (حاضر ہوں حاضر ہوں۔ اے زمانہ کی حجت، اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد تمام مخلوقات میں افضل و اعلیٰ) امیر المومنین نے فرمایا۔ تجھ کو کس نے قتل کیا تھا۔ اس نے جواب دیا۔ کہ میرے چچا حریث بن حسان نے۔ جب لوگوں نے یہ عجیب و غریب واقعہ دیکھا۔ تو باآواز بلند امیر المومنین کی مدح و ثنا کرنے لگے۔ بعد ازاں حضرت نے ارشاد فرمایا۔ اے اعرابی اور اے جوان اب تم جاؤ اور اپنی قوم کو اس چشم دید واقعہ کی خبر دو۔ انہوں نے عرض کی۔ یا امیر المومنین! ہم نے خدا سے عہد کیا

Presented by www.ziaraat.com

ہے کہ جناب کی خدمت سے جدا نہ ہوں گے۔ دونوں شخص خدمت اقدس میں رہے اور کسب فیوضات کرتے رہے۔ یہاں تک کہ جنگ صفین میں شہید ہوئے۔

مولف عرض کرتا ہے۔ وہ دونوں شخص امیر المومنین کی خدمت میں سرفراز اور ممتاز رہے۔ اور بزبان نیاز اور بر لسان ایجاز اخلاص کا اعتقاد کا اظہار کرتے رہے۔ جیسا کہ ذیل کی غزل بے بدل میں اس کی تصویر دکھائی گئی ہے۔ جو قدوۃ المحققین شاہ طیب قدس سرہ (جو والدہ کی طرف سے چوتھی پشت میں اس فقیر کے جد ہوتے ہیں) کی تصنیف ہے۔

غزل

یا علی حب تست در دل ما — غیر ازیں نیست ہیچ حاصل ما
حق تعالٰی چو خلق ما میکرد — تخم مہر تو کاشت در دل ما
جاودان خاک آستانہ تست — مسکن و مستقر و منزل ما
دست از دامنت رہا نہ کنیم — حل نگرد زغیر مشکل ما
گرچہ ما ناقصیم یا حیدر — لطف تو کامل و مکمل ما
است طیب ز نسل آل علی — کئے بود ہر خبیث قائل ما

اَفضَلُ اَبُوھُمَا

حضرت حذیفہ سے روایت ہے کہ میں نے ایک بار حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسکراتے ہوئے دیکھا۔ میں نے وجہ پوچھی تو فرمایا میرے پاس ابھی ابھی جبرئیل آئے ہیں اور انہوں نے مجھے بشارت دی ہے کہ بے شک حسنینؑ اہل جنت کے جوانوں کے سردار ہیں اور ان دونوں کے باپ ان سے افضل ہیں۔

تاریخ بغداد جلد ۱۰ ص ۲۴۰، المعجم الکبیر ص ۱۲۹، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۸۳، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۱۰۷، ذخائر العقبیٰ ص ۲۹

Presented by www.ziaraat.com

اَفضَلُھُم یَقِیناً

ینابیع المودت ص۱۰۵ سطر آخر

مناقب میں جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری امت میں زیادہ صلح جو زیادہ علم والا' زیادہ صحیح دین والا' زیادہ یقین والا' مکمل صبر والا' زیادہ سخی اور زیادہ بہادر دل والے علی ہیں اور وہ میری امت میں امام ہیں۔

اَفضَلُ النَّاسِ سَابِقَتہً

ہاشم بن عتبہ نے کہا اے امیر المومنین آپ رحم کے لحاظ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیادہ قریبی اور سب سے پہلے اسلام کا اعلان کرنے میں افضل ہیں۔ (کتاب الصفین ص۱۲۵' **جمھرۃ الخطب** جلد۱ ص۱۵۱)

عدی بن حاتم نے ایک دفعہ معاویہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم تمہیں اس عظیم ہستی کی طرف دعوت دیتے ہیں جو کہ سبقت در اسلام میں افضل اور آثار کے لحاظ سے اسلام میں احسن ہیں۔

کتاب الصفین ص۲۲۱' تاریخ طبری جلد۶ ص۲' شرح حدیدی جلد۱ ص۳۴۴' تاریخ کامل جلد۳ ص۱۲۴۔

اَفضَلُ الاَصدِقَاءِ

عن ابن عباس و ابی لیلی قالا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصدیقون ثلاثتہ حبیب النجار مو من الیاسین الذی قال یا قوم اتبعو المرسلین و خرقیل مومن ال فرعون الذی قال اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللہ و علی بن ابی طالب ھو افضلھم (اخرجہ النجاری عن ابن عباس و احمد عن ابی لیلی) ابن عباس اور ابو لیلیٰ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے صدیق تین ہیں۔ اول حبیب النجار الیاسین (یعنی جناب عیسیٰ علیہ السلام کے حوارین) پر ایمان لانے والے جس نے کہ یہ کہا تھا اے میرے قوم کے لوگو نبیوں کے متابعت کرو۔ اور فرعون کے گروہ سے ایمان لانے والا خرقیل جس نے یہ کہا تھا کہ اے لوگو تم ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے میرا پالنے والا خدا ہے۔ اور علی بن ابی طالب کہ ان سے افضل ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۳۴ سطر۱۰' تفسیر کبیر جلد۲۷ ص۵۷ سطر۱۰' ذخائر العقبیٰ ص۵۶ سطر۱۵' صواعق محرقہ ص۱۲۵ سطر۵' مشارق الانوار ص۱۱۰' السیف الیمانی ص۴۹' اتحاف زبیدی ص۱۵۶' مناقب عینی ص۱۶' روضتہ الندیہ ص۴' الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۵۳ سطر آخر' مناقب خوارزمی ص۲۱۹ سطر۱۲' درمنثور جلد۵ ص۲۶۲ سطر۱۸' کفایتہ الطالب ص۷۴' شواہد التنزیل جلد۲ ص۲۲۳' کنز العمال جلد۶ ص۱۵۲' حدیث ۲۵۱۹' تاریخ خمیس جلد۲ ص۲۸۵' شمس التواریخ جلد۴ ص۶۹۷ سطر آخر' تذکرہ الخواص ص۳۱' جمع الجوامع ص۱۵۲' ینابیع المودت ص۱۰۱' شرح حدیدی جلد۲ ص۴۵۱' الجامع الصغیر جلد۲ ص۴۹ سطر۸' منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۱ سطر۱' الفتح الکبیر ص۲۰۲

اَفضَلُ رِجَالِ العَالَمِین

کوکب دری ص۱۸۲ سطر آخر

جناب رسالت مآب نے فرمایا کہ میرے زمانہ میں جملہ عوالم کے مردوں سے بہتر افضل علی ہیں۔ اور اولین و آخرین کی عورتوں سے جملہ عوالم کی عورتوں میں سے بہتر اور افضل فاطمہؑ ہیں۔

اَفضَلُ الوَصِیّین

کوکب دری ص۱۹۳ سطر۱۸' مقتل خوارزمی ص۹۶' ینابیع المودت ص۷۹ سطر۱۷

عمر ابن خطاب سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ سلمان کا ہم سے گذر ہوا وہ کسی بیمار کی عیادت کو جا رہے تھے اور ہم ایک حلقہ میں بیٹھے تھے اور ہم میں ایک شخص موجود تھا۔ اس نے کہا اگر تم چاہو تو میں تم کو ایک ایسے شخص کا پتہ بتا دوں جو امت کے پیغمبر کے بعد اس امت میں سب سے بہتر ہے اور ان دو مردوں عمر اور ابوبکر سے افضل ہے۔ پس سلمان نے اٹھ کر کہا خدا کی قسم اگر میں چاہوں تو میں اس شخص کی خبر دوں جو نبی کے بعد اس امت میں سب سے بہتر اور عمر و ابوبکر سے افضل ہے۔ بعد ازاں چل دیئے۔ پس کسی شخص نے ان سے کہا اے عبداللہ تم نے کیا کہا اور کہاں سے کہا۔ جواب دیا کہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ وہ جناب سکرات موت میں مبتلا تھے۔ میں نے عرض کی یا رسول

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کیا آپ نے کسی کو اپنا وصی مقرر فرمایا ہے۔ فرمایا۔ سلمان کیا تجھ کو معلوم ہے کہ انبیاء کے وصی کون کون ہیں؟ میں نے عرض کی خدا اور اس کا رسول خوب جانتے ہیں۔ فرمایا آدم نے شیث کو اپنا وصی بنایا۔ اور شیث ان سب سے بہتر تھا جو آدمؑ کے بعد اس کی اولاد سے باقی

اَفضَلُ المَدِینَہ

الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۰۹ سطر ۲، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۱۶ سطر ۲ پر تحریر ہے۔

عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ ہم یہ بیان کرتے تھے کہ تمام اہل مدینہ سے حضرت علی علیہ السلام افضل ہیں۔

اَقدَمُ النَّاسِ سِلماً" روایت معقل بن یسار

عن معقل بن یسار وضأت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذات یوم فقال هل لک فی فاطمۃ تعودها فقلت نعم فقام متوکئا علی حتی دخلنا علیهما فقال کیف تجد ینک قالت و اللہ اشتد حزنی و اشتد فاقتی فقال اما ترضین انی زوجتک اقدم امتی سلما و اکثرهم علما و اعظمهم حلما (اخرجه احمد فی المناقب) معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک روز میں نے جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو وضو کرایا آپ نے مجھے ارشاد کیا تیرا ارادہ ہے کہ ہم فاطمہ کی عیادت کے لیے چلیں میں نے عرض کیا بہتر ہے۔ حضرت مجھ پر تکیہ لگا کر اٹھے اور جناب فاطمہ کے پاس گئے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا فاطمہ تمہاری یہ کیا حالت ہے۔ عرض کیا واللہ مجھ پر غم کا غلبہ ہے اور فاقوں نے ستایا ہے حضرتؐ نے ارشاد کیا۔ کیا تم راضی نہ ہوتے ہو کہ میں نے تمہارا نکاح ایسے شخص سے کیا ہے کہ میری تمام امت میں اسلام لانے میں مقدم ہے اور سب سے زیادہ علم اور سب سے زیادہ حلم والا ہے۔

ارجح المطالب ص ۴۹۶ سطر ۱۲، تاریخ دمشق جلد ۱ ص ۲۳۲، شرح حدیدی جلد ۳ ص ۲۵۷، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۰۱، کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۳، حدیث ۲۵۴۲، اتحاف زبیدی جلد ۸ ص ۲۲۷، فتح الملک العلی ص ۳۸، مسند حنبل جلد ۵ ص ۲۶، العثمانیہ للجاحظ ص ۲۸۹، ذخائر العقبیٰ ص ۷۸، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۹۳، نظم درر السمطین ص ۱۸۸، استیعاب جلد ۳ ص ۳۶، المرقات جلد ۵ ص ۵۶۹، سیرت حلبیہ جلد ۱ ص ۲۵۸، سیرت دحلانیہ جلد ۱ ص ۱۸۸، مناقب خوارزمی ص ۵۸ سطر ۵ اسد الغابہ ص ۵۲ جلد ۵ تاریخ ذہبی جلد ۲ ص ۱۹۵، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۰۱، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۸، احسن الانتخاب ص ۳۸ سطر ۵

Presented by www.ziaraat.com

روایت انس بن مالک

عن انس قال لمازوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم لفاطمۃ امرھم ان یجھز و ھا فجعل لھا سریر اوو سادۃ من ادم حشوھا لیف و قال زنی ابنتی الی علی و امرہ ان لا یجعل علیھا حتی اتیھا فجاء ت مع ام ایمن حتی قعدت فی جانب البیت فلما صلی العشاء اقبل برکوۃ فیھا ماء فتل فیھما فقال لفاطمۃ تقدمی فتقامت و نضح بین ثدیھا و علی راسھا و قال اللھم انی اعیذیک و ذریتھا من الشیطان الرجیم ثم قال ھا ادبری فاد برت فصب بین کتفیھا و قال اللھم انی اعیذ بک و ذریتھا من الشیطان الرجیم ثم قال تقدم یا علی و صب علی راسہ و بین حدیہ ثم قال اللھم انی اعیذ بک و ذریتہ من الشیطان الرجیم ثم قال ادبر فاد برفصبہ بین کتفیہ و قال اللھم انی اعیذ بک و ذریتہ من الشیطن الرجیم فقال لعلی اد خل باھلک بسم اللہ الرحمن الرحیم فبکت فاطمۃ فقال ما یبکیک و قد زوجتک اقد مھم سلما و احسنھم خلقا فخرج و غلق علیھما الباب بیدہ (اخرجہ احمد و ابو حاتم و النسائی و ابو البخیر الحاکمی) انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب فاطمہ کا عقد کر دیا لوگوں کو ان کے جہیز کی تیاری کا حکم دیا ان کے لیے ایک تخت اور ایک بچھونا چمڑے کا لیف خرما سے بھرا ہوا بنایا گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ میری بیٹی کو علی کے لیے زینت دو اور جناب علی کو کہلا بھیجا کہ جب جناب فاطمہ پہنچیں تو تعجیل نہ کرے۔ پس جناب سیدہ ام ایمن کے ساتھ جناب علی کے گھر میں تشریف لے گئیں اور گھر میں ایک طرف بیٹھ گئیں۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز عشاء سے فارغ ہوئے تو پانی کا ایک لوٹا لے کر تشریف لائے اور اس میں اپنا لعاب دہن مبارک سے ڈالا اور جناب فاطمہ سے کہا آگے آؤ وہ آگے گئیں حضرت نے ان کی چھاتی پر سر مبارک پر اس پانی کی چھینٹے دیے اور دعا کی کہ اے پروردگار میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے لیے اور اس کی ذریت کے لیے شیطان رجیم سے پھر ان سے کہا لوٹو وہ لوٹیں اور ان کے دونوں کندھوں کے درمیان پانی کے چھینٹے دے کر دعا کی اے پروردگار میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے لیے اور اس کی ذریت کے لیے شیطان رجیم سے پھر جناب علی سے کہا یا علی آگے آؤ وہ آگے گئے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی چھاتی اور سر اقدس پر اس پانی کے چھینٹے دیے اور دعا کی اے پروردگار میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے لیے اور اس کی ذریت کے لیے شیطان رجیم سے پھر ان سے کہا لوٹو وہ لوٹے اور ان کے دونوں کندھوں کے درمیان میں پانی کے چھینٹے دے کر فرمایا اے پروردگار میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے لیے اور اس کی ذریت کے لیے شیطان رجیم سے پھر جناب علی سے کہا اب آپ اپنے اہل کے پاس تشریف لے جائیں ساتھ نام اللہ مہربان اور رحم کرنے والے کے پس جناب فاطمہ رونے لگیں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یا فاطمہ تم کیوں روتی ہو میں نے تمہارا نکاح ایسے شخص سے کیا ہے جو سب سے پہلے اسلام لانے والا ہے اور سب سے اچھے خلق والا ہے۔ یہ فرما کر آنحضرتؐ باہر تشریف لے آئے اور اپنے ہاتھ سے ان کا دروازہ بند کر دیا۔

افضل النّاس

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری فرماتے ہیں کہ ایک روز جناب رسالت مآبؐ نے مہاجرین و انصار کے روبرو حضرت علیؑ سے متوجہ ہو کر فرمایا: اے علی! اگر ایک شخص خدا کی اتنی عبادت کرے جتنا کہ اس کا حق ہو پھر تمہارے اور تمہارے اہل بیت کے تمام لوگوں سے افضل ہونے

Presented by www.ziaraat.com

میں شک کرے تو وہ جہنم میں جائے گا۔
مودت القربیٰ ص ۶۵، کوکب دری ص ۱۸۳

روایت حضرت امام محمد باقر

افضل رجال العالمین

حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ تمام مردوں سے افضل میرے زمانے میں علیؑ ہیں اور تمام عالم کی زنان اولین و آخرین سے بہتر فاطمہؑ ہیں۔
مودت القربیٰ ص ۶۵، ینابیع المودت ص ۲۵۳، کوکب دری ص ۱۸۲، قضات قرطبہ ص ۲۵۸ جلد ۳

افضلتھم حالتہ

افضل عشیرتہ

حضرت علی علیہ السلام کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا جب کسی نبی کا انتقال ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس نبی کو اس بات کا حکم دیتا ہے کہ وہ اپنے رشتہ داروں میں افضل ترین فرد کے متعلق وصیت کرے۔ اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تم اپنے چچا زاد بھائی علیؑ کے متعلق وصیت کرو۔ میں نے اس بات کو گزشتہ کتب سماویہ میں لکھ دیا ہے اور میں نے ان کتب میں تحریر کر دیا ہے کہ علیؑ تمہارے وصی ہیں۔ میں نے اس بات کا مخلوق سے اپنے انبیاء اور رسولوں سے میثاق لیا ہے۔ اے محمدؐ میں نے ان تمام لوگوں سے اپنی ربوبیت، تمہاری نبوت اور علیؑ کی ولایت اور وصایت کا میثاق و عہد لیا ہے۔
ینابیع المودت ص ۶۸ سطر ۲
حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت و من عندہ علم

Presented by www.ziaraat.com

الکتاب سے ہمیں مراد لیا ہے اور حضرت علی علیہ السلام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ہم سے افضل، اولیٰ اور بہتر ہے۔

ینابیع المودت ص ۸۴ سطر ۹

اَفضَلُ الاَوصِیَاء

خالد بن معدان سے مروی ہے کہ رسول خدا نے فرمایا ہے کہ جو کوئی چاہے کہ رحمت خدا میں شام کرے اور رحمت خدا میں صبح کرے (یعنی صبح و شام رحمت خدا اس کے شامل حال رہے) پس اس امر کی بابت ان کے دل میں کسی طرح کا شک ہرگز داخل نہ ہو۔ کہ ذریت طاہرہ سب ذریتوں سے افضل ہے۔ اور میرا وصی تمام اوصیاء سے بہتر اور برتر ہے۔

مودۃ القربیٰ ص ۲۹ سطر ۷

اَفضَلُهُم حِلماً

اَفضَلُهَا جِهَاداً

حضرت علی علیہ السلام نے معاویہ کو ایک خط میں واضح کیا کہ امور امت کا ہمیشہ سب سے زیادہ حق دار میں ہوں۔ کیونکہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے زیادہ قریبی ہوں۔ کتاب خدا کو سب سے زیادہ جاننے والا ہوں۔ دین کا سب سے زیادہ فقیہ ہوں۔ سب سے پہلے اسلام لانے والا ہوں اور جہاد کے لحاظ سے سب سے افضل ہوں۔

کتاب الصفین ص ۱۴۸

روایت بریدہ

عن بریدة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قم بنا یابریدة نعود فاطمة ان دخلنا علیها ابصرت ابها دمعت عینا ها قال ما یبکیک یا بنتی قالت قلة الطعم و کثرة الهم و شدة السقم قال لها اما و الله ما عندالله خیر مما ترغبین الیه یا فاطمة اما ترضین انی زوجتک خیر امتی مهم سلما و اکثر هم علما و افضلهم حلما و الله ان ابنتک سیدا شباب اهل الجنة (اخرجه الخوارزمی) بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خواجہ ہر دو سرا صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے ارشاد فرمانے لگے اے بریدہ اٹھو ہمارے ساتھ چل کر جناب سیدہ علیہا السلام کی بیمار پرسی کریں جب ہم ان کے پاس گئے اور انہوں نے ہم کو دیکھا تو بے اختیار رونے لگیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے میری بیٹی تم کو کس بات نے رلایا ہے عرض

Presented by www.ziaraat.com

رہنے لگیں کھانے کے نہ ہونے نے اور غم کی کثرت نے اور بیماریوں کی شدت نے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد یا واللہ جو خدا کے پاس ہے کیا وہ بہتر نہیں اس چیز سے کہ جس کی تم یا فاطمہ رغبت کرتی ہو۔ تم راضی نہیں ہوتیں کہ ہم نے تم کو ایسے شخص کی زوجہ بنایا ہے جو میری تمام امت سے بہتر ہے اور اسلام لانے میں ان سب سے مقدم ہے اور ان سب سے زیادہ عالم ہے اور از روئے حلم سے افضل ہے واللہ بے شک تیرے دونوں بیٹے جوانان جنت کے سردار ہیں۔

ارجح المطالب ص ۱۳۵ سطر آخر' تاریخ دمشق ص ۲۴۲' فتح الملک العلی ص ۳۹' مناقب خوارزمی ص ۵۸ سطر ۵' کنز العمال جلد ۶ ص ۱۵۳' احسن الانتخاب ص ۴۷ سطر آخر

روایت عبداللہ بن مسعود

شواہد التنزیل جلد ۲ ص ۵۶۷

حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت علی علیہ السلام کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ تم سب میں سب سے پہلے علی نے اسلام کا اعلان کیا۔ تم سب میں وافر ایمان والے ہیں۔ تم سب میں زیادہ علم والے' تم سب میں حلم کی طرف راجح اور اللہ کی ذات کے بارے میں تم سب میں سخت علی ہیں۔ انہیں میں نے خود علم کی تعلیم کی۔ انہیں میں نے اپنے راز سپرد کیے۔ یہ علی میرے اہل ہیں۔ میرے خلیفہ اور میری امت میں میرے امین ہیں۔ بے شک علی کو میرے بارے میں آزمایا گیا تو اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ **فستبصرون بیبصرون بایکم المفتون** (شواہد التنزیل جلد ۲ ص ۲۶۷)

حضرت عائشہ کی روایت تاریخ دمشق کی جلد ۱ ص ۲۴۴ پر ہے۔

اسماء بنت عمیس کی روایت تاریخ دمشق کی جلد ۱ ص ۲۴۵' استیعاب کے ص ۴۶۰ پر ہے۔

ابو اسحاق کی روایت کنز العمال جلد ۱۲ ص ۲۰۵' المصنف صنعانی جلد ۵ ص ۴۹۰' اسد الغابہ جلد ۵ ص ۵۲' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۰۱ سطر آخر' منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۸ پر ہے۔

سدی کی روایت العثمانیہ کے ص ۲۹۰ اور شرح حدیدی کی جلد ۳ ص ۲۵۷ پر ہے۔

ابن عباس' ابو سعید خدری اور ابو ایوب انصاری کی روایات پہلے باب مختار اھل الارض میں تحریر کی جا چکی ہیں۔

ابو سعید خدری کی روایت باب مختار اھل الارض میں گذر چکی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت عمر بن خطاب کی روایت آئندہ خصائص ثلاثہ میں آئے گی۔

روایت حضرت علیؑ مقاتل بن سلیمان

ینابیع المودت ص ۱۳۸ سطر ۱۱، مناقب خوارزمی ص ۲۳۹ سطر ۱۰ پر ہے۔

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علیؑ تم کو مجھ سے وہی مرتبہ حاصل ہے جو حضرت شیثؑ کو حضرت آدمؑ سے حاصل تھا اور سام کو حضرت نوحؑ سے، اسحاقؑ کو ابراہیمؑ سے، اور ہارونؑ کو حضرت موسیٰ سے اور حضرت شمعونؑ کو حضرت عیسیٰؑ سے حاصل تھا۔ اے علیؑ تم میرے وصی ہو۔ تم میرے وارث ہو، تم سب لوگوں میں صلح میں بڑھے ہوئے ہو۔ علم کے لحاظ سے زیادہ ہو۔ صبر کے لحاظ سے سب سے زیادہ صبر کرنے والے ہو۔ دل کے زیادہ بہادر ہو۔ ہاتھ کے لحاظ سے زیادہ سخی ہو۔ تم میری امت کے امام ہو۔ تم جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہو۔ تیری محبت کی وجہ سے نیک لوگ بدکار لوگوں سے جدا ہوتے ہیں۔ اور تمہاری محبت مومنین، منافقین اور کفار کے درمیان تمیز کا باعث ہے۔

اَقدمُهم ایمانا

ینابیع المودت ص ۲۴۵ سطر ۵ پر ہے۔

مالک اشتر نے شامیوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔ شکر ہے اللہ تعالیٰ کی ذات کا کہ جس نے ہمارے درمیان اپنے نبی کے ابن عم کو موجود کر دیا۔ جس نے سب لوگوں سے ایمان لانے میں سبقت کی اور اسلام قبول کرنے میں پہل کی۔ آپ اللہ تعالیٰ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے دشمنوں پر مسلط کر دیا ہے۔ میری طرف دیکھو اور میری پیروی کرو۔ ان (شامیوں) کے قدموں جا پہنچو۔

پھر جناب اشتر نے شامیوں پر حملہ کر دیا۔ آپ نے ان سے سخت لڑائی کی۔ راوی کا بیان ہے کہ شامیوں کے ایک آدمی نے نکل کر آواز دی۔ اے ابو الحسنؑ اے علی میرے سامنے

Presented by www.ziaraat.com

تشریف لائیے۔ حضرت علی اس کے سامنے آئے اور اس شخص نے عرض کیا اے علی آپ کو اسلام لانے اور ہجرت کرنے میں سبقت کا درجہ حاصل ہے۔ آپ واپس عراق نہیں تشریف لے جاتے اور ہم لوگ واپس شام کی طرف چلے جاتے ہیں تاکہ جنگ و قتال ٹھنڈا ہو جائے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا میرے لئے جنگ کرنے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہے اور میں جنگ کے چھوڑنے کو اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی رو سے جس کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا تھا' کفر خیال کرتا ہوں۔ جو اپنے اولیاء سے اس بات پر راضی نہیں کہ صفحہ زمین پر ایک قوم اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتی رہے۔

روایت عبداللہ بن عیاش

بیان الامراء میں ہے۔ عبداللہ ابن ربیعہ کہتے ہیں کہ حضرت علیؑ کے اندر علم کی پوری پختگی اور مضبوطی تھی اور آپ تمام عشرہ مبشرہ میں تقدم تقدم اسلام اور دامادی رسول خدا اور متعہ فی السنت اور جرأت جنگ اور سخاوت فی المال کی وجہ سے افضل ہیں۔

اَکثَرُ الاُمَّتِ عِلماً"

پہلے باب اقدم الناس سلماً" میں حضرت معقل بن یسار' حضرت انس بن مالک بن جریدہ' حضرت عائشہ' حضرت اسماء بنت عمیس' حضرت ابو اسحاق' حضرت سدی' حضرت ابو ایوب انصاری' حضرت ابو سعید خدری اور حضرت عمر بن خطاب کی روایات مع حوالہ جات گذر چکی ہیں جن میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہؑ سے فرمایا کہ میں نے تمہاری شادی ایسے شخص سے کی ہے جو تمام صحابہ میں زیادہ علم والے تھے۔

اَکثَرُھُم حِلماً"

ارجح المطالب ص ۳۹۳ پر ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ وہ تمام لوگوں میں زیادہ حلم والے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

اَوفرھمُ حِلماً

حضرت علی سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ اے علی تم تمام صحابہ میں مصیبتوں پر سب سے زیادہ صبر کرنے والے ہو۔ (ینابیع المودت ص۴۸ مناقب خوارزمی ص۲۳۹ سطر۱۰)

اَشجعُھُم قَلباً

حضرت علی سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ اے علی تم تمام صحابہ میں مضبوط اور بہادر دل والے ہو۔ (مناقب خوارزمی ص۲۳۹' ینابیع المودت ص۱۳۸)

اَسخاھُم کَفاً

حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا اے علی تم ہاتھ کے لحاظ سے سب سے زیادہ سخی ہو یعنی کھلے ہاتھ والے ہو۔ (مناقب خوارزمی ص۲۳۹ سطر۱۰' ینابیع المودت ص۱۳۸)

اَعظمُ النّاسِ حِلماً

حضرت ابو ایوب انصاری کی روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت علی کے متعلق فرمایا کہ وہ حلم کے لحاظ سے عظیم ہیں۔

کنز العمال جلد۶ ص۱۵۳' حدیث ۲۵۴۱' مناقب ابن مغازلی ص۱۰۱' مناقب خوارزمی ص۶۳ سطر۲' صواعق محرقہ ص۱۶۵ سطر۱۹

Presented by www.ziaraat.com

أَعظَمُ عِندَ اللهِ مَرتَبَةً

عن معاذ بن جبل قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعلی تخصم الناس بسبع و لا یحاجک احد من قریش انت اولهم ایمانا بالله و اوفاهم بعهد الله اقومهم بامر الله و اقسمهم بالسویة و اعدلهم فی الرعیة و ابصرهم بالقضیة و اعظمهم عند الله (اخرجه الحاکمی و الدیلمی) معاذ بن جبل سے مروی ہے کہ جناب علی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ تم سات باتوں میں لوگوں سے جھگڑو گے اور قریش سے کوئی ایک تجھ سے نہیں مخاصمت کر سکے گا تم ان میں سے اللہ پر پہلے ایمان لانے والے ہو۔ اور ان سب سے خدا تعالیٰ کے عہد کو زیادہ تر پورا کرنے والے ہو اور ان سب سے خدا تعالیٰ کے حکم کے ساتھ قیام کرنے والے ہو۔ اور ان سب سے زیادہ پوری تقسیم کرنے والے ہو۔ اور ان سب سے رعیت کے ساتھ زیادہ عدل کرنے والے ہو اور ان سب سے زیادہ فیصلہ کو جاننے والے ہو اور تم ان سب سے اللہ کے نزدیک بڑے مرتبہ والے ہو۔

ارجح المطالب ص۱۵۱ سطر۱۸، حلیۃ الاولیاء جلد۱ ص۶۵ سطر آخر، مناقب خوارزمی ص۶۱ سطر۱۵، ص۹۸ سطر آخر، الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۹۸ سطر۱۳، ذخائر العقبیٰ ص۸۳ سطر۱۹، لسان المیزان جلد۲ ص۱۹ سطر۱۳، مقاصد حسنہ ص۲۷، تاریخ دمشق جلد۱ ص۱۱۷، اہل البیت ابو علم ص۲۱۶، ینابیع المودت ص۱۷۵ سطر۶، فضائل چہار یار ص۱۱۶ سطر۱۱، کنز العمال جلد۶ ص۱۵۶، حدیث ۲۶۱۳، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۴ سطر۲، مناقب ابن مغازلی ص۱۰۲ سطر۶، ص۲۹۵ سطر۳

روایت حضرت جابر

(۱) عن جابر بن عبدالله قال کنا عند النبی صلی الله علیه وسلم فاقبل علی فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد اتاکم اخی ثم التفت الی الکعبة فضربها بیده ثم قال و الذی نفسی بیده ان هذا و شیعته هم الفائزون یوم القیامة ثم قال انه اولکم ایمانا معی و اوفاکم بعهد الله و اقومکم بامر الله و اعدلکم فی الرعیة و اعظمکم عند الله مزیة و اقسمکم بالسویة قال و نزلت هذه الایة ان الذین امنو و عملو الصالحات اولئک هم خیر البریه قال فکان اصحاب محمد صلی الله علیه وسلم اذا اقبل علی قالوا قد جاء خیر البریه (اخرجه الخوارزمی فی المناقب و ابن عساکر و السیوطی فی الدر المنثور) جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں بیٹھے ہوئے تھے کہ جناب امیر علیہ السلام تشریف لائے حضرت نے ہم سے ارشاد کیا تمہارے پاس میرا بھائی آ رہا ہے پھر آپ نے کعبہ کی طرف متوجہ ہو کر اس پر ہاتھ مارا اور کہا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ میں اور یہ اور اس کے شیعہ قیامت کے روز بس یہی لوگ جنت تک پہنچنے والے ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا۔ بہ تحقیق یہ تم سب سے پہلے مجھ پر ایمان لایا ہے۔ اور تم سب سے زیادہ اللہ کے عہد کو پورا کرنے والا ہے۔ اور خدا کے حکم پر تم سب سے زیادہ رعیت کے حق میں عدل کرنے والا ہے۔ اور تم سب سے اللہ کے نزدیک زیادتی والا ہے۔ اور تم سب سے زیادہ پورا تقسیم کرنے والا ہے۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی کہ بے شک جو لوگ ایمان لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں وہی لوگ سب خلقت سے بہتر ہیں۔ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پھر جبکہ جناب امیر تشریف لاتے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کہتے کہ جو سب خلقت سے بہتر ہیں وہ تشریف لا رہے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۸۱ سطر۹، فتح البیان جلد۱۰ ص۳۲۳، مناقب خوارزمی ص۹۸ سطر آخر، فتح القدیر ص۴۶۴ جلد۵، درمنثور جلد۶ ص۳۷۹، کفایۃ الطالب ص۱۱۸، شواہد التنزیل جلد۲ ص۳۶۱، ینابیع المودت ص۵۱ سطر۱۹، انتھاء الافہام ص۱۷، احسن الانتخاب ص۳۴ سطر۱۹

روایت حضرت عمر بن خطاب

عن عمر بن الخطاب قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انک اول المومنین معی ایمانا و اعلمھم بایات اللہ واوفاھم بعھد اللہ بالرعیتہ و اقسمھم بالسویتہ و اعظمھم عند اللہ منزلتہ (اخرجہ احمد) عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بہ تحقیق جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جناب علی سے فرماتے تھے کہ تم سب مومنوں سے پہلے میرے ساتھ ایمان لانے والے ہو اور تم ان سب سے خدا کی آیتوں کے ساتھ زیادہ تر علم رکھنے والے ہو اور تم ان سب سے خدا کے عہد کو زیادہ تر پورا کرنے والے ہو اور ان سب سے رعیت کے ساتھ زیادہ مہربانی کرنے والے ہو اور ان سب سے اللہ کے نزدیک بڑے مرتبے والے ہو۔

ارجح المطالب ص۱۳۹ سطر۲۱، کنز العمال جلد۶ ص۳۹۳ حدیث ۶۰۱۵، النقض علی العثمانیہ جلد۱ ص۲۹۲، تاریخ دمشق جلد۱ ص۱۱۷، شرح حدیدی جلد۳ ص۲۵۸

اَعظَمُھُم مَنزِلَتہً

عن الشعبی قال بینما ابوبکر جالس اذ طلع علی فلما راہ قال من سرہ ان ینظر الی اقرب الناس قرابتہ و اعظمھم منزلتہ و افضلھم حالتہ و اعظمھم عنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلینظر الی ھذا الطالع و اشار الی علی بن ابی طالب (اخرجہ ابن السمان و الدار قطنی) شعبی کہتے ہیں کہ ایک دفعہ جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے کہ جناب علی علیہ السلام تشریف لائے۔ جب انہوں نے جناب علی کو دیکھا تو کہنے لگے جو شخص کہ خوش ہوتا ہو کہ ایسے آدمی کو۔ جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک سب لوگوں سے زیادہ قرابت والے اور سب سے بڑے منزلت والے اور سب افضل حالت والے اور سب لوگوں سے بڑے رتبہ والے کو دیکھنا چاہتا ہو تو اس آنے والے کو دیکھے اور جناب علی بن ابی طالب کی طرف اشارہ کیا۔

ارجح المطالب ص۳۰۳، مناقب خوارزمی ص۹۷، کنز العمال جلد۶ ص۳۹۳ حدیث ۶۰۱۲، ینابیع المودت ص۲۴۷، وسیلتہ النجات ص۱۳۴، نظم درر السمطین ص۱۲۹، کوکب دری ص۲۶۰، صواعق محرقہ ص۱۷۷ سطر۲۶، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۴۴ سطر۱

اَعظَمُھُم عَنَّا عِندَ رَسُولِ اللّٰہِ

شعبی کی مذکورہ روایت میں یہ جملہ موجود ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اَعظَمُ الرِّجَالِ

باب افضل البشر میں حضرت شعبی کی روایت میں یہ جملہ موجود ہے۔

اَعظَمُ المُسلِمِینَ حِلماً

حضرت نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے فرمایا کہ میں نے تمہاری شادی ایسے مرد سے کی ہے جو کہ حلم کے میدان میں سب سے عظیم ہے۔ (ینابیع المودت ص۱۶۵ سطر۲)

اَعظَمُھُم حِلماً

حضرت ابو ایوب انصاری سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے فرمایا کہ میں نے تیری شادی ایسی عظیم ہستی سے کی ہے جو کہ تمام صحابہ میں حلم کے لحاظ سے عظیم ہے۔

ینابیع المودت ص۱۲۹، کنز العمال جلد۶ ص۱۵۳، حدیث ۲۵۴۱، مناقب ابن مغازلی ص۱۰۱، مناقب خوارزمی ص۶۳ سطر۲، مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۲۶، سطر۳، مقتل خوارزمی ص۶۶، صواعق محرقہ ص۱۶۵ سطر۱۹، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۱، ذخائر العقبیٰ ص۱۲۵

اَعظَمُ النَّاسِ حُبّاً

عن الحسن بن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی بن ابی طالب اعلم الناس باللہ و اعظم الناس حبا و تعظیما لا هل لا الہ الا اللہ (اخرجہ ابو نعیم فی فضائل الصحابہ) جناب حسن علیہ السلام سے منقول ہے کہ خواجہ ہر دو سرا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا ہے کہ علی بن ابی طالب تمام لوگوں سے خدا کے ساتھ زیادہ تر علم رکھنے والے ہیں اور سب لا الہ الا اللہ کہنے والوں سے زیادہ تعظیم اور محبت کے لائق ہیں۔

ارجح المطالب ص۱۳۲ سطر۱۷، کنز العمال جلد۶ ص۲۱۲، مناقب عینی ص۶۰

Presented by www.ziaraat.com

اَعظَمُ النّاسِ حُبّاً

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی تم تمام لوگوں سے خدا کو زیادہ جاننے والے ہو اور سب لا الہ الا اللہ کہنے والوں میں زیادہ تعظیم و محبت کے لائق ہو۔

مناقب عینی ص۶۰، کنز العمل جلد۲ ص۲۰۲

اَحسَنُهُم خُلقاً

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بیٹی فاطمہ سے فرمایا کہ میں نے تمہاری شادی اس سے کی ہے جو اخلاق کے لحاظ سے سب سے اچھا ہے۔ (الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۸۲)

اَعدَلُ النّاسِ فِي الرَّعِيَّةِ

حضرت معاذ بن جبل اور حضرت جابر بن عبداللہ انصاری نے الگ الگ روایت کی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ کہ تمام صحابہ میں رعیت کے ساتھ عدل کرنے والے علی ہیں۔

حلیتہ الاولیاء جلد۱ ص۶۵، مناقب خوارزمی ص۶۶، الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۹۸، ذخائر العقبیٰ ص۵۹، لسان المیزان جلد۲ ص۱۹ سطر۱۳

اَقسَمُهُم بِالسَّوِيَّةِ

حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت جابر اور حضرت معاذ بن جبل روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمام صحابہ میں سب سے زیادہ پوری تقسیم کرنے والے حضرت علی ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

ینابیع المودت ص۱۷۵ سطر۶' اہل بیت ابو علم ص۲۲۹' تاریخ دمشق جلد۱ ص۱۱۷' مقاصد حسنہ ص۲۷' لسان المیزان جلد۲ ص۱۹ سطر۱۳' ذخائر العقبیٰ ص۵۹' الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۹۸' حلیتہ الاولیاء جلد۱ ص۶۵

اَطْرَحُ نَفْسَہٗ فِیْ مُتْلَفٍ

عن ابن عباس و قد سالہ رجل اکان علی یباشر القتال بنفسہ یوم صفین فقال ما رایت رجلا اطرح لنفسہ فی متلفت من علی و لقد کنت اراہ یخرج حاسر الراس بیدہ عمامتہ و بیدہ السیف (الریاض النضرہ) ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک شخص نے پوچھا کیا جناب امیر حرب صفین میں بذات خود بھی لڑتے تھے ابن عباس کہنے لگے میں نے ان کی مانند کسی کو اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالتے ہوئے نہیں دیکھا۔ میں ان کو دیکھا کرتا تھا کہ لڑائی میں ننگے سر نکلا کرتے تھے ایک ہاتھ میں عمامہ ہوا کرتا تھا ایک ہاتھ میں شمشیر۔

جناب امیر کی تلوار کی کاٹ کی نسبت صاحب حیوۃ الحیوان نقلا درۃ الغواص میں لکھتا ہے و کانت ضربات علی ابکارا ذا اعتلا قدو اذا اعترض قط یعنی جناب امیر کی ضربیں ایک بار ہی پورا کاٹ ڈالنے والی تھیں اگر سر پر پڑتی تھیں تو نیچے تک تسمہ لگا باقی نہ چھوڑتی تھیں اور اگر کروٹ پر پڑتی تھیں تو دوسرے کروٹ تک صاف کاٹ جاتی تھیں۔

ارجح المطالب ص۲۲۶ سطر۱۷ پر تحریر ہے۔

اَقْوَمُھُمْ بِاَمْرِ اللّٰہِ

حضرت معاذ بن جبل حضرت جابر بن عبداللہ انصاری اور حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ تمام صحابہ کرام میں خدا کے حکم کے ساتھ قیام کرنے والے علیؑ ہیں۔

لسان المیزان جلد۲ ص۱۹ سطر۱۳' المستدرک جلد۳ ص۱۳۶' استیعاب جلد۲ ص۴۷۰' کنز العمال جلد۲ ص۱۵۶' حدیث ۲۴۰۹' حلیتہ الاولیاء جلد۱ ص۶۵' الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۹۸

اَقْضٰی اُمَّتِیْ

عن انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال اقضی امتی علی بن ابی طالب (المصابیح) انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے میری امت میں زیادہ قضا والا علی بن ابی طالب ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۱۵۱ سطر۴' ینابیع المودت ص۱۷۵ سطر۶' کوکب دری ص۱۵۸' مناقب میتو ص۳۹' الریاض النفوس جلد۱ ص۱۲۲' مقاصد حسنہ ص۷۲' ذخائر العقبیٰ ص۸۳ سطر۱۶' الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۹۸ سطر۸' مظاہر حق جلد۴ ص۶۹۵ سطر۱۹' منصب امامت ص۹۳ سطر۳' المعجم الصغیر ص۱۱۵ سطر۵' صواعق محرقہ ص۷۹ سطر۱۰' الشرف المئوبد ص۱۱۳ سطر۲' اربعین رازی ص۲۴۴ سطر۱۰' مفتاح کنوز السنتہ ص۳۳ سطر۱۹' شرح حدیدی ص۶ سطر۲۵ جلد۱

روایت حضرت ابو سعید خدری

عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقضی بعدی علی بن ابی طالب (اخرجہ الخوارزمی فی المناقب) ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم رشاد فرماتے تھے میرے بعد میری امت میں علی بن ابی طالب زیادہ قضاوالا ہے۔

ارجح المطالب ص۱۵۱ سطر۷' مناقب خوارزمی ص۴۱ سطر۱۲' کوکب دری ۱۵۸ سطر۱۹

اَقضَی النَّاسِ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سب لوگوں سے زیادہ صحیح فیصلے کرنے والے علی ہیں۔ (المستصفیٰ ص۱۳۷)

اَقضَاکُم عَلِیٌّ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سب سے زیادہ صحیح فیصلے کرنے والے علیؑ ہیں۔

المحاضرات جلد۴ ص۴۷۹' تاریخ خمیس جلد۱ ص۲۳' شرح حدیدی جلد۱ ص۶ سطر۲۵' مرات الجنان جلد۱ ص۱۱۰' احسن التفاسیر ص۱۲۷' مدارج النبوت ص۵۰۲' الجواہر المضیہ جلد۲ ص۵۲۴' مناقب عینی ص۱۶' الشرف المئوبد ص۱۱۲ سطر۴' تاریخ ابن وردی جلد۱ ص۲۲۲' التبصرہ ص۱۶۱' استیعاب جلد۳ ص۳۸' مواقف جلد۳ ص۲۷۶' مطالب السئول ص۲۳' تمیز الطیب ص۲۵' کفایت الشنقیطی ص۴۶' صواعق محرقہ ص۱۲۳ سطر۴' شرح مقاصد حسنہ ص۲۱۹' المستقصی

Presented by www.ziaraat.com

ص۷۔۱۴۳ وسیلۃ النجات ص ۹۲' القاصد الحسنہ ص ۷۲' اربعین رازی ص ۴۶۶ سطر ۱۰' الفصول المہمہ ص ۱۷ سطر ۹' حبیب السیر جلد ۲ جز ۱ ص ۹ سطر ۱۸' معارج النبوت جلد ۴ ص ۳۱۹ سطر ۲۲' نور الابصار ص ۷۰ سطر ۱۳' اسعاف الراغبین ص ۱۲۴ سطر ۱۲' صواعق محرقہ ص ۱۲۳ سطر ۴.

اَقضَاھُم عَلِیٌّ

حضرت ابو سعید خدری روایت کرتے ہیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ ان سب میں بڑا قاضی علی ہے۔

منصب امامت ص ۹۳ سطر ۳' صواعق ص ۷۹ سطر ۱۴' کنز العمال جلد ۶ ص ۱۶۱ حدیث ۲۷۱۱' مصابیح السنہ ص ۲۰۳' بطاوس الفقراء ص ۱۲۰' فتح الباری جلد ۸ ص ۱۳۶' اللمع ص ۱۲۰' استیعاب جلد ۲ ص ۴۷۴' مشکوٰۃ ص ۵۲۶ سطر ۱۹' الدرر المنتشرہ ص ۱۷ سطر ۴' مطالب السئول ص ۷۵ سطر آخر

اَقضٰی اَھلِ المَدِینَۃ

قال عبداللہ بن مسعود: اقضی اھل المدینۃ علی بن ابی طالب

حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ تمام مدینے والوں میں سب سے زیادہ صحیح فیصلے کرنے والے علی ہیں۔

اخبار القضاۃ ص ۸۹ جلد ۱' المستدرک جلد ۳ ص ۱۳۵ سطر ۱ سطر ۶' استیعاب جلد ۲ ص ۴۷۴ سطر ۲ آخر' اسد الغابہ جلد ۴ ص ۳۲' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۹۸ سطر ۱۵' تاریخ ذہبی جلد ۱ ص ۱۹۹' تلخیص المستدرک جلد ۳ ص ۱۳۵ سطر ۱' تاریخ الخلفاء ص ۱۲۰ سطر ۱۴' تمیز الطیب ص ۳۱' صواعق محرقہ ص ۱۲۷ سطر ۱' الشذرات الذہبیہ ص ۵۰' اسنی المطالب ص ۷۴' ینابیع المودت' اسعاف الراغبین ص ۱۲۸' ازالۃ الخفاء جلد ۲ ص ۲۸۶ سطر ۱۱' فتح الملک العلی ص ۳۵' مناقب خوارزمی ص ۵۰' فتح الباری جلد ۸ ص ۱۳۶' بغیتہ الوعات ص ۲۴۷' عمدۃ القاری جلد ۱۶ ص ۲۱۵ سطر ۱۵' اسد الغابہ جلد ۴ ص ۲۲ سطر ۱۹' طبقات ابن سعد جلد ۲ ص ۳۳۸ سطر آخر' طبقات الفقہاء

Presented by www.ziaraat.com

ص۱۰ سطر۷، نور الابصار ص۷۲ سطر۴،

حضرت ابو ہریرہ کی روایت اخبار القضات کے ص۹۰ پر ہے۔

مقاصد الطالب ص۱۱ پر تحریر ہے۔

اکابر صحابہ نے اعتراف کیا ہے۔ حکمت، فرائض اور مشکل مسائل حل کرنے اور صحیح فیصلہ کرنے میں کوئی حضرت علیؑ کا ثانی نہیں۔

اَقضَانَا عَلِیؑ

حضرت عمر نے کہا کہ ہم میں سب سے بڑے قاضی علیؑ ہیں۔

صحیح بخاری جلد۳ ص۶۶ سطر۲، اخبار القضات جلد۱ ص۸۰، المستدرک جلد۳ ص۳۰۵ سطر۷، تلخیص المستدرک سلو۲۵، مفتاح کنوز السنہ جلد۲ ص۱۶ سطر۲، تاریخ الخلفاء ص۱۲۰ سطر۱۳، فتح الباری جلد۷ ص۶۰ سطر۳۸، حلیتہ الاولیاء جلد۱ ص۶۵ سطر۲۳، استیعاب جلد۲ ص۴۷۴ سطر۱۷، طبقات ابن سعد جلد۲ ص۳۳۹ سطر۵، ذخائر العقبیٰ ص۸۳ سطر۱۷۔

طبقات الفقہاء ص۹ سطر آخر، تفریح الاحباب ص۳۵۰ سطر۱۳، صواعق محرقہ ص۲۶ سطر آخر، البدایہ والنہایہ جلد۷ ص۳۳۹ سطر۱۹، شرح قسطلانی جلد۷ ص۱۱ سطر۱، ازالتہ الخفاء جلد۲ ص۲۶۸ سطر۱۲، مظاہر حق جلد۴ ص۷۰۶ سطر۷، مشکوٰۃ ص۵۶۶ سطر۱۹، الریاض النضرہ ص۱۹۸ سطر۹، ارجح المطالب ص۱۵۵ سطر۶، حلیتہ الاولیاء جلد۱ ص۶۵، الابانہ ص۵۷، تاریخ ابن عساکر جلد۲ ص۴۴۱، مناقب خوارزمی ص۴۷ سطر۲۸۱، طبقات مالکیہ جلد۲ ص۱۷، سیر اعلام النبلاء جلد۱ ص۲۸۱، تاریخ ذہبی جلد۲ ص۲۸، تذکرۃ الحفاظ جلد۳ ص۳۸، تہذیب التہذیب جلد۷ ص۳۳۷ سطر۱۶، کنوز الحقائق ص۹۸، ذخائر المواریث جلد۱ ص۱۰، مقاصد حسنہ ص۴۷، الروض الازہر ص۳۶۵، فتح الملک العلی ص۳۵، محاضرۃ الاوائل ص۹۲، اسنی المطالب ص۱۴، البدایہ جلد۷ ص۳۵۹، مطالب السئول ص۳۰

أَعلَمُ اُمَّتِی

عن سلمان فارسی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعلم امتی بعدی علی بن ابی طالب (اخرجہ الدیلمی)

...رسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت ...بعد سب سے زیادہ علم والا علی بن ابی طالب ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۳۲ سطر۷، فرائد السمطین ص۸۲، کنز العمال ص۲۳۶ جلد۶ حدیث ۲۵۹۵، منتخب کنز العمال ص۳۳ جلد۵، ینابیع المودت عربی ص۵۷ سطر۲۱، مودۃ القربیٰ ص۵۱ سطر۱۷، فتح الملک العلیٰ ص۴۱، مناقب عینی حنفی ص۱۴، کفایتہ الطالب ص۱۹۰، کنوز الحقائق ص۱۹، مناقب خوارزمی ص۴۰ جلد۴، مقتل خوارزمی ص۴۳ جلد۱

اَعلَمُ النَّاسِ بِالسُّنَّتِ

استیعاب ص۴۶۲ جلد۲، المناقب خوارزمی ص۴۶ سطر آخر، ذخائر العقبیٰ ص۷۸، صواعق محرقہ ص۱۲۷ سطر۵، الریاض النضرہ ص۱۹۳ جلد۳، نظم درر السمطین ص۱۳۳، تاریخ الخلفاء ص۶۶، اسعاف الراغبین، محاضرۃ الاوائل ص۹۲، فتح الملک العلیٰ ص۳۶، ارجح المطالب ص۱۵۴ سطر۶، کفایتہ الطالب ص۱۹۰، ینابیع المودت ص۱۷۴ سطر۱۲

اَعلَمُ مَن بَقِیَ السُّنَّتِہ

حضرت عائشہؓ نے فرمایا ہے کہ سنت کے باقی کو حضرت علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا۔
(صواعق محرقہ ص۱۲۷ سطر۵)

اَعلَمُ القَضَایَا

عن ابی امامہ قال قال رسول اللہ اعلم امتی بالقضایا بعدی علی بن ابی طالب ابو امامہ سے روایت ہے کہ رسول خدا نے فرمایا میرے بعد میری تمام امت میں سے قضایا کا سب سے زیادہ علم رکھنے والے علی بن ابی طالبؑ ہیں۔

کفایت الطالب ص۱۹۰، حلیتہ الاولیاء ص۶۶، کنز العمال ص۱۵۶ جلد۶

اَعلَمُ الفَرَائِضِ

Presented by www.ziaraat.com

عن عبداللہ بن مسعود قال اعلم اهل المدینۃ بالفرائض علی بن ابی طالب
عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ کے لوگوں میں علی بن ابی طالب سب سے زیادہ علم فرائض جاننے والے ہیں۔
تاریخ الخلفاء ص۶۶، ینابیع المودت ص۳۸۶، اسعاف الراغبین، الریاض النضرہ ص۱۹۴ جلد۲

اَعلَمُ الاَصحَابِ

عن عبدالملک بن ابی سلیمان قال قلت لعطاء اکان فی اصحاب محمد اعلم من علی بن ابی طالب قال و اللہ ما اعلم (استیعاب) عبدالملک بن ابی سلیمان کہتا ہے کہ میں نے عطا سے پوچھا کہ جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں کیا کوئی شخص علی بن ابی طالب سے زیادہ علم والا تھا عطا نے جواب دیا خدا کی قسم میں نہیں جانتا۔

ارجح المطالب ص۱۳۳ سطر۴، الکنیٰ و الاسماء ص۱۹۷ جلد۱، فتح الملک العلیؑ ص۲۴۰

اَعلَمُھُم عِلماً

دائود بن المسیب قال ما کان احد بعد رسول اللہ اعلم من علی ابن ابی طالب داؤد بن مسیب سے روایت ہے کہ رسول اکرم کے بعد حضرت علیؑ سے کوئی بڑا عالم نہ تھا۔
الکنیٰ والاسماء ص۱۹۷ جلد۱، فتح الملک العلیؑ ص۴۰

اَعلَمُ بِمَا بَینَ اللَّوحَینِ

شعبی کہتے ہیں کہ دو لوحوں کے درمیان تمام چیزوں کا علم اور جو کچھ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر نازل ہوا ان سب کا علم جتنا حضرت علیؑ کے پاس ہے کسی صحابی کے پاس نہیں۔ (نظم درر السمطین ص۱۲۸)

اَعلَمُ النَّاسِ بِاللّٰہِ

Presented by www.ziaraat.com

حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بیٹی فاطمہ کی حضرت علی سے شادی کی تو میری ماں کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم فرمایا کہ وہ فاطمہ کو علی کے لئے دلہن بنائے۔ جب نماز عشاء ہو چکی تو حضرت علی علیہ السلام کو بلایا اور پانی منگوا کر اس پر کچھ پڑھا اور علی سے کہا کہ اس میں سے جلد کچھ پی لو اور پھر وضو کر لو۔ پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت فاطمہ کی طرف تشریف لائے اور ان سے فرمایا کہ بے شک میں نے تیری شادی اس شخص سے کی ہے جس نے ان سب سے بہت پہلے اسلام لانے کا اعلان کیا' ان سب سے زیادہ حلم والا ہے' ان سب سے اچھے اخلاق والا ہے اور وحی خدا کو سب سے زیادہ جاننے والا ہے اور خدا کی ذات کو سب سے زیادہ جاننے اور پہچاننے والا ہے۔ (نظم درر السمطین ص ۱۸۷)

أَعلَمُنَا بِرَبِّنَا

عبداللہ بن جحل نے اپنے خطبے میں فرمایا: اے علی! تم سب سے زیادہ ہمارے رب کو جانتے ہو' سب سے زیادہ ہماری نبی کے قریبی ہو' اور ہمارے دین میں سب سے زیادہ اچھے ہو۔ (جمہرۃ الخطب جلد ۱ ص ۲۰۳' فتح الباری جلد ۸ ص ۱۳۶)

روایت حضرت علی

الحسن بن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی بن ابی طالب اعلم الناس باللہ و اعظم الناس حبا و تعظیما لا ہل لا الہ الا اللہ (اخرجہ ابو نعیم فی فضائل الصحابہ) جناب حسن علیہ السلام سے منقول ہے کہ خواجہ ہر دو سرا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا ہے کہ علی بن ابی طالب تمام لوگوں سے خدا کے ساتھ زیادہ تر علم رکھنے والے ہیں اور سب لا الہ الا اللہ کہنے والوں سے زیادہ تعظیم اور محبت کے لائق ہیں۔

ارجح المطالب ص ۱۳۲ سطر ۱۷' کنز العمال ص ۱۵۶ جلد ۶' مناقب عینی ص ۲۰

أَعلَمُهُم بِمَا أَنزَلَ اللّٰهُ

عن انس عن النبی قال اعلمھم بما انزل اللہ علی بن ابی طالب

Presented by www.ziaraat.com

انس بن مالک سے روایت ہے کہ رسول اکرم نے فرمایا کہ جو کچھ اللہ کی طرف سے نازل ہوا اسے ان سب سے زیادہ علی جانتے ہیں۔ (مناقب سیدنا علی ص۱۶)

اَعلَمُ المُومِنِینَ عِلماً

عن عائشۃ قالت حدثتنی فاطمۃ بنت محمد ان النبی قال لھا ازو جتک اعلم المومنین علما و اقدمھم سلما و افضلھم حلما

حضرت عائشہ کہتی ہیں کہ مجھے حضرت فاطمہ بنت محمدؐ نے بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فاطمہ سے فرمایا۔ اے میری بیٹی میں نے تیری شادی ایسے مرد سے کی ہے جو علم کے لحاظ سے تمام مومنوں سے زیادہ عالم ہے اور اسلام لانے میں پہل رکھتا ہے اور حلم کے لحاظ سے سب سے افضل ہے۔ (تاریخ دمشق ص۲۴۴ جلد۱)

اَعلَمُ الکِتَابِ وَ السُّنَّۃِ

عدی بن حاتم نے اپنے ایک خطبے میں فرمایا کہ بے شک حضرت علی علیہ السلام کو تم پر حضرت علی کو ایسی فضیلت حاصل ہے جیسے تمہیں حاصل نہیں۔ بہتر ہے تم تسلیم کرلو ورنہ تم اس پر جھگڑا کرو۔

اگر تم کتاب خدا و سنت رسولؐ کے علم کی بات کرتے ہو تو جتنا وہ ان دونوں کو جانتا ہے تم میں کوئی بھی نہیں جانتا۔ اور اگر تم اسلام کی بات کرتے ہو تو وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی اور اسلام کی بنیاد ہے۔ (الامامت و السیاست جلد۱ ص۱۰۳' جمهرة الخطب جلد۱ ص۲۰۳)

اَعلَمُ النَّاسِ کِبَاراً

حضرت الزہراء نے کہا کہ حضرت علی علیہ السلام بچپنے میں سب سے زیادہ حلیم تھے اور

Presented by www.ziaraat.com

بڑھاپے میں سب سے زیادہ علم والے تھے۔ (کنز العمال جلد ۶ ص ۳۹۴، حدیث ۶۰۵۰)

أَعلَمُ القَضِیَّۃِ

ینابیع المودت ص ۲۱۱، مناقب عینی ص ۲۱۶، کنز العمال جلد ۱۲ ص ۲۱۴، منال الطالب ص ۱۳۷، حلیتہ الاولیاء جلد ۱ ص ۶۶

حضرت ابو سعید خدری کہتے ہیں کہ اے علی آپ کو سات ایسے خصائص حاصل ہیں جن میں آپ سے کوئی بھی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ (۱) آپ خدا پر سب سے پہلے ایمان لائے (۲) آپ اللہ کے عہد کو سب سے زیادہ پورا کرنے والے ہیں (۳) آپ خدا کے امر پر سب سے زیادہ قائم رہتے ہیں (۴) آپ سب سے زیادہ رعیت پر مہربان ہیں (۵) آپ سب سے زیادہ تقسیم میں انصاف کرنے والے ہیں (۶) آپ سب سے زیادہ قضایا کو جاننے والے ہیں (۷) اور اللہ کے نزدیک آپ کی سب سے زیادہ منزلت ہے۔

ابصرهم بالقضیته

معاذ بن جبل سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی سات باتوں میں قریش تیرا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ تم ان سے پہلے اللہ کے ساتھ ایمان لائے، اللہ کے عہد کو سب سے زیادہ پورا کیا، اور امر خدا پر زیادہ قائم رہتے ہیں۔ ان سے زیادہ ٹھیک تقسیم کرتے ہو، ان سے رعیت سے زیادہ انصاف کرنے والے ہو، مقدمہ میں زیادہ سوجھ بوجھ رکھتے ہو۔ اور اللہ کے نزدیک ان سے تمہاری منزلت زیادہ ہے۔

اَعلَمُ النَّاسِ بِاَیَّامِ اللّٰہِ

حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے فرمایا کہ تمام صحابہ میں سب سے زیادہ ایام خدا کو حضرت علی علیہ السلام جاننے والے تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۱۳۹ سطر۱۸، کنز العمال جلد۶ ص۳۹۳، النقض علی العثمانیه جلد۱ ص۲۹۲، تاریخ دمشق جلد۱ ص۱۱۷، شرح حدیدی جلد۳ ص۲۵۸

اَعلَمُهُم بِاٰیَاتِ اللّٰہِ

ارجح المطالب ص۱۳۹ سطر۲۱

عن عمر بن الخطاب قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انک اول المومنین معی ایمانا و اعلمهم بایات اللہ اوفاهم بعهد اللہ بالرعیته و اقسمهم بالسویته و اعظمهم عند اللہ منزلته (اخرجه احمد) عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے تحقیق جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جناب علی سے فرماتے تھے کہ تم سب مومنوں سے پہلے میرے ساتھ ایمان لانے والے ہو اور تم ان سب سے خدا کی آیتوں کے ساتھ زیادہ تر علم رکھنے والے ہو اور تم ان سب سے خدا کے عہد کو زیادہ تر پورا کرنے والے ہو اور ان سب سے رعیت کے ساتھ زیادہ مہربانی کرنے والے ہو اور ان سب سے اللہ کے نزدیک بڑے مرتبے والے ہو۔

اَعلَمُ النَّاسِ عِلماً

حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمام صحابہ میں سب سے زیادہ علم والے علی ہیں۔ (ارجح المطالب ص۹۴)

اَشعَرُ الثَّلَاثَۃِ

علامہ جلال الدین السیوطی تاریخ الخلفاء میں لکھتے ہیں اخرج الشعبی قال کان ابوبکر یقول الشعر و کان عمر یقول الشعر و کان عثمان یقول الشعر و کان علی اشعر یعنی شعبی روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ شعر کہا کرتے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی شعر کہتے تھے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی شعر کہتے تھے اور جناب حضرت علی علیہ السلام سب سے زیادہ شعر کہنے والے تھے۔ چنانچہ جناب کا دیوان بدیع مشہور خاص و عام ہے۔

ارجح المطالب ص۱۷۳ سطر۷

اَفرَضُ اَهلِ المَدِینَۃِ

Presented by www.ziaraat.com

قال افرض اهل المدینہ و اقضانا علی کہا کہ مدینہ میں میراث کے مسائل حضرت علی سے زیادہ کوئی نہیں جانتا۔ اور ہم سب سے بڑے قاضی ہیں۔ (الریاض النضرہ ص۱۹۸ جلد۲)

اقرء الاصحاب

و عن ابی عبدالرحمن اسلمی قال ما رائینا احدا قرا من علی صلینا خلفہ فقرا برز خا فاسقط حرفا فرجع فقراء ثم عاد الی مقامہ فسر اهل اللغۃ البرزخ ههنا بانہ کان بین الموضع الذی یقرا فیہ و بین الموضع الذی کان اسقط منہ الحرف و رجع الیہ قران کثیر قال و البرزخ بین الشک و الیقین و البرزخ ما بین الشیئین (استیعاب) قاری ابو عبدالرحمن السلمی رضی اللہ تعالی عنہ جو سب قراء کے استاد مانے گئے ہیں کہتے ہیں کہ ہم نے جناب امیر علیہ السلام سے زیادہ کوئی قاری نہیں دیکھا ہم نے ان کے پیچھے ایک دفعہ نماز پڑھی ان کو تشابہ پڑ گیا اور ایک حرف چھوڑ گئے۔ جب قرآن شریف پڑھتے پڑھتے دور نکل گئے تو وہاں سے پھر اس تشابہ پر لوٹے اور اس کو پڑھا اور پھر اپنے مقام پر لوٹ گئے اور سلسلہ قرات کا نہ ٹوٹا۔ اہل لغت نے برزخ کے معنی میں لکھا ہے کہ یہاں برزخ سے یہ مراد ہے کہ وہ جو مقام کہ پڑھ رہے تھے اور اس مقام سے کہ جہاں ان کو حرف کے ساقط ہونے کا تشابہ پڑا تھا اور انہوں نے رجوع کیا تھا قرآن شریف کا ایک بڑا حصہ تھا اور برزخ شک اور یقین کے درمیان کو کہا جاتا ہے کیونکہ برزخ دراصل دو شے کے درمیان کے معنوں میں آیا ہے۔

ارجح المطالب ص۱۴۴ سطر۸' استیعاب ص۳۳۴' غایتہ النہایہ ص۵۶۴ جلد۱' الریاض النضرہ ص۱۹۴ جلد۲' فتوحات اسلامیہ ص۳۳۷ جلد۲

اَقوٰی قَولاً فِی الفَرَائِض

استیعاب ص۴۶۲ جلد۲' ارجح المطالب ص۱۶۷ سطر۲

اَفقَہٗ فِی دِینِ اللّٰہ

ہشام بن عتبہ نے حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں فرمایا کہ اللہ کے دین کو سب سے زیادہ سمجھنے والے حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

کتاب الصفین ص۴۰۳' تاریخ طبری جلد۶ ص۲۴' تاریخ کامل جلد۳ ص۱۳۵

حضرت علی علیہ السلام نے معاویہ بن ابی سفیان کو ایک خط میں تحریر فرمایا۔

کہ امت کے اس حق کا مجھ سے زیادہ کوئی حق دار نہیں تھا اور نہ ہے کیونکہ میں سب سے زیادہ رسول اکرمؐ کا قریبی ہوں۔ میں سب سے زیادہ کتاب خدا کو جاننے والا ہوں۔ میں سب سے

Presented by www.ziaraat.com

زیادہ دین خدا کو سمجھنے والا ہوں' میں سب سے پہلے اسلام کا اعلان کرنے والا ہوں' اور میں سب سے زیادہ جہاد کرنے والا ہوں۔ (کتاب الصفین ص ۱۶۸)

اَحَبُّ الرِّجَالِ

جناب امیر کا محبوب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہونا

(۱) عن جمیع بن عمیر التیمی قال دخلت مع عمتی علی ام المومنین عائشۃ رضی اللہ عنہا تعالی فسالت ای الناس کان احب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت من النسائی فاطمۃ و من الرجال زوجها (اخرجہ الترمذی) جمیع بن عمیر التیمی کہتے ہیں کہ میں اپنی پھپھی کے ساتھ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں گیا میں نے ان سے پوچھا لوگوں میں سے کون زیادہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو محبوب تھا کہنے لگیں عورتوں میں سے فاطمہ اور مردوں میں ان کا شوہر۔

(۲) عن عروۃ قال قلت لعائشۃ رضی اللہ عنہا من کان احب الناس الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت علی فقلت ای شئی کان سبب خروجک علیہ قالت لم تزوج ابوک امک قلت ذلک من قدر اللہ قالت و کان ذلک من قدر اللہ (اخرجہ المتقی فی کنز العمال) عروہ کہتے ہیں کہ میں نے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ سب لوگوں سے کون حضرت کا پیارا تھا فرمایا علیؑ میں نے کہا پھر ان پر آپ کی چڑھائی کا سبب کیا تھا فرمانے لگیں تیرے باپ نے تیری ماں سے کیوں شادی کی تھی میں نے کہا خدا کی تقدیر یہی تھی۔ کہنے لگیں وہ بھی خدا کی تقدیر تھی۔

(۳) عن مجمع قال دخلت مع امی علی ام المومنین عائشۃ رضی اللہ عنہا عن سیرھا یوم الجمل فقالت کان قدرا من اللہ و سالتها عن علی قالت سالت عن احب الناس الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اخرجہ الطبرانی فی الریاض النضرہ) مجمع رضی اللہ عنہ ناقل ہے کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں گیا اور جنگ جمل کی وجہ پوچھی فرمانے لگیں یہ خدا کی تقدیر تھی۔ پھر میں نے جناب امیرؑ کی نسبت پوچھا فرمانے لگیں تو نے ایسے شخص کی نسبت پوچھا ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب لوگوں سے زیادہ پیارا تھا۔

(۴) عن النعمان بن بشیر قال استاذن ابوبکر رضی اللہ عنہ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسمع صوت عائشۃ رضی اللہ عنہا عالیا و ھی تقول واللہ لقد علمت ان علیا احب الیک من ابی فاھوی ابوبکر رضی اللہ عنہ لیلطمها و قال یا بنت فلانۃ اراک ترفعین صوتک علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامسک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و خرج ابوبکر رضی اللہ عنہ مغضبا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف رایتنی انقذتک من الرجل ثم استاذن ابوبکر رضی اللہ عنہ بعد ذلک و قد اطلح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و عائشۃ فقال ادخلانی فی السلم کما ادخلتما فی الحرب فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد فعلنا (اخرجہ النسائی فی الخصائص) نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دفعہ جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گئے اور حاضر ہونے کی اجازت چاہی۔ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو چلاتے ہوئے سنا کہ حضرت سے کہہ رہی تھیں کہ خدا کی قسم ہے میں جانتی ہوں میرے باپ سے آپ کو علیؑ زیادہ عزیز ہیں۔ حضرت ابوبکر نے بڑھ کر قصد کیا کہ ان کو طمانچہ لگائیں اور کہنے

Presented by www.ziaraat.com

لگے اے فلانے کی بیٹی حضرت پر چلاتی ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکرؓ کو پکڑ لیا ابوبکر خفا ہو کر باہر نکل گئے۔ حضرتؐ نے ام المومنین عائشہ سے فرمایا کیوں ہم نے اس آدمی سے تجھے کیسا بچایا۔ پھر اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ تے حاضر ہو کر اجازت مانگی اور حضرت کی ام المومنینؓ سے صلح ہو چکی تھی ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اب آپ مجھ کو صلح میں بھی شامل کریں جس طرح سے کہ میں آپ کے جھگڑے میں دخیل ہوا تھا۔ حضرتؐ نے فرمایا ہم نے آپ کو بھی صلح میں شامل کر لیا ہے۔

(۲) عن بریدہ قال کان احب نسائی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاطمۃ و من الرجال علی (اخرجہ الترمذی) ترمذی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سب عورتوں سے جناب فاطمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پیاری تھیں اور سب مردوں سے جناب علی۔

ارجح المطالب ص۶۲۵ سطر۱۸' المستدرک نیشاپوری ص۱۸۷ سطر۱۶' نظم دررالسمطین ص۱۷۷' مشکوۃ ص۵۷۰ جلد۲' تاریخ آل محمدؐ ص۱۵۲' اعلام النبلاء ص۱۲۱۷ جلد۳' المختار ص۵۶' جمع الفوائد ص۲۳۳ جلد۲' وسیلۃ المال ص۷۸' البدایۃ ص۳۵۴ جلد۷' اشعۃ اللمعات ص۶۹۱ جلد۴' تفریح الاحباب ص۲۱۳' مناقب علی حیدر آبادی ص۴۲' وسیلۃ النجاۃ ص۱۱' انوار محمدیہ ص۴۳۶' ینابیع المودت ص۱۴۲ سطر۱۵' جامع ترمذی' خصائص نسائی ص۲۹' العقد الفرید ص۱۹۴ جلد۲' ص۲۷۵ جلد۲' استیعاب ص۷۵۱ جلد۲' تاریخ بغداد ص۴۳۰ جلد۱۱' المختصر ص۳۵۴ جلد۲' مناقب خوارزمی ص۴۷' ارجح المطالب ص۶۲۵' اسد الغابہ ص۵۲۲ جلد۵' جامع الاصول ص۸۱ جلد۱۰' ذخائر العقبیٰ ص۳۵' الریاض النضرہ ص۱۶۱ جلد۲' تاریخ اسلام ذہبی ص۱۹۸ جلد۲' لسان المیزان ص۱۵۴ جلد۵ سطر آخر' المستطرف ص۲۷ جلد۱' تیسیر الوصول ص۱۵۹' صواعق المحرقہ ص۱۲۱' ذخائر المواریث ص۱۹۸ جلد۴' اتحاف ص۹' اسعاف الراغبین ص۱۶۹' کنز العمال ص۴۰۰ جلد۶' میزان الاعتدال ص۴۸۲ جلد۱' مناقب خوارزمی ص۳۷ سطر آخر۔

روایت حضرت بریدہ

عن بریدہ قال کان احب النساء الی رسول اللہ فاطمہ و من الرجال علی

بریدہ سے روایت ہے کہ سب عورتوں سے آنحضرت کو فاطمہؑ پیاری تھی۔ اور سب مردوں میں سے حضرت علیؑ۔

تہذیب التہذیب ص۴۴۱' ذخائر المواریث ص۱۱۱ جلد۱' وسیلۃ المال ص۷۸' تحفۃ

Presented by www.ziaraat.com

الاشراف ص۸۶ جلد۲ مودۃ القربیٰ ص۹۶ ینابیع المودت عربی ص۱۳۲ سطر۱۲ خصائص نسائی ص۲۹ تاریخ اسلام ذہبی ص۹۵ جلد۲ نظم درر السمطین ص۱۰۰ اتحاف ص۹ المنتخب الصحیحین ص۲۱۹ وسیلتہ النجاۃ ص۱۱۱ جامع الاصول ص۸۲ جلد۱۰ استیعاب ص۷۵۱ ذخائر العقبیٰ ص۳۵

روایت معاذیہ غفاریہ

ینابیع المودت ص۱۳۲ سطر آخر اسد الغابہ ص۵۴۷ جلد۵ الریاض النضرہ ص۱۶۱ ذخائر العقبیٰ الاصابہ ص۳۸۹ جلد۴ سطر آخر

روایت حضرت اسامہ

اسامہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت علی علیہ السلام حضرت جعفر اور حضرت زید بن حارثہ ایک مقام پر جمع تھے۔ حضرت جعفر نے کہا میں تم سب میں زیادہ محبوب رسول ہوں۔ زید نے کہا اور حضرت علی نے کہا نہیں میں ہوں۔ ان سب نے کہا لڑنے جھگڑنے کی بات نہیں۔ ہم سب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جاتے ہیں اور وہ خود فیصلہ فرماویں گے۔ چنانچہ یہ تینوں حضرات در رسول پر تشریف لے گئے۔ اذن دخول مانگا۔ اندر تشریف لے گئے اور درخواست کی کہ یا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو سب سے زیادہ محبوب کون ہے۔ فرمایا حضرت فاطمہ۔ ان حضرات نے کہا مردوں میں کون۔ فرمایا علی بن ابی طالب۔ (منتخب کنز العمال جلد۵ ص۱۲۹ مناقب خوارزمی ص۳۶ سطر۱)

اُحَبُّ القَوم

عن اسامتہ بن زید عن ابیہ قال اجتمع علی و جعفر و زید بن حارثہ فقال جعفر انا احبکم الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال علی انا احبکم الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و قال زید انا احبکم الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فانطلقو ابنا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنسالہ قال و استاذ نوا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و انا عندہ قال اخرج فانظر من ھئولاء فخرجت ثم جئت فقلت ھذا جعفر و علی و زید بن حارثہ یستاذ نون قال ایذن لھم فدخلوا فقالوا یا رسول جئناک نسالک من احب الناس الیک قال فاطمۃ قالوا انما نسالک عن الرجال قال اما انت یا جعفر فیشبہ خلقک خلقی و خلقک خلقی و اما انت یا زید من شجرتی و اما انت علی فختنی و ابو ولدی و احب القوم الی (اخرجہ الخوارزمی فی المناقب) اسامہ بن زید اپنے والد ماجد سے رضی اللہ عنہ سے ناقل ہیں کہ ایک مقام پر

Presented by www.ziaraat.com

جناب علی اور زید بن حارثہ اور جعفر بن ابی طالب اور علی علیہ السلام مجتمع تھے۔ جعفر رضی اللہ عنہ کہنے لگے میں تم سب سے حضرت کو پیارا ہوں زید بن حارثہ کہنے لگے تم سب سے حضرت کو پیارا ہوں۔ علی علیہ السلام کہنے لگے میں زیادہ عزیز ہوں۔ باہم یہ مشورہ ٹھہرا کہ چلو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھیں۔ دروازہ پر آکر اذن طلب کیا میں اس وقت حاضر خدمت تھا مجھ سے ارشاد ہوا باہر دیکھو کہ کون لوگ ہیں۔ میں نے عرض کیا جعفر اور زید اور علی ہیں۔ اجازت چاہتے ہیں حضرتؐ نے فرمایا آنے دو جب وہ حاضر ہوئے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کو کون زیادہ پیارا ہے۔ فرمایا فاطمہ انہوں نے عرض کیا ہم عورتوں کی نسبت نہیں پوچھتے بلکہ مردوں کی نسبت عرض کرتے ہیں۔ حضرت نے فرمایا اے جعفر تیرا خلق اور خلقت میری مشابہ ہے اور اے زید تو میرے شجرہ میں سے ہے اور اے علی تو میرا داماد اور میرے بچوں کا باپ اور سب سے زیادہ مجھے پیارا ہے۔

ارجح المطالب ص ۴۲۸، مناقب خوارزمی ص ۳۸، منتخب کنز العمال ص ۱۲۹ جلد ۵ ص ۱۲۵

اَحَبُّ النَّاسِ

ینابیع المودت ص ۳۲۸ سطر ۵، مناقب خوارزمی ص ۲۹ سطر آخر

معاویہ ابن ثعلبہ سے روایت ہے کہ ایک شخص ابو ذر کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوا جب آپ مسجد مدینہ میں تشریف فرما تھے۔ اس شخص نے آپ سے دریافت کیا کہ مجھے اس شخص کے متعلق مطلع فرمایئے جو آپ کے نزدیک زیادہ پیارا ہو۔ وہ رسول اللہ کے نزدیک زیادہ پیارا ہو گا۔ فرمایا کعبہ کے رب کی قسم وہ بزرگ ہیں۔ آپ نے علی ابن ابی طالب کی اشارہ کیا۔

روایت حضرت عائشہ

حضرت عائشہ کے پاس حضرت علی کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اکرم کی میں اس سے زیادہ کسی کو محبوب نہیں دیکھا۔

ذخائر العقبیٰ ص ۶۲، مناقب عینی ص ۷۴، مناقب خوارزمی ص ۷۳ سطر آخر

اَحَبُّهُمْ اِلَى اللّٰهِ

علی بن ہلالی نے روایت کی کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کے متعلق فرمایا کہ علی خدا کی ساری مخلوق میں سب سے زیادہ محبوب خدا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۴۷۸، ینابیع المودت ص ۱۵۸ سطر ۱۰، مجمع الزوائد ص ۱۶۵ جلد ۹ سطر ۵

اَحَبُّ النَّاسِ اِلَیہِ

دمیری حیات الحیوان جلد ۱ ص ۵۴ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام سب سے زیادہ محبوب رسول خدا تھے۔

روایت دوئم

ریاض النضرہ ص ۱۸۲ جلد ۲، منتخب کنز العمال ص ۳۱ جلد ۵، مجمع الزوائد ص ۲۱۰ جلد ۹، ینابیع المودت ص ۱۶۲ سطر آخر، الفائق ص ۲۹۸ جلد ۱، الفتح المبین ص ۱۵۶ جلد ۱، تاریخ دمشق جلد ۱ ص ۲۴۵، کنز العمال ص ۲۰۴ جلد ۱۲

روایت حضرت عکرمہ

ارجح المطالب ص ۴۲۸ سطر ۸ پر تحریر ہے۔

عن عکرمة لما زوج رسول الله صلی الله علیه وسلم علیا فاطمة قال لها امرت ان لا انکحک بما حب اهلی الی (اخرجه عبدالرزاق فی جامعه) عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب علی علیہ السلام سے حضرت فاطمہ علیہا السلام کا نکاح کیا تو ان سے فرمایا کہ مجھے حکم ہوا تھا تیرا نکاح اس سے کروں جو سب میرے اہل سے مجھے محبوب ہے۔

اَحَبُّ اَھلِی

حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے فرمایا کہ میں نے تمہاری شادی اس شخص سے کی ہے جو میری اہل میں مجھے سب سے زیادہ محبوب ہے۔

تاریخ دمشق جلد ۱ ص ۲۵۰، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۸۲

یہی روایت حضرت اسماء بنت عمیس سے بھی مروی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت اسامہ بن زید

عمر بن ابی سلمہ سے روایت ہے کہ مجھے اسامہ بن زید نے خبر دی کہ ایک دن حضرت عباس و حضرت علی حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پاس آئے' اذن دخول مانگا' اجازت ملی اور پوچھا یا رسول خدا آپ کو اپنے اہل میں سب سے زیادہ محبوب کون ہے۔ تو آپ نے فرمایا فاطمہ' انہوں نے کہا مردوں میں سے فرمایا علیؑ۔

ترمذی ص۵۴۵ جلد۷' مشکوٰۃ ص۵۷۲ جلد۲' مقتل خوارزمی ص۵۶' ذخائر العقبیٰ ص۳۵' کنز العمال ص۹۳ جلد۱۳' الفتح الکبیر ص۲۴۹ جلد۱' علم الکتاب ص۲۵۴' منتخب کنز العمال ص۹۷ جلد۵' اشرف المئوبد ص۵۳' جالیۃ الکدر ص۱۹۵' شواہد التنزیل ص۵۶ جلد۱' تنبیہہ الغافلین ص۲۲

مناقب ابن مغازلی میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اپنے بھائیوں میں سب سے محبوب ترین شخص علی ہے۔

اَحَبُّ اِلَیہِ مِن ذُرِّیَّتِہِ

رشفۃ الصادی ص۵۰ پر ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اپنی ذریت میں محبوب ترین حضرت علی تھے۔

اَحَبُّ اِلَیَّ مِن اَن اَقدمَھَا

قال ابوبکر بن عیاش لو اتانی ابوبکر و عمر و علی لبدات بحاجتہ علی قبلھما لقرابتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و لان اخر من السماء احب الی من ان اقدمھما علیہ (صواعق محرقہ) ابوبکر عیاش کہتے ہیں کہ اگر میرے پاس ابوبکر اور عمر اور علی تشریف لائیں تو میں حضرت علی کی ضرورت کو پہلے پورا کروں گا ان دونوں صاحبوں کی ضرورت پر بوجہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت کے آسمان سے زمین پر گرنا میرے نزدیک بہتر ہے اس سے کہ میں ان دونوں صاحبوں کی ضرورت کو جناب امیر کی ضرورت پر مقدم سمجھوں۔

ارجح المطالب ص۳۰۴ سطر۴

...اِنِّی اَعَزُّ مِنھَا

Presented by www.ziaraat.com

عن ابی ہریرہ قال قال علی یا رسول اللہ ایما احب الیک انا ام فاطمۃ قال فاطمۃ احب الی منک و انت اعز علی منہا و کانی بک و انت علی حوض تذود عنہ الناس و ان علیہ لا باریق بمثل عدد نجوم السماء و انت و الحسن و الحسین و فاطمۃ و عقیل و جعفرا اخوانا علی سرر متقابلین (اخرجہ ابن مردویہ) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب امیر نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم دونوں میں سے کون حضورؐ کو زیادہ پیارا ہے۔ میں یا فاطمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا فاطمہ تم سے زیادہ پیاری ہیں اور تم ان سے زیادہ عزیز ہو میں اور تم حوض پر اکٹھے ہوں گے تم لوگوں کو اس سے ہٹاؤ گے اور اس پر آسمان کے ستارے کی تعداد کے موافق پیالے ہوں گے اور تو اور حسن اور حسین اور فاطمہ اور عقیل اور جعفر بھائی برابر کے تختوں پر آمنے سامنے ہوں گے۔

ارجح المطالب ص۸۸ سطر۶' مجمع الزوائد ص۲۰۲ جلد۹ سطر۹' نزھتہ المجالس ص۲۲۶ جلد۲' الصواعق المحرقہ ص۱۹۱ جلد۴' منتخب کنز العمال ص۹۷ جلد۵' کنوز الحقائق ص۱۰۳' مشارق الانوار ص۱۰۹' اسعاف الراغبین' اشرف المؤید ص۵۳' کنز العمال ص۲۱۹ جلد۶' ذخائر العقبیٰ ص۲۹' جامع الصغیر ص۱۱۹' نظم درر السمطین ص۱۳۹' البدایہ ص۳۴۱ جلد۷

روایت دوئم علیؑ

قال علی فی حدیث: قلت: یا رسول اللہ ھی احب الیک

قال: ھی احب منک و انت اعز علیّ

آپ نے فرمایا وہ آپ سے پیاری ہیں اور آپ ان سے پیارے ہیں۔

خصائص نسائی ص۳۷' الفائق ص۳۶۹ جلد۱' اسد الغابہ ص۵۲۲' التذکرہ ص۳۲۶' کفایتہ الطالب ص۱۷۳' ذخائر العقبیٰ ص۲۹' نظم درر السمطین ص۱۸۳' البدایہ ص۳۴۱ جلد۷' کشف الغمہ ص۷۵ جلد۲' منتخب کنز العمال ص۹۷ جلد۵' المحاسن المجتمعہ ص۱۸۹' کنز العمال ص۲۱۹ جلد۶

حضرت ابو ہریرہ سے بھی اسی مضمون کی روایت ہے۔ (مجمع الزوائد ص۱۷۳ جلد۹ سطر۷' ص۲۰۲ سطر۱۰' مقتل الحسین ص۶۸

حضرت ابن عباس سے بھی اسی مضمون کی روایت ہے۔

منتخب کنز العمال ص۳۵ جلد۵' کنز العمال ص۱۵۹ جلد۶' مجمع الزوائد ص۲۰۲ جلد۹' کنوز الحقائق ص۲۰۱

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری

Presented by www.ziaraat.com

اور فاطمہ کی شادی کے موقع پر یہ حدیث فرمائی۔

منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۹' ذخائر العقبیٰ ص ۴۹' نظم درر السمطین ص ۱۸۳' البدایہ جلد ۷ ص ۳۴۲' التذکرہ ص ۳۲۱' الفائق جلد ۱ ص ۲۶۹' ینابیع المودت ص ۱۶۲ سطر آخر' کنز العمال جلد ۶ ص ۲۹۳ حدیث ۲۰۲۶

اَکرَمُ النَّاسِ

ارجح المطالب ص ۲۱۷ سطر ۱۸ پر تحریر ہے۔

عن ابی اسحاق السبیعی قال سالت اکثر من اربعین رجلا من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم من کان اکرم الناس علی عهد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالو اعلی بن ابی طالب (اخرجه الفضائل) ابو اسحاق السبیعی سے روایت ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چالیس صحابیوں سے زیادہ کو پوچھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں کون بزرگ زیادہ تر صاحب کرم تھا سب نے یہی کہا کہ جناب علی بن ابی طالب سب سے زیادہ صاحب کرم تھے۔

اَکرَمُ الخَلقِ

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری کی ایک طویل روایت میں اس بات کا ذکر ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا **یا علی انت اکرم الخلق** اے علیؑ تم تمام مخلوق میں سب سے زیادہ صاحب کرم ہو۔ (مناقب خوارزمی ص ۶۷' انتھاء الافہام ص ۲۰۸' مناقب ابن مغازلی ص ۲۳۷)

اَکرَمُهُم

حضرت معاذہ غفاریہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ سے فرمایا کہ علیؑ تمام صحابہ میں قابل عزت ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

اسد الغابہ جلد ۵ ص ۴۵۷، الریاض النضرہ ص ۱۶۱ جلد ۲، ذخائر العقبیٰ ص ۶۴، اصابہ جلد ۴ ص ۳۸۹، ینابیع المودت ص ۶۸ سطر ۱۱

اَکرَمُھُم مَنصَباً

علی بن ہلالی سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کے بارے میں فرمایا کہ علیؑ منصب کے لحاظ سے سب صحابہ میں مکرم ہیں۔

ارجح المطالب ص ۴۷۸، ینابیع المودت ص ۱۵۸ سطر ۱۰، مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۶۵ سطر ۵

اَکرَمُ اَھلِ السَّمٰوٰاتِ وَ الاَرضِ

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری کی طویل روایت میں یہ بھی جملہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا **یا علی ان اکرم اھل السماوات و الارض** کہ تمام زمین و آسمان والوں میں سے زیادہ صاحب کرم تم ہو۔

مناقب خوارزمی ص ۷۶، ینابیع المودت ص ۵۲ سطر ۱۲، مناقب ابن مغازلی ص ۲۳۷، انتھاء الالھام ص ۲۰۸

اَکرَمُ رِجَالِنَا

کوکب دری ص ۲۵۸ سطر ۷

مودات میں جمیع ابن عمیر سے روایت ہے کہ میں نے ام المومنین سے پوچھا کہ امیر المومنین علیؑ کی منزلت سید المرسلین کے نزدیک کس درجے پر تھی۔ فرمایا **اکرم رجالنا علی رسول اللہ** یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک تمام مردوں سے زیادہ اکرم و عظیم تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

اَنزَعُ البَطِین

عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا علی ان اللہ قد غفر لک و لذریتک و لو لدک و لا ھلک و لشیعتک و لمحبی شیعتک فابشر و انک الا نزع البطین (اخرجہ الدیلمی فی فردوس الاخبار) جناب امیر علیہ السلام سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد کیا کہ یا علی بہ تحقیق خدا تعالیٰ نے تجھے اور تیری ذریت اور تیرے اہل اور تیرے شیعوں کو اور تیرے شیعوں کے دوستوں کو بخش دیا ہے پس تو خوش ہو کہ تو انزع اور بطین ہے۔

ارجح المطالب ص ۶۵۸ سطر ۱۶' کنوز الحقائق ص ۲۰۲' رشفتہ الصادی ص ۸۱' ینابیع المودت ص ۲۲۴ سطر ۱۸' کوکب دری ص ۱۷۳' مناقب خوارزمی ص ۲۳۴' ینابیع المودت ص ۷ ۳ سطر ۷

اَولَی النَّاس

عن وھب بن حمزۃ قال قدم بریدۃ من الیمن و کان خرج مع ابن ابی طالب فرای منہ جفوۃ فاخذ یذکر علیا و ینقص من حقہ فبلغ ذلک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ لا تقل ھذا فھو اولی الناس بکم بعدی (اخرجہ الطبرانی فی الکبیر و ابن مندہ و ابو نعیم و ابن مردویہ و ابن الاثیر فی اسد الغابہ فی معرفتہ الصحابتہ و السیوطی فی جمع الجوامع و المتقی فی کنز العمال) وہب بن حمزہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بریدہ رضی اللہ عنہ جناب امیر علیہ السلام کی معیت میں یمن کو گئے ہوئے تھے۔ وہاں جناب امیر سے ان کی شکر رنجی ہو گئی۔ جب وہ واپس آئے تو جناب امیر کی شکایت کرنے لگے۔ یہ بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہو گئی حضرتؐ نے ان سے ارشاد کیا یہ بات مت کہو میرے بعد تم سب سے اولیٰ ہے۔

ارجح المطالب ص ۶۸۱ سطر آخر' کنز العمال جلد ۱۲' ص ۲۰۱' اسد الغابہ جلد ۵ ص ۹۴' ینابیع المودت ص ۵۴' مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۰۹ سطر ۴

حضرت علی نے معاویہ کو ایک خط میں تحریر فرمایا کہ میں امت کے معاملے کا سب سے پرانا حق دار ہوں۔ (کتاب الصفین ص ۱۶۸)

روایت حضرت انس بن مالک

عن انس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی بیت ام حبیبتہ بنت ابی سفیان یا ام حبیبتہ اعتزلینی فانا علی حاجتہ ثمد دعا بوضوء فاحسن الوضوء ثم قال ان اول من یدخل ھذا الباب امیر المومنین و سید العرب خیر الوصیین و اولی الناس بالناس قال انس فجعلت اقول اللھم اجعلہ رجلا من الانصار فاذا ھو علی ابن ابی طالب (اخرجہ ابو بکر بن مردویہ) انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک روز جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ام حبیبہ بنت ابی سفیان کے گھر میں

Presented by www.ziaraat.com

رونق افروز تھے۔ ام حبیبہ سے ارشاد کیا اے ام حبیبہ تم ہم سے تھوڑی دیر کے لیے علیحدہ ہو جاؤ۔ کیونکہ ہمیں ایک ضروری امر در پیش ہے۔ پھر آپ نے خوب طرح سے وضو کیا اور فرمایا جو شخص کہ سب سے اول اس دروازہ سے گھسے گا مومنوں کا امیر اور عرب کا سردار اور تمام اوصیاء سے بہتر اور سب لوگوں سے برتر ہو گا۔ انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں اپنے دل میں فرمانے لگا الٰہی وہ شخص جس کے لیے حضرت نے یہ کچھ فرمایا ہے وہ انصار میں سے ہو۔ ناگہاں جناب امیر علیہ السلام دروازے سے گھس آئے۔

ارجح المطالب ص۱۸ سطر۱

اَفرَسُ النَّاس

ارجح المطالب ص۲۲۶ سطر۱

لما قدم عدی بن حاتم علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و حادثہ فقال یا رسول اللہ ان فینا اشعر الناس و اسخی الناس و افرس الناس فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اشعر الناس فامرء القیس بن حجر و اما اسخی الناس فحاتم بن سعد یعنی اباہ و اما افرس الناس فعمرو بن معدی کرب فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ لیس کما قلت یا عدی اما اشعر الناس فالخنساء بنت عمرو و اما اسخی الناس فمحمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم یعنی بنفسہ و اما افرس الناس فعلی بن ابی طالب (خزانتہ الادب) یعنی جب عدی بن حاتم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حضور میں شرف یاب ہوا اور باتیں کرنے لگا یا رسول اللہ ہم لوگوں میں ایک بڑا شاعر اور ایک بڑا سخی اور ایک بڑا شاہسوار گذرا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کے نام بیان کرو وہ بولا کہ ہمارا اشعر الناس امرا لقیس بن حجر ہے اور بڑا سخی حاتم بن سعد یعنی اس کا باپ ہے اور بڑا شہسوار عمرو بن معدی کرب ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جیسے کہ تو کہتا ہے اس طرح سے نہیں اشعر الناس خنساء عرب عمرو کی بیٹی ہے اور اسخی الناس محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں اور بڑا شہسوار علیؑ بن ابی طالب ہیں۔

قتیبہ لکھتا ہے کہ جب صفین کا جھگڑا بہت بڑھ گیا تو حضرت علیؑ نے معاویہ کو اپنی مبارزت کے لیے طلب کیا تاکہ دونوں میں سے ایک کے قتل کی وجہ سے مسلمان آرام پا جائیں۔ عمرو بن عاص نے کہا فقد انصف علیؑ۔ علیؑ نے انصاف کیا معاویہ نے کہا انا مرتی بمبارزۃ ابی الحسن و انت تعلم انہ الشجاع المطرق اراک طمعت فی امارت الشام بعدی یعنی تو مجھے ابو حسنؑ کے ساتھ مبارزت کرنے کے لیے کہتا ہے حالانکہ تو جانتا ہے کہ وہ ڈھونکنے والا بہادر ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تو میرے بعد شام کا امیر ہونا چاہتا ہے۔

اَشرَفُ اَهلِ بَیتٍ حَسَباً

حضرت علی بن ہلالی سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حسب کے لحاظ سے اہل بیت میں سب سے مشرف علیؑ ہیں۔

ارجح المطالب ص۴۷۸، ینابیع المودت ص۱۵۸ سطر۱۰، مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۵۸ سطر۱۰

Presented by www.ziaraat.com

اَرحَمُهُم بِالرَّعِيَّتِه

مذکورہ روایت میں ہے کہ رعیت پر سب سے زیادہ رحم کرنے والے علیؑ ہیں۔

حوالہ جات مذکورہ روایت

اَرَافُهُم بِالرَّعِيَّتِ

حضرت عمر بن خطاب سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ تم سب سے زیادہ رعیت پر مہربان ہو۔

ارجح المطالب ص۴۸۹ سطر۴، کنز العمال جلد۶ ص۳۹۳، النقض علی العثمانیہ جلد۱ ص۲۹۲، تاریخ دمشق جلد۱ ص۱۷، شرح حدیدی جلد۳ ص۲۵۸

اٰخِرُ النَّاسِ عَهدا

ارجح المطالب ص۴۹۱ سطر۷، اصابہ جلد۱ ص۳۸۹، ذیل اللئالی ص۵۹، تاریخ دمشق جلد۱ ص۸۲، احسن الانتخاب ص۱۳۴ سطر۲ آخر، مناقب عینی ص۳۱، اعلام النساء جلد۳ ص۳۹۸، لسان المیزان جلد۶ ص۱۲۷ سطر۴

اَقرَبُ النَّاسِ عَهدا

عن ام المومنین ام سلمتہ رضی اللہ عنہا قالت و الذی یحلف بہ انہ کان علی اقرب الناس عهدا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت عدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غداۃ یقول جاء علی مرارا و اظنہ بعثہ لحاجتہ فجاء بعد فظننت ان لہ حاجتہ فخرجنا من البیت فقعد اعند الباب فکنت من ادناهم الی الباب فاکب علیہ علی فجعل یسارہ و یناجیہ ثم قبض من یوم ذلک صلی اللہ علیہ وسلم فکان من اقرب الناس بہ عهدا (اخرجہ احمد) ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ قسم ہے اس ذات کی جس کی قسم کھائی جاتی ہے کہ جناب علی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سب سے قریب العہد ہیں۔ جناب ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ ہم حضرت کی بیماری میں حضرت کی عیادت کے لیے

Presented by www.ziaraat.com

جایا کرتی تھیں حضرتؑ نے کئی بار فرمایا علی آئے ہیں حضرت کا خیال تھا کہ حضرتؑ ان کو کسی ضرورت کے لیے بھیجا ہوا تھا وہ اب آگئے ہیں ہم نے خیال کیا کہ حضرت کو ان سے کوئی ضروری بات فرمانا ہے۔ ہم حجرے سے نکل کر باہر بیٹھ گئیں میں ان سب میں سے دروازہ کے قریب تھی پس علی حضرت پر جھک گئے اور سرگوشی کرنے لگے پھر حضرت اسی روز رحلت فرما گئے۔ پس وہ سب لوگوں سے حضرتؑ کے ساتھ قریب العہد تھے۔

ارجح المطالب ص۴۳۸ سطر آخر' تذکرۃ الخواص ص۴۷' مسند احمد بن حنبل جلد۶ ص۳۰۰' المستدرک جلد۳ ص۱۳۸ سطر۱۵' تلخیص المستدرک صفحہ مذکورہ سطر آخر' ذخائر العقبٰی ص۷۲' کنز العمال جلد۶ ص۴۰۰' حدیث ۶۰۹۶' مجمع الزوائد جلد۹ ص۱۱۲ سطر۱۷' الریاض النضرہ جلد۲ ص۱۸۰' خصائص نسائی ص۴۰' وسیلۃ النجات ص۱۱۰

اَقْرَبُ النَّاسِ رِحمًا

ہاشم بن عتبہ نے کہا اے امیر المومنین آپ رحم کے لحاظ سے تمام لوگوں میں سب سے زیادہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیادہ قریبی ہو۔
کتاب الصفین ص۴۲۵' جمہرت الخطب جلد۱ ص۱۵۱

اَقْرَبُ النَّاسِ اِلَی الجَنَّتِ

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے زیادہ جنت کے قریب ہونے والے علیؑ ہیں۔ (مودت القربیٰ ص۳۸)

اَقْرَبُ الخَلقِ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ اے علیؑ تم تمام مخلوق میں مجھ سے سب سے زیادہ قریبی ہو۔ (مناقب عینی ص۴۹' ارجح المطالب ص۵۳۰)

اقرب الناس قرابۃ

Presented by www.ziaraat.com

روایت شعبی

ارجح المطالب ص ۳۰۳ سطر ۲۲، مناقب خوارزمی ص ۹۸ سطر آخر، نظم درر السمطین ص ۱۲۹، کنز العمال جلد ۶ ص ۳۹۳، حدیث ۶۰۱۲

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی روایت پہلے گذر چکی ہے جس میں یہ الفاظ موجود ہیں۔

اقربها من الجنت، اقربها منی، اقرب الی من علی بن ابی طالب (مودت القربیٰ ص ۳۸)

اَتقَی النَّاس

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں میں سب سے زیادہ متقی علی ہیں۔ (مودت القربیٰ ص ۳۸)

اَسخَاھُم کَفاً

ینابیع المودت ص ۱۳۸ سطر ۱۱، مناقب خوارزمی ص ۲۳۹ سطر ۱۰

حضرت علی علیہ السلام کو مخاطب کرتے ہوئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی تم کو مجھ سے وہی مرتبہ ہے جو حضرت شیثؑ کو حضرت آدمؑ سے حاصل تھا اور سامؑ کو حضرت نوحؑ سے، اور اسحاقؑ کو حضرت ابراہیمؑ سے اور ہارونؑ کو حضرت موسیٰؑ سے اور شمعون کو حضرت عیسیٰؑ سے حاصل تھا۔ اے علی تم میرے وصی ہو۔ تم میرے وارث ہو۔ تم سب لوگوں میں صلح میں زیادہ بڑھے ہوئے ہو۔ علم کے لحاظ سے زیادہ ہو۔ صبر کے لحاظ سے سب سے زیادہ صبر والے ہو، دل کے زیادہ بہادر ہو، ہاتھ کے لحاظ سے زیادہ سخی ہو، تم میری امت کے امام ہو، تم جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہو، تیری محبت کی وجہ سے نیک لوگ بدکار لوگوں سے جدا ہوتے ہیں اور تمہاری محبت مومنین، منافقین اور کفار کے درمیان تمیز کا باعث ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اَشجَعَھُم قَلباً

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی تم دل کے لحاظ سے سب سے زیادہ بہادر ہو۔ (مناقب خوارزمی ص۲۳۹ سطر۱۰، ینابیع المودت ص۱۷ سطر۱۱)

اَجوَدُھُم بِنہٖ مَنزِلَتہٗ

عن الشعبی قال بینما ابوبکر جالس اذ طلع علی فلما راہ قال من سرہ ان ینظر الی اقرب الناس قرابۃ و اعظمھم منزلۃ و افضلھم حالۃ و اعظمھم عنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلینظر الی ھذا الطالع و اشار الی علی بن ابی طالب (اخرجہ ابن السمان و الدار قطنی) شعبی کہتے ہیں کہ ایک دفعہ جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے کہ جناب علی علیہ السلام تشریف لائے۔ جب انہوں نے جناب علی کو دیکھا تو کہنے لگے جو شخص کہ خوش ہوتا ہو کہ ایسے آدمی کو کہ جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک سب لوگوں سے زیادہ قرابت والے اور سب سے بڑے منزلت والے اور سب افضل حالت والے اور سب لوگوں سے بڑے رتبہ والے کو دیکھنا چاہتا ہو تو اس آنے والے کو دیکھے اور جناب علی بن ابی طالب کی طرف اشارہ کیا۔

ارجح المطالب ص۳۰۳ سطر۲۲، مناقب خوارزمی ص۹۷، نظم درر السمطین ص۱۲۹، کنز العمال ص۳۹۳

اَزھَدُ النَّاس

عن قبیصۃ قال ما رایت ازھد الناس من علی بن ابی طالب (مجمع الاحباب لمناقب الاصحاب) قبیصہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے جناب امیر علیہ السلام سے زیادہ کوئی شخص لوگوں میں زاہد نہیں دیکھا۔

ارجح المطالب ص۵۲ سطر۱، مناقب خوارزمی ص۱۷ سطر۵

قول عمر بن عبد العزیز

عن حسن بن صالح قال تذاکر و الزھاد عند عمرو بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ فقال عمرو ازھد الناس فی الدنیا علی بن ابی طالب (اخرجہ ابن عساکر و ابن اثیر فی تاریخھما) حسن بن صالح کہتے ہیں کہ لوگ عمرو بن عبد العزیز کے پاس زاہدوں کا تذکرہ کر رہے تھے وہ کہنے لگے دنیا کے لوگوں میں علی بن ابی طالبؑ سب سے زیادہ زاہد تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۱۷۸ سطر ۱۹

روایت ابن شہاب

عن ابن شہاب قال کان عمرو بن عبدالعزیز یقول ما علمنا احدا من ھذہ الامۃ بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ھذا من علی بن ابی طالب ما وضع لبنۃ علی لبنۃ و لا قصبۃ علی قصبۃ (اخرجہ احمد) ابن شہاب زہری نقل کرتے ہیں کہ عمرو بن عبدالعزیز کہا کرتے تھے ہم اس امت میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد علی بن ابی طالب سے زائد کسی شخص کو زاہد نہیں پاتے کہ انہوں نے نہ کبھی اینٹ پر اینٹ رکھی اور نہ بانس پر بانس دھرا۔

ارجح المطالب ص ۱۸۰ سطر ۱۶

اَسخَی النَّاس

قال الشعبی و قد ذکر علیہ السلام کان اسخی الناس علی الخلق الذی یحبہ اللہ السخا و الجود ما قال لا لسائل قط و انہ کان یسقی بیدہ لنخل قوم من یھود المدینۃ حتی مجلت یداہ و یتصدق بالاجرۃ و لیشد علی بطنہ حجرا (مطالب السئول) شعبی رحمۃ اللہ علیہ جناب امیر علیہ السلام کی سخاوت کا ذکر کرتے ہیں اور سخاوت اور جود کو محبوب رکھتے تھے کہ آپ نے کبھی کسی سائل کے لیے اپنی زبان مبارک سے لا یعنی نہیں' نہیں کہا تھا اور اپنے ہاتھ سے مدینہ کے یہودیوں کے نخلستان کو سیراب کرتے تھے یہاں تک کہ ان کے ہاتھوں میں آبلے پڑ جاتے تھے اور اجرت کے پیسے خیرات کرتے اور اپنی پیٹ پر بھوک کی وجہ سے پتھر باندھ لیتے تھے۔

ارجح المطالب ص ۲۱۵ سطر آخر

اَحسَنُھُم خُلقاً

ارجح المطالب ص ۳۲۲ سطر ۵

عن انس قال لمازوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم لفاطمۃ امرھم ان یجھز و ھا لیجعل لھا سریر اوو سادۃ من ادم حشوھا لیف و قال زفنی ابنتی الی علی و امرہ ان لا یعجل علیھا حتی اتیھا فجاءت مع ام ایمن حتی قعدت فی جانب البیت فلما صلی العشاء اقبل برکوۃ فیھا ماء فتفل فیھما فقال لفاطمۃ تقدمی فتقدمت و نضح بین ثدیھا و علی راسھا و قال اللھم انی اعیذبک و ذریتھا من الشیطان الرجیم ثم قال ھا ادبری فادبرت فصب بین کتفیھا و قال اللھم انی اعیذ بک و ذریتھا من الشیطان الرجیم ثم قال تقدم یا علی و صب علی راسہ و بین جانبیہ ثم قال اللھم انی اعیذ بک و ذریتہ من الشیطان الرجیم ثم قال ادبر فادبر فصبہ بین کتفیہ و قال اللھم انی اعیذبک و ذریتہ من الشیطن الرجیم فقال لعلی اد خل باھلک بسم اللہ الرحمن الرحیم فبکت فاطمۃ فقال ما یبکیک و قد زوجتک اقدمھم سلما و احسنھم

Presented by www.ziaraat.com

خلقا فخرج و غلق علیهما الباب بیده (اخرجه احمد و ابو حاتم و النسائی و ابو الخیر الحاکمی) انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب فاطمہ کا عقد کر دیا لوگوں کو ان کے جہیز کی تیاری کا حکم دیا ان کے لیے ایک تخت اور ایک بچھونا چمڑے کا لیف خرما سے بھرا ہوا بنایا گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ میری بیٹی کو علی کے لیے زینت دو اور جناب علی کو کہلا بھیجا کہ جب جناب فاطمہ پہنچیں تو تعجیل نہ کرے۔ پس جناب سیدہ ام ایمن کے ساتھ جناب علی کے گھر میں تشریف لے گئیں اور گھر میں ایک طرف بیٹھ گئیں۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز عشاء سے فارغ ہوئے تو پانی کا ایک لوٹا لے کر تشریف لائے اور اس میں اپنا لعاب دہن مبارک سے ڈالا اور جناب فاطمہ سے کہا آگے آؤ وہ آگے گئیں حضرت نے ان کی چھاتی پر سر مبارک پر اس پانی کی چھینٹے دیے اور دعا کی کہ اے پروردگار میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے لیے اور اس کی ذریت کے لیے شیطان رجیم سے پھر ان سے کہا لوٹو وہ لوٹیں اور ان کے دونوں کندھوں کے درمیان پانی کے چھینٹے دے کر دعا کی اے پروردگار میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے لیے اور اس کی ذریت کے لیے شیطان رجیم سے پھر جناب علی سے کہا یا علی آگے آؤ وہ آگے گئے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی چھاتی اور سر اقدس پر اس پانی کے چھینٹے دیے اور دعا کی اے پروردگار میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے لیے اور اس کی ذریت کے لیے شیطان رجیم سے پھر ان سے کہا لوٹو وہ لوٹے اور ان کے دونوں کندھوں کے درمیان میں پانی کے چھینٹے دے کر فرمایا اے پروردگار میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے لیے اور اس کی ذریت کے لیے شیطان رجیم سے پھر جناب علی سے کہا اب آپ اپنے اہل کے پاس تشریف لے جائیں ساتھ نام اللہ مہربان اور رحم کرنے والے کے پس جناب فاطمہ رونے لگیں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یا فاطمہ تم کیوں روتی ہو میں نے تمہارا نکاح ایسے شخص سے کیا ہے جو سب سے پہلے اسلام لانے والا ہے اور سب سے اچھے خلق والا ہے۔ یہ فرما کر آنحضرتؐ باہر تشریف لے آئے اور اپنے ہاتھ سے ان کا دروازہ بند کر دیا۔

اَرجَحُکُم حِلماً

حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم سب میں سب سے زیادہ حلم والے علیؑ ہیں۔ (شواہد التنزیل جلد ۲ ص ۲۶۷)

اِنَّ عَلِیاً اَحَقُّ بِالنَّبِیِّ مِن جِبرَائِیلَ

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جبرئیلؑ کے مقابلے میں علیؑ کا مجھ پر زیادہ حق ہے۔

مناقب خوارزمی ص ۸۳ سطر ۱۶، الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۲۱۹، ذخائر العقبیٰ ص ۹۴

بشیر بن منحصن کی روایت کتاب الصفین کے ص ۲۱۰ پر ہے۔

ابو اسحاق ثعلبی کی روایت شرح حدیدی کی جلد ۲ کے صفحہ ۴۵۱ پر ہے۔

حضرت سلمان فارسی کی روایت شرح حدیدی کے ص ۵۹۱ پر ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

حضرت حذیفہ کی روایت ذخائر العقبیٰ کے ص ۹۵ پر ہے۔

اَشَدُّنَا بِہٖ لُزُوقًا

عن ابی اسحاق قال سالت قثم ابن عباس کیف ورث علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو نکم قال لانہ کان اولنا بہ لحوقا و اشدنا بہ لزوقا (اخرجہ الحاکم) ابن اسحاق سے روایت ہے کہ میں نے قثم عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ تم لوگوں کے سوا علی کیونکر جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث قرار دیئے گئے ہیں قثم نے جواب دیا اس لیے کہ وہ ہم سے پہلے جناب رسول خدا سے ملے اور ہم سے زیادہ حضرت کی ملاقات میں رہے۔

ارجح المطالب ص ۳۶ سطر ۱۳' خصائص نسائی ص ۲۸' الریاض النضرہ جلد ۲ ص ۱۶۸' منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۴۲' کنز العمال جلد ۶ ص ۴۰۰' حدیث ۶۰۸۶' المستدرک جلد ۳ ص ۱۲۵ سطر ۱۷' تلخیصہ صفحہ مذکورہ سطر آخر

اَشَدُّکُم فِی اللہِ غَضَبًا

حضرت عبداللہ بن مسعود کی روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے بارے میں تم تمام لوگوں سے زیادہ سخت علیؑ ہیں۔ (شواہد التنزیل جلد ۲ ص ۲۱۷)

صدیق اکبر روایت حضرت علیؑ

۔۔۔ری قال قال لی رسول اللہ صلی علیہ وسلم لیس فی القیمۃ غیر نا اربعۃ فقام رجل من الانصار فقال فداک ابی و ۔۔ی من ھم یا رسول اللہ انا علی البراق و اخی صالح علی ناقۃ اللہ التی عقرت و عمی حمزۃ علی ناقتہ تعضباء و اخی علی علی ناقۃ من نوق الجنۃ بیدہ لواء الحمد ینادی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فیقول الادمیون ما ھذا الا ملکا مقربا او نبیاء مرسلا ان حامل العرش فیجیبھم ملک من بطنان العرش یا معشر الادمیین لیس ھذا ملکا مقربا و لا نبیا مرسلا و لا حامل عرش ھذا الصدیق الاکبر علی ابن ابی طالب (اخرجہ ابو جعفر العقیلی) جناب امیر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد کیا کہ قیامت میں ہم چار شخصوں کے سوا پانچواں شخص سوار نہ ہو گا۔ انصار میں سے ایک شخص نے اٹھ کر عرض کیا یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں وہ چار شخص کون ہیں حضرت نے فرمایا ایک تو میں ہوں کہ براق پر سوار ہوں گا اور میرا بھائی صالحؑ بھی اس ناقہ اللہ پر سوار ہو گا جس کے پاؤں کاٹے گئے تھے۔ اور میرا چچا حمزہؑ ناقہ عضبا پر سوار ہو گا اور بھائی علیؑ جنت کی اونٹنیوں میں سے ایک اونٹنی پر سوار ہو گا اور ان کے ہاتھ میں لواءِ الحمد ہو گا اور لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پکارتا ہو تمام آدمی کہیں گے یہ کوئی مقرب فرشتہ یا نبی مرسل یا حامل عرش ہے عرش کے اندر سے ایک فرشتہ جواب دے گا اے لوگو نہ یہ مقرب فرشتہ ہے اور نہ نبی مرسل اور نہ حامل عرش یہ صدیق اکبر علی ابن ابی طالبؑ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص۲۵ سطر۴، مودت القربیٰ ص۳۲، مناقب عینی ص۵۶، شمس التواریخ جلد۴ ص۶۹ سطر آخر

روایت انس بن مالک

عن انس بن مالک قال قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم و قد رایته فی النوم یا انس ما حملک علی ان لا تودی ما سمعت منی فی علی حتی ادرکتک العقوبته و لو لا استغفار علی لک ما شممت رائحته الجنته ابدا و لکن ابشر فی بقیته عمرک ان اولیاء علی و محبیهم السابقون الاولون الی الجنته و هم جیران الله و اولیاء الله حمزة و جعفر و الحسن و الحسین و اما علی فهو الصدیق الاکبر لا یخشی یوم القیامته من احد (اخرجه الخوارزمی) انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا آپ نے مجھے ارشاد کیا اے انس تجھے کس بات نے برا کیختہ کیا ہے کہ تو نے جو مجھ سے علی کی نسبت سنا لوگوں کو نہیں سناتا تاوقتیکہ تجھے عذاب الٰہی پہنچے اگر علی تیرے لیے مغفرت نہ کرتے تو کبھی جنت کی بو نہ سونگھتا۔ لیکن اب اپنی باقی عمر میں لوگوں کو بشارت بیان کرتا رہ۔ کہ علی کے محب سب سے پہلے جنت میں جانے والے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کی ہمسا ئی میں رہیں گے۔ اور خدا کے ولی حمزہ اور جعفر اور حسن اور حسین ہیں علی تو صدیق اکبر ہیں جو شخص کہ ان سے محبت رکھے گا وہ قیامت کے روز نہیں خائف ہوگا۔

ارجح المطالب ص۶۵۳ سطر۱۹، کوکب دری ص۷۷، ۲، منقبت ص۱۶۴، مناقب خوارزمی ص۷۲

روایت متعدد صحابہ

صحابہ کرام نے روایت کیا ہے کہ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ شب معراج مجھ سے خدائے ذوالجلال نے پوچھا اے محمد تم اپنی امت کے لئے کسے خلیفہ بنا کر آئے ہو۔ میں نے کہا میرا اللہ خود بہتر جانتا ہے۔ اللہ نے مجھے فرمایا اے محمدؐ میں نے تجھے اپنی رسالت کے لئے منتخب کیا اور تمہیں اپنے نفس کے لئے مختار کیا۔ تم میرے نبی ہو اور میری تمام مخلوق میں سب سے افضل ہو۔

تمہارے بعد صدیق اکبرؑ طاہر اور مطہر وہ ہے جسے میں نے تمہاری طینت سے خلق کیا ہے اور اسے میں نے تمہارا وزیر بنایا ہے۔ اور تمہارے ان نواسوں کا باپ بنایا ہے جو کہ دونوں سردار، شہید، طاہر اور مطہر اور جوانان جنت کے سردار ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

اس کی زوجہ تمام عالمین کی عورتوں سے افضل ہے۔ اے محمد تم ایک درخت ہو، علی اس کی ٹہنیاں ہیں اور فاطمہ اس کے ورق اور حسنین اس کے پتے ہیں۔ میں نے حسنین کو اعلیٰ ترین طینت سے خلق کیا ہے۔ میں نے تمہارے شیعوں کو تم سے خلق کیا۔

میں نے پوچھا اے اللہ صدیق اکبر کون ہے۔ اللہ نے کہا تیرا بھائی۔ (شمس الاخبار ص ۲۳)

روایت زید بن حارثہ

مودت القربیٰ ص ۹۲ سطر ۲، ینابیع المودت ص ۲۵۸، کوکب دری ص ۱۹۴ سطر ۶

عن زيد بن حارثه مولى رسول الله قال لما كان الليلة التي اخذ فيها رسول الله على الانصار ~~بيعته~~ الاولى فقال اخذت عليكم بما اخذ الله النبيين من قبلى ان تحفظونى و تمنعونى عما تمنعوا انفسكم و تمنعوا على ابن ابى طالب عما تمنعون انفسكم عنه و تحفظونه فانه الصديق الاكبر يزيد الله دينكم به و ان الله اعطى موسٰى العصاؑ و ابراهيم برد النار و عيسٰى الكمات التى كان يحيى بها الموتٰى و اعطانى هذا و اشار الى على و لكل نبى اٰيته و هذا اٰيته ربى و الائمته الطاهرين من ولده اٰيات ربى لن تخلو الارض من اهل الايمان ما ابقى الله احدا" من ذريته و عليهم تقوم القيامته اور زید بن حارث غلام رسول خدا سے روایت ہے کہ جس رات آنحضرتؐ نے انصار سے پہلی بیعت لی تو فرمایا کہ میں نے تم سے اس عہد پر بیعت لی ہے جس عہد پر کہ پہلے پیغمبروں سے اللہ تعالیٰ نے بیعت لی تھی۔ کہ جن چیزوں سے تم اپنے نفسوں کی حفاظت اور نگہداشت کرو۔ ان سے میری بھی حفاظت اور نگہداشت کرنا۔ اور جن چیزوں سے تم اپنے نفسوں کی حفاظت اور نگہداشت کرو ان سے علی ابن ابی طالبؑ کی حفاظت اور پاسداری کرنا۔ کیونکہ وہ صدیق اکبر ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے سبب تمہارے دین کو زیادہ کرے گا۔ اور اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو معجزہ عصا عطا فرمایا۔ اور ابراہیم علیہ السلام پر آگ کو ٹھنڈا کیا۔ اور عیسیٰؑ کو وہ کلمات عطا فرمائے جن کے ذریعہ سے وہ مردوں کو زندہ کرتے تھے۔ اور مجھ کو یہ یعنی علیؑ عطا فرمایا۔ اور علی علیہ السلام کی طرف اشارہ فرمایا۔ اور ہر پیغمبر کے واسطے ایک نشانی (خدا کی طرف سے) ہوتی ہے۔ اور یہ (یعنی علیؑ) میرے پروردگار کی نشانی ہے۔ اور آئمہ طاہرین علیہم السلام جو اس کی اولاد سے ہوں گے۔ میرے پروردگار کی نشانیاں ہیں۔

Presented by www.zlaraat.com

روایت یاسر غلام امام رضاؑ

ینابیع المودت ص ۷۶۲ سطر ۹

یاسر نوکر امام رضا علیہ السلام سے آپ اپنے باپ سے وہ اپنے آباء سے وہ حضرات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اے علی۔ تم اللہ کی حجت ہو' تم اللہ کا دروازہ ہو' تم اللہ کی طرف راستہ ہو' تم نباء عظیم بڑی خبر ہو' تم سیدھا راستہ ہو' تم مثل اعلیٰ ہو' تم امام المسلمین ہو' امیر المومنین ہو' خیر الوصین ہو' اور سید الصدیقین ہو' اے علیؑ تم فاروق اعظم ہو۔ تم صدیق اکبر ہو' تیرا گروہ میرا گروہ ہے' میرا گروہ اللہ کا گروہ ہے' اور تیرے دشمنوں کا گروہ شیطان کا گروہ ہے۔

یحییٰ بن سعید امام علی رضاؑ سے آپ اپنے باپ سے وہ حضرات علی بن ابی طالبؑ سلام اللہ علیہم سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک راستے پر چل رہا تھا۔ اسی دوران میں ایک لمبا شیخ ملا' گھنی داڑھی والا تھا۔ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام اور آپ کو مرحبا کہا' پھر میری طرف متوجہ ہوا اور کہا اے چوتھے خلیفہ تم پر سلام ہو' اللہ کی رحمت اور برکتیں نازل ہوں' اس نے کہا یا رسول اللہ کیا ایسا ہونے والا نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں! پھر آپ چلنے لگے' میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ اس شیخ کی بات کا کیا مطلب ہے اور آپ نے بھی اس کی تصدیق کی ہے' فرمایا تم ان سے ہو اور اللہ تعالیٰ کا حمد ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کہا اِنِّی جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیفَۃً اور کہا یَا دَاوُدُ اِنَّا جَعَلْنَاکَ خَلِیفَۃً فِی الْاَرْضِ اور جب موسیٰؑ کی حکایت کرتے ہوئے کہا جب کہ ہارونؑ کے لئے کہا تھا اخلفنی فی قومی و اصلح یہ اس وقت کی بات ہے جب موسیٰؑ نے ہارونؑ کو اپنا خلیفہ بنایا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے کہا و اذان من اللہ و رسولہ الی الناس یوم الحج الاکبر (اے علیؑ) تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے مبلغ تھے' تم میرے وصی ہو اور تم کو مجھ سے وہ منزل حاصل ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے حاصل تھی۔ مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہو گا۔ تم سے شیخ نے اس طرح کہا جس طرح میں نے کہا' میں نے عرض کیا یہ کون صاحب تھے۔ فرمایا وہ ہمارے بھائی حضرت خضر علیہ السلام ہیں اور میں ان کو جانتا ہوں۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت جماعت صحابہ

حضرت ابوذر غفاری، حضرت سلمان فارسی اور حضرت مقداد سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ علی حق کے ساتھ ہے۔ اور حق علی کے ساتھ ہے۔ جدھر علی جائے گا ادھر ادھر حق جائے گا۔ وہ سب سے پہلے مجھ پر ایمان لایا، وہ قیامت کے دن سب سے پہلے مجھ سے مصافحہ کرے گا، اور علی صدیق اکبر ہے، یہ فاروق ہے یعنی حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والا ہے۔ یہ علی میرا وصی، میرا وزیر اور میری امت میں میرے بعد میرے خلیفہ ہوں گے اور یہ میری سنت پر قتال کرے گا۔

ان سے ایک شخص نے کہا کہ لوگ تو حضرت ابوبکر کو صدیق اکبر اور حضرت عمر کو فاروق کہتے ہیں۔ صحابہ کرام کی اس جماعت نے کہا کہ لوگ جاہل ہیں۔ نہ تو یہ خلافت رسول کو جانتے ہیں اور نہ حق علی کو۔ خدا کی قسم بے شک حضرت علی ہی صدیق اکبر اور فاروق اعظم ہیں۔ بے شک یہ خلیفہ رسول اور امیر المومنین ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا تھا کہ ہم حضرت علی علیہ السلام کو امیر المومنین کہہ کر سلام کریں۔ چنانچہ ہم اس حکم کی تعمیل کرتے ہوئے حضرت علی علیہ السلام کو امیر المومنین کہتے ہیں۔ (بحر المناقب ص۹۹)

روایت حضرت سلمان فارسی

عن سلمان الفارسی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی هذا اول من امن بی و هذا اول من یصافحنی یوم القیمة هذا صدیق الاکبر و هذا فاروق الاعظم یفرق بین الحق و الباطل و هذا یعسوب المومنین و المال یعسوب المنافقین (اخرجه الدیلمی) و الطبرانی سلمان فارسی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جناب سرورکائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جناب امیر کی نسبت فرماتے تھے یہ وہ شخص ہے جو مجھ پر سب سے پہلے ایمان لایا ہے۔ اور یہ وہ ہے کہ سب سے پہلے قیامت کے روز مجھ سے ملے گا اور یہ صدیق اکبر اور فاروق اعظم اور مومنوں کا یعسوب (یعنی امیر ہے) اور مال منافقوں کا امیر ہوتا ہے۔

ارجح المطالب ص۲۵ سطر آخر، مجمع الزوائد جلد ۹ ص۱۰۲ سطر۳، منتخب کنز العمال جلد ۵ ص۳۳، قرت العینین ص۲۳۴، تعلیقات سیوطی ص۲۰۱، کفایتہ الطالب ص۷۹، حضرت علیؑ ص۳۸ سطر۵، احسن الانتخاب ص۳۳ سطر۱۳، کنز العمال جلد۶ ص۱۵۶ حدیث ۲۶۰۸

شمس التواریخ جلد ۴ ص۶۹۷ سطر آخر پر تحریر ہے کہ آنحضرتؐ نے آپ کو صدیق اکبر فرمایا تھا۔

Presented by www.ziaraat.com

روایت حضرت عباد بن عبداللہ

عن عباده بن عبدالله قال علي انا عبدالله و اخو رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم و انا صديق الاكبر لا يقولها ذالك غيرى الا كاذب صليت قبل الناس سبع سنين (اخرجه احمد في المناقب و النسائى فى الخصائص والحاكم فى المستدرک و حافظ ابو زيد عثمان ابن ابى شيبه فى سننه و ابن عاصم فى السنته و حافظ ابو نعيم فى الحليته و العقيلى)
عباد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ جناب امیر فرماتے تھے میں خدا کا بندہ ہوں اور خدا کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی ہوں اور میں صدیق اکبر ہوں یہ بات میرے سوا کوئی نہیں کہہ سکتا مگر جھوٹ بولنے والا میں نے سات برس سب سے پہلے نماز پڑھی۔

ارجح المطالب ص۲۳ سطر آخر، فیض القدیر جلد۱ ص۵۷، کنز العمال جلد۱۵ ص۱۰۷، جلد۶ ص۳۹۴، قرۃ العینین جلد۱۵ ص۱۴۰، وسیلتہ النجات ص۱۳۳، خصائص نسائی ص۳، شریف التواریخ ص۱۰۴ جلد۱ سطر۷، حلیتہ الاولیاء، التذکرہ خواص الامتہ ص۲۷

(۲۲) دونوں کا نام وصی کے ذریعے لکھا گیا

حضور اکرمؐ اور اہل بیت پانچ مقامات میں شریک ہیں

ان اللہ تعالیٰ جعل اھل بیت نبیہ مطابقا لہ فی اشیاء کثیرۃ عد فخر الدین رازی منھا خمسۃ اشیاء احدھا فی السلام قال السلام علیک ایھا النبی و رحمتہ اللہ و برکاتہ و قال لا ھل بیتہ سلام علی آل یٰسین۔ و الثانیۃ فی الصلوٰۃ عن النبی و علی الآل کما فی التشھد و غیرہ حیث لا تکون للصلوٰۃ علیہ الصلوٰۃ البتراء و الثالثہ فی الطھارت قال اللہ عزوجل طٰہٰ ای یا طاہر ما انزلنا علیک القران لتشقی الا تذکرۃ لمن یخشی و قال لا ھل بیت نبیہ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا و الرابعۃ تحریم الصدقۃ قال لا تحل الصدقۃ لمحمد و لا لآل محمد و الخامسۃ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ و قال لاھل بیتہ قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ

Presented by www.ziaraat.com

اللہ تعالیٰ نے نبی کے ساتھ اس کے اہل بیت کو بہت سی چیزوں میں شریک کیا ہے۔

امام فخر الدین رازی نے ان کو شمار کیا ہے۔

(۱) اسلام میں شریک کیا ہے۔ شجاعہ کے متعلق کہا ہے اے نبی تم پر سلام۔ اللہ کی رحمت اور اللہ کی برکتیں نازل ہوں اور اہل بیت کے متعلق ارشاد فرمایا۔ سلام ہو یٰسین کی آل پر۔ (یٰسین سے مراد رسول اللہ ہیں)

(۲) جس طرح تشہد میں رسول اللہ پر درود بھیجنا ضروری ہے اسی طرح آپ کی آل پر درود بھیجنا ضروری ہے۔ محمد پر درود ادھورا نہ ہو۔

(۳) آل محمد رسول اللہ کے ساتھ طہارت میں بھی شریک ہیں۔ رسول اللہ کے متعلق اللہ تعالیٰ کی طرف سے **طٰہٰ ما انزلنا علیک القرآن لتشقی الا تذکرۃ لمن یخشی** اے طاہر ہم نے قرآن اس لئے تم پر نازل نہیں کیا کہ تم تکلیف میں پڑ جاؤ۔ بلکہ یہ قرآن ڈرنے والوں کے لئے ایک نصیحت ہے۔ (طٰہٰ سے مراد محمد ہیں) اہل بیت کے لئے فرمایا **انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا**

(۴) اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے محمد ان سے کہہ دو کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری متابعت کرو۔ تب تمہیں اللہ دوست رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے اہل بیت کے متعلق فرمایا۔ محمد ان سے کہہ دو کہ میں اجر رسالت صرف یہ چاہتا ہوں کہ میرے قربیٰ سے محبت کرو۔ (ینابیع المودت اردو ص ۷۲ عربی ص ۳۵ سطر ۲۰)

سہم خصائص

(۶) عن العباس بن عبدالمطلب قال سمعت عمر بن الخطاب و هو یقول کفوا عن ذکر علی بن ابی طالب فلقد سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی علی ثلاث خصال وددت لو ان لی واحدۃ منھن کل واحدۃ منھن احب الی مما طلعت علیہ الشمس کنت انا و ابوبکر و ابو عبیدۃ بن الجراح و نفر من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ ضرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی کتف علی فقال یا علی انت اول المسلمین اسلاما و انت اول المومنین ایمانا و انت منی بمنزلۃ ھارون من موسی کذب یا علی من زعم انہ یحبنی و یبغضک (اخرجہ الطبری و ابن السمان)

عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ لوگوں سے کہہ رہے تھے کہ جناب علیؑ کی غیبت کرنے سے باز رہو میں نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ علیؑ میں تین خصلتیں ہیں (اگر ان تینوں میں سے ایک بھی مجھے حاصل ہوتی تو میرے نزدیک ان سب چیزوں سے بہتر تھی کہ جس پر

Presented by www.ziaraat.com

آفتاب کا پرتو پڑتا ہے) میں اور ابوبکر اور ابو عبیدہ بن الجراح چند اصحاب کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؑ کے کندھے پر ہاتھ مار کر فرمایا اے علی تو اسلام لانے میں سب مسلمانوں کا پیش قدم اور ایمان لانے میں سب مومنوں کا پیش رو اور تیرا مرتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسے کہ ہارون کا موسیٰ سے۔ وہ بالکل جھوٹا ہے جو یہ زعم کرتا ہو کہ مجھے دوست رکھتا ہے اور تجھ سے عداوت رکھے۔

عن سہل بن صالح عن ابیہ عمر بن الخطاب قال لقد اوتی علی بن ابی طالب ثلثا لان اکون او تیہا احب من ان اعطی حمرا النعم جوار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد و الرایتہ یوم خیبر و الثالثہ زوجہ ابنتہ (اخرجہ احمد) سہل بن صالح اپنے والد سے ناقل ہیں کہ جناب عمر بن الخطابؓ کہتے تھے کہ جناب علی علیہ السلام کو ایسی تین باتیں دی گئی ہیں کہ اگر وہ مجھے دی جاتیں تو میرے نزدیک سرخ پشم والے اونٹ کے ملنے سے بہتر تھیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمسائگی مسجد میں۔ خیبر کے روز علم کا دیا جانا۔ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی بیٹی سے ان کا نکاح کرنا۔

ارجح المطالب ص۱۰۹ سطر آخر' مناقب خوارزمی ص ۳۳۸ سطر ۱۴

روایت حضرت ابی ہریرہ

عن ابی ہریرۃ ان عمر بن الخطاب قال لقد اعطی علی ثلاث خصال لان یکون لی واحدۃ منھن احب الی من حمر النعم فسئل ما ھی قال زوجہ ابنتہ فاطمتہ و سکنٰہ فی المسجد یحل لہ ما لا یحل لی و الرایتہ یوم خیبر (اخرجہ بن السمان) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کہنے لگے جناب علی علیہ السلام کو

ارجح المطالب ص ۵۳۳ سطر آخر' المستدرک حاکم ص ۱۲۵ جلد ۳ سطر ۱۴' مجمع الزوائد ص ۱۲۰ جلد ۹ سطر آخر' تاریخ الخلفاء ص ۶۲' ازالتہ الخلفاء ص ۲۸۹ جلد ۱' وسیلتہ النجات ص ۱۰۶' کنز العمال ص ۳۹۳ جلد ۶' منتخب کنز العمال ص ۳۹ جلد ۵' المعتصر من المختصر ص ۲۳۳ جلد ۲' المناقب ص ۲۲۱' خوارزمی' ریاض النضرہ ص ۱۹۲ جلد ۲' نظم درر السمطین ص ۱۲۹' البدایہ و النہایہ ص ۳۴۱ جلد ۷' مرآۃ المومنین ص ۸۶' جواہر البحار ص ۳۳۹ جلد ۱' اسنی المطالب ص ۱۱' خصائص الکبریٰ جلد ۲ ص ۲۴۳' صواعق محرقہ ص ۱۲۷ سطر ۱۳' اسد اللہ ص ۹۲ سطر ۱۰

روایت حضرت ابن عمر

عن ابن عمر قال کنا نقول خیر الناس ابوبکر ثم عمر و لقد اعطی علی بن ابی طالب ثلاث خصال لان یکون لی واحدۃ منھن احب الی من حمر النعم زوجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابنتہ و ولدت لہ و سد الا بواب الا بابہ فی المسجد اعطاہ الرایتہ یوم خیبر (اخرجہ احمد) ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم کہا کرتے تھے کہ سب لوگوں سے بہتر ابوبکر اور عمر ہیں اور جناب علی کو ایسی تین باتیں دی گئی کہ اگر ان میں سے مجھے ایک بھی حاصل ہوتی تو میرے نزدیک

Presented by www.ziaraat.com

سرخ پشم والے اونٹ سے زیادہ محبوب تھی۔ حضرت کی بیٹی کا زوج ہونا اور ان سے اولاد کا ہونا اور مسجد سے ان کے دروازے کے سوا سب کے دروازوں کا بند ہونا اور خیبر کے روز علمدار ہونا۔

ارجح المطالب ص۵۱۵ سطر۵، مسند احمد بن حنبل ص۲۶ جلد۲، اخبار اصفہان ص۲۸۰ جلد۲، ذخائر العقبیٰ ص۷۶، الریاض النضرہ ص۱۹۲ جلد۲، البدایۃ ص۳۴۱ جلد۷، مجمع الزوائد ص۱۲۰ جلد ۹ سطر۱۹، تاریخ المدینہ ص۳۳۷ جلد۱، تاریخ الخلفاء ص۶۶، الحاوی للفتاوی ص۱۴ جلد۲، منتخب کنز العمال ص۳۹ جلد۵، المناقب خوارزمی ص۱۸۷، مطالب السئول ص۳۱، اضواء علی السنت المحمدیہ ص۲۰۴، فرائد السمطین باب ۲۱، فتح الباری جلد۷ ص۱۲، القول المسدد ص۲۰، کنز العمال جلد۶ ص۳۹۱، حدیث ۵۹۹۶، نزل الابرار ص۳۵، تفسیر نیشاپوری جلد۲۸ ص۱۹ سطر۵

روایت حضرت علیؑ

عن علی بن ابی طالب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم یا علی اعطیت ثلاث خصال فقلت فداک ابی و امی ما اعطیت قال اعطیت صحرا" مثلی و زوجۃ مثل فاطمہ و اعطیت و لدین مثل الحسن و الحسین صلوات اللہ اجمعین

حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ رسول خدا نے فرمایا اے علی تمہیں تین خصائل عطا کی گئی ہیں۔ میں نے درخواست کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں وہ کون سی ہیں تو جناب نے ارشاد فرمایا تمہیں مجھ جیسا سسر دیا گیا ہے اور فاطمہ جیسی بیوی دی گئی ہے۔ اور حسنین جیسے بیٹے دیئے گئے ہیں۔

مقتل الحسین خوارزمی ص۱۰۹، نظم درر السمطین ص۱۱۳، مناقب خوارزمی ص۲۰۹ جلد۱۳، کوکب دری ص۱۵۹

روایت حضرت ابو الحمراء

ارجح المطالب ص۸۵۳، مقتل الحسین خوارزمی ص۱۰۹، نظم درر السمطین سطر۲ ص۱۱۳

Presented by www.ziaraat.com

عن ابی الحمراء ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لعلی اتیت ثلثا لم یوتھن احد و لا انا۔ اوتیت صھرا مثلی و لم اوت انا مثلی و تیت زوجتہ صدیقتہ مثل ابنتی و لم اوت مثلھا زوجتہ و اوتیت الحسن و الحسین من صلبک و لم اوت من صلبی مثلھما کما و لکنکم منی و انا منکم (اخرجہ ابو سعد فی شرف النبوۃ و الدیلمی فی فردوس الاخبار و الامام علی الرضا فی مسندہ) ابو الحمرا رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم نے علی سے فرمایا کہ تجھے ایسی تین باتیں دی گئی ہیں کہ کسی ایک کو نہیں دی گئیں اور مجھے بھی نہیں دی گئیں۔ تجھے مجھ جیسا خسر دیا گیا اور مجھے مجھ سا خسر نہیں دیا گیا۔ تجھے میری بیٹی جیسی صدیقہ زوجہ ملی ہے اور مجھے ویسی زوجہ نہیں ملی۔ اور حسنؑ اور حسینؑ جیسے بیٹے تیری پشت سے تجھے دیے گئے ہیں کہ میری پشت سے مجھے ویسے نہیں دیے گئے۔ لیکن تم میرے ہو اور میں تمہارا ہوں۔

روایت سعد بن ابی وقاص

ارجح المطالب ص۵۴۵ سطر آخر، مسند حنبل ص۱۸۵ جلد۱، صحیح مسلم ص۱۱۹ جلد۲، جامع ترمذی ص۵۳۴ جلد۱۹، خصائص نسائی ص۳۲، مستدرک حاکم ص۱۰۸ جلد۳ سطر۱۸، مناقب خوارزمی ص۵۹، جامع الاصول ص۴۶۹ جلد۹، اسد الغابہ ص۲۵ جلد۴، تذکرہ ص۲۲۰، ریاض النضرہ ص۱۸۸ جلد۲، تلخیص مستدرک ص۱۰۸ جلد۳ سطر۲۳، نظم درر السمطین ص۱۰۷، مرأۃ الجنان ص۱۰۹ جلد۱، الاصابہ ص۵۰۳ جلد۲، البدایہ ص۳۳۹ جلد۷، فتح الباری ص۶۰ جلد۷، منتخب کنز العمال ص۵۴ جلد۵، سعد الشموس ص۲۰۹، القول الفصل ص۲۱۶، ینابیع المودۃ ص۶۵۹، حیات الصحابہ ص۴۷۲ جلد۲، بدائع المنن ص۵۰۳ جلد۲، جمع الفوائد ۳۴۶، ذخائر العقبیٰ ص۱۰۰، المستطرف ص۱۲۷ جلد۱، الفصول المہمہ ص۱۱۱، الکواکب الدریہ ص۴۳ جلد۱، اخبار الاول ۳۷، الاتحاف ص۷، الشرف المئوبد ص۵۹ نور الابصار ص۱۰۰، الطبقات المالکیہ ص۴۲ جلد۲، ینابیع المودت ص۳۴۶، نزل الابرار ص۱۵

روایت دوم

(۱) عن سعد بن مالک قال خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی بن ابی طالب غزوۃ تبوک فقال یا رسول اللہ تخلفنی فی النساء و الصبیان فقال اما ترضی ان تکون منی بمنزلتہ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبوۃ بعدی (اخرجہ احمد فی المسند و البخاری و مسلم و الترمذی و ابو داؤد و الطیالسی فی مسندہ و النسائی فی الخصائص و ابن عرفتہ و محمد بن سعد کاتب الواقدی فی طبقات الکبیر و ابو نعیم فی فضائل الصحابتہ و الطبرانی فی المعجم الصغیر و البغوی فی مصابیح السنتہ و ابن المغازلی فی المناقب و ابن الاثیر الجزری فی جامع الاصول و النووی فی تہذیب الاسماء) سعد بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسالت ماب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ تبوک

Presented by www.ziaraat.com

میں جناب امیر کو اپنے پیچھے چھوڑنا چاہا جناب امیرؑ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ مجھے عورتوں اور لڑکوں میں چھوڑنا چاہتے ہیں حضرتؐ نے ارشاد کیا کیا تو راضی نہیں کہ تو مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہے موسیٰ سے لیکن نبوت میرے بعد نہیں ہے۔

(۲) عن سعد بن ابی وقاص ان معاویۃ امرہ فقال لہ ما یمنعک ان تسب ابا تراب فقال اما ذکرت ثلثا قالھن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلن اسبہ لان یکون لی واحدۃ منھن احب الی من حمراء النعم سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و خلفہ فی بعض مغازیہ فقال لہ علی یا رسول اللہ خلفتنی مع ا ء و الصبیان فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اما ترضی ان تکون منی بمنزلۃ ہارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی و سمعتہ یقول خیبر لا عطین الرایۃ غدا رجلا یحب اللہ و رسولہ فتطا ولنا فقال دعوا علیا فاتی بہ ارمد فبصق فی عینہ و دفع الرایۃ الیہ ففتح اللہ علیہ ولما نزلت ھذہ الایۃ ندع ابنائنا و ابنائکم و نسائنا و نسائکم و انفسنا و انفسکم فدعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیا و حسنا و حسینا فقال اللھم ھٰؤلاء اھل بیتی (اخرجہ احمد و مسلم و الترمذی و النسائی) سعد بن ابی وقاص رضی اللہ سے روایت ہے کہ معاویہؓ نے ان سے کہا کہ آپ ابوتراب پر سب کیوں نہیں کرتے۔ سعد نے کہا کیا میں نے تم سے ان تین باتوں کا ذکر کیا ہے کہ جن کو جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ میں ہرگز ان پر سب نہیں کر سکتا۔ کیونکہ ان میں سے اگر ایک بات بھی مجھے حاصل ہوتی تو میرے نزدیک سرخ پشم والے اونٹ سے بہتر تھے۔ میں نے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے درآنحالیکہ آپ نے ان کو بعض غزوات میں اپنے پیچھے چھوڑا تھا۔ حضرتؐ سے جناب علی نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ مجھے عورتوں اور لڑکوں میں چھوڑے جاتے ہیں۔ حضرت نے فرمایا کیا تو راضی نہیں کہ تو مجھ سے بمنزلہ ہارونؑ کے ہو مجھ سے۔ لیکن نبی میرے بعد نہیں ہے۔ و نیز میں نے خیبر کے روز حضرت کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ کل ہم اپنا علم ایسے شخص کو دیں گے کہ وہ اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت رکھتا ہے اور اللہ اور اللہ کا رسول اسے پیار کرتے ہیں۔ سعد کہنے لگے پس ہم نے گردن اٹھا کر دیکھا اور حضرتؐ نے فرمایا علیؑ کہاں ہیں ان کو میرے پاس لے آؤ۔ جب حاضر ہوئے ان کو آشوب تھا۔ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آنکھوں میں اپنا لعاب دہن مسلمانوں کا پیش قدم اور ایمان لانے میں سب مومنوں کا پیش رو اور تیرا مرتبہ میرے نزدیک ایسا ہے جیسے کہ ہارون کا موسیٰ سے۔ وہ بالکل جھوٹا ہے جو یہ زعم کرتا ہو۔ کہ مجھے دوست رکھتا ہے اور تجھ سے عداوت رکھے۔

عن ابی الطفیل ان علیا قام فحمد اللہ ثم قال انشد باللہ من شھد یوم غدیر خم الا قام و لا یقم رجل یقول نبئت او بلغنی الا رجل سمعت اذناہ و وعاہ قلبہ فقام سبعۃ عشر رجلا منھم خزیمۃ بن ثابت و سھل بن سعد و عدی بن حاتم و عقبہ بن عمر و ابو ایوب الانصاری و ابو لیلی و الھیثم بن التیھان و ابو سعید الخدری و شریح الخزاعی و ابو قتادۃ الانصاری و رجال من قریش فقال علی ھاتوا ما سمعتم فقالو انشھد انا اقبلنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حجۃ الوداع حتی اذا کان الظھر خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامر بشجرات فشذبن و القا علیھن ثوبہ ثم نادی بالصلوۃ فخرجنا فصلینا ثم قال فحمد اللہ و اثنی علیہ ثم قال ایھا الناس ما انتم قائلون قالوا قد بلغت قال اللھم اشھد الثلاث مرات فقال انی او شک ان ادعی فاجیب و انی مسئول و انتم مسئولون ثم قال الا ان دمائکم و اموالکم حرام کحرمۃ یومکم ھذا و حرمۃ شھر کم ھذا اوصیکم بالنساء و اوصیکم بالجار و اوصیکم بالممالیک و اوصیکم بالعدل و الاحسان ثم قال ایھا الناس انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ و عترتی اھل بیتی فانھما لن یفتر

Presented by www.ziaraat.com

فلحتی بردا علی الحوض نبانی بذالک اللطیف الخبیر ثم اخذ بید علی فقال من کنت مولاہ فعلی مولاہ فقال علی صدقتم و انا علی ذلک من الشاھدین (اخرجہ بن عقدۃ و ابو حاتم محمد بن حبان البستی و محب الدین الطبری فی ریاض النضرہ و ابن عساکر و السمھودی فی جواھر العقدین) ابو طفیل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب امیر علیہ السلام نے خطبہ میں خدا کی حمد کے بعد فرمایا میں خدا کی قسم دے کر اس شخص کو جو غدیر خم کے روز حاضر ہوا ہے کھڑا ہونے کے لیے کہتا ہوں اور وہ شخص ہرگز نہ اٹھے جو یہ کہے کہ مجھے خبر لگی ہے یا مجھے خبر دی گئی ہے بلکہ وہ شخص بیان کرے کہ جس کے کانوں نے سنا ہو اور دل نے یاد رکھا ہو۔ پس سترہ آدمی کھڑے ہو گئے ان میں خزیمہ بن ثابت اور سہل بن سعد اور عدی بن حاتم اور عقبہ بن عامر اور ابو ایوب الانصاری اور لیلی اور ابو الہیثم اور ابو سعید خدری اور شریح اور ابو قدامہ الانصاری رضی اللہ و نیز قریش کے اور آدمی بھی موجود تھے جناب امیر نے فرمایا بیان کرو تم نے کیا سنا ہے وہ کہنے لگے ہم حجۃ الوداع سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رکاب سعادت میں مکہ سے واپس آ رہے تھے کہ ظہر کے وقت حضرت باہر تشریف لائے۔ اور درختوں کے کاٹ چھانٹ کرنے کا حکم دیا اور ان پر کپڑا ڈال دیا گیا۔ پھر نماز کے لیے منادی کرائی گئی ہم سب لوگ اپنے اپنے خیموں میں سے نماز کے لیے باہر نکلے حضرتؐ نے کھڑے ہو کر خطبہ میں خدا کی صفت و ثناء کے بعد بیان کیا اے لوگو تم کیا کہتے ہو حاضرین نے عرض کیا آپ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا ہے اس بات کو تین دفعہ فرما کر کہا اے خدا گواہ رہیو۔ پھر ارشاد کیا میرا گمان ہے کہ میں بلایا جاؤں اور میں جانے پر راضی ہو جاؤں گا میں بھی پوچھا جاؤں گا اور تم بھی پوچھے جاؤ گے بے شبہ تمہارا خون اور تمہارا مال ایک دوسرے پر حرام ہو گیا ہے جیسے کہ تمہارا آج کا دن اور یہ تمہارا مہینہ حرمت والا ہے۔ میں تم کو عورتوں کی نسبت اور ہمسایوں کی نسبت اور غلاموں کی نسبت عدل اور احسان کی وصیت کرتا ہوں پھر ارشاد کیا اے لوگو میں تمہارے درمیان دو بھاری چیزیں چھوڑتا ہوں خدا کی کتاب اور میرے قریبی اہل بیت یہ دونوں ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہیں ہوں گے جب تک کہ میرے پاس حوض پر وارد نہ ہوں مجھے خدائے مہربان خبر دینے والے نے اس کی خبر دی ہے پھر جناب علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا جس کا کہ میں مولا ہوں پس اس کا علی مولا ہے۔ جناب امیر علیہ السلام فرمانے لگے تم نے سچ بیان کیا ہے میں اس پر گواہ ہوں۔

ارجح المطالب ص ۶۰۱ سطر ۷' تاریخ دمشق ص ۳۵۱' الخصائص ص ۴' ابن ماجہ ص ۵۸ جلد ۱' کنز العمال ص ۴۰۵ جلد ۶' حدیث ۶۱۳۱' ینابیع المودت عربی ص ۳۲' اردو ص ۸۶' البدایہ و النہایہ جلد ۷ ص ۳۴۰ خصائص نسائی ص ۴

روایت سوم

سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ علیہ السلام کے بارے میں فرمایا کہ علیؑ میں تین خصائص ہیں ایک خیبر میں علم ملنا' دوسرے پرندے کے وقت آپ کا آنا اور تیسرا خیبر میں آپ کو مولا فرمانا۔ (حلیتہ الاولیاء جلد ۴ ص ۳۵۶'

Presented by www.ziaraat.com

اضواء علی السنتہ ص ۲۰۴)

البدایہ کی جلد ۷ ص ۳۴۰ اور سنن ابن ماجہ ص ۳۰ پر عبداللہ بن ابی نجیح کی روایت میں بھی خصائص ثلاثہ کا ذکر ہے۔

روایت سعد بن مالک

عن خیثمۃ بن عبدالرحمان قال سمعت سعد بن مالک و قال لہ رجل ان علیا یقع فیک انک تخلف عنہ فقال سعد واللہ انہ لرای رایتہ و اخطا رای ان علیا اعطی ثلثا لان اکون اعطیت احدا بھن احب الی من الدنیا و ما فیھا لقد قال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم غدیر خم بعد حمد اللہ و الثناء علیہ ھل تعلمون انی اولی بالمومنین من انفسھم قلنا بلی قال اللھم من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من اولاہ و عاد من عاداہ و جی بہ یوم خیبر و ھو ارمد ما یبصر فقال یا رسول اللہ انی ارمد فتفل فی عینیہ و دعالہ فلم یرمد حتی قتل و فتح علیہ خیبر و اخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمہ العباس و غیرہ من المسجد فقال لہ العباس تخرجنا و نحن عصبتک و عمومتک و تسکن علیا فقال ما انا اخرجکم و اسکنہ ولکن اللہ اخرجکم و اسکنہ (اخرجہ الحاکم فی المستدرک) خیثمہ بن عبدالرحمن کہتا ہے کہ میں نے سنا کہ سعد بن مالک رضی اللہ عنہ سے ایک شخص کہنے لگا کہ جناب امیر علیہ السلام تمہاری شکایت کرتے تھے کیونکہ تم نے ان کی بیعت سے تخلف کیا ہے سعد کہنے لگے وہ بھی ایک رائے تھی جو میں نے سوچی تھی لیکن میری رائے خطا پر تھی۔ علی کو تین ایسی باتیں عطا ہوئی ہیں کہ اگر ان میں سے ایک مجھے بھی دی گئی ہوتی تو میرے نزدیک دنیا و مافیہا سے بہتر تھی۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے غدیر خم کے روز خدا کی صفت و ثناء کے بعد ارشاد کیا کیا تم جانتے ہو کہ میں سب مومنوں کی جان سے اولیٰ ہوں ہم نے عرض کیا بے شک آپ اولیٰ ہیں حضرتؐ نے فرمایا اے میرے پروردگار جس کا میں مولا ہوں پس علی اس کا مولا ہے اے میرے پروردگار دوست رکھ اسے جو اسے دوست رکھے اور دشمن رکھ اسے جو اسے دشمن رکھے دوسرے یہ کہ خیبر کے روز وہ ہاتھ پکڑے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر کیے گئے ان کو آشوب چشم تھا جس کی وجہ وہ نہیں دیکھ سکتے تھے پس وہ عرض کرنے لگے یا رسول اللہ میں آشوب چشم رکھتا ہوں حضرت نے اپنا لعاب دہن ان کی آنکھوں میں لگایا اور ان کے لیے دعا کی وہ اچھے ہو گئے اور ان کا آشوب چشم جاتا رہا یہاں تک کہ لڑائی پر گئے اور خیبر ان کے ہاتھ سے فتح ہو گیا تیسری بات یہ ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا عباس کو مع دیگر اصحاب کے مسجد سے نکال دیا۔ پس عباس عرض کرنے لگے یا رسول اللہ ہمیں مسجد سے نکالتے ہیں باوجودیکہ ہم آپ کے ساتھ رشتہ میں نسبت پدری رکھتے ہیں اور آپ کے چچا ہیں اور آپ نے علی کو مسجد میں رہنے کا حکم دیا ہے حضرتؐ نے ارشاد کیا نہ میں نے تم کو نکالا ہے اور نہ اس کو رکھا ہے بلکہ خدا نے تم کو نکالا ہے اور اس کو رکھا ہے۔

ارجح المطالب ص ۳۰۷ سطر ۱۲' المستدرک ص ۱۱۶ جلد ۳ سطر ۲' تلخیص ص ۱۹ سطر آخر' کفایت الطالب ص ۱۵۱' الکاف الشاف ص ۲۹ جلد یا سطر ۳۶' المعتصر ص ۳۳۲ جلد ۲' خصائص نسائی ص ۲۴

Presented by www.ziaraat.com

قول خالد بن یعمر

ارجح المطالب ص ۱۹۳ سطر۱۱' صواعق محرقہ ص ۱۳۲ جلد ۲۴

سال معاویۃ خالد بن یعمر فقال لہ علی احببت علیا فقال علی ثلث خصال علی حلمہ اذا غضب و علی صدقہ اذا قال و علی عدلہ اذا حکم (المناقب المحمد بن یوسف الکنجی الشافعی) امیر معاویہ نے خالد بن یعمر سے کہا تم کس بناء پر جناب علیؑ کو محبوب رکھتے تھے وہ کہنے لگے ان کی تین باتوں پر ان کے حلم پر جبکہ وہ خفا ہوتے تھے اور ان کے سچ پر جبکہ وہ کوئی بات کہتے تھے اور ان کے عدل پر جبکہ وہ حکم کرتے تھے۔

روایت جماعت اصحاب

حضرت سعد بن ابی وقاص' فہل بن سعد' ابو ہریرہ' بریدہ اسلمی' ابو سعید خدری' عبداللہ بن عمر' عمران بن حصین اور سلمہ بن اکوع نے مشترکہ طور پر روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ علی کو تین خصائص حاصل ہیں۔

(۱) خیبر کے دن علم ملا

(۲) یمن کی طرف قاضی بنایا گیا اور آپ کی قضاوت کے بارے میں دعا کی گئی

(۳) آیۂ تطہیر میں داخل ہوئے۔

استیعاب ص ۴۶۰ جلد ۲' وسیلتہ النجات ص ۱۰۹' منال الطالب ص ۷۰' تفریح الاحباب ص ۴۳۷' تاریخ دمشق ص ۲۰۶ جلد ۱' تاریخ طبری ص ۱۲۴ جلد ۲

روایت ابن عباس

عن ابن عباس قال قال النبی یا علی انت اول المسلمین سلاما و انت اول المومنین ایمانا و انت منی بمنزلۃ ھارون من موسی

حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا اے علیؑ تم ازروئے اسلام پہلے مسلمان اور ازروئے ایمان پہلے مومن ہو اور آپ مجھ سے ایسے ہیں جیسے ہارونؑ موسیٰؑ سے۔ (کوکب دری ص ۱۵۴ سطر ۱۱)

۴- خصائص روایت ابن عباس

Presented by www.ziaraat.com

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال لعلی اربع خصال لیست لا حد غیرہ هو اول عربی و عجمی صلی اللہ مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم و هو الذی کان لواء معہ فی کل زحف و هو الذی صبر معہ یوم فر عنہ غیرہ و هو الذی غسلہ و ادخلہ فی قبرہ (اخرجہ احمد و ابو عمر) ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جناب امیر کی چار خصلتیں ایسی ہیں کہ کسی کی نہیں ہیں وہ سب عربی و عجمی لوگوں سے پہلے ہیں جنہوں نے حضرت کے ساتھ نماز پڑھی ہے۔ اور وہ ہیں کہ حضرت کے تمام جہادوں میں حضرت کا علم انہیں کے ہاتھ میں رہا ہے اور وہ ہیں کہ جو اس روز کہ حضرت کے پاس سے لوگ بھاگ گئے۔ اور وہ حضرت کے ساتھ صبر کیے ہوئے احد کے مقام پر ڈٹے رہے۔ اور وہ ہیں کہ جنہوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دیا اور قبر میں اتارا۔

• ارجح المطالب ص۸۵۳ سطر۱۲، اسد الغابہ ص۹۱ جلد۱، الاستیعاب ص۲۷ جلد۳ سطر۱۳، المناقب خوارزمی ص۲۱ سطر آخر، کفایت الطالب ص۱۹۳، الریاض النضرہ ص۲۰۲ جلد۲، ذخائر العقبیٰ ص۸۶-۵۹، کوکب دری ص۱۳۲۱ سطر۱۷، تلخیص المستدرک ص۱۱۱ جلد۳ سطر۲۲، نظم درر السمطین ص۱۳۳، شواہد التنزیل ص۹۰ جلد۱، تاریخ دمشق ص۱۴۳ جلد۱، شرح وصایا ص۱۷۵، مرأة المومنین ص۲۰۹، وسیلۃ النال ص۱۲۹، المستدرک جلد۳ ص۱۱۱ سطر۱۱، تلخیص سطر۲۲

روایت حضرت علیؑ

عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سالت اللہ یاعلی فیک خمسا لنعمنی واحدۃ و اعطانی اربعتہ سالت اللہ ان یجمع علیک امتی فابی علی و اعطانی فیک ان اول من تنشق عنہ الارض یوم القیامتہ انا و انت مع لواء الحمد و انت تحملہ بین یدی تسبق بہ الاولین و الآخرین و اعطانی انک اخی فی الدنیا و الاخرۃ و اعطانی ان بیتی مقابلتہ بیتک فی الجنتہ و اعطانی فی ترجمہ عبدالکریم بن هو اذن التفسیر انک ولی المومنین من بعدی (اخرجہ الرافعی فی ترجمہ ابراہیم بن محمد بن عبداللہ ابو اسحاق الرازی فی کتابہ تاریخ قزوین المسمی بالتدوین و الخطیب فی تاریخ بغداد بسند صحیح و المتقی فی کنز العمال و محمد صلر عالم فی المعارج العلی) جناب امیر علیہ السلام سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے اے علی میں نے تیرے لیے خدا سے پانچ باتوں کا سوال کیا تھا پروردگار نے ایک بات کو نامنظور کیا ہے اور چار باتیں قبول کی ہیں۔ میں نے خدا سے سوال کیا تھا کہ میری امت کو تیری امامت پر مجتمع کر دے۔ پس خدا نے اس کو نامنظور فرمایا۔ پھر خدا سے میں نے تیرے لیے دعا کی قیامت کو مجھے اور تجھے سب سے پہلے قبر سے اٹھائے۔ میرے پاس لواء حمد ہوگا اور تو اسے میرے سامنے اٹھائے گا۔ اور تو سب سے پہلے اور پچھلے لوگوں کو ساتھ لے کر جنت کی طرف بڑھے گا خدا نے یہ بات مجھے عطا فرمائی۔ پھر میں نے خدا سے یہ عرض کیا کہ علی دنیا و آخرت میں میرا بھائی ہے۔ خدا نے میری اس عرض کو بھی قبول کیا۔ پھر میں نے دعا کی جنت میں تیرا گھر میرے گھر کے سامنے ہو۔ خدا نے اس کو بھی منظور کیا پھر خدا سے میں نے مانگا کہ تو میرے بعد سب نبیوں کا ولی ہو خدا نے اسے بھی منظور کیا۔

Presented by www.ziaraat.com

درجح المطالب ص۶۸۱ سطر۷، تاریخ بغداد جلد۴ ص۳۳۹، منتخب کنز العمال جلد۵ ص۳۵، راموز الاحادیث ص۲۹۳، کنز العمال جلد۱۵ ص۱۱۴، مناقب عینی ص۶۲، مناقب خوارزمی ص۲۳۳، لسان المیزان جلد۲ ص۳۰۴ سطر۱۲، فرائد السمطین ص۸۹، کنز العمال جلد۱۵ ص۱۳۲

۵ — خصائص روایت سعد بن ابی وقاص

حارث بن مالک کہتے ہیں کہ میں ایک دفعہ مکہ آیا تو میری ملاقات سعد بن وقاص سے ہوئی۔ میں نے ان سے کہا کہ کیا تم نے حضرت علی کے لئے کوئی منقبت سماعت فرمائی ہے۔

کفایت الطالب ص۱۵۱، المعتصر ص۳۳۲ جلد۲، تاریخ دمشق ص۲۰۶ جلد۱، مجمع الزوائد ص۱۰۷ جلد۹

روایت ابی سعید الخدری

عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطیت فی علی خمسا ھو احب الی من الدنیا و ما فیھا اما واحدۃ فھو تکائی بین یدی اللہ عزوجل حتی افرغ من الحساب و اما ثانیۃ فلواء الحمد بیدہ و ادم من ولدہ تحتہ و اما الثالثۃ فواقف علی عقر حوضی یسقی من اعرف من امتی۔ فاما الرابعۃ فساتر عورتی و مسلمی الی ربی عزوجل۔ و اما الخامسۃ فلست اخشی ان یرجع زانیا بعد احصار و لا کافرا بعد ایمان (اخرجہ احمد)

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ علی کو پانچ ایسی باتیں عطا ہوئی ہیں کہ وہ دنیا و مافیہا سے مجھے پیارے ہیں اول خدا کے سامنے جب میں حساب دینے کے لئے کھڑا ہوں گا تو وہ میرا تکیہ ہوں گے جب تک کہ میں حساب سے فارغ ہو جاؤں دوم لواء الحمد ان کے ہاتھ میں ہوگا آدم علیہ السلام اور ان کی سب اولاد اسی علم کے نیچے ہوگی۔ سوم وہ میرے حوض کے کنارے کھڑے ہوں گے اور جس کو میری امت سے شناخت کریں گے اسے پلائیں گے۔ چہارم وہ مجھے کفن پہنا کر مجھے میرے رب کے سپرد کرنے والے ہیں۔ پنجم مجھے اس کا خوف نہیں کہ وہ پارسا ہونے کے بعد پھر زنا کی طرف رجوع کریں یا مسلم ہونے کے بعد پھر کافر ہو جائیں۔

ارجح المطالب ص۴۷۱ سطر۱۲، ذخائر العقبیٰ ص۸۶، الریاض النضرہ ص۲۰۳ جلد۲، ذیل اللئالی ص۶۳، ینابیع المودت ص۱۰۹ عربی سطر۶، شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید ص۴۵۱ جلد۲، وسیلتہ المآل ص۱۲۹، کنز العمال ص۱۵۵ جلد۶، ریاض النضرہ، روضتہ الندیہ ص۱۵۱، صواعق محرقہ ص۱۷۳ جلد۱۸

روایت حضرت علیؑ

امام احمد نے مناقب میں اس حدیث کا ایک حصہ یوں بیان فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com

شوہر کو انتخاب فرمایا۔ پس مجھے الہام کیا اور میں نے تیرا نکاح اس سے کر دیا اور اس کو اپنا وصی بنایا تم نہیں جانتی ہو کہ خدا تعالیٰ نے خاص تمہارے حق میں کیا مہربانی کی ہے کہ تیرا شوہر سب سے زیادہ علم والا اور سب سے حلم والا اور اسلام لانے میں سب سے زیادہ پیش قدم ہے۔ جناب سیدہ یہ سنکر تبسم فرمانے لگیں اور خوش ہو گئیں جناب سرورؐ نے چاہا کہ ان کو اور زیادہ خیر حصہ دیا جائے جس کا کہ پروردگار نے محمد اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حصہ دیا پس حضرت نے فرمایا۔ فاطمہؑ علی کے آٹھ تیز دانت ہیں یعنی آٹھ مناقب ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا۔ اور اس کی حکمت۔ اور اس کی زوجہ مطہرہ اور اس کی اولاد یعنی حسنؑ اور حسینؑ کہ وہ دونوں تیرے بیٹے ہیں۔ اور اس کا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر (یعنی اچھی باتوں کا کرنا اور بری باتوں سے بچنا) یا فاطمہ ہم اہل بیت کو چھ باتیں ایسی عطا ہوئیں ہیں کہ ہمارے سوا ہم پر پہلے لوگوں کو بھی نہیں دی گئیں اور ہم سے پیچھے آنے والے بھی نہیں حاصل کر سکیں گے۔ ہمارا نبی تمام نبیوں سے بہتر ہے اور وہ تیرا باپ ہے اور ہمارا وصی سب اوصیاء سے افضل ہے اور وہ تیرا شوہر ہے ہمارا شہید سب شہیدوں سے برتر ہے یعنی حمزہ وہ تیرے باپ کا چچا ہے اور اس امت کے سبطین وہ دونوں تیرے بیٹے ہیں اور اس امت کا مہدی بھی ہم سے ہے کہ جس کے پیچھے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نماز پڑھیں گے پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب حسین علیہ السلام کے دوش مبارک پر ہاتھ مار کر فرمایا مہدی امت ان سے پیدا ہوں گے۔

ارجح المطالب ص۲۹، الفصول المہمہ ص۲۷۷، البیان ص۲۴۴، مناقب علی ص۱۳، عینی حیدر آبادی کنز العمال ص۲۰۴ جلد۱۲

۷۔ خصائص

عن انس قال قال رسول اللہ اذا کان یوم القیامت من ینادون علی بن ابی طالب لبیعتہ اسماء یا صدیق یا دال یا عابد یا ھادی یا مہدی یا فتی یا علی یا مرانت و شیعتک الی الجنتہ بغیر حساب

انس بن مالک سے روایت ہے کہ رسول خدا نے فرمایا کہ جب قیامت کا دن ہو گا تو حضرت علیؑ کو سات اسماء سے پکارا جائے گا اور وہ یہ ہیں۔ یا صدیق یا دال یا عابد یا ہادی یا مہدی یا فتیٰ یا علیؑ تم اور تمہارے شیعہ بغیر حساب کے جنت میں جاؤ گے۔ (مناقب خوارزمی ص۲۵۳)

روایت ابی سعید خدری

عن ابی سعید و معاذ بن جبل رضی اللہ عنھما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لک یا علی سبع خصال لا یحاجک فیھن احد یوم القیامتہ انت اول المومنین باللہ ایمانا و اوفاھم بعھد اللہ و ارء فھم بالرعیتہ و اقسمھم بالسویتہ و اعلمھم بالقضیتہ و اعظمھم منزلتہ عند اللہ یوم القیمتہ (اخرجہ الدیلمی عن ابی سعید الخدری و الحاکم عن معاذ بن جبل) دیلمی فردوس الاخبار میں ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ اور حاکم مستدرک میں معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے

Presented by www.ziaraat.com

روایت کرتے ہیں کہ جناب پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے یا علی تجھ میں سات خصلتیں ایسی ہیں کہ قیامت کے روز ان میں کوئی تجھ سے مقابلہ نہیں کر سکتا۔ تو خدا پر ایمان لانے میں سب مومنوں سے پہلا ہے۔ اور خدا کے عہد کو پورا کرنے میں ان سے برتر۔ اور رعیت پر مہربانی کرنے میں ان سب سے مہربان اور برابر بانٹنے میں ان سب سے پورا تقسیم کرنے والا اور ان سب سے جھگڑوں کے فیصل کرنے میں زیادہ علم والا۔ اور قیامت کے روز خدا کے پاس سب سے اونچے مرتبے والا ہے۔

ارجح المطالب ص۴۸۹ سطر آخر' مناقب علی عینی حنفی ص۲۸' اہل بیت ص۲۲۱' کنز العمال ص۱۵۳ جلد۶' منال الطالب ص۷ '۱۳' احسن الانتخاب ص ۳۴ جلد۴' حلیتہ الاولیاء ص۶۶ جلد۱' اسنی المطالب ص۱۴' الریاض النضرہ ص۱۹۸ جلد۲' مطالب السئول ص۴۴' کفایت الطالب ص۱۳۹' مناقب خوارزمی ص۲۵۳

روایت عمر بن خطاب

ارجح المطالب ص۴۸۹' کنز العمال ص۳۹۳ جلد۶' النقض علی العثمانیہ ص۲۹۲ جلد۱' تاریخ دمشق ص۱۱۷ جلد۱' کنز العمال ص۱۰۸ جلد۱۵' شرح نہج البلاغہ ابی الحدید ص۲۵۸ جلد۳

عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لعلی انک اول المسلمین اسلاما و اول المومنین معی ایمانا و اعلمهم بایات اللہ و اوفاهم بعهد اللہ و ارءفهم بالرعیتہ و اقسمهم بالسویتہ و اعظمهم عنداللہ منزلتہ (اخرجہ احمد) جناب عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ بہ تحقیق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جناب علیؑ سے فرماتے تھے کہ تم اسلام لانے میں سب مسلمانوں سے پیش قدم اور مجھ پر ایمان لانے کی وجہ سے سب سے مقدم ہو اور تم ان سب سے زیادہ خدا کے عہد کو پورا کرنے والے ہو اور رعیت پر ان سب سے زیادہ مہربان ہو اور ان سب سے پورا پورا تقسیم کرنے والے اور ان سب سے خدا کے نزدیک بڑی منزلت والے ہو۔

روایت معاذ بن جبل

ارجح المطالب ص۴۸۹ سطر آخر' حلیتہ الاولیاء ص۶۵ جلد۱' المناقب ص۶۶' الریاض النضرہ ص۱۹۴ جلد۲' ذخائر العقبٰی ص۵۹' لسان المیزان ص۱۹ جلد۲ سطر۱۳' المقاصد الحسنہ ص۴۷' تاریخ دمشق ص۱۱۷ جلد۱' اہل بیت ص۲۲۶' ینابیع المودت ص۱۷۵ سطر۱۶

روایات مختار زمین میں سے ایک روایت کے آخر میں یہ ہے۔

عن ابی ایوب الانصاری قال قال رسول اللہ یا فاطمۃ انا اهل البیت اعطینا سبع خصال

Presented by www.ziaraat.com

لم يعطها احد من الاولين و الآخرين فقلت او قال و لايدركها احد من الآخرين غيرنا۔ نبينا افضل الانبياء و هو ابوک و وصينا خير الاوصياء و هو بعلک و شهيدنا خير الشهداء و هو عم ابيک و منا من له جناحان يطير بهما في الجنت حيث يشاء و هو جعفر ابن عمک و منا سبطا هذه الامته ابناک و منا و الذی نفسی بیده مهدی هذه الامت

ابو ایوب انصاری فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے آخری بار فرمایا کہ اے میری بیٹی! بے شک ہم اہل بیت کو سات ایسی خصائص ملی ہیں جو ہمارے سوا اولین و آخرین میں سے کسی کو نہیں ملیں۔ ہمارا نبی سب نبیوں میں سے افضل اور وہ تیرا باپ ہے اور ہمارا وصی سب اوصیاء سے بہتر ہے اور وہ تیرا شوہر ہے۔ ہمارا شہید سب شہیدوں سے افضل اور وہ تیرا چچا حمزہ ہے۔ اور ہم ہی میں سے وہ ہے جس کے لئے وہ دو پر ہیں جن کے ذریعے سے وہ جنت میں جہاں چاہیں پرواز کر سکتے ہیں۔ اور وہ تیرے چچا کا بیٹا جعفر ہے اور ہم ہی میں سے اس امت کے سبطین ہیں۔ اور وہ تیرے دو بیٹے ہیں اور ہم ہی میں سے اس امت کا مہدی ہے۔

مناقب ابن مغازلی ص۶۵' ینابیع المودت ص۸۰' مناقب عینی حنفی ص۱۶۷' مناقب خوارزمی ص۶۷' مجمع الزوائد ص۲۵۳ جلد۸

روایت علی بن ہلالی

ینابیع المودت ص۳۵۷ سطر آخر' مجمع الزوائد ص۱۶۵ جلد۹' اسد الغابہ ص۴۲ جلد۴' ذخائر العقبیٰ ص۱۳۵' المناقب مغازلی' ذیل اللئالی ص۶۵' ینابیع المودت ص۸۰' المعجم الکبیر ص۱۳۵' وسیلتہ المال ص۷۹

ہم لوگ اہل بیت ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں سات فضیلتوں سے نوازا ہے۔ یہ فضیلتیں ہم سے پہلے آنے والوں کو عطا کی ہیں۔ اور نہ ہم سے بعد میں آنے والوں کو عطا کرے گا۔ میں خاتم الانبیاء ہوں۔ تمام انبیاء سے زیادہ عزت والا اللہ کے نزدیک تمہارا باپ ہے۔ میرا وصی تمام اوصیاء سے بہتر ہے۔ تمام اوصیاء سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمہارا شوہر زیادہ محبوب ہے۔ ہمارا شہید شہداء سے افضل ہے۔ تمام شہداء سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک تیرے باپ کا چچا حمزہ اور تیرے شوہر کا چچا زیادہ محبوب ہے۔ ہم میں سے وہ شخص ہے جس کے دو پر ہیں جن کے

Presented by www.ziaraat.com

ذریعے وہ فرشتوں کے ساتھ بہشت میں جہاں بھی چاہتا ہے اڑتا رہتا ہے۔ وہ تیرے باپ کے چچا کے بیٹے اور تمہارے شوہر کے بھائی (جعفرؑ) ہیں۔ ہم میں سے اس امت کے دو سبط ہیں وہ دونوں حسنؑ اور حسینؑ ہیں۔ جو جوانان بہشت کے سردار ہیں۔ یہ دونوں تیرے فرزند ہیں۔ قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ نبی بنا کر بھیجا مہدی (عجل اللہ فرجہ) تیرے فرزندوں میں سے ہو گا۔ جس طرح زمین ظلم و ستم سے پُر ہو گی اسی طرح اس کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔

۸۔ خصائص روایت ابو سعید خدری

عن ابی ہارون العبدے قال اتیت ابا سعید الخدری فقلت اهل شهدت بدرا فقال نعم فقلت الا تحدثنی بشئی مما سمعته من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی علی فقال یا بنی اخبرک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرض مرضۃ و دخلت علیہ فاطمۃ تعودہ و انا جالس عن یمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما رات ما برسول صلی اللہ علیہ وسلم من الضعف خنقتها العبرۃ حتی بدت دموعها علی خدها فقال لها رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما یبکیک یا فاطمۃ قالت اخشی الضیعۃ یا رسول اللہ فقال یا فاطمۃ ان اللہ اطلع الی اہل الارض اطلاعۃ فاختار منهم اباک ثم اطلع ثانیۃ فاختار منهم بعلک فاوحی الی فانکحتہ و اتخذتہ وصیا و ما علمت ان بکر انت اللہ ایک زوجک اعلمهم علما و اکثرهم حلما و اقدمہم سلما فضحکت و استبشرت فاراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یزیدها مزید الخیر کلمۃ الذی قسمہ اللہ تعالی بحمد و ال محمد صلی اللہ علیہ وسلم فقال لها یا فاطمۃ لعلی ثمانیۃ اضراس یعنی مناقب ایمان باللہ و رسول و حکمتہ و زوجتہ و سبطاہ الحسن و الحسین و امرہ بالمعروف و نہیہ عن المنکر یا فاطمۃ انا اہل البیت اعطینا ست خصال لم یعطہا احد من الاولین ولا یدرکہا احد من الاخرین نبینا خیر الانبیاء و ہو ابوک و وصینا خیر الاوصیاء و ہو بعلک و شہیدنا خیر الشہداء و ہو حمزۃ عم ابیک و منا سبطاہ ہذا الامۃ و ہما ابناک و منا مہدی ہذا الامۃ الذی یصلی عیسی خلفہ ثم ضرب علی منکب الحسین فقال من ہذا مہدی امۃ (اخرجہ الدار قطنی)

ابی ہارون العبدی کہتے ہیں میں نے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے جا کر پوچھا تم جنگ بدر میں حاضر تھے کہا کہ ہاں۔ میں نے کہا کیا تم مجھے نہیں بتا سکتے جو کچھ کہ تم نے علی کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہنے لگے اے میرے بیٹے میں تجھے سناتا ہوں کہ جب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ بیمار ہو کر ضعیف ہو گئے جناب فاطمہ علیہا السلام عیادت کے لیے حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ میں سرکار کی داہنی طرف بیٹھا ہوا تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ضعف اور ناتوانی کا غلبہ دیکھ کر رونے لگیں یہاں تک کہ رونے سے ان کا دم گھٹ گیا اور رخساروں پر آنسو نکل آئے۔ سرکار نے فرمایا فاطمہ تم کیوں روتی ہو۔ گذارش کیا حضورؐ کے بعد میں اپنے ہلاک ہونے سے ڈرتی ہوں۔ آپ نے ارشاد فرمایا بالتحقیق پروردگار عالم نے زمین کے باشندوں کو اچھی طرح سے دیکھا اور تیرے باپ کو ان میں سے منتخب کیا پھر دوبارہ دیکھا اور تیرے شوہر کو انتخاب فرمایا۔ پس مجھے الہام کیا اور میں نے تیرا نکاح اس سے کر دیا اور اس کو اپنا وصی بنایا تم نہیں جانتی ہو کہ خدا تعالیٰ نے خاص تمہارے حق میں کیا مہربانی کی ہے کہ تیرا شوہر سب سے زیادہ علم والا اور سب سے حلم والا اور اسلام لانے میں سب سے زیادہ پیش قدم ہے۔ جناب سیدہ یہ سنکر تبسم فرمانے لگیں اور خوش ہو گئیں جناب سرورؐ نے چاہا کہ ان کو اور زیادہ خیر حصہ دیا جائے جس کا کہ پروردگار نے محمدؐ اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حصہ دیا پس حضرت نے فرمایا۔ فاطمہؑ علیؑ

Presented by www.ziaraat.com

کے آٹھ دا ت ہیں لیے مناقب ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا۔ اور اس کی حکمت۔ اور اس کی زوجہ مطہرہ۔ اور اولاد اور حسین کہ وہ دونوں تیرے بیٹے ہیں۔ اور اس کا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر (یعنی اچھی باتوں کا ر ربری باتوں سے بچنا) یا فاطمہ ہم اہل بیت کو چھ باتیں ایسی عطا ہوئیں ہیں کہ ہمارے سوا ہم پر پہلے لوگوں کو بھی نہیں دی یں اور ہم سے پیچھے آنے والے بھی نہیں حاصل کر سکیں گے۔ ہمارا نبی تمام نبیوں سے بہتر ہے اور وہ تیرا باپ ہے اور ہمارا وصی سب اوصیاء سے افضل ہے اور وہ تیرا شوہر ہے ہمارا شہید سب شہیدوں سے برتر ہے یعنی حمزہ وہ تیرے باپ کا چچا ہے اور اس امت کے سبطین وہ دونوں تیرے بیٹے ہیں اور اس امت کا مہدی بھی ہم سے ہے کہ جس کے پیچھے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نماز پڑھیں گے پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب حسین علیہ السلام کے دوش مبارک پر ہاتھ مار کر فرمایا مہدی امت ان سے پیدا ہوں گے۔

ارجح المطالب ص۲۹ سطر۹، الفصول المہمہ ص۲۷۷، البیان ص۸۱، مناقب عینی حیدر آبادی ص۳۱

روایت حضرت ابو ایوب انصاری

عن ابی ایوب الانصاری قال قال رسول اللہ یا فاطمۃ لعلی ثمانیۃ اضراس ثواقب ایمان باللہ و برسولہ و حکمتہ و تزویجہ فاطمۃ و سبطاہ الحسن و الحسین و امرہ بالمعروف و نہیہ عن المنکر و قضاءہ بکتاب اللہ عزوجل

حضرت ابو ایوب انصاری سے روایت ہے کہ رسول خدا نے حضرت فاطمہؑ سے فرمایا کہ حضرت علی کے لئے آٹھ مناقب ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا، علیؑ کی حکمت، تیرا اس کی زوجہ ہونا، حسنینؑ کا اس کا بطین ہونا، اس کا نیکی کا حکم کرنا۔ اس کا برائی سے روکنا، اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کرنا۔

مناقب مغازلی ص۱۰۱، ینابیع المودت ص۸۰، مناقب علی عینی حنفی ص۳۱، المناقب خوارزمی ص۶۷، مقتل الحسین خوارزمی ص۶۹

نو خصائص

حضرت عبدالرحمان المزنی سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مجھے علیؑ کے بارے میں ۹ خصائص عطا کیے گئے ہیں۔ تین دنیا میں اور تین آخرت میں اور تین کی میں نے اس کے لئے امید کی ہے اور ان میں سے ایک ایسی خصوصیت ہے جس نے مجھے خوفزدہ کر دیا ہے۔ (اسد الغابہ جلد ۳ ص ۳۳۲)

Presented by www.ziaraat.com

دس خصائص

عن عمر بن میمون قال انی لجالس الی ابن عباس فاتاه تسعت رهط فقالوا اما ان تقوم معنا و اما ان تخلون بهٰؤلاء و هو یومئذ صحیح قبل ان یعمی قال انا اقوم معکم فتحد ثو فلا ادری ما قالوا فجاء ... ہو ینفض ثوبہ و یقول اف و تف یقعون فی الرجل له عشر و قعوا فی رجل قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا بعثن رجلا یحب الله و رسوله و یحبه الله و رسول لا یخزیه الله ابدا فلشرف من استشرف فقال این علی قیل هو فی الرحاء یطحن قال و ما کان احد کم لیطحن من قبله فدعاه و هو ارمد ما کان ببصر فنفث فی عینیه ثم هز الرایته ثلثا فدفعها الیه فجاء بصفیته بنت حیی و بعث ابابکر بسورة التوبته و بعث علیا خلفه فاخذ منه و قال لا یذهب بها الا رجل من اهل بیتی هو منی و انا منه و دعا رسول الله صلی الله علیه وسلم علیه وسلم الحسن و الحسین و علیا و فاطمته فمد علیهم ثوبا فقال اللهم هٰؤلاء اهل بیتی و خاصتی فاذهب عنهم الرجس و طهرهم تطهیرا و کان اول من اسلم ... س بعد خدیجته و لبس ثوب النبی صلی الله علیه وسلم و هم یحسبون انه نبی الله فجاء ابوبکر فقال یا نبی الا ... ان النبی صلی الله علیه وسلم قد ذهب نحو بیر میمون فاتبعه فدخل معه الغار فکان المشرکون یرمون علیا حتی اصبح و خرج بالناس فی غزوة تبوک فقال علی اخرج معک فقال لا فبکی فقال اما ترضی ان تکون منی بمنزلته هارون من موسی الا انک لست بنبی ثم قال انت ولیی فی کل مومن من بعدی قال و سدا ابواب المسجد غیر باب علی ... و کان یدخل المسجد و هو جنب و هو طریقه و لیس له طریق و غیر و قال من کنت ولیه فعلی ولیه (اخرجه احمد و النسائی و محب الطبری فی الریاض النضره و السیوطی فی الجمع الجوامع) یحیی بن عوف اور عمرو بن میمون سے مروی ہے کہ میں ایک روز ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ نو آدمی آئے اور ابن عباس سے کہنے لگے تمہارا جی چاہے ہمارے ساتھ چلو اور ان لوگوں سے خلوت میں بات سنو ان دنوں ابن عباس تندرست تھے ان کی آنکھیں نہیں گئی تھیں انہوں نے کہا میں تمہارے ساتھ چلتا ہوں بعد اس کے ان کے ساتھ جا کر کچھ علیحدہ باتیں کیں میں نہیں جانتا کہ ان لوگوں نے کیا کہا جب ابن عباس پھر کے آئے تو میں نے دیکھا کہ وہ اپنے کپڑے جھاڑتے ہیں اور اف اور تف ان لوگوں پر کرتے ہیں اور کہنے لگے۔ یہ لوگ ایسے شخص کے پیچھے پڑے ہیں کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے دس باتیں دی ہیں اور ایسے شخص برا کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے باب میں فرمایا ہے کہ میں ایسے شخص کو بھیجوں گا کہ جو اللہ اور اس کے رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ اور اللہ کا رسول اس کو دوست رکھتا ہے اور اللہ اس کو رسوا نہیں کرے گا پس لوگوں نے اس کی طرف (یعنی علم کی طرف) جھانکا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علیؑ کہاں ہیں عرض کیا گیا وہ چکی پیس رہے ہیں اور کوئی شخص ان سے پیشتر چکی نہیں پیستا تھا۔ پس حضرت نے ان کو بلوایا اور ان کی آنکھوں میں آشوب چشم تھا کہ وہ کچھ نہیں دیکھ سکتے تھے۔ حضرتؐ نے اپنا لعاب دہن ان کی آنکھوں میں لگایا اور تین مرتبہ علم کو جنبش دے کر علی کو دے دیا۔ پس انہوں نے خیبر کو فتح کیا۔ اور صفیہ بنت حیی بن اخطب کو لے آئے اور ایک مرتبہ حضرت نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سورہ توبہ دے کر بھیجا اور اس کے بعد علیؑ کو ان کے پیچھے روانہ فرمایا پس انہوں نے سورت توبہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے لے لی اور حضرت نے فرمایا اس سورت کو کوئی نہیں لے جا سکتا۔ سوا اس شخص کے جو میرے اہل بیت میں سے ہو اور وہ میرا ہو اور میں اس کا ہوں اور ایک مرتبہ حضرت نے حسنینؑ اور علیؑ اور فاطمہ کو بلا کر ان کے اوپر کپڑا اوڑھا دیا اور فرمایا یا خدا یہ میرے اہل بیت اور میرے خاص ہیں تو ان سے نجاست دور کر اور ان کو پاک کر جو حق پاک کرنے کا ہے۔ اور حضرت علیؑ جناب خدیجہؑ کے بعد سب سے اول اسلام لائے ہیں اور ہجرت کی رات کو حضرت کے کپڑے پہن کر ان کے بچھونے پر سو رہے اور کفار یہ جانتے رہے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

Presented by www.ziaraat.com

وسلم سو رہے ہیں بعد ازاں ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور حضرت کو پکارا جناب امیر نے جواب دیا نبی اللہ بیر میمون کی طرف گئے ہیں تم بھی آپؐ کے پیچھے چلے جاؤ۔ پس وہ حضرت کے ساتھ غار میں داخل ہو گئے اور مشرکین حضرت علی کو صبح تک پتھر مارتے رہے اور آنحضرتؐ جب غزوہ تبوک میں لشکر لے چلے علی نے عرض کیا میں بھی رکاب سعادت میں چلوں آپ نے فرمایا نہیں علی رونے لگے۔ حضرت نے فرمایا کیا تم راضی نہیں ہو کہ میری طرف سے تم ایسے مرتبہ پر ہو کہ جس مرتبہ پر ہارون موسیٰ کی طرف سے تھے فقط اتنا فرق ہے کہ تم نبی نہیں ہو پھر فرمایا تم سب مومنین کے میرے بعد میرے خلیفہ ہو۔ اور حضرت کے حکم سے علی کے دروازہ کے سوا مسجد کے سب دروازے بند کیے گئے اور علی بحالت جنب مسجد میں داخل ہوتے تھے وہی ان کا راستہ تھا اس کے سوا ان کا دوسرا راستہ نہیں تھا اور فرمایا حضرت نے جس کا میں ولی ہوں اس کا علی ولی ہے۔

ارجح المطالب ص۱۵۸ سطر۵' ینابیع المودت عربی ص۲۹' الخصائص ۸' المستدرک حاکم ۱۳۲ جلد۳ سطر۱۲' سطر۲' المناقب خوارزمی ص۷۳ سطر۱' ذخائر العقبیٰ ص۸۶' تلخیص ص۱۳۲ جلد ۳ سطر آخر' البدایہ ص۷ ۳۳ جلد۷' مجمع الزوائد ص۱۱۸ جلد۹ سطر۱۲' اصابہ ص۵۰۲ جلد۲' القول الفصل ص۲۱۸ جلد۲' تاریخ دمشق ص۱۸۳ جلد۱' المعتصر ص۳۴۲ جلد۲' الریاض النضرہ ص۲۰۳ جلد۲' ارشاد الباری ص۸۱ جلد۶' نزل الابرار ص۳۵' ینابیع المودت ص۲۹ سطر۶' فتح الباری جلد۷ ص۱۲' ہذا حدیث صحیح الاسناد' المستدرک جلد۳ ص۱۳۲

تیرہ خصائص

قال عمر کانت لا صحاب محمد ثمانی عشرہ سابقۃ فخص علی منہا بثلاثۃ عشرۃ و شرکنا فی خمس

حضرت عمر کہتے ہیں کہ اصحاب محمد کے لئے سبقت کے ۱۸ مقامات تھے۔ ان میں سے ۱۳ مقامات حضرت علی کے لئے مخصوص تھے اور مولا علی ہمارے پانچ مقامات میں بھی شریک تھے۔

مقتل خوارزمی ص۴۵' مناقب خوارزمی ص۱۱۹' نظم درر السمطین ص۱۲۹' تاریخ الخلفاء ص۱۷۲' صواعق المحرقۃ ص۷۶' شواہد التنزیل ص۱۵

۱۸ خصائص عن ابن عباس

عن ابن عباس قال کانت لعلی ثمانی عشر منقبۃ ما کانت لاحد من ھذہ الامۃ (اخرجہ الطبرانی و ابن حجر فی الصواعق المحرقۃ) ابن عباس سے روایت ہے کہ جناب امیر کی اٹھارہ منقبتیں ایسی ہیں جو اس امت کے کسی ایک کی نہیں ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

ارجح المطالب ص ۸۵۴ سطر آخر، مجمع الزوائد ص ۱۲۰ جلد۹، سطر۱۸، تاریخ الخلفاء ص ۶۶، الکواکب الدریہ ص ۳۹ جلد۱، اسعاف الراغبین ص ۱۸۰، ینابیع المودت ص ۲۶۱ سطر۱۲، ارجح المطالب ص ۸۵۴، تفریح الاحباب ص ۳۵۱، شواہد التنزیل ص ۱۵

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اصحاب محمد ۱۸ مقامات پر سبقت رکھتے ہیں جن میں سے ۱۳ مقامات صرف حضرت علی علیہ السلام کے لئے مخصوص ہیں اور بقایا پانچ مقامات میں بھی حضرت علی علیہ السلام دوسرے صحابہ رضوان اللہ علیہم کے ساتھ شریک ہیں۔ (مناقب خوارزمی ص ۵۲ سطر آخر)

۷۰ عہد عن ابن عباس

عن ابن عباس قال کنا نتحدث ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم عھد الی علی سبعین عھداً لم یعھد الی غیرہ (اخرجہ ابو نعیم فی الحلیتہ) ابن عباس کہتے ہیں کہ ہم اکثر کہا کرتے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب امیر سے ستر عہد ایسے کیے ہیں جو ان کے سوا دوسرے سے نہیں کیے۔

ارجح المطالب ص ۸۵۴، حلیتہ الاولیاء ص ۶۸ جلد۱، موضح، اوہام الجمع و التفریق ص ۱۳۹ جلد۲، مجمع الزوائد ص ۱۱۳ جلد۹ سطر۲، ینابیع المودت ص ۷۸

۸۰ عہد

ینابیع المودت ص ۱۲۶ سطر۴

ابن عباس سے روایت ہے کہ ہم گروہ اصحاب رسول اس بات کا تذکرہ کیا کرتے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کے لئے اسی عہد لئے تھے۔ اور کسی کے لئے کوئی عہد نہیں لیا تھا۔

انبیاء کی خصلتیں

عن جابر بن عبداللہ انصاری قال قال رسول اللہ من اراد ان ینظر الی اسرافیل فی ھیبتہ و الی میکائیل فی رتبتہ و الی جبرئیل فی جلالتہ و الی آدم فی علمہ و الی نوح فی خشیتہ و الی ابراہیم فی خلقہ و الی یعقوب فی حزنہ و الی یوسف فی جمالہ و الی موسٰی فی مناجاتہ و

Presented by www.ziaraat.com

الی ایوب فی صبره و الی یحییٰ فی زهده و الی عیسیٰ فی عبادته و الی یونس فی ورعه و الی محمد فی کمال حسب و خلقه فلینظر الی علی فان فیه لتسعین خصلته من خصال الانبیاء جمعها الله فیه و لم یجمع فی احد غیره

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اسرافیل کو اس کی مصیبت میں اور میکائیل کو اس کے رتبے میں اور جبرائیل کو اس کی جلالت میں اور آدمؑ کو اس کے علم میں اور نوحؑ کو اس کے خدا سے خوف کرنے میں اور ابراہیم کو اس کے خلیل خدا ہونے میں اور یعقوبؑ کو اس کے حزن و ملال میں اور موسیٰؑ کو اس کی مناجاتِ پروردگار میں اور ایوب کو اس کے صبر میں اور یحییٰؑ کو اس کے زہد میں اور عیسیٰؑ کو اس کی عبادت میں اور یونس کو اس کی پرہیز گاری میں اور محمدؐ کو اس کے کمال حسب و خلق میں دیکھنا چاہے اسے چاہئے کہ وہ علی بن ابی طالبؑ کی طرف نظر کرے کیونکہ اس میں نوے خصلتیں پیغمبروں کی پائی جاتی ہیں جو کہ اللہ نے ان میں جمع کر دی ہیں اور وہ خصائل ان کے سوا کسی میں نہیں۔ (مودت القربیٰ ص ۶۷ سطر ۱۲، کوکب دری ص ۱۶۰)

۹۰ مرتبے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ علیؑ ۹۰ مرتبوں کے ساتھ تمام صحابہ پر افضلیت رکھتے ہیں۔ (کوکب دری ص ۹۸)

۱۰۰ مناقب

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ علیؑ تمام صحابہ پر ۱۰۰ مناقب کی وجہ سے افضلیت رکھتے ہیں۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۸ ص ۱۲)

امیر المومنینؑ

حضرت آدمؑ سے امیر المومنینؑ کا تعارف

Presented by www.ziaraat.com